


# اسلامی وظائف کا انسائیکلوپیڈیا

گھریلو پریشانیوں اور معاشرتی الجھنوں
سے نجات کے لئے بہترین وظائف

سید مزمل حسین نقشبندی (روحانی سکالر)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# اسلامی وظائف

# کا

# انسائیکلوپیڈیا

تدوین وترتیب

سید مزمل حسین نقشبندی (روحانی سکالر)

## ربانیہ پبلی کیشنز

27/8، بیرون چوبچہ مصطفےٰ آباد (دھرم پورہ) لاہور

فون:92-42-6849501 موبائل: 0300-8866988

marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں!


| | |
|---|---|
| نام کتاب | : اسلامی وظائف کا انسائیکلوپیڈیا |
| مؤلف | : سید مزمل حسین نقشبندی |
| اشاعت اول | : مئی 2007ء |
| اشاعت دوم | : ستمبر 2007ء |
| اشاعت سوئم | : اپریل 2008ء |
| اشاعت چہارم | : ستمبر 2008ء، (رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ) |
| اشاعت پنجم | : جنوری 2009 (محرم الحرام ۱۴۳۰ھ) |
| اشاعت ششم | : فروری 2009 (صفر المظفر ۱۴۳۰ھ) |
| اشاعت ہفتم | : مارچ 2009 (ربیع الاول ۱۴۳۰ھ) |
| اشاعت ہشتم | : مئی 2009 (جمادی الاولیٰ ۱۴۳۰ھ) |
| اشاعت نہم | : اگست 2009 (شعبان المعظم ۱۴۳۰ھ) |
| اشاعت دہم | : اکتوبر 2009 (شوال المکرم ۱۴۳۰ھ) |
| اشاعت یازدھم | : جنوری 2010 (محرم الحرام ۱۴۳۱ھ) |
| اشاعت دوازدھم | : مارچ 2010 (ربیع الثانی ۱۴۳۱ھ) |
| اشاعت سیزدھم | : مئی 2010 (جمادی الاولیٰ ۱۴۳۱ھ) |
| پرنٹر | : ادارہ سادات، لاہور، 042-7354326 |
| قیمت | : 300 روپے |


marfat.com

## ملنے کے پتے:

- ...... بیت الکتب گلشن اقبال بلاک 2 نزد مدرسہ اشرف المدارس کراچی، 021-4975024
- ......کتب خانہ مظہری گلشن اقبال نمبر 2 کراچی 021-4992176
- ......مذہبی کتب خانہ اردو بازار کراچی 021-2629026
- ...... دی بک ڈسٹری بیوٹرز کراچی 021-2787137
- ...... ادارۃ الانور بنوری ٹاؤن کراچی 021-4914596
- ......مکتبۃ القرآن بنوری ٹاؤن کراچی 021-4856701-2
- ......مکتبہ جامعہ حمادیہ شاہ فیصل کالونی کراچی 021-4574169
- ...... دارالاشاعت اردو بازار کراچی 021-2631861
- ...... سلطانی بیگم ٹرسٹ (قاسم جمال) کورنگی پی اینڈ سوسائٹی 0322-2897796
- ......مکتبہ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ بالمقابل الشفاء آئی ہسپتال، راولپنڈی 0300-5181667
- ...... اسلامی کتاب گھر خیابان سرسید راولپنڈی، 051-4830451
- ...... مکتبہ سید احمد شہید رحمۃ اللہ علیہ اردو بازار لاہور فون 042-7228272
- ......اذان سحر پبلی کیشنز منصورہ۔ ملتان روڈ، لاہور 0425435667
- ......علم وعرفان پبلشرز، 34 اردو بازار لاہور فون 042-7352332,7232336
- ......خزینہ علم وادب، الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور فون 0427314169
- ...... ادارہ اسلامیات، انارکلی لاہور 042-7353255
- ...... بک لینڈ۔ المصباح ۱۶ اردو بازار لاہور 042-37124656
- ...... ادارہ اشاعت الخیر بیرون بوہڑ گیٹ ملتان فون: 0300-7301231
- ......جاوید بکڈپو اردو بازار ساہیوال 0404-463627-0300-9693627
- ......مکتبہ اسلامیہ غلہ منڈی لالہ موسیٰ 053-7514116-0301-6276086
- ......مکتبۃ الفرقان اردو بازار گوجرانوالہ 0333-4264487
- ......مکتبۃ القرآن امین پور بازار فیصل آباد 041-2601919
- ...... اقرأ اسلامی کتاب گھر مانسہرہ 0300-8368337
- ......امین بکڈپو اردو بازار سرگودھا 04883716052

ملنے کے بقیہ پتے کتاب کے آخر میں

marfat.com

# (فہرست)

| | | |
|---|---|---|
| ☆...... باب ۱ | اسماء الحسنیٰ | ۳۵ |
| ☆...... باب ۲ | حضور ﷺ پر صلوٰۃ وسلام بھیجنے کی فضیلت | ۹۳ |
| ☆...... باب ۳ | سورتوں کے خواص | ۹۸ |
| ☆...... باب ۴ | صبح وشام کی دعائیں | ۱۴۸ |
| ☆...... باب ۵ | استخارہ | ۱۶۰ |
| ☆...... باب ۶ | رزق وقرض | ۱۶۶ |
| ☆...... باب ۷ | دل کے امراض | ۱۸۰ |
| ☆...... باب ۸ | شادی ونکاح | ۱۸۵ |
| ☆...... باب ۹ | بچوں کے امراض | ۱۸۹ |
| ☆...... باب ۱۰ | مردوں کے مخصوص امراض | ۱۹۶ |
| ☆...... باب ۱۱ | آسیب جادو کا علاج | ۲۰۲ |
| ☆...... باب ۱۲ | حب، تسخیر | ۲۳۷ |
| ☆...... باب ۱۳ | عداوت، جدائی، بغض، حسد کا علاج | ۲۴۹ |
| ☆...... باب ۱۴ | کان کے امراض | ۲۵۱ |
| ☆...... باب ۱۵ | بخار | ۲۵۳ |
| ☆...... باب ۱۶ | امراض چشم | ۲۱۶ |
| ☆...... باب ۱۷ | زہریلے جانوروں کے کاٹے کا علاج | ۲۶۶ |
| ☆...... باب ۱۸ | حافظہ کی ترقی، ذہن کی تیزی، بھول سے نجات | ۲۷۱ |
| ☆...... باب ۱۹ | عورتوں کے مخصوص امراض | ۲۷۸ |
| ☆...... باب ۲۰ | ہاتھ پاؤں کے امراض | ۲۹۱ |
| ☆...... باب ۲۱ | نظر کا لگ جانا | ۲۹۵ |

marfat.com

☆...... باب۲۲ منہ کے امراض ۲۹۷

☆...... باب۲۳ سینہ کے امراض ۳۰۲

☆...... باب۲۴ حلق اور گردن کے امراض ۳۱۰

☆...... باب۲۵ قید سے رہائی ۳۱۲

☆...... باب۲۶ دشمن کے متعلق ۳۲۰

☆...... باب۲۷ ناک کے امراض ۳۴۸

☆...... باب۲۸ متفرق لاعلاج امراض ۳۵۱

☆...... باب۲۹ متفرق وظائف ۳۵۴

☆...... باب۳۰ چوری، گمشدہ ۳۶۳

☆...... باب۳۱ جلدی امراض ۳۷۰

☆...... باب۳۲ برائے حمل ۳۷۴

☆...... باب۳۳ پیٹ کے امراض ۳۸۱

☆...... باب۳۴ قضائے حاجات، حل مشکلات، فتوحات ۳۹۴

☆...... باب۳۵ گردہ ومثانہ کے امراض ۴۰۶

☆...... باب۳۶ مستند واقعات اور باکمال وظائف ۴۱۳

☆...... باب۳۷ غموں سے نجات پانے کا آسان نسخہ ۴۳۶

☆...... سید مزمل نقشبندی سے ایک صحافی کی سیر حاصل نشست ۴۴۴

☆...... چند اہم اعلانات (احباب ومریضوں کیلئے) ۴۷۷


marfat.com

# حمد باری تعالیٰ

## مناجات بہ درگاہ قاضی الحاجات جل جلالہ

الٰہی تیری چوکھٹ پر بھکاری بن کر آیا ہوں
سراپا فقر ہوں عجز و ندامت ساتھ لایا ہوں
بھکاری وہ کہ جس کے پاس جھولی ہے نہ پیالہ ہے
بھکاری وہ جسے حرص و ہوس نے مار ڈالا ہے
متاع دین و دانش نفس کے ہاتھوں سے لٹوا کر
سکونِ قلب کی دولت ہوس کی بھینٹ چڑھوا کر
لٹا کر ساری پونجی غفلت و عصیان کی دلدل میں
سہارا لینے آیا ہوں ترے کعبے کے آنچل میں
گناہوں کی لپٹ سے کائنات قلب افسردہ
ارادے مضمحل ، ہمت شکستہ ،حوصلے مردہ
کہاں سے لاؤں طاقت دل کی سچی ترجمانی کی
کس کس جھنجھال میں گذری ہیں گھڑیاں زندگانی کی
ترے دربار میں لایاہوں اب اپنی زبوں حالی
تری چوکھٹ کے لائق ہر عمل سے ہاتھ ہیں خالی
یہ تیرا در ہے تیرے مہر کا دربار ہے مولا
سراپا نور ہے اک مہبط انوار ہے مولا
تری چوکھٹ کے جو آداب ہیں میں ان سے خالی ہوں
نہیں جس کو سلیقہ مانگنے کا وہ سوالی ہوں
زباں غرق ندامت دل کی سچی ترجمانی پر
خدایا رحم میری اس زبان بے زبانی پر
یہ آنکھیں خشک ہیں یارب انہیں رونا نہیں آتا
سلگتے داغ ہیں دل میں انہیں دھونا نہیں آتا

(حضرت مولانا مفتی تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم العالیہ)

marfat.com

# نعت شریف

آپ کا ذکر ہے دو جہاں میں
آپ کا مرتبہ اس جہاں
جیسے خورشید ہو آسمان میں
دوستو یہ ہے شہر مدینہ
جس سے اسلام پھیلا جہاں میں
گر نہ صلِ علیٰ ہو زبان پر
کیا اثر ہوگا آہ فغاں میں
ورفعنا کا انعام یہ ہے
آپ کا ذکر ہے دوجہاں میں
شرط توحید کامل یہی ہے
عشق ہو آپ کا قلب و جاں میں
کوئی سمجھے گا کیا، غیر ممکن
آپ کا رتبہ دونوں جہاں میں
سبز گنبد پہ جس کی نظر ہو
وہ بھلا جائے کس گلستان میں
نام کیسا ہے پیارا محمد ﷺ
جن کے صدقے میں ایماں ہے جاں میں
یہ ہے فیضان نور نبوت
جو ہے اسلام سارے جہاں میں
کیا کہوں رفعت شان گنبد
کچھ نہیں دم ہے اختر زباں میں

(عارف باللہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم)

marfat.com

# مولانا حکیم محمد مظہر مدظلہ العالی

صدر جامعہ اشرف المدارس کراچی

الحمدللہ وکفی والصلوٰۃ والسلام علی سید الرسل وخاتم الانبیاء امابعد!

یہ ایک حقیقت ہے کہ قرآن کریم مؤمنین کیلئے شفا بھی ہے اور رحمت بھی ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں وننزل من القرآن ماھو شفاء ورحمۃ للمؤمنین" "اور ہم قرآن نازل کرتے ہیں جو مؤمنین کے لئے شفاء اور رحمت ہے۔"

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کے اندر یہ تاثیر رکھی کہ وہ جس طرح روحانی امراض ( کفر وشرک اور اخلاق رزیلہ وغیرہ ) کیلئے ذریعہ شفا ہے اسی طرح جسمانی امراض کیلئے بھی ذریعہ نجات ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب رسالتماٰب ﷺ پر سحر کا اثر رونما ہوا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کے علاج کیلئے معوذتین کو نازل فرمایا۔ علامہ ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ان دونوں سورتوں میں سحر، نظر بد اور تمام جسمانی وروحانی آفات دور کرنے میں بہت تاثیر رکھی ہے۔ خود آپ ﷺ نے بھی قرآن کریم کے ذریعہ علاج کی تلقین فرمائی اور حضرت حسنین رضی اللہ عنہما کو اعوذ بکلمات اللہ کے ذریعہ اللہ کی پناہ میں دیتے تھے۔ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ مرقاۃ شرح مشکوٰۃ شریف" میں فرماتے ہیں۔ قرآنی آیات، اسماء اور صفات ربانیہ اور منقول دعاؤں سے علاج کرنا مستحب ہے۔ لیکن موجودہ دور میں عملیات کے نام پر کھلم کھلا شریعت کی خلاف ورزی ہو رہی ہے، غور کیا جائے تو اس کے پیچھے حرص و لالچ کا جذبہ کارفرما دکھائی دیتا ہے، مال سمیٹنے کی خاطر خلاف شرع طریقوں کو معاشرے میں رواج دیا جا رہا ہے اور شریعت کے پاکیزہ طریقوں کو مسخ کیا جا رہا ہے جس کی وجہ کچھ لوگ تو کم علمی اور دین سے دوری کی وجہ سے ان کا شکار ہونے لگے تو کچھ لوگ صحیح طریقوں کو بھی شک کی نگاہ سے دیکھنے لگے اور قرآن وحدیث سے ثابت شدہ وظائف سے بھی انکار کرنے لگے۔

ان حالات میں ضرورت اس بات کی تھی کہ عوام الناس کو اس افراط وتفریط کی دلدل سے نکال کر شریعت مطہرہ کے معتدل راستے کی طرف اس کی رہنمائی کی جائے، اس ضرورت کے پیش نظر محترم جناب سید مزمل حسین نقشبندی صاحب نے اسلامی وظائف کے نام سے کتاب ترتیب دی جس میں اسلامی وظائف جو قرآن وحدیث سے ثابت ہیں ان کو جمع فرمایا ہے امید کہ اس کے ذریعہ وقت کی اہم ضرورت پوری ہوگی اور یہ کتاب لوگوں کو کفر وشرک سے نکالنے کا ذریعہ ثابت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو تمام مسلمانوں کے لئے نافع بنائے اور مرتب کیلئے ذریعہ نجات بنائے آمین۔

تاریخ ۲۱/ شعبان ۱۴۳۰ھ

محمد مظہر عفا اللہ عنہ

خادم جامعہ اشرف المدارس

marfat.com

# عارف باللہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر دامت برکاتہم کی تقریر کا اقتباس

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ جَھْدِالْبَلَآءِ وَ دَرْکِ الشَّقَآءِ وَسُوْءِ الْقَضَآءِ وَ شَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ (صحیح البخاری، کتاب القدر، باب من تعوذباللہ ج:۲ :ص : ۹۷۹)

اس حدیث کی شرح دیکھئے۔ ملا علی قاری فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے یہ دعا سکھائی۔ اگر اللہ اپنی قضاء یعنی اپنے فیصلہ کو نہ بدلتا تو حضور ﷺ یہ دعا نہ سکھاتے۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ کی قضا مخلوق نہیں بدل سکتی لیکن اللہ خود اپنی قضاء اور اپنے فیصلہ کو بدل سکتا ہے۔

## مثنوی میں سوء قضا کو بدلنے کی دعا کا عجیب عنوان

مولانا رومی نے مثنوی میں اس حدیث کی شرح یوں کی ہے کہ اے خدا آپ کی قضاء آپ پر حاکم نہیں ہوسکتی یعنی آپ کا فیصلہ آپ پر حکومت کیسے کرسکتا ہے؟ کیونکہ اگر اللہ اپنے فیصلہ کو نہ بدل سکتا تو پھر اللہ اللہ کہاں رہتا، وہ تو اپنے فیصلہ کا محکوم ہوجاتا، پس اے اللہ! آپ کا فیصلہ آپ کا محکوم ہے، آپ اپنے فیصلہ پر حاکم ہیں لہٰذا سوء قضاء کو آپ حسن قضاء سے بدل دیجیے۔ کبھی کبھی یہ دعا کرلیا کیجئے کہ اے اللہ! اگر میرا خاتمہ شامتِ اعمال سے آپ نے خراب لکھا ہے اور مجھ کو جہنمی لکھ دیا ہے تو اپنے اس فیصلہ کو، اس سوء قضاء کو حسن قضاء سے بدل دیجئے۔ اللہ سے مانگئے، ان شاء اللہ وہ اس فیصلہ کو بدل کر جنتی لکھ دیں گے۔ اپنی تقدیریں اسی زندگی میں بدلوا لیجئے، دعا کیجئے، اللہ سے کہئے کہ اے اللہ! اگر مستقبل میں مجھ پر فالج گرنا ہے، لقوہ گرنا ہے، کینسر میں مبتلا ہونا مقدر ہے یا گردے

marfat.com

بے کار ہونا ہیں، جتنی بھی سوء قضا ہے میرے لیے یا میرے گھر والوں کیلئے میرے دوستوں کے لئے تو اے اللہ جملہ سوء قضا کو حسن قضا سے بدل دیجئے۔ ان شاء اللہ آپ بھی، آپ کے گھر والے بھی اور دوست احباب بھی سب خیریت سے رہیں گے۔ اللہ میاں سے رونے کا اور دعاؤں کا معمول بنائیے۔ کتنی بڑی دعا ہے کہ اے اللہ، اگر میری شامتِ عمل سے آپ نے میرے لیے شقاوت، بدبختی، سوء خاتمہ اور جہنم لکھا ہے تو اس سوء قضاء کو اپنی رحمت سے حسنِ قضا سے بدل دیجئے، کیونکہ آپ کے نبی ﷺ نے ہم کو سکھا دیا، اگر آپ اپنا فیصلہ نہ بدلتے تو حضور ﷺ ہمیں کیوں سکھاتے اور مولانا رومی کا یہ جملہ ضرور یاد کر لیجئے کہ اے خدا! آپ کی قضاء یعنی آپ کے فیصلہ کو آپ پر حکومت کا اختیار نہیں ہے، آپ اپنی قضاء پر حاکم ہیں لہٰذا اپنی سوء قضاء کو حسن قضا سے تبدیل فرما دیجئے۔ دعا کر لیجئے کہ اللہ عمل کی توفیق دے اور ہم سب کی حاضری کو قبول فرمائے اور اپنی رحمت سے ہم سب کو اللہ والا بنا دے وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْكَرِيْمِ

جس طرح خمیرہ مروارید کا پورا فائدہ اس شخص پر مرتب ہوتا ہے جو زہر کھانے سے احتیاط کرتا ہے اس طرح ان فضائل کا مکمل نفع ان کو ہوتا ہے جو گناہوں سے بچنے کا اہتمام کرتے ہیں اور اگر کبھی احیاناً خطا ہو گئی تو فوراً استغفار و توبہ سے اس کی تلافی کرتے ہیں لہٰذا اوراد و وظائف کے نفع کامل کیلئے گناہوں سے بچنے کا اہتمام اشد ضروری ہے۔

ارشاد گرامی: عارف باللہ حضرت مولانا شاہ
حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم العالیہ

marfat.com

# عرض ناشر

جعلی عامل اور دھوکہ باز پیر ہمارے معاشرے کے لیے سوہان روح بلکہ اذیت ناک ناسور بنے ہوئے ہیں، جنہوں نے بیشمار زندگیوں کو داؤ پر لگا رکھا ہے۔ یہ بے رحم اور سفاک مجرم ،معصوم انسانوں کو اپنے پھندے میں پھانس کر، اُنکی مجبوریوں سے فائدہ اُٹھاتے اور اُنہیں طرح طرح سے لوٹتے ہیں۔ ان ظالموں کا سب سے زیادہ شکار خواتین بنتی ہیں جو بعض اوقات دولت دنیا سے ،ہی نہیں، گوہر عصمت سے بھی محروم ہو جاتی ہیں۔

چند سال قبل گورنر پنجاب کی ہدایت پر ان جعلی عاملوں کے خلاف صوبے بھر میں کریک ڈاؤن کیا گیا تھا، لیکن عوام کی طرف سے زبردست تحسین کے باوجود پتہ نہیں کیوں یہ کریک ڈاؤن اچانک ختم کر دیا گیا، اور اب پھر پہلے جیسے حالات ہیں، جعلی عامل کھلے عام اپنے مکروہ کاروبار میں مصروف ہیں، اگرچہ گورنر تو اب وہی موجود ہے مگر ان جعلی پیروں کے خلاف ایکشن لینے والا کوئی نہیں ہے۔ کیا گورنر اور ان کے ساتھی بتائیں گے کیا جادو کا شیطانی کاروبار کرنے والے اپنے مکروہ کاروبار سے تائب ہو گئے ہیں جو انہیں عافیت بخش دی گئی ہے؟

ان حالات میں وہ لوگ بہت عظیم کردار کے حامل ہیں جو محض اللہ کی رضا کے لیے مجبور لوگوں کو جعلی پیروں کے ظلم ستم سے نجات دلاتے ،اُن کے زخموں پر پھاہا رکھتے اور ان کی درست رہنمائی کرتے ہیں۔ اس کتاب کے مولف سید مزمل حسین شاہ بھی اُنہی عظیم کرداروں میں شامل ہیں جو لوگوں کے روحانی دکھوں کا مداوا کرنے اور اُنکے روحانی مسائل کے حل کے لیے دن رات سرگرم عمل ہیں۔ ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ شاہ صاحب کی کوششوں میں برکت عطا فرمائے۔ اور ان کے ذریعے مجبور لوگوں کو جعلی عاملوں کے چنگل سے نجات دلائے۔ آمین

جعلی پیروں کے اس ظلم کے خاتمے کے لیے ضروری ہے کہ عوام وخواص کے اندر ان ظالموں کی مکروہ سرگرمیوں کے بارے میں شعور عام کیا جائے اور عوام کو اُن کے خلاف متحد کیا جائے، اس سلسلے میں دوسرا نہایت ضروری کام یہ ہے کہ قرآن وحدیث سے ماخوذ، علمائے حق کے مستعمل وظائف زیادہ سے زیادہ عام کئے جائیں۔ تاکہ پریشان حال لوگ، بالخصوص خواتین گھر بیٹھے ،از خود اپنے مسائل حل کر سکیں۔ اسی طرح

marfat.com

اگر صالح و نیک عامل مل کر کوئی ایسا بورڈ تشکیل دے سکیں جہاں ان ظالم عاملوں کے ستائے ہوئے لوگ رجوع کر سکیں، تو یہ اقدام بہت ہی عمدہ نتائج کا سبب بن سکتا ہے۔ آگے چل کر یہی بورڈ گمراہ کن عاملوں کا ناطقہ بند کر سکتا ہے۔

''اسلامی وظائف کا انسائیکلو پیڈیا'' اگرچہ تاخیر کے ساتھ منظر عام پر آیا، لیکن اس کتاب کو جو زبردست پذیرائی حاصل ہوئی اس سے بڑی خوش گوار حیرت ہوئی۔ چند ہفتوں میں اس کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا۔ گویا لوگ اس کتاب کے پہلے سے منتظر تھے۔ دوسرا ایڈیشن مزید پختہ کاری اور اضافوں کے ساتھ پیش کیا گیا۔ اللہ پاک کا نہایت شکر ہے کہ دوسرے ایڈیشن نے عوام و خواص کے دلوں میں بہت زیادہ مقبولیت پائی، یہ ایڈیشن بھی چند مہینوں میں ہاتھوں ہاتھ نکل گیا۔ ''اسلامی وظائف کا انسائیکلو پیڈیا'' کا تیسرا اور چوتھا ایڈیشن تو چند ماہ میں ہی مقبول عام کا درجہ پا گیا۔ ''اسلامی وظائف کا انسائیکلو پیڈیا'' کے پانچویں، چھٹے، ساتویں، آٹھویں، نویں اور دسویں، گیارویں، بارہویں ایڈیشن کو بھی بے حد پسند کیا گیا۔ اس وقت ''اسلامی وظائف کا انسائیکلو پیڈیا'' کا تیرہواں ایڈیشن آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ ہمارے لئے بارگاہِ ایزدی میں سربسجود ہونے کا مقام ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ جعلی عاملوں کا شکنجہ توڑنے کے لئے اہل خیر آگے آئیں اور اس کتاب کو ہر خاص و عام تک پہنچانے کا اہتمام کریں۔ جو خواتین و حضرات اس قیمتی کتاب کو اپنے پورے حلقہ تعارف میں پھیلانا چاہتے ہیں وہ بلا تاخیر ادارہ ''ربانیہ پبلی کیشنز'' سے رجوع کر سکتے ہیں۔

ڈاکٹر عابد علی سلیمی
سربراہ، ادارہ ربانیہ پبلی کیشنز لاہور

marfat.com

# میرے والد محترم حضرت مولانا سید غلام ربانی شاہ نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کی یاد میں جن کا یہ فیضان نظر ہے

الحمد للہ! میرا تعلق ایک علمی وادبی مذہبی گھرانے کے ساتھ ہے۔ میرے دادا جان مرحوم اور والد صاحب مرحوم دونوں عالم دین تھے۔ میں نے ایسے ماحول میں آنکھ کھولی جو دین حق کی خوشبو سے معطر اور معمور تھا۔ اور ایسی فضا میں تربیت پائی جو صحبت اہل اللہ سے مزین اور مخمور تھی۔ میرے والد صاحب مرحوم کو وقت کے جید علماء کرام اور صوفیائے عظام سے نہ صرف گہری نسبت تھی بلکہ ہمارا گھرانہ اکثر سلف صالحین اور اکابرین علماء دیوبند کی قدم بوسی سے فیض یاب ہوتا رہتا تھا۔ اور بحمد اللہ یہ سلسلہ اب بھی جاری ہے۔ گو احقر کم عمری کی وجہ سے ان بزرگان ملت سے بہت زیادہ فیض یاب تو نہ ہوسکا لیکن اکابرین کی صحبت میں بیٹھنے اور ان کے جوتے سیدھے کرنے اور ان سے کسی قدر فیض حاصل کرنے کا موقع ضرور ملا۔ جو میرے لئے سرمایہ صد افتخار ہے۔ بعد ازاں انہیں اسلاف کے فیض کی بدولت اس فقیر کو بڑے بڑے اکابر کی صحبت میسر ہوئی اور بندہ ناچیز کئی اسفار میں بزرگان دین کے خادم کی حیثیت سے ان کا ہمسفر رہا ہے۔

تھا یہ بھی کوئی ناز کسی بے نیاز کا
احساس دے دیا مجھے اپنے گداز کا

احقر کا سلسلہ بیعت ولی کامل نمونہ اسلاف یادگار اسلاف، پیر طریقت حضرت مولانا محمد یار صوفی نقشبندی مجددی نور اللہ مرقدہٗ سے شروع ہے۔ یہ سب میرے آباؤ اجداد اور سلف صالحین کا فیضان نظر ہے کہ اکابرین کی بہت قلیل عرصہ کی صحبت کے باوجود اللہ تعالیٰ نے احقر سے اتنا بڑا کام لیا اور مقدس انسائیکلو پیڈیا کو مدوّن کرنے کی سعادت نصیب فرمائی کہ ''' ایں سعادت بہ زور بازو نیست'' اس نسائیکلو پیڈیا کی ترتیب وتدوین کیلئے میری ادنیٰ سی کاوش انہیں اولیاء کاملین کی صحبت اور میرے مرحوم ومغفور والد صاحب رحمہ اللہ کی تربیت کا نتیجہ ہے۔ حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا شاہ اشرف علی تھانوی قدس سرہ کا ایک ملفوظ اسی مناسبت سے میں یہاں قلمبند کرنا چاہوں گا۔ حضرت فرمایا کرتے تھے کہ خوشبو والے کے پاس جاکر بیٹھو گے تو خوشبو اگر نہ بھی خریدو گے تو تم خوشبو سے مستفید ضرور ہو گے۔ کیونکہ

marfat.com

مستی کے لئے بوئے مئے تند ہے کافی
مے خانے کا محروم بھی محروم نہیں ہے

میرے والد صاحب مرحوم ومغفور ایک عالم باعمل، موحد، متبع سنت، سچے عاشق رسول ﷺ اور دین حق کے نڈر داعی تھے۔

عشق رسول ﷺ کے کئی واقعات ان کے عشق کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ مگر میں ایک واقعہ خصوصیت کے ساتھ یہاں قارئین کی نظر کرنا چاہوں گا۔ ہمارے گاؤں کے قریب ایک مرتبہ ایک قادیانی آیا اور والد صاحب مرحوم کو اس کی خبر ہوگئی تو فوراً اس کی قیام گاہ پہنچے اور اسے خبردار کیا اور فرمایا ''یہاں سے اپنے ناپاک وجود کو لے کر چلا جائے کہ میں کسی گستاخ رسول ﷺ کا وجود یہاں برداشت نہیں کرسکتا۔'' وہ مکان میں چھپ گیا اور باوجود شدید گرمی کے کمرے کے اندر دروازہ مقفل کر کے سویا اور علی الصبح وہاں سے بھاگ نکلا۔ اگلی رات وہ جناب رسالتمآب ﷺ کی زیارت شریفہ سے مشرف ہوئے اور صبح فرمایا کہ میں حج پر جاؤں گا۔ چنانچہ اللہ کریم نے اسباب پیدا فرمائے اور وہ حج پر تشریف لے گئے اور بیت اللہ اور روضۂ انور پر حاضری کی سعادت حاصل کی۔ یہ ایک عاشق رسول، پابند صوم و صلوٰۃ اور متبع سنت ہستی کا سچا واقعہ ہے۔ اور یہ انہی اعمال صالحہ کی برکات اور اکابرین ملت کا فیض تھا کہ انہوں نے نماز میں سجدے کی حالت میں اپنی جان جان آفرین کے سپرد کی اور داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ اللہ تعالیٰ ان کی قبر کو منور فرمائے، کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے۔ اور ہماری طرف سے بہترین جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین۔

میرے والد صاحب ایک حاذق طبیب اور روحانی عملیات میں خصوصی مہارت رکھتے تھے علم تصوف، اور روحانیات اور علم طب سیکھنے کی غرض سے انہوں نے کئی سفر کئے اور کئی ایک اسفار میں بندہ ان کا ہمسفر رہا۔ والد صاحب کو دراصل زمانہ طالب علمی ہی سے دین حق کے ساتھ گہری وابستگی تھی۔ وہ علمی اور ادبی ذوق کے مالک تھے اور انہوں نے گہرے مطالعہ والی زندگی بسر کی۔ تصوف اور روحانیات ان کی روح کی غذا تھی۔ اور وہ اس کے حصول کیلئے ہر گام سرگرداں وتشنہ کام رہتے تھے۔ طالب علمی کے زمانہ میں جب وہ سرگودھا میں ایک مدرسے میں زیر تعلیم تھے۔ امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ جب سرگودھا بیان کی غرض سے تشریف لاتے تو والد صاحب مرحوم اپنی علمی تشنگی کو مٹانے کی غرض سے میلوں کا سفر پیدل طے کر کے حضرت امیر شریعت اور دیگر اکابرین کی مجالس اور جلسوں میں حاضری کا اہتمام فرماتے تھے۔ تعلیمی فراغت کے بعد اپنی ذہنی وفکری صلاحیتوں کو نکھارنے اور انہیں جلا دینے کی شدید

marfat.com

خواہش ان کو لاہور لے آئی۔ جہاں انہوں نے ولی کامل شیخ التفسیر پیر طریقت حضرت مولانا احمد علی لاہوری نور اللہ مرقدہٗ کے سامنے زانوئے تلمیذ تہہ کیا اور ان سے بیعت ہونے کے بعد تصوف میں نکھار پیدا کیا اور سلوک کی منازل طے کیں۔ حضرت لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کی رحلت کے بعد وہ ایک نابغۂ روزگار ہستی، ایک عالم باعمل اور بزرگ صوفی پیر طریقت وشریعت حضرت مولانا صوفی محمد یار نقشبندی مجددی رحمہ اللہ سے بیعت ہوئے۔ جن کا ذکر احقر اوپر کر چکا ہے۔ حضرت صوفی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے ایک طرف دار العلوم لدھیانہ ہندوستان میں تفسیر بے نظیر ''التبیان'' کے مفسر، مفسر القرآن حضرت مولانا حسین علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد رشید تھے۔ اور دوسری طرف شیخ العرب والعجم حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی نور اللہ مرقدہٗ کے خلیفہ بھی تھے اور طبی علوم میں حضرت مدنی رحمۃ اللہ علیہ سے سند خاص حاصل کی تھی۔ نیز دینی وطبی علوم میں دار العلوم دیوبند سے سند فضیلت حاصل کرنے کا بھی اعزاز حاصل کیا۔ بعد ازاں حضرت صوفی صاحب رحمۃ اللہ علیہ حضرت مولانا عبد الغفور العباسی المدنی نور اللہ مرقدہٗ سے بیعت ہوئے اور ان سے بھی خلافت پائی۔

حضرت صوفی صاحب رحمۃ اللہ علیہ شاعر مشرق کے اس شعر کی عملی تفسیر تھے کہ

مہر و مہ و انجم کا محاسب ہے قلندر
ایام کا مرکب نہیں راکب ہے قلندر

والد صاحب مرحوم کا تقریباً پندرہ سال تک حضرت سے سلسلہ بیعت رہا اور اس عرصہ میں والد صاحب نے حضرت سے سلوک کی منازل طے کرنے کے ساتھ ساتھ طب اسلامی میں بھی بھرپور استفادہ کیا۔ جو آگے چل کر باعث فیض خاص وعام ہوا۔ اور خلق خدا روحانیت کے ساتھ ساتھ ان طبی نسخوں سے متمتع ہوئی اور سینکڑوں لوگ شفایاب ہوئے۔ میرے بڑے بھائی جان حضرت مولانا سید سیف الرحمٰن شاہ صاحب دامت برکاتہم (فارغ التحصیل خیر المدارس ملتان اور مستند طبیب سند یافتہ طبیہ کالج ملتان) ان نسخوں کو اب تک بڑی کامیابی کے ساتھ خلق خدا کے نفع کیلئے استعمال فرما رہے ہیں۔ بھائی جان بھی حضرت صوفی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت تھے۔ انہیں حضرت اور والد مرحوم سے استفادہ کیلئے ایک طویل مدت کا موقع نصیب ہوا۔ اور انہوں نے احسن طریق پر بھرپور استفادہ کیا۔ حضرت صوفی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی رحلت کے بعد بھائی جان سید نفیس شاہ صاحب الحسینی نور اللہ مرقدہٗ سے بیعت ہوئے۔ الحمد للہ میرے چار بھائی عالم دین ہیں اور کسی نہ کسی شعبے میں دین کی خدمت کا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کی سعی جمیلہ قبول فرما کر نافع الخلائق بنائے۔ ہمارے اسلاف اور آباؤ اجداد کے لئے صدقہ جاریہ بنائے اور ہم سب کیلئے ذریعۂ نجات بنائے۔ آمین ثم آمین۔

marfat.com

# پیش لفظ

انسان کے علم کی اوقات اتنی ہے کہ وہ اپنے گردو پیش پائی جانے والی نشانیوں اور محیر العقول واقعات وحقائق سے اپنے رب کی عظمتوں اور جلالتوں کا بھی پورے طور پر ادراک نہیں کر سکتا۔ انسان کے علم کی عظمت یہ ہے کہ وہ مالک کائنات کی عطا کردہ نعمتوں کو پہچانے' استعمال میں لائے اور شکر بجالائے۔ علم کی وسعت کا کمال ہے کہ جو شخص جتنا زیادہ علم حاصل کرتا چلا جاتا ہے اس کو ہر دم یہ احساس ہونے لگتا ہے کہ وہ تو بحر آگہی کے تا حد نگاہ پانیوں میں ایک ادنیٰ بلبلے کی حیثیت رکھتا ہے۔

ایک مسلمان ہونے کے ناطے سے علم کے دو ہی مستند در نظر آتے ہیں اول کلام مجید اور دوم خاتم النبیینؐ کی حیات طیبہ۔ محققین کی اپنی بساط تحقیق کے مطابق قرآن پاک میں 51 ہزار سے زیادہ علوم پائے جاتے ہیں اور خاتم النبیین ﷺ کی زندگی کا ایک ایک لمحہ مضامین زندگی کیلئے عنوانات کے درجے کا حامل ہے۔

علوم کی بے شمار اقسام ہیں جن میں سے ایک کو مخفی علم کے عام فہم لفظ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اسی کو روحانی علم اور اس مکتبہ فکر کے افراد کو تصوف میں شمار کیا جاتا ہے۔ تصوف کی تمام روایتی و مقبول عام تعریفوں سے ہٹ کر یہ تعریف بھی کی جا سکتی ہے کہ ''خاص دائرہ مذہب میں رہ کر عقائد اور ایمان کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مان کر عمل پیہم پر مداومت اختیار کر جانا یہاں تک کہ عقائد کی روشنیاں اور ایمان کی حلاوتیں انسان کو جیتے جاگتے محسوس ہونے لگیں۔'' اب جس مذہب میں جتنی زیادہ صداقت ہو گی متصوفانہ احساسات بھی اتنے ہی زیادہ صادق اور پختہ ہوں گے۔

الحمدللہ کلام مجید دنیا کی سب سے سچی کتاب ہے اور نبی کریم ﷺ کی حیات طیبہ تمام انسانوں کیلئے کامل اور بہترین نمونہ ہے جو مسلمان خدا کی توحید میں سرمست اور غلامی والی کائنات ﷺ میں مستغرق ہو' دنیا و مافیہا کے اسرار و رموز خدا اس پر وا کر دیتا ہے۔

یہ مکتب کی کرامت تھی یا کہ فیضان نظر تھا
سکھائے کس نے اسمٰعیل کو آداب فرزندی

میں نے جس آغوش محبت میں تربیت پائی' وہاں پر چاروں طرف پھیلا ہوا ماحول پاکیزگی اور مذہبی اقدار سے رنگا ہوا تھا۔ میں نے بچپن ہی سے کچھ ایسے مشاہدات کیے کہ روحانی علم کی صداقت میرے قلب پر ثبت ہو گئی۔ میرے والد محترم حضرت مولانا سید غلام ربانی شاہ صاحب ساہیوال کے قریب ایک گاؤں بلوآنہ

marfat.com

میں معروف طبیب کے طور پر جانے جاتے تھے۔انہوں نے بچوں کی تعلیم کیلئے گھر میں ایک مدرسہ قائم کیا ہوا تھا۔والد مرحوم روحانی عملیات میں خصوصی مہارت رکھتے تھے۔وہ سورہ مزمل کے باموکل عامل تھے۔مگر انہوں نے اپنی روحانی صلاحیتوں کو ذریعۂ روزگار نہیں بنایا۔دیگر عملیات کے علاوہ میرے والد صاحب کے پاس آگ پر ابلتے ہوئے سرسوں کے تیل میں پاؤں کی ایڑی ڈال کر دم کرنے کا بہت مجرب عمل تھا۔وہ یہ عمل سوکڑے کے مرض میں مبتلا بچوں کے علاج کیلئے کرتے تھے۔یہ عمل میرے پاس بھی ہے۔میرے والد صاحب شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوری سے بیعت تھے'انکی رحلت کے بعد وہ حضرت مولانا صوفی یار محمد نقشبندی سے بیعت ہوئے۔میں ہمیشہ اپنے والد محترم کے ساتھ ان کے روحانی سفروں میں ہوتا تھا۔ان کے قریب رہ کر مجھے بہت کچھ سیکھنے اور جانچنے کا موقع ملا۔ان کے فکر پر مبنی خیالات اور پراثر روحانی شخصیت نے بہت جلد میری زندگی میں انقلاب برپا کر دیا۔میرے کردار میں تبدیلیوں کا اثر چلتا رہا۔میں اب تشنگی محسوس کررہا تھا۔کیونکہ روحانی مشاہدات کیلئے تڑپ کی میرے اندر نفوذ پذیری نہایت سرعت سے ہورہی تھی کہ اچانک ایک ایسا واقعہ پیش آیا کہ جس کی وجہ سے مجھے اپنی ساری توانائیاں روحانی عملیات کو سیکھنے میں کھپانی پڑیں۔میرے ایک قریبی دوست پر اس کے کسی رشتہ دار نے جادو کا بہت سخت وار کرایا۔عاملوں کی تشخیص کے مطابق اس کے معدہ کو جکڑ دیا گیا تھا۔کوئی دوا اثر نہیں کرتی تھی۔تمام عامل اس کے علاج سے قاصر رہے۔

تا آنکہ میرے پیارے دوست کی موت واقع ہوگئی۔

یہ 1995ء کا واقعہ ہے۔بہت عرصہ میری طبیعت مضمحل اور مغموم رہی۔راستے تلاش کرتا رہا'کشمکش میں مبتلا رہا' اللہ نے راستہ دکھایا اور میں نے فیصلہ کیا کہ ہر صورت روحانی علوم سیکھوں گا تاکہ بے کس'معصوم اور جادوگروں کے ستائے ہوئے لوگوں کا علاج شریعت کے دائرہ کار کے اندر رہ کر کرسکوں۔انہی ایام تشنگی اور جستجو کے لمحات میں مجھے بھارت کے شہر سہارن پور کے بزرگ شیخ الحدیث مولانا محمد عبداللہ سے ملاقات کی سعادت نصیب ہوئی۔جنہوں نے خاص شفقت فرمائی اور چند ایسے عمل عطا فرمائے کہ جن کی میں نے بہ احسن طریق تکمیل کی۔"کتاب پر موکلات کی حاضری" کا ایک خاص عمل ہے جو کہ مجھے حافظ عبدالعزیز صاحب سے ملا۔اللہ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ان سے پہلا تعارف سید اسرار شاہ صاحب کے واسطے سے ہوا۔یہی وہ عمل ہے کہ جس کے ذریعے مجھے مرض کی تشخیص میں مدد ملتی ہے۔اس عمل کیلئے مجھے اکتالیس اکتالیس دن کے تین چلے کرنے پڑے جس میں تقریباً ایک گھنٹہ روزانہ مجھے پڑھائی کرنی پڑی۔تکمیل کے

marfat.com

بعد میں نے محترم حافظ عبد العزیز کی موجودگی میں حاضری کا ایک خاص عمل کیا اور وہ کامیاب رہا۔ حافظ صاحب نہایت شاداں ہوئے اور ڈھیروں دعائیں دے کر میری روحانی صلاحیتوں میں اضافہ کیا۔ بزرگوں نے مجھے اجازت مرحمت فرمائی تو میں نے روحانی امراض میں مبتلا مختلف مریضوں کا علاج شروع کیا۔ اللہ نے مجھے قدم قدم پر کامیابی و کامرانی عطا فرمائی۔

روحانی دشت کی سیاحی کے دوران مجھے لوگوں کے گوناگوں مسائل سے واقفیت حاصل ہوئی۔ جعلی عاملین کے ہاتھوں لٹے پٹے افراد اور خاص طور پر سادہ لوح خواتین کی ایسی ایسی داستانیں میرے سامنے آئیں کہ میں عجیب پریشانی میں مبتلا ہو گیا کہ روحانیت اور تصوف کے نام پر کیسے کیسے کالے کاروبار وجود میں آ چکے ہیں۔ بہرحال ایسے دلخراش واقعات میرے پائے استقلال کو متزلزل نہ کر سکے بلکہ میرے ایمان اور عزم میں مزید قوت پیدا ہوگئی۔

عملی طور پر میرا پہلا قدم مدرسہ علوم ربانیہ کا قیام تھا جس میں بچوں کو قرآن اور قرآنی تعلیمات سے روشناس کرانے کا میں نے بیڑا اٹھایا تاکہ اسلام کے یہ ننھے سپاہی تعلیمات قرآن کی روشنی سے اپنے دلوں کی دنیا کو روشن کر سکیں۔ اللہ نے ہر قدم پر میری نصرت فرمائی اور یہ کام بڑے احسن انداز سے کامیابی کی شاہراہ پر گامزن ہے۔

مجھے یقین واثق ہے کہ اسلامی تعلیمات سے دوری اور اللہ تعالیٰ کے احکامات سے روگردانی کی وجہ سے آج ہم سینکڑوں مسائل میں گھرے ہوئے ہیں۔ جن میں پانچ بنیادی مسائل ایسے ہیں کہ شاید ہی کوئی ان کی زد سے بچا ہو۔ معاشی بدحالی' نافرمان اولاد' گھریلو لڑائی جھگڑے' ذہنی جسمانی ونفسیاتی بیماریاں اور اولاد کیلئے اچھے رشتوں کا نہ ملنا۔ جادو اور جنات کے زیر اثر افراد یا گھروں میں عمومی طور پر یہ علامات پائی جاتی ہیں' اچانک لاعلاج بیماری کا حملہ' گھر میں خون یا پانی کے چھینٹے پڑنا' محفوظ جگہ پر رکھے ہوئے کپڑوں کا مختلف جگہوں سے کٹ جانا، رقم چوری ہونا یا گھر میں خود بخود آگ کا بھڑکنا۔ یہ جادو اور جنات کے اثرات کی ابتدائی علامات ہیں۔ عمومی مشاہدہ ہے کہ لوگ جادو کا عمل کرنے والوں سے یا شریعت سے روگردانی کرنے والے عاملین سے رجوع کرتے ہیں۔ حالانکہ کالے علم والوں سے آسیب کا علاج کرانا کفر کے مترادف ہے کیونکہ کلام الٰہی کے سامنے بڑے سے بڑا جادو مٹی ہو کر رہ جاتا ہے۔

شفایاب ہونے والے لاتعداد مریضوں نے بارہا مجھ سے اس خواہش کا اظہار کیا کہ مجھے قرآنی آیات اسمائے حسنیٰ پر مشتمل وظائف کی کتاب ضرور لکھنی چاہیے۔ احباب کی خواہش اپنی جگہ میں خود بھی

marfat.com

ایسی ضرورت کو محسوس کرتا تھا، جس کی وجوہات مندرجہ ذیل تھیں:

۱۔ مارکیٹ میں عاملین کی ایسی کتب وافر تعداد میں موجود ہیں جن میں وظائف شرعی تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں ہیں۔

۲۔ ایسی کتب میں لکھے گئے وظائف عامل کے اپنے عمل میں بہت کم رہے ہیں۔ اس نے بس وظائف کی کتاب تیار کی ہے۔

۳۔ وظائف کے نام پر ایسے ایسے کرتب لکھے ہیں کہ تصوف کا نام مذاق بن کر رہ گیا ہے۔

میرے پاس ایک ایسا عمل ہے جو کہ بکرے کی سری پر کیا جاتا ہے اس کے بارے میں تفصیلاً بتانا چاہوں گا کیونکہ بعض لوگ سوال کرتے ہیں کہ کہیں بکرے کی سری پر عمل غیر شرعی تو نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انہیں علم نہیں کہ یہ عمل کیسے کیا جاتا ہے۔ میرے پاس کئی مریض ایسے بھی آئے کہ انہوں نے کہا کہ ہم نے یہ عمل نہیں کرانا۔ ان میں اکثر مریض وہ تھے جو پیشہ ور عاملوں کے ڈسے ہوئے تھے۔ اعتراضات سے بچنے کے لیے کچھ عرصہ پہلے میں نے جامعہ اشرفیہ لاہور میں مفتی حضرات پر مشتمل بورڈ سے رابطہ کیا۔ میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور بکرے کی سری پر جادو کے توڑ کیلئے عمل کا طریقہ بیان کر کے ان سے اس کی شرعی حیثیت دریافت کی۔ میں نے انہیں یہ بھی بتایا کہ اگر یہ عمل غیر شرعی ہے تو میں اسے چھوڑنے کیلئے تیار ہوں۔ انہوں نے مجھ سے چند سوال پوچھے۔

۱۔ آپ بکرے کی سری کے اندر قرآنی آیات لکھ کر رکھتے ہیں؟

۲۔ اس عمل کے ذریعے کسی کو نقصان پہنچایا جاسکتا ہے؟

۳۔ اس عمل کے دوران کسی طرح کے کوئی شرکیہ کلمات تو ادا نہیں کیے جاتے؟ مثلاً اللہ کی ذات کے علاوہ مخلوق خدا کو مدد کیلئے پکارنا وغیرہ۔

تمام سوالات کا جواب نہ کی صورت میں تھا۔ جس کے بعد انہوں نے اس عمل کو جائز قرار دیا اور وہ کہنے لگے کہ ہم آپ کو اس عمل سے متعلق فتویٰ لکھ کر دے دیں گے کہ یہ ایک جائز عمل ہے۔ فتاویٰ بورڈ کے تاثرات سن کر مجھے خوشی ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے مجھے غیر اسلامی اور گمراہ کن عملیات سے بچائے رکھا۔

میں ان تمام تقاضوں کو محسوس کرتا تھا اللہ نے ہمت بندھائی اور میں نے اس کتاب پر کام شروع کر دیا۔ اس سلسلے میں میں ڈاکٹر عابد علی سلیمی صاحب کا خصوصی مشکور ہوں جنہوں نے اس کتاب کی نوک پلک سنوارنے میں انتہائی محنت کی۔ میں نے دور دراز کے سفر کیے، وظائف حاصل کیے، اپنے کئی عملوں کے

marfat.com

بارے میں دارالافتاء سے فتاویٰ حاصل کیے تاکہ شریعت کی روح پر زد نہ پڑے۔ سب سے بڑا مقصد یہ ہے کہ اس کتاب کو پاکر افراد مرد حضرات خصوصاً خواتین جھوٹے عاملین اور تصوف کے نام پر جادوگری کرنے والوں کے فریب سے بچ سکیں۔ میں نے شب وروز کی محنت شاقہ سے کیے ہوئے وظائف بھی ان میں لکھے ہیں۔

ایک اہم کام یعنی ویب سائٹ کا قیام نہایت مشکل تھا مگر اس پر پوری تندہی سے کام ہورہا ہے اور ان شاء اللہ اس کتاب کے مکمل ہوتے ہی ویب سائٹ بھی پوری دنیا کے لوگوں کو سرچ کیلئے مہیا ہوگی۔ جس میں اس کتاب کا بڑا حصہ اور کئی روحانی معلومات لوگوں کی آگاہی کیلئے موجود ہوں گی یعنی ۔

ہم نے تو دل جلا کے سر عام رکھ دیا
اب جس کے جی میں آئے وہی پائے روشنی

دعاؤں کا طلب گار بندہ عاجز

**سید مزمل حسین نقشبندی**

خانقاہ ربانیہ ومدرسہ علوم ربانیہ

مکان نمبر 27 گلی نمبر 8 بیرون چوبچہ مصطفیٰ آباد (دھرم پورہ) لاہور

فون 042-6849501 موبائل 0300-8866988-0321-8866988

www.islamicwazaif.com

Email:info@islamicwazaif.com

## فون کرنے کے اوقات

دوپہر 3 بجے سے رات 9 بجے تک

marfat.com

# تقریظ

## حضرت مولانا فضل محمد دامت برکاتہم

### استاذ الحدیث جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی

الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید الانبیاء والمرسلین وعلیٰ اٰلہ واصحابہ اجمعین امابعد:۔

اسلام کامل و مکمل اکمل ضابطہ حیات ہے، اس جامع دین میں انسان کے ہر پہلو کی ہر مشکل کا حل موجود ہے، انسان کی اجتماعی زندگی ہو یا اس کی انفرادی زندگی ہو، اسکی خوشی کی حالت ہو یا غم کی کیفیت ہو، اس کی خارجہ پالیسی ہو یا داخلی سلطنت ہو، اس کی سیاست مُدُن ہو یا امور خانہ داری ہوں، اسکی عبادات ہوں یا اخلاقیات و معاملات ہوں۔ اس کی معاشیات ہوں یا اقتصادیات ہوں اسلام ہر شعبہ میں انسان کی بہترین رہنمائی کرتا ہے چنانچہ جس طرح اسلام شعبہ طب میں طب نبوی ﷺ کی صورت میں مادی وسائل کے ذریعہ سے انسانوں کی خدمت کرتا ہے اسی طرح طب کے میدان میں اسلام روحانی طریقہ علاج سے بھی انسانوں کی بھرپور خدمت کرتا ہے قرآن کریم ان دونوں شعبوں کی طرف اس طرح اشارہ کرتا ہے۔

قال اللہ تعالیٰ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

چونکہ انسان کا ازلی دشمن شیطان بدبخت ہے جو نظروں سے پوشیدہ ہے مگر وہ ہر لمحہ انسان کی تباہی کے لئے ان پر حملے کرتا رہتا ہے آنکھوں سے اوجھل اس بدبخت دشمن کے دفاع کے لئے اور اس کے مسلسل حملوں سے بچاؤ کے لئے اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں اور رسول اللہ ﷺ نے احادیث میں ایسے وظائف بتائے ہیں جن کے استعمال سے انسان اس پوشیدہ مگر خطرناک دشمن کے حملوں سے محفوظ رہ سکتا ہے

کوئی مانے یا نہ مانے مگر اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے کہ چودہ سو سال سے مخلوق خدا نے ان وظائف سے بھرپور فائدہ اٹھایا ہے اور اب بھی اٹھا رہے ہیں اور آئندہ بھی انشاءاللہ اُٹھاتے رہیں گے لیکن اس پاکیزہ طریقہ میں کچھ ایسے لوگ شامل ہو گئے ہیں جنہوں نے اپنے مذموم مقاصد اور فاسد اغراض کے حصول کیلئے اس پاکیزہ طریقہ میں ایک ناپاک آلودہ طریقہ رائج کر دیا ہے۔

marfat.com

چونکہ دستور زمانہ ہے کہ جب کسی چیز کا چلتن ہو جاتا ہے اور معاشرہ میں اسکو پذیرائی حاصل ہو جاتی ہے تو اس وقت بہت سارے کاروباری بھی مارکیٹ میں آجاتے ہیں اور اس گرم بازار میں یہ دھوکہ باز اور مفاد پرست اصل مال کے ساتھ نقلی مال تیار کر کے شامل کر دیتے ہیں اور پھر اپنے ایجنٹوں کے ذریعہ سے اس کو اتنا بتلاتے ہیں کہ اصل اور نقل کا امتیاز مشکل ہو جاتا ہے۔ اس صورت حال سے صرف دنیوی مادی معاملات ہی دوچار نہیں ہوتے ہیں بلکہ دینی اور روحانی معاملات بھی اس کا شکار ہو جاتے ہیں۔

چنانچہ آج کل شیطان کے ایجنٹوں نے تعویذات اور گنڈوں کا دھندہ شروع کر رکھا ہے جھاڑ پھونک اور ٹونے ٹوٹکوں کے ذریعہ سے سادہ لوح مسلمانوں کو گمراہ کرتے ہیں اور حرص ولالچ کے اپنے تندور کو حرام مال سے بھرتے ہیں اس طرح ان انسان نما شیطانوں نے شریعت کے پاکیزہ طریقہ کو مسخ کر دیا جس سے عوام الناس میں ایسی نفرت پھیل گئی کہ انہوں نے صحیح طریقہ کو بھی شک کی نگاہ سے دیکھا اور قرآن وحدیث کے مستند وظائف کا انکار کرنے لگے، اس افراط وتفریط کے پیش نظر اس بات کی ضرورت تھی کہ شریعت کے معتدل راستے کی وضاحت بھرپور انداز سے ہو جائے تاکہ سادہ لوح مسلمان راہ حق پر آسانی سے چل سکیں،

اسی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے جناب محترم سید مزمل نقشبندی صاحب نے وظائف پر مشتمل ایک جامع کتاب لکھی ہے جس کا نام اسلامی وظائف کا انسائیکلو پیڈیا ہے وظائف کی یہ کتاب ۳۶ ابواب پر مشتمل ہے جو حیات انسانی کے ہر شعبہ پر محیط ہے پڑھنے والوں کو ان وظائف کے صحیح تلفظ کے ساتھ پڑھنے کا خاص خیال رکھنا چاہئے تاکہ کتابت کی غلطیوں سے حفاظت ہو جائے، انشاء اللہ یہ وظائف مطلوبہ مقاصد کے حصول میں تیر بہدف ثابت ہونگے اللہ تعالیٰ اس کتاب کو عام مسلمانوں کے لئے نافع بنائے اور فاضل مولف کیلئے ذریعہ نجات بنائے (آمین یارب العالمین)

فضل محمد بن نور محمد یوسف زئی

استاذ جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی

۲۰ صفر ۱۴۲۹ھ بمطابق ۲۸ فروری ۲۰۰۸ء

marfat.com

# یہ کتاب روحانی قدیم سلسلہ کی ایک کڑی ہے

قرآن کریم اللہ تبارک وتعالیٰ کی آخری کتاب ہے جو سراسر انسانیت کے لئے باعث ہدایت و رحمت اور شفاء ہے۔ بلاشبہ قرآن کریم میں تمام ظاہری و باطنی امراض کا علاج ہے۔ اور سنت نبویہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام میں اس کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔ جسے محدثین کرام نے کتب حدیث میں مستقل عنوان کے تحت جمع کیا ہے متقدمین ومتاخرین علماء امت قرآن وسنت کے ذریعے ظاہری و باطنی بیماریوں کا علاج کرتے رہے ہیں، اور ہر زمانے میں روحانی علاج، مادی علاج سے کہیں زیادہ مؤثر رہا ہے۔

نیز عہد قدیم سے قرآن وسنت سے ماخوذ اعمال وظائف پر علماء کرام نے مختلف تصنیفات کی ہیں، عربی، اردو، فارسی اور نجانے کس کس زبان میں اس پر سینکڑوں کتابیں تصنیف کی جا چکی ہیں اور مزید بھی ہوتی رہیں گی۔ کیونکہ حدیث شریف میں آنحضرت ﷺ نے قرآن کریم کے متعلق ارشاد فرمایا ہے۔ ولا ینقضی عجائبه (یعنی قرآنی عجائبات ختم نہیں ہوتے)

بہر حال محترم سید مزمل حسین نقشبندی صاحب کی زیر نظر کتاب ''اسلامی وظائف کا انسائیکلوپیڈیا'' اس قدیم سلسلہ کی ایک کڑی ہے، جس میں موصوف نے بڑے احسن انداز میں نہایت عرق ریزی سے اسلامی وظائف اور روحانی اعمال کو جمع کیاہ۔ ضعف وعلالت اور کثرت مشاغل کے باعث میں یہ کتاب مکمل طور پر نہیں دیکھ سکا، البتہ سرسری طور پر کتاب کے بعض مقامات دیکھے ہیں، ماشاء اللہ کتاب عمدہ اور مفید معلوم ہوئی۔ اس کتاب اور اس جیسی دیگر کتابوں سے استفادہ کرنے والے عاملوں سے دست بستہ درخواست ہے کہ عملیات کی آڑ میں خدارا ''بندگان خدا'' کے عقائد ونظریات خراب نہ کریں اور کسی بھی مرحلے میں ان کی نظر عقائد ومسبب الاسباب '''اللہ تبارک وتعالیٰ'' کی ذات سے نہ ہٹنے دیں اور انہیں تتبع سنت بنانے کی کوشش کریں، کیونکہ دیکھنے میں آیا ہے کہ لوگ تعویذ گنڈوں کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ اور سنت کی اہمیت و عظمت سے ان کے دل خالی ہوتے ہیں۔ وہ سنت کے قریب بھی نہیں آتے، جبکہ اصل مقصودی چیز یہی ہے اور تعویذات ثانوی درجہ کی حیثیت رکھتے ہیں اور وہ بھی کڑی شرائط کے ساتھ اللہ تبارک ہم سب کے دین و ایمان اور عقائد ونظریات کی حفاظت فرمائیں اور اس کتاب کو نافع بنائیں۔

حضرت مولانا عبد الواحد (دامت برکاتہم)
(بانی ورئیس جامعہ حمادیہ شاہ فیصل کالونی کراچی)

marfat.com

# قرآنی آیات اوراد عیہ ماثورہ کے ذریعہ علاج کے جواز میں کوئی شبہ نہیں

نَحْمَدُہٗ تَبَارَکَ وَتَعَالیٰ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْن○

اللہ تعالیٰ نے بدنی بیماریوں کیلئے جیسے مادی اشیاء میں علاج کے خواص پیدا کئے ہیں اسی طرح قرآنی آیات اوراد عیہ ماثورہ میں بھی علاج کی تاثیر ودیعت فرمائی ہے۔ جیسے فرمان رسول ہے۔

"الفاتحة شفاء لكل داء"

تفسیر کبیر میں ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ اعوذ بکلمات الله التامة الخ والی دعا لکھ کر اپنے چھوٹے بچوں کے گلے میں لٹکا دیتے اور جب وہ بڑے ہوجاتے تو ان کو یاد کرا دیتے۔ اور تقریباً سب اہل اللہ سے ایسے معمولات بکثرت منقول ہیں جو ان کے نام سے طبع شدہ موجود ہیں۔ اس لئے قرآنی آیات اوراد عیہ ماثورہ کے ذریعہ علاج کے جواز میں کوئی شبہ نہیں۔ بشرطیکہ شرعی حدود کی رعایت قائم رہے۔ اور ایسے تعویذات اور کلمات جن میں شرکیہ کلمے ہوں ان سے بچا جائے۔ کیونکہ شرک سے بچ جانا ہی ان گنت بیماریوں کا علاج ہے۔ قرآنی وظائف سے کما حقہ استفادہ توحید کے راستے پر چلنے والا اور خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کی اطاعت کرنے والا ہی کرسکتا ہے۔

سید مزمل شاہ صاحب نے قرآنی آیات اوراد عیہ ماثورہ کے ذریعہ مختلف بیماریوں اور مشکلات کے حل کے لئے ایک مجموعہ ترتیب کیا ہے اللہ اس خدمت کو قبول فرمائے۔ اور بندگان خدا کی خدمت کا ذریعہ بنائیں۔

حضرت مولانا مفتی ظفر اقبال
مدرسہ اسلامیہ باب العلوم کہروڑ پکا

marfat.com

# ”شفا بالقرآن اہل علم کا ہمیشہ معمول رہا ہے“

نَحۡمَدُهٗ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَنُصَلِّىۡ وَنُسَلِّمُ عَلٰى رَسُوۡلِهِ الۡكَرِيۡمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحۡبِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ○

قرآن کریم روحانی اور جسمانی دونوں قسموں کی بیماریوں کیلئے شفا ہے اور خود جناب نبی اکرم ﷺ نے مشکلات، بیماریوں اور آفات میں قرآن کریم کے ذریعے علاج کی تلقین فرمائی ہے۔ امت کے اہل علم میں شفا بالقرآن کا ہمیشہ معمول رہا ہے اور اس کی برکت اور افادیت سے کسی مسلمان کو انکار نہیں ہوسکتا۔ آج کے دور میں جبکہ عملیات میں کالے علم اور دوسری بہت سی خرافات کا رواج بڑھتا جا رہا ہے۔ قرآن کریم اور نبی اکرم ﷺ کے ارشادات اور فرمودات کے ذریعے علاج کو فروغ دینا اور عام لوگوں کو مشکلات اور بیماریوں میں آسانی مہیا کرنا بڑی نیکی کا کام ہے اور جو لوگ اس کی شرائط و آداب کا لحاظ رکھتے ہوئے صحیح طریقہ سے لوگوں کی خدمت کر رہے ہیں، وہ بلاشبہ نیکی کا کام کر رہے ہیں۔

ہمارے محترم برادر عزیز سید مزمل حسین شاہ صاحب نقشبندی بھی اس سلسلہ میں محنت اور توجہ کے ساتھ مصروف عمل ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں اس بابرکت ذریعہ سے عام اور دکھی لوگوں کی زیادہ سے زیادہ خدمت کی توفیق دیں۔ آمین یارب العلمین

ابوعمار زاہد الراشدی
خطیب مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ

marfat.com

# یہ کتاب امید کی ایک کرن ہے......

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى اَفْضَلِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝

اَمَّا بَعْد۔ ہر ایک مسلمان کا دین اسلام کی اشاعت میں سعی وکوشش کرنا فرضِ عین ہے۔ مسلمانوں کو مفید باتیں تعلیم کرنا لازم و واجب ہے۔ جس کسی مسلمان کو جو کچھ اسلام کے بیش قیمت خزانے معلوم ہوں اُن کو ظاہر کرنا مناسب ہے۔

لائق صد تحسین ہیں سید مزمل حسین جنہوں نے ایسے موضوع پر اسلامی عقائد کو مدنظر رکھتے ہوئے وظائف پر مواد فراہم کرنے کی قابل قدر کاوش کی ہے۔

شرک وکہانت کو عام کرنے کی روش ہمارے معاشرے میں ناسور کی طرح پھیل چکی ہے۔ حکومت پنجاب نے تعویذ گنڈوں کے ذریعے سادہ لوح مسلمانوں کو بہکانے والوں کی حوصلہ شکنی کئی سطحوں پر کرنے کیلئے منصوبہ بندی کی ہے مگر میڈیا نے اپنے اشتہارات کیلئے عملیات کے نام پر پلید کاروبار کرنے والوں کو معاشرے کیلئے اتنا باعث کشش بنا دیا ہے کہ ہر توانائی کے ضائع ہونے کا خدشہ ہے۔ اس پرآشوب دور میں سید مزمل حسین کی یہ کتاب امید کی کرن ہے جس میں وظائف کی بنیاد قرآن وحدیث اور اسلامی تعلیمات پر رکھی گئی ہے اور کئی وظائف کے بارے میں باقاعدہ فتاویٰ بھی حاصل کیے گئے ہیں۔

اللہ تعالیٰ سید مزمل حسین کو اس کاوش پر اجر عطا فرمائے اور اس کتاب کو اپنی جناب میں قبول فرمائے۔

دعاؤں کا طالب

**حافظ طاہر محمود اشرفی**

سابق مشیر مذہبی امور حکومت پنجاب

marfat.com

# محترم سید مزمل شاہ عامل' باعمل اور مجاہد ہیں!

سید مزمل شاہ عامل' باعمل اور مجاہد ہیں اس دور میں جب گلی بازاروں میں جادو' ٹونے' عملیات' کالا پیلا اور نجانے کیسے کیسے عمل کی دکانیں سجی ہوئی ہیں۔ فریبی' دغا باز اور جرائم پیشہ لوگ' حالات کے ستائے لوگوں کے مال اور عزت پر ڈاکے ڈال رہے ہیں۔ کوئی ڈھائی گھنٹے اور کوئی ڈھائی منٹ میں جادوئی کرشمے سے تقدیر بدل دینے کا دعویٰ کر رہا ہے اور حالات کے مارے خواتین و حضرات جن میں بدقسمتی سے پڑھے لکھے اور عقل مند لوگ بھی شامل ہیں' ان کیلئے بخوشی قربانی کے بکرے بن رہے ہیں۔ ایک طوفان بدتمیزی نے پورے معاشرے کو اپنی گرفت میں لے رکھا ہے۔ اس پرآشوب دور میں سید مزمل شاہ صاحب کی طرف سے قرآن حکیم کی آیات کے ذریعے تفکرات اور پریشانیوں سے نجات حاصل کرنے کے حوالے سے جو کتاب پیش کی جا رہی ہے' وہ بڑا ہی احسن اقدام ہے۔ یہ بات ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے کہ قرآن پاک کتاب ہدایت ہے جس میں زندگی کے لاینحل مسائل کا حل موجود ہے۔ اصل بات اس کا بغور مطالعہ اور اس پر مضبوط ایمان رکھنا ہے جو لوگ اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ قرآنی آیات کی تلاوت سے وہ دنیاوی مصائب سے محفوظ رہیں گے، وہ اپنے مقصد میں بھی کامیاب رہتے ہیں اور یقین کیجیے کہ ان پر کوئی کالا علم اثر بھی نہیں کرتا کیونکہ ہمارے مسائل کا حل اسباب کیلئے کوشش کرنے اور معاملات کو مسبب الاسباب پر چھوڑ دینے کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور حضور نبی کریم ﷺ کے ختمی المرتبت ہونے پر یقین کامل کے بعد اس بات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ شیطانی علوم یا تعویذ گنڈوں سے کسی کو پریشان کیا جا سکے۔ آج بھی اگر مسلمان قرآن سے ہدایت اور راہنمائی طلب کرے تو اس بات کا سوال ہی نہیں اٹھتا کہ وہ اس کی راہنمائی نہ کرے۔ میں محترم سید مزمل شاہ کو اس بابرکت کاوش پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ان کیلئے دعا گو ہوں۔

منکسر المزاج
طارق اسماعیل ساگر

marfat.com

# ''روحانیات میں انقلابی خیالات''

طائر خیال ماضی کی طرف محو سفر ہے ماضی کے دھندلکوں کو اپنے پروں سے پرے کرتے ہوئے خیالات تیزی سے اس لمحہ کی جستجو میں سرگرداں ہیں جب ''نوجوان بزرگ'' سید مزمل حسین شاہ سے میرا تعارف ہوا۔ ایڈووکیٹ عامر خاں نے نہایت باوقار اور شائستہ انداز میں مجھے شاہ صاحب سے متعارف کرایا۔ مجھے کچھ معلوم نہ تھا کہ شاہ صاحب اپنی ہستی میں ایک مست شخصیت ہیں۔ منکسر المزاجی' چہرے پر مسکراہٹ' سنت نبوی ﷺ سے مزین' خاموشی' عالم شباب میں تقویٰ کا ایک اعلیٰ مقام۔ شاہ صاحب کو میں نے بہت اچھا دوست پایا۔ میں نے ان کے اندر کسی قسم کی نخوت یا دوسروں سے فرق کرتے نہ پایا۔ خانقاہ ربانیہ پر مریضوں سے ان کی ملاقاتیں' وقت بے وقت لوگوں کی پکار پر شاہ صاحب کا اپنی تمام مصروفیات چھوڑ کر ان کے ساتھ چلے جانا۔ شاید آج کے دور میں کم یاب صفات ہیں۔ شاہ صاحب نے جب ارادہ فرمایا کہ اب ''روحانی وظائف'' کو عام کر دینا چاہیے تو میں نے سب سے بڑھ کر اس کی حمایت کی۔ کیونکہ شاہ صاحب کے روحانیات میں بھی انقلابی خیالات مجھے بھا گئے تھے۔ میں خود مثبت تبدیلی پر اور فرسودہ خیالات کی توڑ پھوڑ پر یقین رکھتا ہوں۔ ان وظائف کی تالیف اور تکمیل کیلئے مجھے مرزا یونس بیگ صاحب کے ہمراہ شاہ صاحب کے قریب ہونے کا نادر موقع میسر ہوا۔ ان کے خیالات سے مستفید ہوا۔ شاہ صاحب کی یہ بات مجھے بہت پسند ہے کہ ''دکھی انسانیت کی خدمت اور مایوس دلوں میں امید کی کرن پیدا کرنا جہاد ہے۔ وظائف کی اس کتاب کی اشاعت کی پشت پر صرف اور صرف یہی مقصد اور عزم کھڑا ہے۔ کیونکہ اس میں بہت سارے وظائف شاہ صاحب کے اپنے عمل میں ہیں اور دیگر شاہ صاحب کو بزرگوں سے حاصل ہوئے ہیں ہر مسلمان اپنی استعداد کے مطابق ان وظائف سے بہرہ مند ہو سکتا ہے۔

**ڈاکٹر عابد علی سلیمی' شاہ کوٹ**

لیکچرار شعبہ اردو، ایچی سن کالج لاہور

marfat.com

# ہر کام کو اللہ کی رضا سے مشروط کرنے والے شاہ صاحب

آج آپ کوئی سا بھی اخبار چاہے وہ صبح کا ہو یا دوپہر کا' ہفت روزہ ہو یا ماہنامہ اٹھا کر دیکھ لیں' اس میں آپ کو ایسے اشتہارات کثرت سے پڑھنے کو ملیں گے جن میں دعویٰ کیا گیا ہوتا ہے کہ ایک ہی رات کے عمل سے محبوب آپ کے قدموں میں' بیوی شوہر کی تابعدار اور شوہر بیوی کا تابع فرماں' دشمن سے ایک رات' دو راتوں اور تین دن کے عمل سے نجات' ظالم ساس سے چھٹکارا' بدزبان بہو کو قابو کرنا ہو یا پھر اسے اپنی غلامی میں لینا ہو' میچوں کی ہار جیت معلوم کرنی ہو یا پھر انعامی لاٹری کے ذریعے راتوں رات کروڑ پتی بننا ہو' یہ سب کام چٹکی بجاتے' منٹوں اور سیکنڈز کے حساب سے کرنے کے دعوے داروں کی ایک لمبی فہرست آپ کو میسر آئے گی' آپ شہر کی سڑکوں پر نکلیں تو دیواروں پر وال چاکنگ کی صورت میں بنگال کا چیختا چنگھاڑتا جادو آپ کو اپنی طرف متوجہ کرے گا۔ کسی مارکیٹ میں شاپنگ کے لیے گاڑی کھڑی کر کے جائیں تو واپسی پر سٹیکر اور پمفلٹ کی صورت میں آپ کے تمام دینی و دنیاوی مسائل کے حل کی نوید سنائی جائے گی۔ افسوس' دکھ اور جہالت کی انتہا یہ ہے کہ ہم آئے روز اخبارات میں جعلی عاملوں' جھوٹے جادوگروں اور نام نہاد پیروں کے کارنامے اخبارات اور ٹی وی چینلز کے ذریعے پڑھتے اور دیکھتے ہیں لیکن اپنی توہم پرستی اور دین سے دوری کے سبب پھر انہیں عاملوں اور جادوگروں کے پاس جا کر اپنا مال وقت اور بعض دفعہ تو اپنی عزت سے بھی محروم ہو جاتے ہیں۔ اس بات میں بھی کوئی شک وشبہ نہیں کہ جادو ایک حقیقت ہے' جنات کا وجود بھی قرآن وسنت سے ثابت ہے اور اس بات میں بھی کوئی کلام نہیں کہ اس جدید اور سائنٹفک دور میں لوگ سست اور کاہل ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ یہ الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کی ہی کرامات ہیں۔ اب ایک دوسرے سے دشمنی نبھانے کے طریقے بدل گئے ہیں۔ لوگ سامنے آ کر للکارنے کی بجائے پس پردہ رہ کر عیسائی عاملوں اور جادوگروں کے ذریعے ایک دوسرے پر وار کراتے اور دشمن کو نیست و نابود کرنے کے نت نئے طریقے اور ٹونے ٹوٹکوں کا سہارا لیتے ہیں۔ اب سوچنے کی بات یہ ہے کہ جس پر کالے جادو کا وار کیا گیا ہے وہ کیا کرے؟ کس کے پاس جائے؟ اور کس سے جادو کا علاج کرائے کیونکہ جادو کا علاج کرنے کے دعویدار ایسی تشہیر کرتے ہیں کہ انسان دنگ رہ جاتا ہے۔ ہمارے علماء اور مفتی حضرات جو قرآن وسنت کا علم جانتے ہیں' اگر وہ اپنے اپنے علاقوں کی مساجد میں جمعۃ المبارک کے خطبات میں لوگوں کو ان نام نہاد عاملوں اور جادوگروں کی خباثتوں سے آگاہ کریں اور جو لوگ عیسائی اور نام نہاد مسلمان عاملوں کی کالی کرتوتوں کا شکار ہو کر جادو ٹونے اور بندشوں کا شکار

marfat.com

ہیں تو ایسے صالح، دین دار و متقی اور قرآن وسنت کے پابند عامل سے رجوع کرنے کی تلقین کریں تو بہت سے لوگ گمراہی کی دلدل میں دھنسنے سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔محترم سید مزمل حسین نقشبندی کے ساتھ میرا تعلق نیا نہیں ہے بلکہ میرا انکا ساتھ اس وقت سے ہے جب وہ "اس" راہ کے مسافر ہی نہ تھے اور کہتے ہیں کہ کسی شخص کے کردار یا عقیدے کا پتہ معلوم کرنا ہو تو اس کے کسی قریبی دوست یا ساتھی سے رائے لو۔میں اس بات کا گواہ ہوں کہ شاہ صاحب پہلے بھی شرک وبدعت سے کوسوں دور اور تقویٰ و پرہیز گاری کے پابند تھے۔وہ پہلے بھی لوگوں کو مصیبت اور تکلیف میں دیکھ کر تڑپ جاتے تھے۔شہرت و دولت اور نمود و نمائش سے بے پرواہ اور لاتعلق ہو کر دین کی خدمت کرنا ان کا پہلے بھی شعار تھا عملیات کی راہ میں مشکلات و مصائب اور تکالیف کا سامنا بھی وہ دولت یا شہرت کے حصول کے لیے نہیں کر رہے بلکہ اس راہ کے راہی بھی وہ اپنے ایک قریبی دوست کی جادو کے ذریعے ہونے والی موت کے بعد بنے۔اس کٹھن اور پرخار وادی کا راستہ اختیار کر کے محترم سید مزمل نقشبندی نے کوئی آسائشوں اور راحتوں کا سامان پیدا نہیں کیا بلکہ اب وہ پہلے سے بھی زیادہ مصروف اور خدمت کے جذبہ سے سرشار ہو کر مجبور اور پریشان حال لوگوں کی خدمت میں مصروف عمل ہیں۔میرے بعض ایسے قریبی احباب، جادو اور ٹونے ٹوٹکوں نے جن کی زندگیوں کو اجیرن بنا کر رکھ دیا تھا، شاہ صاحب سے ملنے کے بعد الحمدللہ اب وہ پرسکون زندگی بسر کر رہے ہیں۔ہر کام کو اللہ کی مرضی سے مشروط کرنے والے سید مزمل شاہ صاحب کو اللہ نے بے پناہ صلاحیتوں سے نوازا ہے مجھے یقین ہے کہ ایسے شخص کو اللہ کی ذات اپنی بے پناہ رحمتوں اور برکتوں سے نوازتی ہے جو شخص دوسروں کے دکھ درد کو کسی لالچ اور سود و زیاں سے بالاتر ہو کر اپنی تکلیف سمجھے۔اسے میں اپنی خوش قسمتی تصور کرتا ہوں کہ اس گئے گزرے دور میں مجھے محترم و مکرم سید مزمل حسین شاہ صاحب کی رفاقت نصیب ہے۔

نیاز مند، دعاؤں کا طالب

خالد شہزاد فاروقی

ایڈیٹر ماہنامہ "آرزو" لاہور

marfat.com

# ''گلشن گلشن گھوم کر یہ گلدستہ چنا ہے''

روحانی علوم کے عامل باعمل محترم سید مزمل حسین سے میری ملاقات اتنی پرانی نہیں۔ان سے تعارف میرے ایک عزیز محمد افتخار نے کرایا جو انہیں اپنا پیرو مرشد کہتے ہیں۔شاہ صاحب سے پہلی ملاقات سے ہی مجھے یہ اندازہ لگانا مشکل نہ تھا کہ وہ روایتی پیر یا عامل نہیں۔پھر بھی میں نے اپنی عادت کے تحت ان سے بے شمار سوالات کیئے۔کافی دیر تک سائلوں سے ان کی گفتگو اور معاملات کو دیکھتا رہا' میں نے عاملوں اور جادوگروں کے بے شمار ٹھکانوں کا معائنہ کیا ہے۔جن میں انسانی کھوپڑیاں' ہڈیاں اور خوفناک تصاویر اور شعبدے بازیاں نظر آئیں لیکن اس نجیب الطرفین سید اور فقیر کے آستانے پر کوئی کام خلاف شرع نہیں تھا۔شاہ صاحب علاج کے ساتھ ساتھ دکھیا لوگوں کی نفسیاتی رہنمائی وعظ و نصیحت کے ذریعے بھی کر رہے ہیں۔اس کے بعد موصوف سے میری کئی ملاقاتیں ہوئیں بلکہ میں نے اپنے برادران میجر خالد منظور چوہدری اور چوہدری شبیر احمد کو بھی ان سے ملوایا۔میں نے شاہ صاحب کو تجویز دی تھی کہ قرآن و حدیث کے سچے اور کھرے علم کو شہر شہر اور گاؤں گاؤں پھیلایا جائے' خانقاہ ربانیہ کی شاخیں تمام شہروں میں قائم کی جائیں۔سید مزمل حسین شاہ کی یہ تالیف وظائف کے حوالے سے لکھی گئی کتب میں ایک توشۂ خاص ہے جو ان شاء اللہ مصائب و مسائل کے گرداب میں گھرے ہوئے لوگوں کیلئے رہنمائی اور روحانی و بدنی امراض میں مبتلا افراد کو شفا دینے کا ذریعہ ثابت ہوگی کیونکہ یہ موصوف کے کئی سالہ تجربوں' چلہ کشیوں' سفروں' مطالعے اور مشاہدے کا نچوڑ ہے بلکہ اس حوالے سے خود مزمل صاحب نے ایک مرتبہ یہ خوبصورت جملہ ارشاد فرمایا تھا: ''میں نے گلشن گلشن گھوم کر یہ گلدستہ بنایا ہے۔'' تو قارئین' قرآنی' نورانی' اور پیغمبرانہ فکر اور دعاؤں کا یہ مجموعہ میری رائے میں مسلمانوں کے تمام عقائد کے علماء کی نظر میں غیر متنازعہ ثابت ہوگا کہ اس فقیر نے اس میں کوئی بات ایسی نہیں دیکھی جس سے کسی کو اختلاف ہو۔

میری دعا ہے کہ شاہ صاحب کی یہ کتاب مومنین اور مومنات کیلئے سودمند ثابت ہو۔

عابد کمالوی نقشبندی

حسن پروانہ کالونی ملتان

marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# عامل بننے کے لیے شرائط

(سید مزمل حسین نقشبندی)

اگر عامل بننے کی تمام شرائط کو ایک لفظ میں بیان کرنے کی سعی کی جائے تو وہ لفظ ہے ''تقویٰ'' تقویٰ کا لفظ اپنے مافی الضمیر میں معانی کے لحاظ سے بحر بیکراں ہے۔ عامل کیلئے عالم اور باعمل ہونا ناگزیر ہے اور اس راستے میں موجودہ تمام مراحل کی شرعی اور فقہی توجیہات سے اس کیلئے آگاہ ہونا لازمی ہے۔ علوی علوم سے استفادہ جائز ہے۔ وہ تمام ۔۔۔ اور وظائف جو شرک' حرام' جادوگری' پلیدی کی طرف گامزن ہوں یکسر ناجائز اور حرام ہیں۔ تفاسیر کا مطالعہ اس بات کو واضح کرتا ہے کہ قرآنی علوم کو انسان کی جسمانی' روحانی' ذہنی بیماریوں کو دفعان کرنے میں استعمال کیا جاسکتا ہے سورہ الفاتحہ کا دم کر کے قبیلہ کے سردار کے مرض کا علاج اور اس پر ہدیہ لینے کی شہادتیں واضح موجود ہیں۔ لیکن اگر صرف ہدیہ مقصود عامل ہو تو وہ تجارت ہے جس سے اسلامی تعلیمات متصادم نظر آتی ہیں۔

جنات بھی اللہ کی مخلوق ہیں۔ قرآن مجید میں تذکرہ کے علاوہ اس مخلوق کو کئی جگہ انسانوں کے ساتھ ساتھ مخاطب کیا گیا ہے۔ جنات ایک ایسی مخلوق خدا ہے جو کہ بشری آنکھ سے پوشیدہ رہتی ہے لیکن انسانوں اور جنات میں رابطہ اور تعلق ہونا قطعی طور پر مشاہدے سے باہر نہیں ہے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے دربار میں جنات کی موجودگی اور سباء کی ملکہ بلقیس کے واقعہ میں اس مخلوق کے کردار پر قرآنی آیات گواہ ہیں۔

یہاں اس بات کا ذکر کرنا نہایت موزوں اور ضروری ہے کہ عامل کوئی غیر مرئی مخلوق نہیں ہوتے۔ لیکن تقویٰ کو شمشیر تیز دھار کی طرح استعمال کرتے ہوئے مختلف وظائف اور بزرگوں کی نظر مشفقانہ سے اپنی بشری صلاحیتوں کو پروان چڑھاتے ہیں اور اپنی ان صلاحیتوں کو مخلوق خدا کی خدمت میں بغیر کسی لالچ اور حرص کے صرف کر ڈالتے ہیں۔ گویا یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ عامل میں قربانی کا جذبہ بھی دوسرے افراد کی نسبت زیادہ ہونا چاہیے۔ دورانِ وظیفہ عامل کو کچھ دیگر شرائط کا بھی التزام کرنا پڑتا ہے جو کسی بھی میدان علم و عمل میں نہایت ناگزیر ہوتی ہیں۔ وہ شرائط تفصیلاً مندرجہ ذیل ہیں۔

marfat.com

## ① بستر و برتن اور اشیاء کا استعمال

عامل کے لیے یہ لازم ہے کہ چلہ کشی کے دوران وہ اپنے بستر پر کسی اور کو نہ سونے دے اور نہ ہی وہ کسی اور کے بستر پر سوئے۔ اپنے استعمال کے برتن وغیرہ کو بھی کسی دوسرے کا ہاتھ نہ لگنے دے۔ اور نہ ہی دوسروں کے برتن استعمال کرے اور جب بھی کوئی شخص کسی چیز کو ہاتھ لگاتا ہے تو صرف اسکو چھو لینے سے بھی اس کی شخصیت کی خوشبو اس چھوئی ہوئی چیز میں پیدا ہو جاتی ہے۔ اس لیے اس بات کی سخت تاکید ہے کہ دوران عمل عامل نہ کسی کا استعمال شدہ سامان خود استعمال کرے اور نہ ہی اپنا سامان کسی دوسرے کو استعمال کرنے دے۔

## ② طہارت کا خیال

چلے کے دوران عامل کے لیے ضروری ہے کہ وہ ظاہری اور باطنی دونوں طرح کی طہارتوں کا خیال رکھے۔ جھوٹ، غیبت، بدنظری وغیرہ سے خود کو محفوظ رکھے تاکہ باطنی طہارت سے مالا مال رہے اور ظاہری طہارت کا بھی ہر لحہ خیال رکھے / اہتمام کرے مثلاً ہر وقت باوضو رہے اور بلا ناغہ غسل کرے۔ اگر ممکن ہو تو چلے کے دوران روزے سے رہے ورنہ ہر تیسرے دن روزہ رکھے۔ یہ بھی اگر کمزوری کی وجہ سے ممکن نہ ہو تو پھر پیر اور جمعرات کا روزہ رکھے اور عمل کے پہلے اور آخری دن غسل کرے۔

## ③ احرامی لباس اور خوشبو

دوران عمل اگر روزانہ احرامی لباس پہنے تو اس سے عمل کی قوت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ لباس جو بھی ہو خوشبو سے معطر ہو، کوشش کرے کہ دوران عمل سفید لباس پہنے، سفید لباس ہر قسم کے عمل کے لیے بہتر ہے۔

## ④ محنت، لگن، ریاضت

عملیات کے میدان میں قدم اتارنے سے پہلے یہ بات ذہن میں اتار لینی چاہئے کہ جس طرح ڈاکٹر اور طبیب بننے کے لیے ایک خاص مدت تک تعلیم و تربیت کے مختلف مراحل سے گزرنا پڑتا ہے۔ بالکل اسی طرح عاملِ کامل بننے کے لیے محنت و مشقت، اور علم و عمل کی کئی منزلیں طے کرنی پڑتی ہیں ورنہ کچھ ہاتھ نہیں لگتا اور کبھی کبھی فائدے کی بجائے زبردست نقصان ہو جاتا ہے۔ آج گلی گلی جو لوگ دھونی رچائے بیٹھے ہیں، یہ عامل نہیں ہیں بلکہ محض پیشہ کرنے والے ہیں۔

marfat.com

اگر آپ فی الحقیقت عامل بننا چاہتے ہیں۔تو پھر آپ محنت شاقہ کے لیے تیار رہیں کیونکہ اس کے بغیر عملیات کا میدان فتح نہیں ہوتا۔جو ریاضت اور تقویٰ سے جان چراتا ہو، اس کو اس میدان میں نہیں آنا چاہئے کیونکہ اس کا حق ان لوگوں کے لیے مخصوص ہے جو محنت اور عبادت کے عادی ہوں۔

## ⑤ وظائف کی زکوٰۃ (صرف عاملین کیلئے)

عملیات و وظائف کو کتابوں سے جوں کا توں نقل کر دینا کارآمد نہیں ہوسکتا۔جب تک کہ باقاعدہ ہر عمل اور ہر وظیفے کی زکوٰۃ ادا نہ کی گئی ہو۔اگر زکوٰۃ کے بغیر کسی عمل میں تاثیر پیدا ہوگئی ہو تو یہ اتفاقی بات ہے اور کسی اتفاقی کامیابی کو اپنا کمال سمجھ لینا نادانی کی بات ہے۔

## ⑥ حلال روزی

کوئی بھی وظیفہ پڑھنے یا عملیات کی زکوٰۃ ادا کرنے کی شروعات کرنے سے پہلے ان تمام شرائط و قیود کو پیش نظر رکھنا جو ہر عامل کے لیے ضروری ہیں، حسب ذیل ہیں۔مثلاً طہارت کا اہتمام، عبادت کا التزام خدمت خلق، مداومت سچ، کسب حلال، تزکیہ نفس اور خدا کی مخلوق سے محبت کرنے کا جذبہ......ان اوصاف کے بغیر عامل بننا قطعی ممکن نہیں ہے۔

## ⑦ معالج کی زندگی کے لیے

کسی بھی عامل کو کوئی عمل کسی کو نقصان پہنچانے کے لیے نہیں کرنا چاہئے ورنہ روحانی طور پر فائدے کی بجائے نقصان ہوگا۔معالج صرف زندگی بچانے کا کام کرتا ہے، کسی کی زندگی چھیننے کی کوشش کرنا جبکہ یہ ممکن بھی نہیں معالج کا کام نہیں ہے۔منفی عمل کرنے والے عاملین کی دین و دنیا برباد ہو جاتی ہے اور ان کا کیا ہوا ان کی اولاد کے سامنے بھی آتا ہے۔

## ⑧ قرآنی تعلیمات

افضل تو یہ ہے کہ عامل بننے کا شوق رکھنے والے حضرات حافظ قرآن ہوں لیکن اگر حافظ قرآن نہ ہوں تو انہیں سورہ یٰسین، سورہ مزمل، سورہ صافات، سورہ جن اور سورہ فتح ضرور حفظ ہونی چاہئے اور قرآن کریم دیکھ کر صحیح تلفظ سے پڑھنے کی استعداد کا ہونا اشد لازم ہے۔

## ⑨ حصار لگانا

رسول اللہ ﷺ کی عادت مبارک یہ تھی کہ سونے سے پہلے آپ ﷺ تعوذات پڑھتے اور اپنے

marfat.com

اوپر دم کرتے اور حصار کرتے۔ لہذا ہمیں بھی اس کا اہتمام کرنا چاہیے۔ عملیات کرنے والا ہمیشہ اپنے دشمنوں کے نرغے میں رہتا ہے۔ رات دن اسے اور اس کے گھر والوں کو خطرہ رہتا ہے۔ اس لیے حصار لگانا عامل کے لیے ضروری ہے۔

## ⑩ جنات کے علاج سے بچنا

جنات کا علاج کرنے سے عموماً بچنا ہی بہتر ہے۔ کیونکہ یہ بغض اور عداوت میں اور دشمنی رکھنے میں کسر نہیں چھوڑتے۔ کیونکہ ان کی عمریں بھی زیادہ ہوتی ہیں۔ اگر وہ عامل کو نقصان نہ پہنچا سکیں تو ان کی نسلوں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ اگر علاج کرنا ہو تو پہلے جنات سے بچاؤ کے لیے حفاظتی وظیفے کریں پھر علاج کریں۔

## ⑪ تکبر اور غرور سے بچیں

تکبر اور غرور سے بچیں۔ کیونکہ تکبر کرنے والا خدا کی نظر سے گر جاتا ہے۔ خدا کی مدد و اعانت اس کو حاصل نہیں ہوتی۔ یہ بھی ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ غرور کا سر نیچا ہوتا ہے۔ جادوگروں اور جنات سے بات چیت اور مقابلے کے وقت نہ بڑائی دکھائے، نہ اپنے اوپر بھروسہ رکھے۔ بلکہ عاجز رہے اور خدا پر بھروسہ رکھے۔

## ⑫ اکرام مسلم

اپنے دل میں مریضوں یا آنے والوں کا احترام رکھے۔

حدیث میں ہے:

”ساری مخلوق خدا کا کنبہ ہے اور تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو اس کے کنبے سے اچھا سلوک کرے۔“

لہٰذا خدا کی مخلوق کے لیے دل میں احترام رکھے اور اللہ کا اس بات پر شکر ادا کرے کہ اللہ نے اسے اپنی مخلوق کی خدمت لے لیے چن لیا۔ کیونکہ دکھی انسانیت کی خدمت ہی سب سے بڑی نیکی ہے۔

## ⑬ جھوٹ سے بچنا

جھوٹ ہرگز نہ بولے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔

”مسلمان جھوٹا نہیں ہوسکتا۔“

marfat.com

جھوٹ بولنے اور غلط بات کرنے سے اعمال میں بے برکتی ہو جاتی ہے۔ مریضوں سے ہمیشہ صاف اور سچی بات کہے، چاہے براہی کیوں نہ لگے۔

الحق، مر یعنی حق کڑوا ہوتا ہے۔

لیکن یہ بات یادر کھے سچی بات کو کڑوا بنا کر پیش نہ کرے، بلکہ اس کا اظہار عاجزی اور سلیقے سے کرے جو سننے والے کو برا نہ لگے۔

## ⑭ حرص ولالچ سے پرہیز

حرص ولالچ سے اپنے نفس کو روک کے رکھے۔ حرص وہوس ناپسندیدہ افعال میں سے ہیں۔ قناعت ایک عظیم دولت ہے۔ جو عامل کی عزت کو دونوں جہاں میں قائم ودائم رکھتی ہے۔ لوگوں کے مالوں اور چیزوں پر نظر رکھنا ایک عامل کو ہرگز زیب نہیں دیتا۔

ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ان قواعد وضوابط' شرائط وآداب پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمیں اس پر استقامت فرما کر اپنے بندوں کی صحیح خدمت کر کے دونوں جہاں میں سرفراز فرمائے۔ آمین ۔

marfat.com

## باب ۱

# اسماء الحسنٰی

خدائے ذوالجلال خالق بحرو براز راہ شان شاہانہ اعلان فرماتے ہیں وَلِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْہُ بِھَا اللہ کے بہت سارے نام ہیں جو پاک ہیں ان ناموں سے اپنے رب کو پکارو۔ خدائے لم یزل ارشاد فرماتے ہیں۔ اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ لوگو! مجھ سے مانگو میں قبول کروں گا۔" اللہ تعالیٰ کے بے شمار نام ہیں ہر نام ایک بیش بہا خزانہ کا دہانہ ہے ہر نام کی اپنی ایک عظیم سلطنت ہے اللہ اسم ذات ہے باقی تمام اسمائے صفات ہیں۔ اللہ کے پاک ناموں کو الگ الگ بھی پکارا جاتا ہے مگر ملا کر بھی پکارا جاسکتا ہے۔ ان اسمائے حسنٰی کی مکمل تاثیر کون پاسکتا ہے؟ مگر جو قطرۂ تاثیر ہمارے قلب پر گرا' پابند تحریر ہے۔

## اسم اللہ کے خواص

### (۱) اللہ جل جلالہ

(۱) روزانہ ایک ہزار بار پڑھنے سے کمال یقین نصیب ہوتا ہے۔

(۲) جمعہ کے دن نماز جمعہ سے پہلے پاک وصاف ہو کر خلوت میں پڑھنے سے مقصود آسان ہو جاتا ہے، خواہ کیسا ہی مشکل ہو۔

(۳) جس مریض کے علاج سے اطباء عاجز آ گئے ہوں۔ اس پر پڑھا جائے تو اچھا ہو جاتا ہے بشرطیکہ موت کا وقت نہ آ گیا ہو۔

(۴) ہر نماز کے بعد سو (۱۰۰) بار پڑھنے والا صاحب باطن وصاحب کشف ہو جاتا ہے۔

(۵) چھیاسٹھ (۶۶) بار لکھ کر دھو کر مریض کو پلانے سے اللہ تعالیٰ شفاء عطا فرماتا ہے۔ خواہ آسیب کا اثر کیوں نہ ہو۔

(۶) آسیب زدہ کیلئے کسی برتن پر اللہ اس برتن کی گنجائش کے بقدر لکھ کر اس کا پانی آسیب زدہ پر چھڑکیں تو اس پر مسلط شیطان جل جاتا ہے۔

(۷) جو شخص اللہ کا محبت الٰہی کی وجہ سے ذکر کرے گا اور شک نہیں کرے گا وہ صاحب یقین میں سے ہوگا۔

marfat.com

(۸) جو ہر نماز کے بعد سات بار (هُوَ اللّٰهُ الرَّحِيْمُ) پڑھتا رہے گا اس کا ایمان سلب نہیں ہوگا اور وہ شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

(۹) جو شخص ایک ہزار بار (يَا اَللّٰهُ يَاهُوَ) پڑھے گا اس کے دل میں ایمان اور معرفت کو مضبوط کر دیا جائے گا۔

(۱۰) جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز پڑھ کر قبلہ رخ بیٹھ کر مغرب تک (يَا اَللّٰهُ يَارَحْمٰنُ) پڑھتا رہے گا پھر اللہ تعالیٰ سے جو چیز مانگے گا اللہ تعالیٰ اس کو عطا فرمائیں گے۔

## اسم اَلرَّحْمٰنُ کے خواص

### (۲) اَلرَّحْمٰنُ جل جلالہ

(۱) ہر نماز کے بعد سو (۱۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھنے سے قلب کی غفلت اور نسیان دور ہو جاتا ہے اور دنیا کے معاملات میں مدد کی جاتی ہے۔

(۲) اس اسم کو کثرت سے پڑھنے والا ہر امر مکروہ سے محفوظ رہتا ہے۔

(۳) اسے لکھ کر اور دھو کر پلانے سے گرم بخار سے شفا نصیب ہوتی ہے۔

(۴) جو کوئی اس اسم کو صبح کی نماز کے بعد دو سو اٹھانوے (۲۹۸) بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر بہت رحم فرمائے گا۔

(۵) جو کوئی اکتالیس دن تک روزانہ اکتالیس (۴۱) بار (يَارَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَ يَارَحِيْمَهُمَا) پڑھے گا اس کی ضرورت حاجت آسانی سے پوری ہوگی۔

(۶) جو کسی جابر حکمران کے پاس جاتے وقت (يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ) پڑھتا جائے اللہ تعالیٰ اسے ظالم کے شر سے بچا لیتے ہیں اور خیر عطا فرماتے ہیں۔

## اسم اَلرَّحِيْمُ کے خواص

### (۳) اَلرَّحِيْمُ جل جلالہ

(۱) جو ہر روز سو (۱۰۰) بار پڑھنے کا معمول بنائے اسے اللہ تعالیٰ کی رحمت نصیب ہوتی ہے اور لوگوں کے قلوب اس کیلئے نرم ہو جاتے ہیں۔

marfat.com

(۲) جواس کا کثرت سے ورد کرتا ہے وہ مستجاب الدعوات بن جاتا ہے اور زمانے کے مصائب سے محفوظ رہتا ہے۔

(۳) جوکوئی ہر روز یہ اسم پانچ سو (۵۰۰) بار پڑھے گا دولت پائے گا اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق اس پر مہربان وشفیق ہوگی۔

(۴) جواس اسم کو صبح کی نماز کے بعد (۱۰۰) بار پڑھے گا اس پر اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق مہربانی اور شفقت کرے گی۔

(۵) جواسے صبح کی نماز کے بعد پانچ سو پچپن (۵۵۵) بار پڑھتا ہے وہ ہر حاجت سے غنی رہے گا۔

(۶) جو یَارَحْمٰنَ الدُّنْیَاوَ رَحِیْمَهَا اکتالیس (۴۱) روز تک پڑھے گا اس کی حاجت پوری ہوگی۔

(۷) جو شخص اسے روزانہ سو (۱۰۰) بار پڑھے اس کے دل میں شفقت پیدا ہو جاتی ہے یعنی یہ دل کی قساوت (سختی) کا علاج ہے۔

(۸) جس کسی کو کسی ناگوار کام کا اندیشہ ہو وہ (اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ) کو کثرت سے پڑھے انشاءاللہ محفوظ رہے گا۔

(۹) اگر اسے لکھ کر پانی سے دھو کر پانی کسی درخت کی جڑ میں ڈالا جائے تو پھل میں برکت ہوتی ہے۔

## اسم اَلْمَلِكُ کے خواص

### (۴) اَلْمَلِكُ جل جلالہ

(۱) جو شخص اس اسم کو زوال کے وقت ایک سو بیس (۱۲۰) بار پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو صفائی قلب اور غنا عطا فرماتا ہے خواہ غنا ظاہری ہو، خواہ باطنی۔

(۲) جو شخص اس اسم کو پڑھتا ہے اس کا نفس اس کی اطاعت کرتا ہے اور اسے عزت وحرمت حاصل ہوتی ہے۔

(۳) جو سورج نکلنے کے وقت تین ہزار (۳۰۰۰) بار اسم پاک پڑھے گا وہ جو مراد مانگے گا حاصل ہو جائے گی۔

(۴) مال و ملک والا آدمی (حکمران یا بڑا عہدیدار) اگر یہ اسم (اَلْقُدُّوْسُ) کے ساتھ ملا کر پڑھے گا تو

marfat.com

اس کا مال و ملک قائم رہے گا۔

(۵) جو اس اسم کو فجر کی نماز کے بعد ایک سو بیس (۱۲۰) بار پڑھنے کا معمول بنائے، اللہ تعالیٰ اسے اپنی عنایات کے ذریعہ غنی فرما دیتے ہیں۔

(۶) اگر حکمران اسے پڑھنے کا معمول بنائے تو بڑے بڑے فراعنہ (سرکش و متکبر لوگ) ان کے مطیع و فرمانبردار بن جائیں۔

(۷) جو کوئی روزانہ صبح کی نماز کے بعد (یَا مَلِکُ) کثرت سے پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے غنی فرما دے گا۔

## اسم اَلْقُدُّوْسُ کے خواص

### (۵) اَلْقُدُّوْسُ جل جلالہ

(۱) جو کوئی ہزار (۱۰۰۰) بار اس اسم کو پڑھے گا سب سے بے پرواہ ہوگا (یہاں تک کہ ناجائز شہوت سے بھی)

(۲) جو شخص دشمن سے بچنے کیلئے بھاگتے وقت اس کو کثرت سے پڑھے گا وہ محفوظ رہے گا۔

(۳) جو سفر میں اس کی مداومت کرے گا کبھی نہیں تھکے گا۔

(۴) جو اس کو تین سو انیس (۳۱۹) بار شیرینی پر پڑھ کر دشمن کو کھلا دے تو دشمن مہربان ہو جائے گا۔

(۵) جو زوال کے بعد ایک سو ستر (۱۷۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے اس کا دل منور ہوگا اور روحانی امراض سے پاک ہو جائے گا۔

(۶) جو کوئی چالیس (۴۰) دن تک خلوت میں ایک ہزار (۱۰۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا اس کا مقصد حاصل ہوگا اور دنیا میں اس کی قوت تاثیر ظاہر ہو جائے گی۔

(۷) اگر کوئی اس کو رات کے آخری حصہ میں ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے تو بیماری اور بلا اس کے جسم سے دور ہو جاتی ہے۔

(۸) نماز جمعہ کے بعد ایک سو پچاس (۱۵۰) بار سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوْحِ کہہ کر پھر اس کو ایک روٹی پر لکھ کر جو شخص کھائے وہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا اور اسے عبادت کی توفیق ہوگی۔

(۹) جو جمعہ کی نماز کے بعد (سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ) روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھاتا رہے فرشتہ صفت ہو جائے گا۔

marfat.com

# اسم اَلسَّلَامُ کے خواص

## (۶) اَلسَّلَامُ جل جلالہ

(۱) جو ہمیشہ صبح کی نماز کے بعد ہزار (۱۰۰۰) بار اس اسم کو پڑھے گا اس کا علم زیادہ ہوگا۔

(۲) اگر کوئی اس اسم کو ایک سو اکتالیس (۱۴۱) بار یا ایک سو اکسٹھ (۱۶۱) بار پڑھ کر بیمار پر دم کرے تو بیمار صحت پائے گا۔

(۳) جو اس اسم کو کثرت سے پڑھے یا لکھ کر پاس رکھے دشمن سے بے خوف رہے گا۔

(۴) بیمار یا خائف اگر ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھ کر دم کرے تو بیماری اور خوف سے محفوظ رہے گا۔

(۵) یہ اسم مبارک چھ سو نوے (۶۹۰) بار شیرینی پر پڑھ کر دشمن کو کھلائے تو دشمن مہربان ہو جائے۔

(۶) اگر کوئی ایک سو اکیس بار یہ اسم اور سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ کسی مریض پر پڑھے تو مریض شفاء پائے گا۔

(۷) اگر کوئی شخص مریض کے پاس اس کے سرہانے بیٹھ کر دونوں ہاتھ اٹھا کر یہ اسم ایک سو چھتیس بار اتنی بلند آواز سے پڑھے کہ مریض سن لے تو ان شاء اللہ اس کو شفاء ملے گی۔

(۸) ہر فرض نماز کے بعد پندرہ مرتبہ اَللّٰھُمَّ یَا سَلَامُ سَلِّمْ پڑھتا رہے ہر طرح کی سلامتی ہوگی۔

(۹) جو کوئی کثرت سے اس اسم کو پڑھتا رہے گا ان شاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

(۱۰) جو کوئی ایک سو پندرہ (۱۱۵) مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر بیمار پر دم کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو صحت و شفاء عطا فرمائے گا۔

# اسم اَلْمُؤْمِنُ کے خواص

## (۷) اَلْمُؤْمِنُ جل جلالہ

(۱) جو کثرت سے اس کا ورد کرے اس کا ایمان قائم رہے گا اور مخلوق اس کی مطیع و معتقد ہو جائے گی۔

(۲) جو کوئی روزانہ تین بار یہ اسم مبارک پڑھنے کا معمول رکھے اس کو کوئی خوف نہیں ہوگا۔

(۳) جو کوئی ایک سو چھتیس بار یہ اسم مبارک پڑھے، ظالموں کے ظلم اور جملہ آفات سے محفوظ رہے گا۔

(۴) خوفزدہ آدمی اگر فرضوں کے بعد چھتیس بار اس اسم کا ورد رکھے تو اس کے جان و مال محفوظ رہیں گے۔

marfat.com

(۵) جس پر خوف طاری ہو وہ یَاسَلَامُ یَامُؤْمِنُ کا ورد رکھے خصوصاً مسافر اگر اس کا ورد رکھے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے امن وسلامتی نصیب ہوگی۔

(۶) جو شخص کسی خوف کے وقت چھ سو تیس بار اس اسم کو پڑھے گا انشاء اللہ العزیز ہر طرح کے خوف اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

(۷) جو اس اسم کو ایک سو پندرہ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے گا۔ انشاء اللہ ہر طرح کے خوف اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

(۸) جو شخص اس اسم کو پڑھے یا لکھ کر پاس رکھے اس کا ظاہر وباطن اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا۔

## اسم اَلْمُهَيْمِنُ کے خواص

### (۸) اَلْمُهَيْمِنُ جل جلالہ

(۱) جو کوئی غسل کرے پھر خلوت میں توجہ کے ساتھ نماز پڑھے اور سو بار یہ اسم پڑھے، اس کے دل میں نور پیدا ہوگا اور اس کی مراد پوری ہو جائے گی اور عالی ہمت ہو جائے گا۔

(۲) جو کوئی اسے انتیس بار پڑھے گا اس کو کوئی غم نہ ہوگا۔

(۳) جو یہ اسم ہمیشہ پڑھتا رہے گا تمام بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

## اسم اَلْعَزِيْزُ کے خواص

### (۹) اَلْعَزِيْزُ جل جلالہ

(۱) جو شخص چالیس دن تک چالیس مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو معزز و متقی بنا دیں گے۔

(۲) جو شخص نماز فجر کے بعد اکتالیس بار پڑھتا رہے، وہ انشاء اللہ کسی کا محتاج نہ ہوگا اور ذلت کے بعد عزت پائے گا۔

(۳) اگر لوگ رات کے آخری حصہ میں جمع ہو کر دو دو ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھیں تو رحمت کی بارش ہو گی۔

(۴) جو یَاعَزِیْزُ مِنْ کُلِّ عَزِیْزٍ بِحَقِّ یَاعَزِیْزُ پڑھے تو تمام مخلوق میں عزیز ہوگا۔

marfat.com

(۵) جو اس اسم کو چورانوے (۹۴) دن تک چورانوے (۹۴) مرتبہ روزانہ پڑھ لیا کرے وہ معزز و کامران رہے گا۔

(۶) جو اس اسم کو چار سو گیارہ دن تک دو سو بار اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھے گا اس کے سب کام درست ہو جائیں گے۔

(۷) جو اکتالیس بار صبح کو حاکم کے پاس جانے کے وقت یَاعَزِیْزُ پڑھ لیا کرے حاکم مہربان رہے گا۔

(۸) جو عشاء کے بعد دو سو بار یَاعَزِیْزُ یَاعَزِیْزُ پڑھ لیا کرے اللہ تعالیٰ کی رحمت اس کی طرف متوجہ ہو جائے گی۔

(۹) جو کسی (دشمن) کے لشکر کی طرف ہاتھ کا اشارہ کر کے ستر بار یہ اسم مبارک پڑھے وہ لشکر اللہ تعالیٰ کے حکم سے شکست کھا جائے گا

## اسم اَلْجَبَّارُ کے خواص

### (۱۰) اَلْجَبَّارُ جل جلالہ

(۱) جو شخص روزانہ صبح و شام دو سو چھبیس مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا، انشاء اللہ ظالموں کے ظلم و قہر سے محفوظ رہے گا۔

(۲) اگر کوئی بادشاہ اس کو پڑھا کرے تو دوسرا بادشاہ اس پر غالب نہ ہوگا۔

(۳) جو کوئی اس اسم کو ہمیشہ پڑھتا رہے وہ مخلوق کی غیبت اور بدگوئی سے محفوظ رہتا ہے، اور اللہ تعالیٰ اس کی ہر ظالم و جابر سے حفاظت کرتا ہے۔

(۴) اس اسم کے ساتھ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ملا کر پڑھنا بھی حفاظت کیلئے بہت مفید ہے۔

## اسم اَلْمُتَکَبِّرُ کے خواص

### (۱۱) اَلْمُتَکَبِّرُ جل جلالہ

(۱) جو بغیر تھکے اسے کثرت سے پڑھتا رہے اسے بلند قدر و منزلت نصیب ہوتی ہے اور کوئی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

marfat.com

(۲) کسی کو بے حیائی سے روکنے کیلئے اس کا دس بار اس پر پڑھنا بہت مفید ہے۔

(۳) جو کوئی ہم بستری سے پہلے دس بار یہ اسم مبارک کو پڑھے اللہ جل شانہ اسے پرہیز گار اور نیک فرزند عطا فرمائے گا۔

(۴) جو اس اسم مبارک کو ہر کام کے آغاز سے پہلے کثرت سے پڑھے گا اس کے کام میں کوئی رکاوٹ نہیں آئے گی۔

(۵) جو اس کو اکیس مرتبہ پڑھے گا تو انشاء اللہ خواب میں کبھی نہیں ڈرے گا۔

(۶) جو اس کو چھ سو باسٹھ دن تک چھ سو باسٹھ مرتبہ روزانہ پڑھے گا صاحب صولت و سیاست ہو گا۔

(۷) جو دشمن سے ڈرتا ہو اس اسم کی مداومت کرے دشمن بدگوئی سے باز آ جائے گا۔

## اسم اَلْخَالِقُ کے خواص

### (۱۲) اَلْخَالِقُ جل جلالہ

(۱) جو شخص آدھی رات کے بعد ایک گھنٹہ یا اس سے زیادہ اس اسم مبارک کا ورد کرے گا، اللہ تعالیٰ اس کے دل اور چہرے کو منور کر دے گا۔

(۲) جس کا مال یا بیٹا گم ہو گیا ہو اگر وہ پانچ ہزار بار اس کا ورد کرے تو گمشدہ واپس آ جائے گا۔

(۳) جو سات روز تک متواتر اس کو سو بار پڑھے، تمام آفات سے سالم رہے۔

(۴) جو اسے ہزار بار پڑھے گا اسے اولاد نرینہ نصیب ہو گی۔

(۵) اگر کوئی شخص ہمیشہ (اَلْخَالِقُ) پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا کر دیتے ہیں، جو اس کی طرف سے عبادت کرتا ہے اور اس کا چہرہ منور رہتا ہے۔

(۶) جو کوئی لڑائی میں تین سو بار اس کو پڑھے گا اس کا دشمن مغلوب ہو گا۔

## اسم اَلْبَارِئُ کے خواص

### (۱۳) اَلْبَارِئُ جل جلالہ

(۱) طبیب اس اسم کو پابندی سے ہمیشہ پڑھے تو اس کے ہاتھ میں شفا ہو گی۔

(۲) جو کوئی ہفتہ کے دن اس کو سو بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو جنت الفردوس کی طرف لے جائے گا۔

marfat.com

(۳) جوکوئی اس اسم کو دوسو چوالیس بار پڑھے اس کی جو بھی مراد ہوگی، پوری ہوگی۔

(۴) جوکوئی اس اسم پہ مداومت کرے گا، حق تعالیٰ اس کیلئے ایک مونس پیدا کرے گا۔

(۵) اگر بانجھ عورت سات روز روزے رکھے اور پانی سے افطار کرنے کے بعد اکیس مرتبہ ( اَلْبَارِئُ اَلْمُصَوِّرُ ) پڑھے تو انشاء اللہ اولاد نرینہ نصیب ہو۔

(۶) اس کا بکثرت ذکر کرنے سے ضائع عجیبہ کا ایجاد آسان ہو جاتا ہے۔

(۷) جو شخص سات دن تک روزانہ اس کو سو بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے امراض سے شفا اور آفات سے سلامتی عطا فرمائے گا۔

## اسم اَلْمُصَوِّرُ کے خواص

### (۱۴) اَلْمُصَوِّرُ جل جلالہ

(۱) اگر کوئی شخص سات (۷) دن تک روزہ رکھے اور غروب آفتاب کے بعد افطار سے پہلے اکیس بار یہ اسم مبارک پڑھ کر دم کرے اور پانی بانجھ عورت کو پلائے تو انشاء اللہ اس کا بانجھ پن دور ہو جائے گا۔

(۲) جو اپنے بستر پر آکر سات (۷) بار یہ اسم پڑھے پھر ہم بستری کرے تو اللہ تعالیٰ اسے نیک اولاد عطا فرمائے گا۔

(۳) اس کا بکثرت ذکر کرنے سے ضائع عجیبہ کا ایجاد آسان ہو جاتا ہے۔

(۴) جو اس کا بکثرت ورد کرے اس کیلئے مشکل کام آسان ہو جاتے ہیں۔

(۵) جوکوئی وضو کرنے کے بعد شہادت کی انگلی سے اس کو اپنی پیشانی پر لکھے تو جس سے ملاقات ہو وہ اس کا دوست ہو جائے۔

(۶) جو اسے پانی پر پڑھ کر دم کرے اور پی لے تو اعلیٰ مرتبہ پائے۔

## اسم اَلْغَفَّارُ کے خواص

### (۱۵) اَلْغَفَّارُ جل جلالہ

(۱) جوکوئی ( یَاغَفَّارُ ) کی مداومت کرے گا اس کے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے، اور اس کے نفس کی بری خواہشات دور ہوں گی۔

marfat.com

(۲) جو یَاغَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ جمعہ کی نماز کے بعد سو بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو بخش دے گا اور آخرت میں لطف و مغفرت کا حق دار ٹھہرائے گا۔

(۳) جو شخص نماز عصر کے بعد روزانہ یَاغَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو انشاء اللہ بخشے ہوئے لوگوں کے زمرہ میں داخل کرے گا۔

(۴) جو اس اسم کو جمعہ کے بعد سو بار پڑھے گا تو مغفرت کے آثار پیدا ہوں گے تنگی دفع ہوگی اور بے گمان رزق ملے گا۔

(۵) غصہ کرنے والوں پر یہ اسم پڑھا جائے تو ان کا غصہ زائل ہو جاتا ہے۔

## اسم اَلْقَهَّارُ کے خواص

### (۱۲) اَلْقَهَّارُ جل جلالہ

(۱) جس شخص کی کوئی حاجت ہو وہ اپنے گھر یا مسجد میں سر ننگا کر کے ہاتھ اٹھا کر سو بار (یَاقَهَّارُ) کہے انشاء اللہ اس کی حاجت پوری ہوگی۔

(۲) جو اشراق کی نماز کے بعد سجدہ کر کے سات (۷) بار یَاقَهَّارُ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے غنی فرمادے گا۔

(۳) جس شخص کو دشمنوں سے خطرہ ہو وہ سورج نکلتے وقت اور رات کے آخری حصہ میں دشمنوں کی ہلاکت کیلئے سو بار یہ پڑھے یَاجَبَّارُ یَاقَهَّارُ یَاذَالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ پھر کہے (خُذْ حَقِّیْ مِمَّنْ ظَلَمَنِیْ وَعَدَا)

(۴) کثرت سے اس کا ذکر کرنے سے دنیا کی محبت اور ماسوا الیٰ اللہ کی عظمت دل سے جاتی ہے اور دشمنوں پر غلبہ ہوگا۔

(۵) چینی کے برتن پر لکھ کر ایسے شخص کو پلایا جائے جو بوجہ سحر کے عورت پر قادر نہ ہو، سحر دفع ہو۔

(۶) جو شخص دنیا کی محبت میں گرفتار ہو وہ کثرت سے اس اسم کو پڑھے، انشاء اللہ دنیا کی محبت جاتی رہے گی، اور اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا ہو جائے گی اور خاتمہ بالخیر ہوگا۔

(۷) جو کوئی کسی ظالم سے ڈرتا ہو وہ اس اسم کو فرض نماز کے بعد تین سو چھ بار پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اسے امن و امان میں رکھے گا، اور دشمن پر غالب ہوگا حاکم مہربان ہوگا اور خوف دل سے جاتا رہے گا۔

(۸) جو کسی مشکل کے واسطے اس اسم کو سو بار پڑھے مشکل حل ہوگی۔

marfat.com

(۹) دشمن کو مغلوب کرنے کیلئے فرض و سنت کے درمیان سو بار اس اسم کا پڑھنا بہت مفید ہے۔

## اسم اَلْوَھَّابُ کے خواص

### (۱۷) اَلْوَھَّابُ جَلَّ جَلَالُہٗ

(۱) جو سات (۷) بار اس اسم کو روز پڑھے گا مستجاب الدعوات ہوگا۔

(۲) جو اس اسم کو عشاء کی نماز کے بعد چودہ سو چودہ (۱۴۱۴) مرتبہ پڑھے گا اسے رزق کی فراخی نصیب ہوگی۔

(۳) جو کوئی فقر و فاقہ سے پریشان ہو وہ اس اسم کی کثرت کرے اللہ تعالیٰ اسے ایسی راحت عطا فرمائے گا کہ حیران رہ جائے گا۔

(۴) جو چاشت کی نماز کے بعد سجدہ کی آیت پڑھ کر سجدہ میں سات بار (اَلْوَھَّابُ) پڑھے گا مخلوق سے بے پرواہو جائے گا۔

(۵) جو کوئی رزق کی فراخی چاہتا ہو، چاشت کے وقت چار رکعت نماز پڑھے پھر سلام کے بعد سجدے میں جا کر (اَلْوَھَّابُ) ایک سو چار بار اور اگر فرصت نہ ہو تو پچاس بار پڑھے مالدار ہو جائے گا۔

(۶) کوئی بھی حاجت پیش آئے تو آدھی رات کے وقت گھر یا مسجد کے صحن میں سجدہ کر کے ہاتھ اٹھا کر سو بار اس کو پڑھے یہ عمل تین یا سات رات کرے انشاء اللہ العزیز حاجت پوری ہو جائے گی۔

(۷) جو اسے عشاء کے بعد ساڑھے گیارہ سو بار پڑھے مقروض نہ رہے گا۔

(۸) جو شخص فقر و فاقہ میں گرفتار ہو وہ کثرت سے اس اسم کو پڑھا کرے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے یا چاشت کی نماز کے آخری سجدہ میں چالیس بار پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ اسے فقر و فاقہ سے انشاء اللہ حیرت انگیز طریق پر نجات دے دیں گے۔

(۹) حفاظت ایمان کیلئے ہر نماز کے بعد سات بار یہ آیت پڑھنا مجرب رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ⑧

(۱۰) برکت کیلئے اس اسم کو (اَلْکَرِیْمُ ذُوالطَّوْلِ) کے ساتھ ملا کر پڑھنا مفید ہے۔

(۱۱) ہر چیز میں برکت کیلئے اس اسم کو (اَلْکَافِیْ) کے ساتھ ملا کر پڑھنا مفید ہے۔

marfat.com

(۱۲) جب کوئی مشکل پیش آئے کسی میدان میں جا کر دعا کی طرح ہاتھ اٹھا کر سو بار (یَا وَھَابُ) پڑھے، انشاءاللہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

## اسم اَلرَّزَّاقُ کے خواص

### (۱۸) اَلرَّزَّاقُ جل جلالہ

(۱) جو اس اسم کو نہار منہ بیس مرتبہ پڑھنے کا معمول بناوے، اللہ تعالیٰ ایسا ذہن عطا فرماتا ہے جو باریکیوں اور مشکلات کو سمجھ لیتا ہے۔

(۲) جو شخص اپنے مکان کے چاروں کونوں میں نماز صبح سے پہلے دس دس مرتبہ یہ اسم پڑھ کر دم کرے گا، اللہ تعالیٰ اس پر رزق کے دروازے انشاءاللہ کھول دیں گے۔ بیماری اور مفلسی اس کے گھر میں ہر گز نہ آئے گی۔ پڑھنے کا آغاز داہنے کونے سے کرے اور منہ قبلہ کی طرف رکھے۔

(۳) جو فجر کے فرض وسنت کے درمیان اکتالیس دن تک ساڑھے پانچ سو مرتبہ یہ اسم روزانہ پڑھے گا وہ دولت مند ہوگا، اس میں فجر کی نماز جماعت سے پڑھنا اور اسم مبارک کے اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا شرط ہے۔

(۴) جو عشاء کی نماز کے بعد سر ننگا کر کے (یَارَزَّاقُ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ یَارَزَّاقُ) گیارہ بار اول وآخر درود شریف کے ساتھ اکتالیس روز پڑھا کرے گا اس کیلئے رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔

(۵) جو کوئی اس اسم کو پانچ سو پینتالیس بار روزانہ پڑھے گا، رزق اس کا کشادہ ہوگا، اور کوئی دشواری اور درماندگی نہ آئے گی۔

(۶) جو اس اسم کو روزانہ تنہائی میں ایک ہزار بار پڑھے گا انشاءاللہ خاص روحانی مقام پائے گا۔

(۷) جو ہر نماز کے بعد اس کے پڑھنے کا معمول بنائے گا غیب سے روزی پائے گا۔

(۸) جو شخص اس اسم کو سترہ بار اس شخص کے سامنے پڑھے جس سے کوئی حاجت ہو انشاءاللہ وہ حاجت پوری ہوجائے گی۔

(۹) جو اس اسم کو سو بار قیدی کی رہائی کیلئے پڑھے گا اسے خلاصی ملے گی، اور اگر بیمار کی صحت کیلئے پڑھے گا اسے شفا ملے گی، انشاءاللہ

marfat.com

# اسم اَلْفَتَّاحُ کے معنی اور اس کے خواص

## (۱۹) اَلْفَتَّاحُ جل جلالہ

(۱) جو کوئی اپنا ہاتھ سینے پر رکھ کر نماز فجر کے بعد اکہتر بار یہ اسم پڑھے گا اس کا دل پاک اور منور ہو جائے گا اور حق کے راستے کا حجاب اس سے ہٹا لیا جائے گا اور اسے انشاء اللہ تمام امور میں آسانی اور رزق میں برکت عطا کی جائے گی۔

(۲) اگر کند ذہن چینی کی رکابی پر اس کو لکھ کر زبان سے چاٹے تو ذہین ہو جائے گا۔

(۳) جو اسے سات بار پڑھے گا دل کی تاریکی جاتی رہے گی۔

(۴) جو اس کا بکثرت ورد رکھے اس کے دل کی کدورت دور ہو جائے گی اور فتوحات کے دروازے اس پر کھل جائیں گے۔

# اسم اَلْعَلِیْمُ کے خواص

## (۲۰) اَلْعَلِیْمُ جل جلالہ

(۱) جو کثرت سے (یَاعَلِیْمُ) کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس پر انشاء اللہ علم و معرفت کے دروازے کھول دے گا اور جو اللہ تعالیٰ سے مانگے گا جلد ملے گا اور حافظہ قوی ہوگا۔

(۲) جو کوئی اس اسم کو دل میں پڑھے، صاحب معرفت ہو جائے اور اگر فرض نماز کے بعد ڈیڑھ سو (۱۵۰) بار پڑھے گا صاحب یقین ہو جائے گا۔

(۳) جو کوئی نماز کے بعد سو (۱۰۰) بار (یَاعَالِمَ الْغَیْبِ) پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کو صاحب کشف بنا دے گا۔

(۴) جو استخارہ کرنا چاہے شب جمعہ کو نماز کے بعد سو بار مسجد میں یہ اسم مبارک پڑھ کر سو رہے، مطلوبہ حال سے آگاہی پائے گا۔

(۵) جو کوئی نامعلوم امر دریافت کرنا چاہے، اول دو رکعت نماز پڑھے پھر درود شریف، پھر (سُبْحٰنَکَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ ﴿۳۲﴾) ستر (۷۰) بار پڑھ کر یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَامُبِیْنُ بَیِّنْ لِیْ سو سو بار پڑھ کر اپنا مطلب تصور کر کے لیٹ جائے اگر نیند

marfat.com

نہ آئے تو اُٹھ کر کسی مجمع میں چلا جائے وہاں لوگوں کی باتوں سے بطریق اشارہ معلوم کرے۔

(۶) جو ہر نماز کے بعد ایک سو بار ( یَاعٰلِمَ الْغَیْبِ وَ الشَّھَادَۃِ ) کو معمول بنائے گا انشاء اللہ صاحب کشف ہو جائے گا۔

(۷) اگر کوئی شخص یَاعَلَّامُ الْغُیُوْبِ کو اس قدر پڑھے کہ اس پر حال طاری ہو جائے تو اس کی روح کو عالم بالائی پر ترقی نصیب ہوگی۔

## اسم اَلْقَابِضُ کے خواص

### (۲۱) اَلْقَابِضُ جل جلالہ

(۱) جو اس اسم کو ہر روز تیس بار پڑھے انشاء اللہ دشمن پر فتح ہوگی۔

(۲) جو کوئی اسے چالیس دن تک ہر روز چار یا چالیس نوالوں پر لکھ کر کھا لیا کرے گا وہ بھوک اور قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا اسی طرح زخم اور درد وغیرہ کی تکلیف سے بھی محفوظ رہے گا، انشاء اللہ۔

(۳) جو کوئی اس اسم کو آدھی رات کے وقت پڑھا کرے دشمن اس کا مقہور ہوگا۔

بعض علماء کہتے ہیں کہ ( اَلْقَابِضُ ) کو (اَلْبَاسِطُ) کے ساتھ (اَلْمُذِلُّ) کو (اَلْمُعِزُّ) کے ساتھ (اَلْمُمِیْتُ) کو (اَلْمُحْیِیْ) کے ساتھ ( اَلْمُؤَخِّرُ ) کو (اَلْمُقَدِّمُ) کے ساتھ (اَلْمَانِعُ) کو (اَلْمُحْصِیْ) کے ساتھ اور (اَلضَّارُّ) کو (اَلنَّافِعُ) کے ساتھ ملا کر ذکر کرنا زیادہ مناسب ہے اور ان میں ہر پہلے اسم مثلاً (اَلْمُذِلُّ) کو دوسرے اسم مثلاً (اَلْمُعِزُّ) کے ساتھ ملائے بغیر پڑھنا مناسب نہیں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

## اسم اَلْبَاسِطُ کے خواص

### (۲۲) اَلْبَاسِطُ جل جلالہ

(۱) جو اس اسم کو چاشت کی نماز کے بعد دس بار پڑھے گا اسے ہر معاملے میں کشادگی ہوگی اور انشاء اللہ کبھی کسی کا محتاج نہیں ہوگا۔

(۲) جو دس بار آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر یہ اسم پڑھے اور پھر ہاتھ اپنے چہرے پر پھیرے تو اس کیلئے غنا کا دروازہ کھل جائے گا۔

(۳) جو اسے چالیس بار پڑھے گا انشاء اللہ مخلوق سے بے پروا ہوگا۔

marfat.com

(۴) مشکلات سے نجات کیلئے نماز کے بعد ایک سو چالیس بار ہر روز اس کا پڑھنا مفید ہے۔

(۵) کشائش کیلئے بہتر (۷۲) دن تک روزانہ بارہ ہزار بار یہ اسم پڑھے۔

(۶) جو کوئی تین رات میں سوا لاکھ (یَا بَاسِطُ) ختم کرے اور اول و آخر سو سو بار درود شریف پڑھے اسے انشاء اللہ غیب سے روزی ملے گی، تین راتوں کے بعد روزانہ سو بار پڑھ لیا کرے۔

(۷) جو کوئی سحر کے وقت آنکھیں بند کر کے گیارہ مرتبہ یہ اسم پڑھے اور ہاتھ پر دم کر کے منہ پر پھیرے پھر آنکھیں کھول کر ہاتھوں کی طرف دیکھے پھر بہتر (۷۲) بار پڑھ کر یہ دعا کرے وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ انشاء اللہ اس دن بھوکا نہ رہے گا۔

(۸) جو بہتر (۷۲) بار روزانہ اس اسم کو پڑھا کرے اسے حق تعالیٰ تمام آفتوں سے محفوظ رکھتا ہے۔

(۹) جو کوئی اس اسم کو رات کے آخری حصہ میں ہاتھ اٹھا کر دس بار کہے، ہمیشہ خوش دل رہے اور غم والم نہ ہو اور ایسی جگہ سے نفع ہو جہاں سے امید نہ ہو۔

(۱۰) جو شخص اس اسم کو روز پڑھا کرے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کو انشاء اللہ غم نہ پہنچے گا اور وہ غیب سے روزی پائے گا کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

## اسم اَلْخَافِضُ کے خواص

### (۲۳) اَلْخَافِضُ جل جلالہ

(۱) جو اس اسم کو پانچ سو بار پڑھے گا انشاء اللہ اس کی حاجت پوری ہوگی اور اس کی پریشانی دور ہو جائے گی، دشمن کے صدمہ سے بچ جائے گا، اور حفاظت الٰہی اس کے شامل حال رہے گی۔

(۲) جو اسے ایک ہزار بار پڑھے گا انشاء اللہ تمام دشمنوں سے محفوظ رہے گا۔

(۳) اگر کوئی تین روزے رکھے اور چوتھے دن تک مجلس میں چند آدمی ستر ہزار بار اس کو پڑھیں تو دشمن پر فتح نصیب ہوگی، انشاء اللہ اسی مقصد کیلئے تین روزے رکھ کر ستر بار پڑھنا بھی بہتر ہے۔

(۴) جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے حاکم وقت اس سے رضا مند رہے۔

(۵) اگر کوئی مشکل پیش آئے تو ہر نماز کے بعد ایک ہزار چار سو اکیاسی بار اس کا پڑھنا بہت مفید ہے۔

(۶) جو کوئی ظالم سے ڈرتا ہو اس اسم کو ستر (۷۰) بار پڑھا کرے اس کے ظلم سے بچا رہے گا۔

marfat.com

## اسم اَلرَّافِعُ کے خواص

### (۲۴) اَلرَّافِعُ جل جلالہٗ

(۱) جو کوئی پیر کے دن یا جمعہ کی رات مغرب یا عشاء کے بعد چار سو چالیس مرتبہ اس اسم کا ورد کرے گا اسے مخلوق کے درمیان ایک رعب نصیب ہوگا۔

(۲) جو کوئی اسے آدھی رات یا دوپہر کو سو بار پڑھے گا تو حق تعالیٰ جل شانہٗ اس کو برگزیدہ کرے گا اور وہ تونگر اور بے نیاز ہوگا۔

(۳) جو کوئی اس اسم کو ہر روز بیس بار پڑھے گا انشاءاللہ مراد پائے گا۔

(۴) جو کوئی ہر مہینہ کی چودھویں رات کو آدھی رات میں سو مرتبہ (اَلرَّافِعُ) پڑھے اللہ تعالیٰ اسے انشاءاللہ مخلوق سے بے نیاز اور تونگر بنا دے گا۔

(۵) جو کوئی اسے تین سو اکیاون بار پڑھے گا مخلوق کے درمیان عزیز ہوگا۔

(۶) جو اسے ستر (۷۰) بار پڑھے گا ظالموں سے امن میں رہے گا، اور انشاءاللہ سرکشوں سے محفوظ رہے گا۔

## اسم اَلْمُعِزُّ کے خواص

### (۲۵) اَلْمُعِزُّ جل جلالہٗ

1۔ جو شخص پیر یا جمعہ کی رات میں مغرب کے بعد چالیس بار یہ اسم مبارک پڑھے گا انشاءاللہ خدا تعالیٰ اس کی ہیبت مخلوق کے دل میں ڈال دے گا۔

2۔ جو شخص بعد نماز عشاء پیر یا جمعہ کی رات میں ایک سو چالیس بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی ہیبت اور حرمت مخلوق کے دل میں ڈال دے گا اور وہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے نہیں ڈرے گا اور اسی کی پناہ میں رہے گا۔

3۔ جو ایک سو چالیس دن تک اکتالیس بار ہر روز بلا ناغہ اس کو پڑھے گا دُنیا اور آخرت میں عزت پائے گا پڑھنے کا آغاز پیر یا جمعہ کی شب کرے۔

## اسم اَلْمُذِلُّ کے خواص

### (۲۶) اَلْمُذِلُّ جل جلالہٗ

1۔ جو اس اسم کو پچھتر بار پڑھ کر سجدے میں دُعا کرے تو اللہ تعالیٰ قبول فرمائے گا۔

marfat.com

2۔ جو کوئی کسی ظالم یا حاسد سے ڈرتا ہو تو پچھتر بار یا اکیس بار (یَا مُذِلُّ) یا (اَلْمُذِلُّ) پڑھ کر سجدہ کرے اور کہے یا الٰہی! فلاں ظالم کے شر سے مجھے محفوظ رکھ حق تعالیٰ اس کو امان دے گا اور اپنی حفاظت میں رکھے گا۔

3۔ جو سات سو ستر بار روزانہ کوئی وقت مقرر کرے (یَامُذِلُّ کُلَّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَهْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِكَ) پڑھ لیا کرے تو وہ دُشمن دفع ہوگا۔

4۔ جس کا کوئی حق کسی کے ذمہ ہو اور ادا کرنے سے ٹال مٹول کر رہا ہو تو اس اسم کو بکثرت پڑھنے سے وہ اس کا حق انشاء اللہ ادا کر دے گا۔

## اسم اَلسَّمِیْعُ کے خواص

### (۲۷) اَلسَّمِیْعُ جل جلالہ

1۔ جو کوئی اس اسم کو جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد پانچ سو بار پڑھے گا انشاء اللہ مستجاب الدعوات بن جائے گا۔

2۔ جو اسے کثرت سے پڑھے کم سننے کے مرض سے انشاء اللہ شفاء پائے گا۔

3۔ اگر کوئی جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد پانچ سو بار اس اسم کو پڑھے گا۔ اور ایک قول کے مطابق ہر روز سو بار پڑھے گا اور پڑھتے وقت بات چیت نہیں کرے گا اور پڑھ کر دُعا مانگے گا انشاء اللہ شفاء پائے گا۔

4۔ جو شخص جمعرات کے دن فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اس اسم کو سو مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو نظر خاص سے نوازے گا۔

## اسم اَلْبَصِیْرُ کے خواص

### (۲۸) اَلْبَصِیْرُ جل جلالہ

1۔ جو کوئی نماز جمعہ سے پہلے یا بعد میں سو مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی نگاہ میں انشاء اللہ روشنی اور دل میں نور پیدا فرما دے گا اور اسے صالح اقوال و اعمال کی توفیق عطا فرمائے گا۔

2۔ جو کوئی جمعہ کے دن فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سو بار یہ اسم مبارک پڑھے گا اسے اللہ تعالیٰ خصوصی نظر عنایت فرمائے گا۔

3۔ جو اس کا بکثرت ورد کرے گا آنکھوں کے امراض سے محفوظ رہے گا۔ اس کے لیے یہ دُعا بھی

marfat.com

مفید ہے۔ ( اَللّٰهُمَّ يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ مَتِّعْنِيْ بِسَمْعِيْ وَ بَصَرِيْ وَاجْعَلْهُمَا الْوَارِثَ مِنِّيْ )

4۔ جو کوئی اس اسم کو ہر روز عصر کے وقت سات بار پڑھ لیا کرے گا ناگہانی موت سے امن میں رہے گا۔

5۔ جو اس اسم کو جمعہ کے خطبہ سے پہلے سو بار پڑھ لیا کرے گا انشاءاللہ منظور نظر الٰہی ہوگا۔

## اسم اَلْحَكَمُ کے خواص

### (۲۹) اَلْحَكَمُ جل جلالہ

1۔ جو کوئی آخر شب میں ننانوے بار باوضو یہ اسم پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل کو انشاءاللہ محل اسرار وانوار بنادے گا۔

2۔ جو کوئی جمعہ کی رات یہ اسم اس قدر پڑھے گا کہ بے حال اور بے خود ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو انشاءاللہ کشف والہام سے نوازے گا۔

3۔ جو کوئی شب جمعہ میں آدھی رات کو یہ اسم پڑھے گا حق تعالیٰ اس کا باطن پاک صاف کردے گا۔

4۔ جو پانچوں وقت ہر نماز کے بعد اسی (۸۰) بار اس اسم کو پڑھ لیا کرے گا کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

## اسم اَلْعَدْلُ کے خواص

### (۳۰) اَلْعَدْلُ جل جلالہ

1۔ جو اس اسم کو پڑھے اور روٹی کے بیس لقموں پر شب جمعہ کو لکھ کر کھائے تو اس کے لیے دلوں کو مسخر کر دیا جاتا ہے۔

2۔ جو کوئی اس اسم کو ہر نماز کے بعد پڑھے غیب سے رزق پائے اور اسے نیک عمل کی توفیق نصیب ہو۔

3۔ جو کوئی مغرب کی نماز کے بعد ایک ہزار بار اس اسم مبارک کو پڑھے گا آسمانی بلاؤں سے نجات پائے گا۔

4۔ جو پانچوں وقت ہر نماز کے بعد اسی (۸۰) بار اس اسم کو پڑھ لیا کرے گا وہ کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

marfat.com

# اسم اَللَّطِیْفُ کے خواص

## (۳۱) اَللَّطِیْفُ جل جلالہ

1۔ جو شخص ایک سو تینتیس بار اسے پڑھا کرے انشاء اللہ اس کے رزق میں برکت ہوگی اور اس کے سب کام بخوبی پورے ہوں گے۔

2۔ جو شخص فقر و فاقہ و دُکھ و بیماری و تنہائی و کسمپرسی یا کسی اور مصیبت میں گرفتار ہو وہ اچھی طرح وضو کر کے روزانہ پڑھے اور اپنے مقصد اور مطلب کو دل میں رکھ کر سو مرتبہ یہ اسم پڑھے انشاء اللہ مقصد میں کامیاب ہوگا۔

3۔ جو اس اسم کو روزانہ ایک سو تہتر بار پڑھے اس کو اسباب معیشت نصیب ہوں گے اور حاجت پوری ہوگی۔

4۔ بیٹیوں کے رشتے اور نصیب کھلنے اور امراض سے صحت کے لیے ہر روز تحیۃ الوضو (وضو کی نماز) کے بعد سو بار اس کا پڑھنا مفید ہے۔

5۔ ہر دینی اور دنیوی مہم کے لیے خالی جگہ پر دعا کی شرائط کے ساتھ سولہ ہزار چھ سو اکتالیس بار اس کا پڑھنا مفید ہے۔

6۔ جو ایک سو ساٹھ بار اس اسم کو پڑھے اور اس کے ساتھ یہ آیت پڑھے (لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ) وہ خوف سے انشاء اللہ امن پائے گا۔

7۔ بیماریوں سے شفا کے لیے اس اسم کے ساتھ کوئی بھی آیت شفاء پڑھ لی جائے تو فائدہ ہوگا۔

8۔ پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات کے لیے اس اسم کا ورد کرنا مفید ہے۔

# اسم اَلْخَبِیْرُ کے خواص

## (۳۲) اَلْخَبِیْرُ جل جلالہ

1۔ جو سات دن متواتر اس کا ورد کرے اسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے روحانیت نصیب ہوتی ہے۔ جو مطلوبہ امور میں اس کی رہنمائی کرتی ہے۔

marfat.com

2۔ جونفس امارہ کے ساتھ گرفتار ہو کثرت سے اس کا ورد کرے انشاء اللہ نجات پائے گا۔

3۔ استخارہ کے واسطے اکتالیس دن تک روزانہ تین تین سو بار (یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ) پھر جب ضرورت پڑے تین سو بار پڑھ کر سو جائے نیک و بد حال کی انشاء اللہ اطلاع ہو جائے گی۔

4۔ جو کسی موذی کے پنجہ میں گرفتار ہو اس اسم کو بکثرت پڑھے انشاء اللہ خلاصی نصیب ہو گی۔

## اسم اَلْحَلِیْمُ کے خواص

### (۳۳) اَلْحَلِیْمُ جل جلالہ

1۔ جو اس کا ہر وقت ورد رکھے گا انشاء اللہ فتح مند رہے گا اور ہر آفت سے بچا رہے گا۔

2۔ جو کوئی اس اسم کو ہر روز ظہر کی نماز کے بعد نو دفع پڑھا کرے گا انشاء اللہ تمام خلقت میں سرخرو رہے گا۔

3۔ جو دشمن یا مدعی یا حاکم کے سامنے ہوتے ہی پانی سے ہاتھ بھگو کر گیارہ دفعہ یہ اسم پڑھ کر منہ پر مل لیا کرے انشاء اللہ دشمن سختی نہ کر سکے گا اور حاکم نرمی و مہربانی سے پیش آئے گا۔

4۔ جو کوئی اس کو کاغذ پر لکھوا کر پھر اس کو دھوئے اور پانی اپنی کھیتی پر چھڑک دے تو انشاء اللہ زراعت کی ہر آفت سے حفاظت رہے گی اور کمال کو پہنچے گی اور اس میں برکت ہو گی۔

5۔ جو کوئی اس اسم کو بادشاہ کے روبرو پڑھے گا انشاء اللہ اس کے غصے سے محفوظ رہے گا۔

6۔ جو کوئی اس اسم کو پڑھے حلیم الطبع ہو جائے اور صبر و سکون اس کے دل میں آ جائے۔

7۔ جو کوئی درخت بوتے وقت اٹھائیس بار یہ اسم مبارک پڑھے تو درخت سرسبز اور خزاں سے محفوظ رہے گا۔

8۔ اگر رئیس آدمی اس کو بکثرت پڑھے اس کی سرداری خوب جمے اور راحت سے رہے۔

9۔ اگر اس اسم کو کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر اپنے پیشہ کے آلات و اوزار پر ملے تو اس پیشہ میں برکت ہو گی۔

## اسم اَلْعَظِیْمُ کے خواص

### (۳۴) اَلْعَظِیْمُ جل جلالہ

1۔ جو کوئی حکمران سے خوف زدہ ہو وہ بارہ بار اس اسم کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ محفوظ رہے گا اور نرمی پائے گا۔

marfat.com

2۔ اس کا بکثرت ذکر کرنے سے عزت نصیب ہوگی اور ہر مرض سے شفا ملتی ہے۔
3۔ جو اس اسم مبارک کو سات دفعہ پانی پر پڑھ کر دم کر کے پانی پی لے تو انشاء اللہ اس کے پیٹ میں درد نہ ہوگا۔

## اسم اَلْغَفُوْرُ کے خواص

### (۳۵) اَلْغَفُوْرُ جل جلالہ

1۔ جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا اس کے دل سے انشاء اللہ سیاہی گھٹے گی۔
2۔ تپ یا دردسر کا مریض یا غمگین آدمی اگر اس اسم کو کاغذ پر لکھ کر روٹی پر اس کا نقش جذب کر کے کھائے تو حق تعالیٰ شانہ اس کو شفا اور خلاصی بخشے گا۔
3۔ جو اسے بکثرت پڑھے گا برے اخلاق اور روحانی امراض اور ظاہری بیماریوں سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا اور اس کے مال و اولاد میں برکت ہوگی۔

## اسم اَلشَّکُوْرُ کے خواص

### (۳۶) اَلشَّکُوْرُ جل جلالہ

1۔ جو کوئی یہ اسم اکتالیس بار پانی پر دم کر کے پانی اپنی آنکھوں پر چھڑکے اُس کی نظر تیز ہو جائے گی۔
2۔ جس کو ضیق النفس (دمہ) یا تکان یا گرانیٔ اعضاء ہو اس کو لکھ کر بدن پر پھیر دے اور پانی پر دم کر کے پانی پی لے تو نفع ہو: اور اگر کمزور نظر والا اپنی آنکھوں پر پھیرے نگاہ میں انشاء اللہ ترقی ہو۔
3۔ جو شخص معاشی تنگی یا کسی اور دُکھ درد یا رنج و غم میں مبتلا ہو وہ اس اسم کو اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ اس سے رہائی نصیب ہوگی۔
4۔ جس شخص کی آنکھوں کی روشنی جاتی رہی ہو وہ اس اسم کو اکتالیس بار ہر روز پڑھا کرے اور لعاب دہن اپنی آنکھوں پر لگا دے اور پانی پر دم کر کے پیئے انشاء اللہ روشنی برقرار ہو جائیگی۔
5۔ جو کوئی مفلس ہو اس اسم کو اکیس بار پڑھے ان شاء اللہ غنی ہو جائے گا اور جو کوئی بہت پڑھے خلق میں عزت ہو جائے۔

marfat.com

6۔ جوکوئی اس اسم کو پانچ ہزار بار روز پڑھے گا انشاء اللہ قیامت کے دن بلند مرتبہ پائے گا۔

## اسم اَلْعَلِیُّ کے خواص

### (۳۷) اَلْعَلِیُّ جل جلالہ

1۔ جو شخص اس اسم کو ہمیشہ پڑھتا رہے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ اسے رتبہ کی بلندی خوشحالی اور مقصد میں کامرانی نصیب ہوگی۔

2۔ جو اس اسم کو ورم یعنی سوجن پر تین بار پڑھ کر پھونکے گا انشاء اللہ صحت پائے گا۔

3۔ اگر فقیر اسے ایک سو دس بار پڑھے تو غنی ہو جائے اور دنیا میں عزت پائے۔

4۔ اگر یہ اسم مبارک لکھ کر بچے کو باندھ دیا جائے تو جلدی جوان ہو اگر مسافر اپنے پاس رکھے جلد اپنے عزیزوں سے ملے اگر محتاج ہو تو غنی ہو جائے۔

5۔ یہ اسم مشائخ، بزرگوں، طلبہ اور سالکین کے لیے ایک روحانی خزانہ ہے۔

6۔ اگر اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا نام بھی ملا لیا جائے تو یہ بڑے اذکار میں شمار ہوتا ہے۔

## اسم اَلْکَبِیْرُ کے خواص

### (۳۸) اَلْکَبِیْرُ جل جلالہ

1۔ اس کا بکثرت ذکر کرنے سے علم و معرفت کا دروازہ کھلتا ہے۔

2۔ اگر یہ اسم مبارک کھانے کی چیز پر پڑھ کر میاں بیوی کو کھلایا جائے تو باہمی الفت پیدا ہو۔

3۔ جو شخص اپنے عہدہ سے معزول ہو گیا ہو وہ سات روزے رکھے اور روزانہ ایک ہزار مرتبہ یہ اسم پڑھے انشاء اللہ عہدہ پر بحال ہو جائے گا اور اسے بزرگی و برتری نصیب ہوگی۔

4۔ جو کوئی اس اسم کو پڑھے مخلوق کی نظروں میں ممتاز ہو اور بلند مرتبہ ہو۔

5۔ یہ بادشاہوں اور حکام کا وظیفہ ہے وہ اگر اس کا اہتمام کریں تو ان کا رعب رہے اور مہمات بخوبی سرانجام پائیں۔

6۔ جو اسے نو دفعہ کسی بیمار پر پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ بیمار تندرست ہو۔

7۔ جو اسے سو بار پڑھے گا مخلوق میں عزیز رہے گا۔

marfat.com

# اسم اَلْحَفِیْظُ کے خواص

## (۳۹) اَلْحَفِیْظُ جل جلالہ

1۔ جو شخص بکثرت اس اسم کا ورد کرے گا اور لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ انشاء اللہ ہر طرح کے خوف وخطر اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

2۔ یہ اسم مبارک خوفناک سفر میں حفاظت کے لیے بے حد مفید ہے۔ اور سریع الاثر ہے۔ حتیٰ کہ اگر اسے پڑھ کر درندوں کے درمیان سو جائے تو انشاء اللہ نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ اس اسم کے ذکر کے بعد تین بار یہ دُعا پڑھے۔ (یَا حَفِیْظُ اِحْفِظْنِیْ)

3۔ جو اس اسم کو ہر روز سولہ بار پڑھے گا انشاء اللہ ہر طرح سے نڈر رہے گا۔

4۔ جو مغرب کے بعد اکتالیس بار قبلہ کی طرف چہرہ کر کے (یَاحَفِیْظُ یَاحَفِیْظُ یَارَقِیْبُ یَا مُجِیْبُ یَااَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ) پڑھے انشاء اللہ غیب سے روزی پائے گا۔

5۔ جو یہ اسم مبارک کسی بیمار پر چالیس ہفتہ تک ستر بار روز پڑھ کر دم کرے گا انشاء اللہ تندرست ہو جائے گا۔

6۔ اس کو پڑھے اور لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا ڈوبنے و جلنے و دیو و پری اور نظر بد سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

# اسم اَلْمُقِیْتُ کے خواص

## (۴۰) اَلْمُقِیْتُ جل جلالہ

1۔ اگر کوئی خالی آبخورے میں سات بار یہ اسم پڑھ کر دم کرے اور اس میں خود پانی پیئے یا کسی دوسرے کو پلائے تو انشاء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔ یہ عمل سفر میں امن کے لیے بھی مفید ہے۔ خاص طور پر جب اس کے ساتھ سورۃ قریش کو ملا کر صبح و شام پڑھی جائے۔

2۔ جس کی آنکھ سُرخ ہو اور درد کرتی ہو وہ اس اسم کو دس بار پڑھ کر دم کرے۔

3۔ جو کسی کو غریب دیکھے یا خود اس کو غریبی آئے یا کوئی لڑکا بدخوئی کرے یا بہت روئے سات بار خالی آبجورے یہ اسم مبارک پڑھ کر اور اس میں پانی ڈال کر خود پیئے اور دوسروں کو پلائے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

marfat.com

4- اگر روزہ دار کو ہلاکت کا خوف ہو تو سو بار پھول پر پڑھ کر اسے سونگھے انشاءاللہ قوت پائے گا اور ہر روز روزہ رکھ سکے گا۔

5- جو اس اسم کو (اَلْقَائِمُ) کے ساتھ ملا کر ہر نماز کے بعد سات بار پڑھے گا سودائی امراض سے انشاءاللہ شفاء پائے گا۔

6- جو اس اسم کو ہر روز سات بار پانی پر دم کر کے پیئے گا انشاءاللہ غیب سے روزی پائے گا کبھی بھوکا نہ رہے گا۔

## اسم اَلْحَسِیْبُ کے خواص

### (۴۱) اَلْحَسِیْبُ جل جلالہ

1- جو کوئی چور یا حاسد یا ہمسایہ یا دشمن یا چشم زخم یا نظر بد سے ڈرتا ہو ایک ہفتہ تک صبح (طلوع آفتاب) سے پہلے اور شام (غروب آفتاب سے پہلے) ستر بار (حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ) پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے ہفتہ گزرنے سے پہلے امن عطا فرمائے گا اور انشاءاللہ ہر کام درست ہو جائے گا پڑھائی کا آغاز جمعرات کے دن سے کرے۔

2- جو روزانہ (حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ) پڑھے گا انشاءاللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

3- جو کوئی اس اسم کو ستر بار پڑھے گا انشاءاللہ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

4- اگر کوئی مشکل پیش آئے تو ایک ہفتہ تک روزانہ صبح و شام ایک سو پینتالیس بار یہ اسم مبارک پڑھے انشاءاللہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

5- اگر کسی سے حساب میں تشدد کا اندیشہ ہو یا کسی بھائی برادری سے کسی معاملہ میں خوف ہو تو سات روز تک طلوع آفتاب اور غروب آفتاب سے پہلے بیس بار یہ اسم مبارک پڑھ لیا کرے۔

6- الحسیب میں اسم اعظم کی طرف اشارہ ہے (واللہ علم)

## اسم اَلْجَلِیْلُ کے خواص

### (۴۲) اَلْجَلِیْلُ جل جلالہ

1- جو کوئی اس اسم کو بہتر بار پڑھا کرے انشاءاللہ صاحب وقار ہو۔

marfat.com

2۔ جو کوئی اس کو دس بار اپنے اسباب پر پڑھے چوری سے محفوظ وسلامت رہے۔
3۔ جو بکثرت اس کا ورد رکھے گا اور مشک وزعفران سے لکھ کر پئے گا اور اپنے پاس رکھے گا اللہ تعالیٰ اس کو انشاءاللہ عزت وعظمت اور قدر ومنزلت عطا فرمائے گا۔

## اسم اَلْکَرِیْمُ کے خواص

### (۴۳) اَلْکَرِیْمُ جل جلالہ

1۔ جو شخص روزانہ سوتے وقت (یَا کَرِیْمُ) پڑھتے پڑھتے سو جایا کرے اللہ تعالیٰ اس کو علماء وصلحاء میں عزت عطا فرمائیں گے اور غیب سے روزی عطا فرمائیں گے۔
2۔ جو شخص (اَلْکَرِیْمُ ذَالطَّوْلِ الْوَهَّابُ) کو بکثرت پڑھے اس کے اسباب واحوال میں برکت ظاہر ہوگی۔

## اسم اَلرَّقِیْبُ کے خواص

### (۴۴) اَلرَّقِیْبُ جل جلالہ

1۔ اس اسم کا ذکر کرنے سے مال وعیال محفوظ رہتے ہیں۔
2۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو بکثرت اس کا ورد کرنے سے انشاءاللہ واپس مل جاتی ہے۔
3۔ گر اسقاط حمل کا خطرہ ہو تو حاملہ عورت پر سات مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھنا مفید ہے۔
4۔ سفر میں جاتے وقت اپنے اہل واولاد میں سے جس پر کوئی خطرہ یا فکر ہو اس کی گردن پر ہاتھ رکھ کر سات بار یہ اسم مبارک پڑھے انشاءاللہ وہ مامون رہے گا
5۔ جو کوئی اس اسم کو سات بار یا ستر بار اپنی بیوی وفرزند یا مال پر پڑھ کر دم کرے جنات اور تمام دشمنوں اور آفتوں سے انشاءاللہ محفوظ رہے اور اس کا رُعب بھی بڑھ جائے گا۔
6۔ جو کوئی پھوڑے وپھنسی پر تین بار یہ اسم مبارک پڑھ کر پھونک دے انشاءاللہ شفا حاصل ہوگی۔
7۔ جو کوئی اپنا مال واسباب (گاڑی وغیرہ) کہیں چھوڑتے وقت اس اسم کو پڑھ لے تو انشاءاللہ چوری سے حفاظت رہے گی۔ مجرب ہے۔

marfat.com

## اسم اَلْمُجِیْبُ کے خواص

### (۴۵) اَلْمُجِیْبُ جَلَّ جَلَالُہٗ

1۔ جو کوئی کثرت سے یہ اسم پڑھا کرے انشاء اللہ اس کی دعائیں بارگاہ الٰہی میں قبول ہونے لگیں گی۔

2۔ جو اس اسم مبارک کو اپنے پاس لکھ کر رکھے گا اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا۔

3۔ جو کوئی دردِ سر کے لیے تین بار یہ اسم مبارک پڑھ کر دم کرے گا انشاء اللہ دردِ سر دور ہوگا۔

4۔ جو اس اسم کو طلوع آفتاب کے وقت پچپن بار پڑھنے کا معمول بنائے گا۔ انشاء اللہ مستجاب الدعوات ہوگا۔

## اسم اَلْوَاسِعُ کے خواص

### (۴۶) اَلْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ

1۔ جو اس کا کثرت سے ذکر کرے گا ظاہری اور باطنی غنا نصیب ہوگا۔ نیز اسے عزت، حوصلہ، بردباری، وسعت قلبی اور دل کی صفائی نصیب ہوگی اور اللہ تعالیٰ معاملات میں کشادگی اس کے لیے عطا فرمائے گا۔

2۔ جو کوئی اس اسم کو پڑھتا رہے اس پر ملائکہ نازل ہوتے ہیں۔

3۔ جو اس اسم کو پڑھنے کا معمول بنا لے اسے انشاء اللہ روزی ملے گی اور مفلس نہیں ہوگا۔

4۔ جس کو بچھو کاٹ لے وہ یہ اسم مبارک ستر بار پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ زہر اثر نہ کرے گا۔

5۔ جو کشائش (کشادگی) کے واسطے اس کا جتنا ورد بڑھائے گا اُتنا مالدار ہو جائے گا۔

## اسم اَلْحَکِیْمُ کے خواص

### (۴۷) اَلْحَکِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

1۔ جو کوئی کثرت سے (یَا حَکِیْمُ) پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس پر انشاء اللہ علم و حکمت کے دروازے کھول دے گا۔

2۔ جس کسی کا کوئی کام پورا نہ ہوتا ہو وہ پابندی سے اس اسم کو پڑھے انشاء اللہ کام پورا ہ

marfat.com

جائے گا۔

3۔ جو ظہر کے بعد نوے بار اس اسم کو پڑھے گا تمام مخلوق میں سرخرو رہے گا۔

4۔ جو اس کو بہتر بار پڑھا کرے انشاء اللہ اسے کوئی مشکل پیش نہ آئے اور سب حاجتیں بر آئیں۔

5۔ جو کوئی اس کا بکثرت ورد رکھے گا علم وحکمت کے چشمے اس کی زبان سے پھوٹیں گے اور وہ لطیف اشارات اور معانی کے اسرار کو بھی سمجھ لے گا۔

## اسم اَلْوَدُوْدُ کے خواص

### (۴۸) اَلْوَدُوْدُ جل جلالہ

1۔ جو کوئی ایک ہزار مرتبہ (یاودود) پڑھ کر کھانے پر دم کرے گا۔ اور بیوی کے ساتھ بیٹھ کر کھائے گا تو انشاء اللہ میاں بیوی کا جھگڑا ختم ہو جائے اور باہمی محبت پیدا ہو جائے گی۔

2۔ جس کا بیٹا برائیوں میں مبتلا ہو وہ جمعہ کے بعد ایک ہزار ایک بار یہ اسم مبارک معطر و لطیف شیرینی پر پڑھ کر دم کرے اور دو رکعت نماز ادا کرے اور وہ شیرینی اس کو کھلائے انشاء اللہ صالح ہو جائے گا۔

3۔ اس کا ورد تسخیر کے لیے مفید ہے۔

4۔ جو شخص کسی پریشانی میں پڑ جائے وہ دو رکعت نماز پڑھ کر دُعا کرے انشاء اللہ پریشانی دور ہو جائے گی: دُعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ وَدُوْدُ تین بار یَا ذَالْعَرْشِ الْمَجِيْدُ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَافَعَّالٌ لِّمَايُرِيْدُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ مِلأَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ وَبِقُدْرَتِكَ الَّتِيْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِيْ) آخری جملہ تین بار

## اسم اَلْمَجِيْدُ کے خواص

### (۴۹) اَلْمَجِيْدُ جل جلالہ

1۔ جو کوئی موذی مرض مثلاً برص و آتشک و جذام وغیرہ میں گرفتار ہو وہ چاند کی ۱۳۔۱۴۔۱۵ تاریخ کو روزے رکھے اور افطار کے بعد بکثرت اس اسم کو پڑھا کرے اور پانی پر دم کر کے پیے انشاء

marfat.com

اللہ وہ مرض دور ہو جائے گا۔

2۔ بیس دن تک روزہ رکھ کر افطار کے وقت ستاون بار اس اسم کو پڑھنا موذی امراض کے [illegible] مفید ہے۔

3۔ جس کی اپنے ساتھیوں میں عزت و حرمت نہ ہو وہ ہر صبح کو ننانوے بار یہ اسم پڑھ کر اپنے او[illegible] پھونکے انشاء اللہ عزت و حرمت حاصل ہوگی۔

4۔ جو گرمیوں میں اس اسم کو پڑھے گا تشنگی سے مامون رہے گا۔

5۔ جو اس اسم پر مداومت کرے گا بزرگ ہوگا۔

## اسم اَلْبَاعِثُ کے خواص

### (۵۰) اَلْبَاعِثُ جل جلالہ

1۔ جو کوئی روزانہ سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر ایک سو مرتبہ (یَابَاعِثُ) پڑھا کرے انشاء اللہ [illegible] اس کا دل علم و حکمت سے زندہ ہو جائے گا۔

2۔ جو اس اسم کو سو بار ہر روز پڑھنے کا معمول بنائے گا اس سے انشاء اللہ نیکیاں سرزد ہونگی او[illegible] برائیوں سے بچا رہے گا۔

3۔ جو کوئی اس اسم کو سات بار پڑھ کر اپنے اوپر پھونکے اور حاکم کے روبرو جائے تو حاکم مہربان ہو[illegible] جائے گا۔

4۔ جو کوئی اس کا بکثرت ورد رکھے گا خوف الٰہی اس پر غالب رہے گا۔

## اسم اَلشَّھِیْدُ کے خواص

### (۵۱) اَلشَّھِیْدُ جل جلالہ

1۔ جس شخص کی بیوی یا اولاد نافرمان ہو وہ صبح کے وقت اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر اکیس مرتبہ (یَا[illegible] شَھِیْدُ) پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ فرمانبردار ہو جائے گی بعض علماء کے نزدیک اکیس کی [illegible] بجائے اکتیس بار پڑھنا مفید ہے۔

2۔ اہل مراتب اور شہادت کے متمنی حضرات کیلئے یہ اسم بہت مناسب اور مفید ہے۔

marfat.com

# اسم اَلْحَقُّ کے خواص

## (۵۲) اَلْحَقُّ جل جلالہ

1۔ جو روزانہ ایک ہزار بار اس کا ورد کرے اس کے اخلاق اچھے ہو جائیں گے اور اس کی طبیعت کی اصلاح ہو جائے گی انشاء اللہ۔

2۔ جو روزانہ (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ) پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے فقر سے غنا عطا فرمائیں گے اور انشاء اللہ اس کے معاملات آسان ہو جائیں گے۔

3۔ جو کوئی اس اسم کو بکثرت پڑھے گا مخلوق میں عزیز ہو جائے گا۔

4۔ اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو ایک پاک چوکور کاغذ لے کر کونے پر اس کو لکھے اور آدھی رات کو ہتھیلی پر کاغذ رکھ کر آسمان کے نیچے کھڑا ہو جائے اور یہ اسم ایک سو ننانوے بار پڑھے انشاء اللہ گمشدہ چیز مل جائے گی۔

5۔ اگر قیدی آدمی رات کو سر ننگا کر کے ایک سو آٹھ بار یہ اسم مبارک پڑھے تو انشاء اللہ قید سے خلاصی نصیب ہوگی۔

# اسم اَلْوَكِيْلُ کے خواص

## (۵۳) اَلْوَكِيْلُ جل جلالہ

1۔ جو کوئی کسی بھی آسمانی آفت کے خوف کے وقت (يَاوَكِيْلُ) کا ورد کرے گا اور اس اسم کو اپنا وکیل بنا لے گا وہ انشاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

2۔ جو کوئی ہر روز عصر کے وقت سات بار یہ اسم مبارک پڑھے گا وہ اللہ کی پناہ میں رہے گا۔

3۔ جو برے کاموں سے نہ بچ سکے دس بار یہ اسم مبارک پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور لکھ کر اس کا پانی پیئے انشاء اللہ برے کام سے نجات ملے گی۔

4۔ جو اسے بہت پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے کاموں کا ذمہ دار ہوگا اور اس کو اس کی خواہشوں کے حوالے نہیں فرمائے گا۔

5۔ جو کوئی اس اسم کو ایک سو چھیانوے بار ہر روز پڑھ لے ظالم کے ظلم سے انشاء اللہ بچا رہے گا اور کسی سے نہیں ڈرے گا۔

marfat.com

6۔ یہ اسم اسم اعظم کے مطابق ہے۔

7۔ ہر حاجت کیلئے اس کی کثرت مفید ہے۔

## اسم اَلْقَوِیُّ کے خواص

### (۵۴) اَلْقَوِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

1۔ اگر اسے کم ہمت پڑھے باہمت ہو جائے اگر کمزور پڑھے زور آور ہو۔ اگر مظلوم اپنے ظالم کو مغلوب کرنے کیلئے پڑھے تو انشاء اللہ ظالم مغلوب ہو جائے۔

2۔ ظالم کی ہلاکت یا اس کے شر سے حفاظت کیلئے اس اسم کا ایک ہزار بار پڑھنا بہت مفید ہے۔

3۔ جس کا رزق تنگ ہو وہ ایک ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھے اور اس کے ساتھ اس آیت کا ورد کرے۔ (اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ) انشاء اللہ اس کے ساتھ لطف و کرم کا معاملہ ہوگا اور خیر کا دروازہ اس کیلئے کھول دیا جائے گا۔

4۔ جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا انشاء اللہ صاحب قوت ہوگا اور جلد بڑے منصب تک پہنچے گا۔

5۔ جس کا دشمن طاقتور ہو اور یہ اس کو دفع کرنے سے عاجز ہو تو تھوڑا سا خمیری آٹا لے کر اس کی ایک ہزار ایک سو کے برابر یا اس سے بھی چھوٹی گولیاں بنا لے پھر ہر ایک گولی پر (یا قوی) پڑھ کر دشمن کے دفع کی نیت سے مرغ کے آگے ڈالے یہاں تک کہ سب اسی طرح ختم کر دے اللہ تعالیٰ اس کے دشمن کو انشاء اللہ مغلوب و مقہور کر دے گا بے محل اور ناحق یہ عمل نہ کرے ورنہ اپنا نقصان ہوگا۔

6۔ اگر جمعہ کی دوسری ساعت میں یہ اسم پڑھے گا تو نسیان جاتا رہے گا۔

## اسم اَلْمَتِیْنُ کے خواص

### (۵۵) اَلْمَتِیْنُ جَلَّ جَلَالُہٗ

1۔ جس عورت کا دودھ کم ہو یا نہ ہو اس کو یہ اسم کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلائیں انشاء اللہ خوب دودھ ہوگا۔

2۔ جس بچے کا دودھ چھڑایا گیا ہو اور وہ صبر نہ کرتا ہو اسے بھی یہ اسم مبارک دس بار لکھ کر پلایا جائے انشاء اللہ صبر کرے گا۔

marfat.com

3۔ جوکوئی ملکی منصب چاہتا ہو۔ وہ اتوار کے دن اول ساعت میں اسی نیت سے تین سو ساٹھ بار یہ اسم مبارک پڑھے انشاءاللہ صاحب منصب ہو جائے گا۔

4۔ جو اس کا بکثرت ورد کرے گا اس کی مشکل آسان ہو جائے گی اور انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

5۔ جوکوئی فاسق و فاجر لڑکے اور لڑکی پر دس بار (اَلْقَوِیُّ الْمَتِیْنُ) پڑھے گا۔ تو اس کی اصلاح ہو جائے گی اور انشاءاللہ وہ غلطی سے باز رہے گا۔

## اسم اَلْوَلِیُّ کے خواص

### (٥٦) اَلْوَلِیُّ جل جلالہ

1۔ جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا محبوب ہو جائے گا اور اسے ولایت عظمیٰ کا مقام نصیب ہوگا اور اس پر اشیاء کے حقائق کھول دیئے جائیں گے۔

2۔ جس کو کوئی مشکل پیش آئے وہ شب جمعہ میں ایک ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھے انشاءاللہ مشکل دور ہو جائے گی اور وہ اولیاءاللہ میں شامل کیا جائے گا۔

3۔ اگر بیوی کے پاس جاتے وقت اس اسم کو پڑھے گا تو دونوں ایک دوسرے کے لیے کارآمد بن جائیں گے۔

4۔ جو شخص اپنی بیوی کی عادتوں اور خصلتوں سے خوش نہ ہو تو وہ جب اس کے سامنے جائے تو اس اسم کو پڑھا کرے انشاءاللہ نیک خصلت ہو جائے گی۔

## اسم اَلْحَمِیْدُ کے خواص

### (٥٧) اَلْحَمِیْدُ جل جلالہ

1۔ جو شخص پینتالیس دن تک متواتر ترانوے مرتبہ تنہائی میں (یَاحَمِیْدُ) پڑھا کرے گا اس کی تمام بری خصلتیں اور عادتیں دور ہو جائیں گی۔

2۔ جوکوئی اس اسم مبارک کو بہت پڑھے گا پسندیدہ افعال ہوگا۔

3۔ جو فحش اور بری باتیں کرنے کا عادی ہو اور اس سے نہ بچ سکے وہ پیالہ پر اس اسم مبارک کو لکھے پھر نوے بار پڑھ کر دم کرے اور ہمیشہ اس پیالہ میں پانی پیا کرے انشاءاللہ فحش گوئی سے امان

marfat.com

پائے گا۔

4۔ اگر کوئی گونگا اس اسم کو گھول کر پیئے زبان سے صاف باتیں کرے۔

5۔ جو فجر کے بعد ننانوے بار یہ اسم مبارک پڑھ کر ہاتھ پر دم کر کے چہرے پر پھیرے اللہ تعالیٰ اسے عزت ونصرت اور انشاء اللہ چہرے کا نور عطا فرمائے گا۔

6۔ جو اس اسم کو فرض نماز کے بعد سو بار پڑھنے کا معمول بنائے انشاء اللہ صالحین میں سے ہو جائے گا۔

7۔ جو اس اسم کو فجر اور مغرب کے بعد چھیاسٹھ بار پڑھنے کا معمول بنالے اسے انشاء اللہ اقوال و افعال حمیدہ حاصل ہونگے۔

8۔ سورۃ فاتحہ کے بعد یہ اسم لکھ کر کسی مریض کو پلانے سے شفا ہوگی۔

## اسم اَلْمُحْصِیْ کے خواص

### (۵۸) اَلْمُحْصِیْ جل جلالہ

1۔ جو شب جمعہ میں ایک ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے حساب و کتاب سے نجات عطا فرمائے گا۔

2۔ جو کوئی روٹی کے دس ٹکڑے لے کر ہر ٹکڑے پر بیس بار یہ اسم مبارک پڑھ کر کھائے گا اللہ تعالیٰ اس کے لیے مخلوق کو مسخر فرمادیں گے۔

3۔ جو اس کا بکثرت ذکر کرے گا اسے مرتبہ نصیب ہوگا اور اگر اسے اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ ملا کر پڑھ لیا جائے تو اسے بے شمار علوم عطا کیے جائیں گے۔

4۔ جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھا کرے انشاء اللہ گناہ سے بچا رہے۔

5۔ جو کوئی دس بار یہ اسم پڑھا کرے اللہ تعالیٰ کی حفاظت اور پناہ میں رہے۔

## اسم اَلْمُبْدِئُ کے خواص

### (۵۹) اَلْمُبْدِئُ جل جلالہ

1۔ اگر کوئی اس اسم کا ورد رکھے تو اس کی زبان سے صحیح اور درست بات جاری ہوگی۔

2۔ جس کی بیوی کو حمل ہوا اور وہ اسقاط حمل سے ڈرتا ہو تو سحر کے وقت نوے بار یہ اسم مبارک پڑھ

marfat.com

کر شہادت کی اُنگلی بیوی کے پیٹ کے گرد یا شکم پر پھیر دے حمل انشاء اللہ ساقط نہ ہوگا۔

3۔ جوکوئی اس اسم کو بہت پڑھے افعال نیک اس سے سرزد ہوں گناہوں سے بچا رہے۔

4۔ جس شخص کا مال چوری ہوگیا ہو وہ اس اسم کو پڑھے انشاء اللہ مال مل جائے گا۔

5۔ جوکوئی اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا حق تعالیٰ شانہ اسے تمام بلیات سے نجات دے گا۔

## اسم اَلْمُعِیْدُ کے خواص

### (۶۰) اَلْمُعِیْدُ جل جلالہ

1۔ گمشدہ شخص کو واپس بلانے کیلئے جب گھر کے تمام آدمی سو جائیں تو گھر کے چاروں کونوں میں ستر بار (یَامُعِیْدُ) پڑھے انشاء اللہ گمشدہ سات روز میں واپس آجائے گا یا پتہ چل جائے گا۔

2۔ جوکوئی کسی معاملہ میں متحیر ہو وہ ایک ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھے خلجان دور ہو جائے گا اور انشاء اللہ درست سمت کی طرف رہنمائی ہوگی۔

3۔ اگر کوئی بات یا چیز بھول گیا ہو تو (یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ) کا ورد کرنے سے انشاء اللہ یاد آجائے گی نیز اس کے پڑھنے سے مخفی امور کی طرف بھی رہنمائی ہوگی۔

## اسم اَلْمُحْیِیْ کے خواص

### (۶۱) اَلْمُحْیِیْ جل جلالہ

1۔ جو اس اسم کو ایک ہزار بار پڑھنے کا معمول بنائے گا انشاء اللہ اس کا دل زندہ ہو جائے گا اور بدن میں تقویت پیدا ہوگی۔

2۔ جو شخص بیمار ہو وہ بکثرت اس کا ورد رکھے یا کسی دوسرے پر یہ اسم مبارک بکثرت پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ صحت یاب ہو جائے گا۔

3۔ جو شخص نواسی (۸۹) بار پڑھ کر اپنے اُوپر دم کرے گا وہ ہر طرح کی قید و بند سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

4۔ جو ہفت اندام کے درد کو دور کرنے کیلئے سات روز تک سات بار پڑھ کر دم کرے گا تندرست ہو جائے گا۔

5۔ جوکوئی درد یا کسی عضو کے ضائع ہونے سے خائف ہو وہ یہ سات بار پڑھے انشاء اللہ محفوظ

marfat.com

رہے گا۔

6۔ جس کو کسی سے جدائی کا اندیشہ ہو یا قید کا خوف ہو اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھے۔

7۔ جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا انشاءاللہ اس کا دل منور ہو جائے گا۔

8۔ جو کسی کے قہر سے ڈرتا ہو روٹی کے ایک ٹکڑے پر اٹھاون بار یہ اسم پڑھ کر کھائے انشاءاللہ محفوظ رہے گا۔

## اسم اَلْمُمِیْتُ کے خواص

### (۶۲) اَلْمُمِیْتُ جل جلالہ

1۔ جو کوئی یہ اسم اس قدر پڑھے کہ اس پر حال طاری ہو جائے پھر وہ ظالموں فاسقوں میں سے کسی کی ہلاکت کی دُعا کرے تو اسی وقت ہلاک ہو جائے۔

2۔ جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا اس کا نفس انشاءاللہ مغلوب ہو جائے گا۔

3۔ جس کو اسراف کی عادت ہو یا اس کا نفس عبادت پر آمادہ نہ ہوتا ہو وہ اس اسم کو بکثرت پڑھے اس کا ایک طریقہ یہ ہے کہ سوتے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کر یہ اسم پڑھتے پڑھتے سو جائے تو انشاء اللہ اس کا نفس مطیع ہوگا۔

4۔ جو اس اسم کو سات بار پڑھ کر دم کرے گا انشاءاللہ اس پر جادو اثر نہ کرے گا۔

## اسم اَلْحَیُّ کے خواص

### (۶۳) اَلْحَیُّ جل جلالہ

1۔ جو کوئی روزانہ تین بار اس کا ورد کرے گا وہ انشاءاللہ کبھی بیمار نہ ہوگا۔

2۔ اگر کوئی اس اسم کو چینی کے برتن پر مشک اور گلاب سے لکھ کر شیریں پانی سے دھو کر پیئے یا دوسرے بیمار کو پلائے تو انشاءاللہ شفائے کامل نصیب ہوگی۔

3۔ جو ایک ہزار بار یہ اسم مبارک کسی بیمار پر پڑھے گا اس کی عمر انشاءاللہ دراز ہوگی اور قوت روحانیہ اس میں زیادہ ہوگی۔

4۔ کسی سخت حاجت کے وقت اگر کوئی اپنے نام کے اعداد کے موافق مع اول وآخر درود شریف ایک وقت مقرر کر کے ( یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ) پڑھا کرے تو اس

marfat.com

کی حاجت پوری ہوگی۔

5۔ اگر کوئی اس اسم کو ایک سوبیس دفعہ کاغذ پر لکھ کر دروازے پر لٹکا دے تو اس گھر میں جتنے لوگ رہتے ہوں گے وہ انشاء اللہ برے امراض سے محفوظ رہیں گے۔

## اسم اَلْقَيُّوْمُ کے خواص

(۶۴) اَلْقَيُّوْمُ جل جلالہ

1۔ جو اس اسم کو ہر روز تنہائی میں ستر بار پڑھے گا انشاء اللہ کند ذہنی سے نجات پائے گا اور اس کا حافظہ قوی اور دل منور ہو جائے گا۔

2۔ جس آدمی کو نیند نہ آتی ہو وہ یہ دو آیتیں پڑھے (وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ) (سورۃ کہف: آیت ۱۸) (فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ) (سورۃ کہف: آیت ۱۱) انشاء اللہ نیند آ جائے گی یہ عمل دوسرے پر بھی کیا جا سکتا ہے۔ اور جو زیادہ سونے کا عادی ہو اس کے سر پر (الٓمّٓ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ) پڑھ کر دم کیا جائے انشاء اللہ اس کی نیند بھاگ جائے گی۔

3۔ اگر کوئی چاہے کہ اس کا دل زندہ ہو جائے اور کبھی نہ مرے تو وہ ہر دن چالیس بار یہ پڑھا کرے: (يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ)

4۔ جاننا چاہیے کہ (اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ) دونوں عظیم نام ہیں اور حضوری کی کیفیت رکھنے والے لوگوں کا ذکر ہیں: حضور اکرم ﷺ نے اپنی بیٹی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا کہ وہ یہ دُعا صبح و شام پڑھا کریں۔

(يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ)

5۔ جو شخص بکثرت اس کا ورد رکھے گا انشاء اللہ لوگوں میں اس کی عزت زیادہ ہوگی۔

6۔ جو تنہائی میں بیٹھ کر اس کا ورد کرے انشاء اللہ خوش حال ہو جائے گا۔

7۔ جو شخص صبح کی نماز کے بعد سے سورج نکلنے تک (يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ) کا ورد کرے گا انشاء اللہ اس کی سستی و کاہلی دور ہو جائے گی۔

marfat.com

8۔ سحر کے وقت جو کوئی بلند آواز سے اس کو پڑھے گا اس کا تصرف دلوں میں ظاہر ہوگا یعنی لوگ اس دوست رکھیں گے۔

9۔ جو اکتالیس بار روز یہ دُعا مانگے گا تو انشاءاللہ اس کا مردہ دل زندہ ہوجائے گا۔

(يَاحَيُّ يَا قَيُّومُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُحْيِيَ قَلْبِيْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ اَبَدًا)

## اسم اَلْوَاجِدُ کے خواص

(۶۵) اَلْوَاجِدُ جل جلالہ

1۔ جو شخص کھانا کھاتے وقت (یَاوَاجِدُ) کا ورد کرے غذا اس کے قلب کی طاقت وقوت اور نورانیت کا باعث ہوگی۔ انشاءاللہ

2۔ جو تنہائی میں اس کا بکثرت ورد کرے گا مالدار ہوگا۔

3۔ جو کوئی کھانا کھانے کے وقت ہر نوالے کے ساتھ اس کو پڑھے گا وہ کھانا انشاءاللہ پیٹ میں نور ہوگا۔ اور بیماری دور ہوگی۔

4۔ جو اس اسم کو بہت پڑھے گا اس کا دل انشاءاللہ غنی ہوگا۔

5۔ جو اس اسم کو پڑھے گا انشاءاللہ ظالم کے ظلم سے بچا رہے گا۔

6۔ جو اسے اس قدر پڑھے گا کہ اس پر حال طاری ہوجائے تو وہ اپنے باطن میں ایسی معرفت پائے گا جس کا اس نے پہلے مشاہدہ نہ کیا ہوگا۔

## اسم اَلْمَاجِدُ کے خواص

(۶۶) اَلْمَاجِدُ جل جلالہ

1۔ جو تنہائی میں یہ اسم اس قدر پڑھے گا کہ بے حال ہوجائے گا تو انشاءاللہ اس کے قلب پر انوار الہیہ ظاہر ہونے لگیں گے۔

2۔ اگر کوئی اس اسم کو پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے تو انشاءاللہ مریض شفا پائے گا۔

3۔ جو اس اسم کو دس بار شربت پر پڑھ کر پیئے گا وہ انشاءاللہ بیمار نہ ہوگا۔

4۔ جو اس کو بکثرت پڑھے گا مخلوق کی نگاہ میں عزیز و بزرگ ہوگا۔

marfat.com

# اسم اَلْوَاحِدُ کے خواص

## (۶۷) اَلْوَاحِدُ جل جلالہ

1۔ جوکوئی ہر روز ایک ہزار مرتبہ (اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ) پڑھا کرے اس کے دل سے انشاء اللہ مخلوق کی محبت اور خوف جاتا رہے گا۔

2۔ جس شخص کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ (اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ) کو لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ اس کو اولاد صالح نصیب ہوگی۔

3۔ جوکوئی تنہائی سے ہراساں ہو وہ باوضو ایک ہزار بار اس اسم کو پڑھے۔ انشاء اللہ اس کے دل سے خوف جاتا رہے گا اور اس کے لیے عجائبات ظاہر ہوں گے۔

# اسم اَلْاَحَدُ کے خواص

## (۶۹) اَلْاَحَدُ جل جلالہ

1۔ جوکوئی ایک ہزار مرتبہ (اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ) پڑھا کرے اس کے دل سے انشاء اللہ مخلوق کی محبت اور خوف جاتا رہے گا۔

2۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یہ دعا مانگتے ہوئے سنا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنِّیْ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس شخص نے اللہ تعالیٰ سے اس اسم اعظم کے ذریعے دعا کی ہے جس کے ذریعے جب مانگا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے۔

3۔ جوکوئی اس اسم کو نو بار پڑھ کر حاکم کے آگے جائے گا انشاء اللہ عزت وسرفرازی پائے گا۔

4۔ جوکوئی سانپ کے کاٹے پر ایک سو بار (اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ) پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ سانپ کا کاٹا ہوا مریض تندرست ہو جائے گا۔

5۔ جو تنہائی میں اسے ایک ہزار بار پڑھے گا انشاء اللہ فرشتہ خصلت ہو جائے گا۔

6۔ جوکوئی اس اسم کو پڑھے گا انشاء اللہ ظالم کے ظلم سے بچا رہے گا۔

marfat.com

## اسم اَلصَّمَدُ کے خواص

### (۶۹) اَلصَّمَدُ جل جلالہ

1۔ جوکوئی سحر کے وقت سجدہ میں سر رکھ کر ایک سو پندرہ یا ایک سو پچیس مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا اس کو انشاءاللہ ظاہری و باطنی سچائی نصیب ہوگی۔ اور کسی ظالم کے ہاتھ میں گرفتار نہ ہوگا۔

2۔ جو شخص باوضو اس اسم کا ورد کرے گا وہ انشاءاللہ مخلوق سے بے نیاز ہو جائے گا۔

3۔ جوکوئی یہ اسم ایک سو چونتیس بار پڑھے گا آثار صمدانی ظاہر ہوں اور انشاءاللہ کبھی بھوکا نہ رہے گا۔

4۔ جوکوئی اس اسم کو بکثرت پڑھے اس کی مشکلیں آسان ہوں گی۔

5۔ جو اسے دس ہزار بار پڑھا کرے گا دُشمن پر انشاءاللہ فتح پائے گا۔

## اسم اَلْقَادِرُ کے خواص

### (۷۰) اَلْقَادِرُ جل جلالہ

1۔ اگر کوئی وضو میں ہر عضو کو دھوتے وقت یہ اسم پڑھے گا تو کسی ظالم کے ہاتھ انشاءاللہ گرفتار نہ ہوگا اور کوئی دُشمن اس پر فتح نہ پائے گا۔

2۔ اگر کوئی مشکل پیش آئے تو اکتالیس بار یہ اسم مبارک پڑھے انشاءاللہ وہ کام آسان ہو جائے گا۔

3۔ جو اس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاءاللہ جمیع آفات سے بچا رہے گا۔

4۔ جو شخص دو رکعت نماز پڑھ کر سو مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دُشمن کو ذلیل و رسوا فرمادے گا اگر وہ حق پر ہوگا۔ اور ظاہری طاقت کے علاوہ اسے عبادت کی باطنی طاقت بھی عطا فرمائے گا۔

## اسم اَلْمُقْتَدِرُ کے خواص

### (۷۱) اَلْمُقْتَدِرُ جل جلالہ

1۔ جوکوئی سو کر اُٹھنے کے بعد بکثرت اس کا ورد رکھے گا یا کم از کم بیس مرتبہ پڑھا کرے انشاءاللہ اس کے تمام کام آسان اور درست ہو جائیں گے۔

marfat.com

2۔ جو کوئی اس اسم کو پڑھے انشاء اللہ اس کا دشمن مغلوب ہوگا۔

3۔ جو اس کا روزانہ بیس مرتبہ ورد رکھے گا انشاء اللہ رحمت الٰہی میں رہے گا۔

4۔ جو اس نام کو توجہ کے ساتھ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ اس کی غفلت دور ہو جائے۔

5۔ جو شخص حقیقتاً مظلوم ہو وہ مہینے کی آخری رات میں اندھیرے کمرے میں ننگی زمین پر دو رکعت نماز پڑھے اور دوسری رکعت کے آخری سجدے میں اَلْمُقْتَدِرُ الشَّدِیْدُ الْقَوِیُّ الْقَاهِرُ پڑھ کر ظالم کے خلاف دُعا کرے انشاء اللہ قبول ہوگی۔

## اسم اَلْمُقَدِّمُ کے خواص

### (۷۲) اَلْمُقَدِّمُ جل جلالہ

1۔ جو شخص جنگ کے وقت یہ اسم مبارک کثرت سے پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے پیش قدمی کی قوت عطا فرمائے گا اور دشمنوں سے محفوظ رہے گا غم و رنج نہ پہنچے گا۔

2۔ جو شخص ہر وقت (یَا مُقَدِّمُ) کا ورد رکھے گا انشاء اللہ وہ اللہ تعالیٰ کا مطیع و فرماں بردار بن جائے گا۔

3۔ جو کوئی اس اسم کو کثرت سے پڑھے گا وہ دشمن پر انشاء اللہ غالب رہے گا اور اطاعت الٰہی میں اس کا نفس فرماں بردار ہوگا۔

4۔ جو اس کو نو دفعہ شیرینی پر پڑھ کر کسی کو کھلائے گا تو انشاء اللہ وہ اس سے محبت کرے گا: غلط اور ناجائز مقصد کے لیے یہ عمل کرنا حرام ہے اور سخت نقصان ہے۔

## اسم اَلْمُؤَخِّرُ کے خواص

### (۷۳) اَلْمُؤَخِّرُ جل جلالہ

1۔ جو کثرت سے اس کا ورد کرے گا اسے انشاء اللہ سچی توبہ نصیب ہوگی۔

2۔ جو شخص روزانہ سو مرتبہ اس اسم کو پابندی سے پڑھا کرے۔ اس کو انشاء اللہ حق تعالیٰ کا ایسا قرب نصیب ہوگا کہ اس کے بغیر چین نہ آئے گا۔

3۔ علماء کرام فرماتے ہیں کہ (اَلْمُقَدِّمُ) اور (اَلْمُؤَخِّرُ) کو ایک ساتھ ملا کر پڑھتا رہے جب کوئی

marfat.com

مشکل پیش آئے اکیس بار اس اسم کو پڑھے انشاء اللہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

4۔ جو اڑتالیس دن تک روزانہ تین ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھ لیا کرے انشاء اللہ وہ جو چاہے گا پائے گا۔

5۔ جو اکتالیس بار یہ اسم مبارک پڑھے گا اس کا نفس انشاء اللہ مطیع ہو گا۔

6۔ جو ہر روز سو بار یہ اسم مبارک پڑھتا رہے گا انشاء اللہ اس کے سب کام انجام کو پہنچیں گے

7۔ حضور اکرم ﷺ سے یہ دعا منقول ہے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ مَاقَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَاَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

## اسم اَلْاَوَّلُ کے خواص

### (۷۴) اَلْاَوَّلُ جل جلالہ

1۔ جو مسافر ہو وہ جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھے انشاء اللہ جلد بخیریت وطن واپس پہنچے گا۔

2۔ جس شخص کے لڑکا نہ ہو وہ چالیس مرتبہ روزانہ پڑھا کرے انشاء اللہ اس کی مراد پوری ہوگی اور سب مشکلیں آسان ہوں گی،

3۔ جو چالیس شب جمعہ ہر شب کو عشاء کی نماز کے بعد ایک ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھے اس کی انشاء اللہ تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

4۔ جو ہر روز گیارہ بار یہ اسم مبارک پڑھے گا تمام خلقت انشاء اللہ اس پر مہربان ہوگی۔

5۔ جو سو بار یہ اسم مبارک پڑھے گا انشاء اللہ اس کی بیوی اس سے محبت کرے گی۔

## اسم اَلْاٰخِرُ کے خواص

### (۷۵) اَلْاٰخِرُ جل جلالہ

1۔ جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھا کرے اس کے دل سے غیر اللہ کی محبت دور ہو جائے اور انشاء اللہ ساری عمر کی کوتاہیوں کا کفارہ ہو جائے گا اور خاتمہ بالخیر ہوگا اور نیک

marfat.com

اعمال رد نہ ہوں گے۔

2۔ جس کی عمر آخر کو پہنچ گئی ہو اور نیک اعمال نہ رکھتا ہو وہ اس اسم کا ورد کرے حق تعالی اس کی عاقبت انشاءاللہ بہتر کرے گا۔

3۔ جوکوئی کسی جگہ جائے اوراس اسم کو پڑھ لے وہاں عزت اور تکریم پائے گا۔

4۔ جواس اسم کودفع دشمن کے لیے پڑھے گا انشاءاللہ کامیاب ہوگا۔

5۔ جوعشاء کی نماز کے بعد ایک سو مرتبہ یہ اسم پڑھنے کا معمول بنائے اس کی آخری عمر انشاءاللہ پہلی عمر سے بہتر ہوگی۔

## اسم اَلظَّاهِرُ کے خواص

### (۷۶) اَلظَّاهِرُ جل جلالہ

1۔ جو شخص نماز اشراق کے بعد پانچ سو مرتبہ اس اسم کاورد کرے گا اللہ تعالی اس کی آنکھوں میں روشنی اور دل میں نور عطا فرمائے گا انشاءاللہ۔

2۔ اگر بارش وغیرہ کا خوف ہو تو یہ اسم مبارک کثرت سے پڑھے انشاءاللہ امان پائے گا۔

3۔ اگرکوئی گھر کی دیوار پر یہ اسم مبارک پڑھے انشاءاللہ دیوار سلامت رہے گی۔

4۔ جوکوئی سرمہ پر گیارہ بار یہ اسم مبارک پڑھ کر آنکھوں پر لگائے لوگ اس پر مہربانی کریں

5۔ جو جمعہ کے دن پانچ سو مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے گا اس کا باطن پرنور ہوگا اور انشاءاللہ دشمن مغلوب ہوگا

6۔ یہ ارباب مکاشفات کا ذکر ہے۔

## اسم اَلْبَاطِنُ کے خواص

### (۷۷) اَلْبَاطِنُ جل جلالہ

1۔ جو شخص روزانہ تینتیس بار (یَا بَاطِنُ) پڑھا کرے انشاءاللہ اس پر باطنی اسرار ظاہر ہونے لگیں گے اوراس کے قلب میں انس ومحبت الٰہی پیدا ہوگی۔

2۔ جو شخص دو رکعت نماز ادا کرے اس کے بعد (هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ) ایک سو پینتالیس بار یہ اسم مبارک پڑھنے کا معمول بنائے تو

marfat.com

اس کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

3۔ جوکوئی اس اسم کواکتالیس بار پڑھے انشاءاللہ اس کا قلب نورانی ہوجائے گا۔

4۔ جواس اسم کو ہرنماز کے بعد تینتیس بار پڑھنے کامعمول بنائے تواسے جودیکھے گامحبت کرے گا

5۔ جوکوئی ہر روز اپنے دل میں یا زبان سے تین سوساٹھ باراس کاورد عشاء یا فجر یا کسی بھی نماز کے بعد کرے گا صاحب باطن اور واقف مرادالٰہی ہوگا۔

6۔ جوکسی کوامانت سونپے یا زمین میں دفن کرے وہ کاغذ پر یہ اسم مبارک لکھ کراس کے ساتھ رکھ دے انشاءاللہ کوئی اس میں خیانت نہ کرسکے گا۔

7۔ جو ہرروز اسی بار کسی نماز کے بعداس کو پڑھے گا واقف اسرارالٰہی ہوگا۔

8۔ جو ہرروز تین بار ایک گھنٹہ تک اس کو پڑھے گا اس کواُنسیت الٰہی نصیب ہوگی۔

## اسم اَلْـوَالِیُ کے خواص

(۷۸) اَلْـوَالِیُ جل جلالہ

1۔ جوکوئی اپنا یا کسی اور کا گھر ہر بلا اور ہر بیماری سے بچانا چاہتا ہے تین سو بار (اَلْوَلِیُّ) پڑھے انشاءاللہ وہ گھر محفوظ رہے گا۔

2۔ اگرکسی کوتسخیر کرنے کی نیت سے گیارہ بار پڑھے گا وہ آدمی اس کا مطیع ومنقاد ہوگا انشاءاللہ۔

3۔ بالکل نئے اور کورے آبخورے پر یہ اسم لکھ کراور پڑھ کراس میں پانی بھرے پھر پانی کو گھر کے درودیوار پر چھڑکے تو وہ گھر انشاءاللہ آفات سے محفوظ رہے گا۔

4۔ جوکوئی اس اسم کو بہت پڑھے مخلوق میں انشاءاللہ ذی مرتبہ ہوگا۔

5۔ جوشخص کثرت سے اس کاورد کرے گا وہ انشاءاللہ ناگہانی آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

6۔ اسکا کثرت سے پڑھنا بجلی کی کڑک سے حفاظت کے لیے مفید ہے۔

7۔ اس اسم کا ذکران لوگوں کے لیے بہت مفید ہے جن کولوگوں پر بالادستی حاصل مثلاً حاکم وافسر وشیخ وغیرہ۔

## اسم اَلْمُتَعَالِ کے خواص

(۷۹) اَلْمُتَعَالِ جل جلالہ

1۔ جوشخص کثرت سے اس اسم کاورد رکھے انشاءاللہ اس کی تمام مشکلیں رفع ہوں گی۔

marfat.com

2۔ جوعورت حالت حیض میں کثرت سے اس اسم کا ورد رکھے انشاء اللہ اس کی تکلیف رفع ہوگی۔

3۔ جو بدکردار عورت ایام کی حالت میں اس اسم کو بہت پڑھے گی وہ اپنے فعل سے نجات پائے گی۔

4۔ جوشخص اتوار کی رات کو غسل کر کے آسمان کی طرف منہ کر کے اس کو تین بار پڑھ کر جو دعا مانگے گا انشاء اللہ قبول ہوگی۔

5۔ اس کا بکثرت ذکر کرنے سے رفعت (بلندی) حاصل ہوتی ہے۔

6۔ جو حاکم کے پاس جاتے وقت یہ اسم پڑھ لے اسے محبت اور غلبہ نصیب ہوگا۔

7۔ دشمن کی ہلاکت کیلئے سات دن تک روزانہ ایک ہزار بار پڑھنا مفید ہے۔

## اسم اَلْبَرُّ کے خواص

### (۸۰) اَلْبَرُّ جل جلالہ

1۔ جو کوئی شراب نوشی یا زنا کاری جیسے گناہوں میں گرفتار ہو وہ روزانہ سات بار یہ اسم پڑھے انشاء اللہ اس کا دل گناہوں سے ہٹ جائے گا۔

2۔ جو اسے آندھی وغیرہ کی آفتوں کے ڈر سے پڑھے انشاء اللہ امان میں رہے گا۔

3۔ جوشخص حب دنیا میں مبتلا ہو وہ اس اسم کو بکثرت پڑھے انشاء اللہ دنیا کی محبت اس کے دل سے جاتی رہے گی۔

4۔ جو کوئی اس اسم مبارک کو ایک سانس میں سات بار اپنے لڑکے پر پڑھ کر اللہ تعالی پر دم کرے گا وہ بچہ انشاء اللہ بلوغ تک تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

5۔ جو کوئی اس اسم کو پڑھے گا عزیز خلائق ہوگا۔

6۔ یہ اسم خشکی اور سمندر کے مسافر کے لیے امان ہے۔

7۔ جو اس اسم کو اپنے بچے کے سر پر پندرہ بار پڑھ کر یہ دعا مانگے۔

(اَللّٰهُمَّ بِبَرَكَةِ هٰذَا الْاِسْمِ رَبِّهٖ لَا يَتِيْمًا وَلَا لَئِيْمًا) تو انشاء اللہ یہ دُعا قبول ہوگی اور بچہ نہ یتیم ہوگا اور نہ لئیم۔

8۔ گناہ کبیرہ کا مرتکب اگر سات سو بار یہ اسم مبارک پڑھے تو انشاء اللہ گناہوں سے توبہ کی توفیق پائے۔

marfat.com

9۔ اگر اس کے ساتھ (الرحیم) ملا کر (یَا بَرُّ یَا رَحِیْمُ) پڑھا جائے تو یہ قبولیت کے زیادہ قریب ہے۔

## اسم اَلتَّوَّابُ کے خواص

### (۸۱) اَلتَّوَّابُ جل جلالہ

1۔ جو کوئی چاشت کی نماز کے بعد تین سو ساٹھ مرتبہ اس اسم کو پڑھا کرے گا۔ انشاء اللہ اسے سچی توبہ نصیب ہوگی۔
2۔ جو شخص کثرت سے اس اسم کو پڑھا کرے گا انشاء اللہ اس کے تمام کام آسان ہوں گے اور نفس کو طاعت میں خوشی ہوگی۔
3۔ اگر کسی ظالم پر دس بار یہ اسم پڑھ کر دم کیا جائے تو انشاء اللہ اس سے خلاصی نصیب ہوگی۔
4۔ جو کوئی چاشت کی نماز کے بعد
اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ تو اس کے گناہ انشاء اللہ بخشے جائیں گے۔
5۔ جو اکتالیس دن تک آٹھ سو بار یہ اسم مبارک پڑھے گا انشاء اللہ ظاہر و باطن کی نعمتوں سے نوازا جائے گا۔
6۔ جو اس اسم کو لکھے اور بارش کے پانی سے دھو کر شراب کے عادی کو پلائے تو اس کی عادت چھوٹ جائے گی اور وہ انشاء اللہ تائب ہو جائے گا۔

## اسم اَلْمُنْتَقِمُ کے خواص

### (۸۲) اَلْمُنْتَقِمُ جل جلالہ

1۔ جو شخص حق پر ہو اور دشمن سے بدلہ لینے کی اس میں قدرت نہ ہو وہ تین جمعہ تک بکثرت پڑھے انشاء اللہ اللہ تعالیٰ دشمن سے خود انتقام لے لیں گے
2۔ جو کوئی آدھی رات کو یہ اسم مبارک جس نیت سے پڑھے گا وہ کام انشاء اللہ سرانجام ہوگا۔
3۔ جو کوئی عشاء یا فجر کی نماز کے بعد چالیس دن تک روزانہ ایک ہزار ایک بار یَاقَھَّارُ یَا مُذِلُّ

marfat.com

یَا مُنْتَقِمُ پڑھے گا تو انشاء اللہ ظالم ہلاک ہوگا۔

4۔ جواس اسم کو بکثرت پڑھے گا انشاء اللہ اس کی آنکھ ہرگز نہیں دکھے گی۔

## اسم اَلْعَفُوُّ کے خواص

### (۸۳) اَلْعَفُوُّ جل جلالہ

1۔ جو شخص کثرت سے اس اسم کو پڑھے گا تو انشاء اللہ اس کے گناہوں کو اللہ تعالیٰ معاف فرمادے گا اور اچھے اعمال کی توفیق بخشے گا۔

2۔ جو تین ہفتہ تک اس اسم کا ورد رکھے گا سب دشمن اس کے دوست بن جائیں گے اور لوگوں میں معزز ہوگا۔

3۔ جو کوئی کسی شخص سے ڈرتا ہو اس اسم مبارک کو بہت پڑھے خوف دور ہوگا۔

4۔ اگر اس اسم کے ساتھ (الغفور) کو بھی ملالیا جائے تو یہ قبولیت کے زیادہ قریب ہے۔

5۔ جو اسے ایک سو پچپن بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے خوف سے امان عطا فرمائیں گے۔

## اسم اَلرَّءُوْفُ کے خواص

### (۸۴) اَلرَّءُوْفُ جل جلالہ

1۔ جو کسی مظلوم کو ظالم کے ہاتھ سے چھڑوانا چاہے (یَارَءُوْفُ) دس بار پڑھے ظالم اس کی شفاعت قبول کرے گا۔

2۔ جو کوئی اسے بکثرت پڑھے گا ظالم کا دل اس پر مہربان ہوگا اور سب لوگ اس کو دوست رکھیں گے اور انشاء اللہ اس پر مہربان ہوں گے۔

3۔ جو شخص دس مرتبہ درود شریف اور دس مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا انشاء اللہ اس کا غصہ رفع ہوجائے گا اور دوسرے غضب ناک شخص پر دم کرے تو اس کا غصہ بھی دور ہوجائے گا۔

## اسم مَالِكُ الْمُلْكِ کے خواص

### (۸۵) مَالِكُ الْمُلْكِ جل جلالہ

1۔ جو شخص اس اسم کو ہمیشہ پڑھتا رہے گا اللہ تعالیٰ اس کو غنی اور لوگوں سے بے نیاز فرمادے گا اور

marfat.com

انشاء اللہ وہ کسی کا محتاج نہ رہے گا۔

2۔ جو بادشاہ کسی ملک کو فتح کرنا چاہتا ہو وہ اس اسم کو بہت پڑھے انشاء اللہ کامیاب ہوگا۔

3۔ جو (مَالِكُ الْمُلْكِ يَاذَ الْجَلَالِ وَا لْاِكْرَامِ) بہت پڑھے گا اگر وہ فقیر ہوگا تو غنی ہو جائے گا۔مگر یہ اسم کمال جمال رکھتا ہے۔

4۔ جو بادشاہ اپنی حکومت کا استحکام چاہتا ہو وہ اس اسم کو بکثرت پڑھے۔

## اسم ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ کے خواص

(۸۶) ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ جل جلالہ

1۔ جو شخص کثرت سے اس اسم مبارک کو پڑھتا رہے اللہ تعالیٰ اس کو عزت وعظمت اور مخلوق سے استغناء عطا فرمائیں گے۔

2۔ بعض اس کو اسم اعظم کہتے ہیں جو شخص ( يَاذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِيَدِكَ الْخَيْرُ وَ اَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ )
(يَاذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِيَدِكَ الْخَيْرُ) سو بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے بیمار کو پلائے تو انشاء اللہ بیمار شفا پائے گا اور اگر دل غمگین ہوگا تو اس عمل سے انشاء اللہ مسرور ہوگا۔

3۔ جو کوئی روزانہ پابندی سے تین سو تینتیس بار يَامَالِكُ الْمُلْكِ يَاذَ الْجَلَالِ وَا لْاِكْرَامِ پڑھے گا دنیا اس کی فرمانبردار رہے گی۔

## اسم اَلْمُقْسِطُ کے خواص

(۸۷) اَلْمُقْسِطُ جل جلالہ

1۔ جو کوئی اس اسم کو روزانہ پڑھا کرے وہ انشاء اللہ شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔

2۔ اگر کوئی شخص کسی خاص اور جائز مقصد کے لیے سات مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا انشاء اللہ وہ مقصد پورا ہوگا۔

3۔ جو کسی رنج میں مبتلا ہو وہ ہر روز ستر ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھے انشاء اللہ رنج سے نجات پائے گا۔

marfat.com

4۔ جو کوئی اس اسم کو سو بار پڑھے گا شیطان کے شر اور وسوسے سے بے خوف رہے گا۔

5۔ اس اسم کی کثرت عبادات میں وسوسوں سے بچنے کا بہترین علاج ہے۔

## اسم اَلْجَامِعُ کے خواص

### (۸۸) اَلْجَامِعُ جل جلالہ

1۔ جس شخص کے رشتہ دار اور احباب منتشر ہو گئے ہوں وہ چاشت کے وقت غسل کرے اور آسمان کی طرف منہ کر کے دس مرتبہ (یا جامع) پڑھے اور انگلی بند کر کے اس طرح ہر دس مرتبہ پر ایک ایک انگلی بند کرتا جائے جب ساری انگلیاں بند ہو جائیں تو آخر میں دونوں ہاتھ منہ پر پھیرے انشاء اللہ جلد سب جمع ہو جائیں گے۔

2۔ اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو اَللّٰھُمَّ یَاجَامِعُ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ اِجْمَعْ ضَالَّتِیْ پڑھا کرے وہ چیز انشاء اللہ مل جائے گی۔

3۔ جائز صحبت کے لیے بھی مذکورہ بالا دعا بے مثال ہے۔

4۔ اپنے بچھڑے ہوئے اقارب سے ملنے کے لیے اس اسم کو ایک سو چودہ بار کھلے آسمان کے نیچے پڑھنا مفید ہے۔

## اسم اَلْغَنِیُّ کے خواص

### (۸۹) اَلْغَنِیُّ جل جلالہ

1۔ جو شخص روزانہ ستر بار (یا غنی) پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس کے مال میں برکت عطا فرمائے گا اور انشاء اللہ کسی کا محتاج نہ رہے گا۔

2۔ جو شخص کسی ظاہری یا باطنی مرض یا بلا میں گرفتار ہو وہ اپنے تمام اعضاء اور جسم پر (یا غنی) پڑھ کر دم کیا کرے انشاء اللہ نجات پائے گا۔ یہ اسم مرض طمع (لالچ) کا بھی علاج ہے۔

3۔ جو کوئی اس اسم کو ایک ہزار بار پڑھا کرے وہ انشاء اللہ مالدار ہو جائے گا اور محتاج نہ رہے گا۔

4۔ جو اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا مفلس نہ ہو۔

5۔ جو کوئی اس کو لکھ کر اپنے مال میں رکھے انشاء اللہ اس میں برکت ہوگی۔

marfat.com

6۔ جو کوئی اس اسم کا ورد رکھے گا اس کے اعضاء کا درد جاتا رہے گا۔
7۔ جو کوئی جمعرات کے دن ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھے گا انشاءاللہ دولت پائے گا۔
8۔ جو شخص جمعہ کی نماز کے بعد ستر بار پابندی سے یہ دعا مانگا کرے گا اللہ تعالیٰ اسے غنی فرمادے گا۔

اَللّٰھُمَّ یَاغَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِیُٔ یَا مُعِیْدُ یَافَعَّالاً لِّمَا یُرِیْدُ یَارَحِیْمُ یَاوَدُوْدُ اِکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِیَّتِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

## اسم اَلْمُغْنِیُ کے خواص

### (۹۰) اَلْمُغْنِیُ جل جلالہ

1۔ جو شخص اول اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر گیارہ سو مرتبہ وظیفہ کی طرح یہ اسم پڑھے تو اللہ تعالی اس کو ظاہری و باطنی غنا عطا فرمائے گا یہ عمل فجر یا عشاء کی نماز کے بعد کرے اور اس کے ساتھ سورۃ مزمل بھی تلاوت کرے۔
2۔ جو کوئی اس اسم کو ایک ہزار دو سو ستر بار ہر روز بلا ناغہ پڑھے انشاءاللہ غنی ہو جائے گا۔
3۔ جو کوئی اس اسم مبارک کو لکھ کر اپنے پاس رکھے کبھی فقیر نہ ہو۔
4۔ جو کوئی دس جمعوں تک ہر جمعہ کو ایک ہزار بار یا دس بار یہ اسم پڑھے گا انشاءاللہ مخلوق سے بے نیاز ہو گا۔
5۔ جو کوئی قربت سے پہلے ستر بار یہ اسم پڑھ لے تو بہت امساک ہو گا۔
6۔ جو بہت مفلس ہو فجر کے وقت فرض و سنت کے درمیان دو سو بار اور ظہر، عصر اور مغرب کے بعد دو سو بار اور عشاء کے بعد تین سو بار یہ اسم مبارک پڑھے انشاءاللہ غنی ہو گا۔
7۔ جو کوئی اس اسم مبارک کو گیارہ سو بار روزانہ پڑھے اُسے صفائی قلب حاصل ہو گی۔
8۔ جو گیارہ سو مرتبہ (**یا مغنی**) اور بسم اللہ کے ساتھ گیارہ سو بار (**لا حول ولا قوۃ الا باللہ**) اور بغیر بسم اللہ کے سو بار درود شریف اور دو دفعہ سورۃ مزمل پڑھے گا انشاءاللہ اس کی روزی میں خوب وسعت ہو گی۔

marfat.com

9۔ جو شخص روزانہ گیارہ سو اکیس بار یہ اسم پڑھتا رہے انشاء اللہ کبھی محتاج نہ ہوگا۔

10۔ اگر کوئی سورۃ والضحیٰ پڑھ کر یہ اسم پڑھے گا پھر

اَللّٰهُمَّ يَسِّرْلِیْ لِلْيُسْرِ الَّذِیْ يَسَّرْتَهُ لِكَثِيْرٍ مِّنْ خَلْقِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ کہے تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے غیب سے مددگار بھیجے گا۔

## اسم اَلْمَانِعُ کے خواص

### (۹۱) اَلْمَانِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ

1۔ اگر بیوی سے جھگڑا یا ناچاقی ہو تو بستر پر لیٹتے وقت بیس مرتبہ یہ اسم پڑھا کرے انشاء اللہ جھگڑا ختم اور ناچاقی دور ہو جائے گی اور باہمی انس و محبت پیدا ہوگی۔

2۔ جو کوئی بکثرت اس اسم کا ورد رکھے گا انشاء اللہ وہ ہر شر سے محفوظ رہے گا۔

3۔ اگر کسی خاص اور جائز مقصد کیلئے یہ اسم مبارک پڑھے گا تو انشاء اللہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

4۔ اگر کوئی اس اسم کو سو بار پڑھے گا انشاء اللہ دو شخصوں کے درمیان لڑائی ختم ہو جائے گی۔

5۔ جو اپنی مراد تک نہ پہنچ سکے وہ اس اسم کو صبح و شام پڑھا کرے انشاء اللہ مراد پوری ہوگی۔

## اسم اَلضَّآرُّ کے خواص

### (۹۲) اَلضَّآرُّ جَلَّ جَلَالُهٗ

1۔ جو شخص جمعہ کی شب میں سو مرتبہ یہ اسم پڑھے گا وہ انشاء اللہ تمام ظاہری اور باطنی آفتوں سے محفوظ رہے گا اور قرب خداوندی اسے حاصل ہوگا۔

2۔ جو کوئی اس اسم پاک کو پڑھے اور ظالم کے نام سے انشاء اللہ اس کو ضرر پہنچے گا اور پڑھنے والا اس کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

3۔ جس کو ایک حال و مقام میسر ہو سو بار شب جمعہ میں اس اسم کو پڑھنے کا معمول بنائے اللہ تعالیٰ اس کو مقام میں ثابت رکھے گا اور اہل قرب کے مرتبہ تک پہنچا دے گا: اس مرتبہ کے آگے ظاہری کمال کی کچھ اصل نہیں۔

4۔ جس کی عزت گم ہو ہر شب جمعہ اور ایام بیض میں سو بار نماز عشاء کے بعد یہ اسم مبارک پڑھا

marfat.com

کرے انشاء اللہ محترم رہے گا۔

5۔ جو ہر شب جمعہ سو بار (اَلضَّآرُّ النَّافِعُ) پڑھا کرے گا انشاء اللہ اپنی قوم میں معزز اور جسمانی طور پر باعافیت رہے گا۔

## اسم اَلنَّافِعُ کے خواص

### (۹۳) اَلنَّافِعُ جل جلالہ

1۔ جو کوئی کشتی وغیرہ سواری میں سوار ہونے کے بعد (یَا نَافِعُ) کثرت سے پڑھتا رہے انشاء اللہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

2۔ جو شخص کسی کام کو شروع کرتے وقت اکتالیس مرتبہ (یَا نَافِعُ) پڑھے گا انشاء اللہ وہ کام حسب منشاء ہوگا۔

3۔ جو شخص بیوی سے جماع کرتے وقت یہ اسم پہلے پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ اولاد صالح نصیب ہوگی۔

4۔ جو کوئی اس اسم کو پڑھ کر مریض پر دم کرے انشاء اللہ وہ شفا پائے گا۔

5۔ جو ماہ رجب میں اس کا ورد کرے گا انشاء اللہ مراد الٰہی سے آگاہ ہوگا۔

6۔ جو چار روز جہاں تک ہوسکے پڑھے گا انشاء اللہ کبھی کسی غم میں نہ پڑے گا۔

7۔ جو سفر حج میں اسے پڑھا کرے انشاء اللہ بخیر گھر واپس آئے گا۔

## اسم اَلنُّوْرُ کے خواص

### (۹۴) اَلنُّوْرُ جل جلالہ

1۔ جو شخص شب جمعہ میں سات مرتبہ سورۃ طور اور ایک ہزار بار اس اسم کو پڑھا کرے گا انشاء اللہ اس کا دل نور الٰہی سے منور ہو جائے گا۔

2۔ جو کوئی اس اسم کو (یَا نَافِعُ) کے ساتھ ملا کر پڑھے گا اور مریض پر دم کرے تو انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

3۔ جو صبح کے وقت اس کے ذکر کو لازم پکڑے گا اس کا دل روشن ہوگا۔

marfat.com

4۔ جو کوئی اندھیرے کمرے میں آنکھوں کو بند کر کے اس اسم کا اس قدر ذکر کرے گا کہ حال طاری ہو جائے وہ عجیب وغریب انوار کا مشاہدہ کرے گا اور اس کا دل نور سے بھر جائے گا یہ اسم اہل بصیرت ومکاشفات کیلئے بہت مناسب ہے۔

## اسم اَلْهَادِیُ کے خواص

### (۹۵) اَلْهَادِیُ جل جلالہ

1۔ جو شخص ہاتھ اُٹھا کر آسمان کی طرف منہ کر کے بکثرت (یا ھادی) پڑھے اور آخر میں چہرہ پر ہاتھ پھیرے اس کو انشاءاللہ کامل ہدایت نصیب ہوگی اور اہل معرفت میں شامل ہو جائے گا۔

2۔ جو کوئی گیارہ سو بار (یَا هَادِیُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ) عشاء کی نماز کے بعد پڑھ لیا کرے وہ انشاءاللہ کسی کا محتاج نہ رہے گا اور سیدھے راستے کی ہدایت نصیب ہوگی۔

3۔ جب کسی کو کوئی مشکل پیش آئے وہ دو رکعت نماز پڑھے۔ اور دونوں رکعتوں میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پڑھے اور سلام کے بعد یہ اسم ایک سانس میں جس قدر ہو سکے پڑھے جب سانس ٹوٹ جائے تو دُعا مانگے انشاءاللہ قبول ہوگی۔

4۔ جو کوئی سفر پر ہو اور اسے راستہ نہ ملے تو وہ کہے (یَا هَادِیُ اِهْدِ) انشاءاللہ راستہ مل جائے گا۔

5۔ اس کے ذکر سے یا پاس رکھنے سے بصیرت اور فہم صحیح پیدا ہوتا ہے اس کا ذکر اہل حکومت کیلئے بھی مناسب ہے۔

6۔ جو فرائض کے بعد چار سو بار اس کا ورد کرے گا اس کی عظیم مدد ہوگی۔

7۔ اگر بادشاہ اس کا اس قدر ذکر کرے کہ حال طاری ہو جائے تو رعایا فرمانبردار ہوگی۔

8۔ لیکن سیر (عالم بالا کی سیر) کے لیے اس کا ذکر مفید ہے۔

## اسم اَلْبَدِیْعُ کے خواص

### (۹۶) اَلْبَدِیْعُ جل جلالہ

1۔ جس شخص کو کوئی غم یا مصیبت یا کوئی مشکل پیش آئے ایک ہزار مرتبہ (یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ) پڑھے انشاءاللہ کشائش (کشادگی) نصیب ہوگی۔

marfat.com

2۔ جو شخص اس اسم کو باوضو پڑھتے وقت سو جائے تو جس کام کا ارادہ ہو تو انشاء اللہ خواب میں نظر آئے گا۔

3۔ جو کوئی نماز عشاء کے بعد (یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ) سو مرتبہ بارہ دن پڑھے گا تو جس کام یا مقصد کے لیے پڑھے گا وہ انشاء اللہ پورا عمل ختم ہونے سے پہلے حاصل ہو جائے گا۔

4۔ کسی غم یا اہم حاجت کے لیے ستر ہزار مرتبہ (یَا بَدِیْعُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ) پڑھے انشاء اللہ غم رفع ہوگا اور حاجت پوری ہوگی۔

5۔ جو اس اسم کا بکثرت ورد کرے گا اسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے علم و حکمت عطا کی جائے گی اور اللہ تعالیٰ اس کی زبان سے ان علوم کو جاری فرمائے گا جن کو وہ پہلے نہ جانتا تھا۔ انشاء اللہ

## اسم اَلْبَاقِیْ کے خواص

### (۹۷) اَلْبَاقِیْ جل جلالہ

1۔ جو شخص اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ جمعہ کی رات میں پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو ہر طرح کے ضرر و نقصان سے محفوظ رکھے گا اور انشاء اللہ اس کے تمام نیک اعمال مقبول ہوں گے اور اسے غم سے خلاصی نصیب ہوگی۔

2۔ جو سورج نکلنے سے پہلے سو بار روزانہ یہ اسم مبارک پڑھے گا انشاء اللہ مرتے دم تک کچھ دکھ نہ پائے گا اور عاقبت (آخرت) میں بخشا جائے گا۔

3۔ جو اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد ایک سو تیرہ بار پڑھنے کا معمول بنائے گا اسے اس کے منصب سے کوئی معزول نہیں کر سکے گا خواہ اس کے خلاف جن و انس جمع ہو جائیں۔

4۔ جو ایک سو بار (یا باقی) پڑھتا رہے گا انشاء اللہ اس کے اعمال مقبول ہوں گے۔

## اسم اَلْوَارِثُ کے خواص

### (۹۸) اَلْوَارِثُ جل جلالہ

1۔ جو شخص طلوع آفتاب کے وقت سو مرتبہ (یَا وَارِثُ) پڑھے گا انشاء اللہ دنیا و آخرت میں ہر

marfat.com

رنج وغم اور سختی ومصیبت سے محفوظ رہے گا اور خاتمہ بالخیر ہوگا یہ خفیہ رازوں میں سے ہے۔

2۔ جو کوئی مغرب وعشاء کے درمیان ایک ہزار مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے گا ہر طرح کی حیرانی و پریشانی سے انشاء اللہ دور رہے گا۔

3۔ جو کوئی اس اسم کو کثرت سے پڑھتا رہے گا اس کے مال میں برکت ہوگی اس کے سب کام بر آئیں گے اور وہ امن میں رہے گا اور انشاء اللہ اس کی عمر دراز ہوگی۔

## اسم اَلرَّشِیۡدُ کے خواص

(۹۹) اَلرَّشِیۡدُ جل جلالہ

1۔ جس کو اپنے کسی کام یا مقصد کی تدبیر سمجھ میں نہ آئے تو وہ مغرب وعشاء کے درمیان ایک ہزار بار (یَا رَشِیۡدُ) پڑھے انشاء اللہ خواب میں تدبیر نظر آئے گی یا دل میں اس کا القاء ہو جائے گا۔

2۔ اگر روزانہ اس اسم کا ورد رکھے تو انشاء اللہ تمام مشکلات دور ہو جائیں گی اور کاروبار میں خوب ترقی ہوگی۔

3۔ جو اس اسم مبارک کو مباشرت سے پہلے پڑھے گا انشاء اللہ فرزند صالح و پرہیزگار پیدا ہوگا۔

4۔ درست فیصلے کی طرف رہنمائی کیلئے اس اسم کو عشاء کے بعد ایک سو بار پڑھنا مفید ہے۔

5۔ جو عشاء کے بعد سو بار یہ اسم مبارک پڑھے گا انشاء اللہ اس کا عمل قبول ہوگا۔

## اسم اَلصَّبُوۡرُ کے خواص

(۱۰۰) اَلصَّبُوۡرُ جل جلالہ

1۔ جو شخص طلوع آفتاب سے پہلے سو بار پڑھے گا وہ انشاء اللہ ہر مصیبت سے محفوظ رہے گا اور دشمنوں اور حاسدوں کی زبانیں بند رہیں گی۔

2۔ جو کوئی کسی بھی مصیبت میں گرفتار ہو وہ ایک ہزار بیس مرتبہ اس اسم کو پڑھے انشاء اللہ اس سے نجات پائے گا اور اطمینان قلب نصیب ہوگا۔

3۔ تمام حاجات کے لیے اس کو دو سو اٹھانوے بار ہر روز پڑھے۔ جس کو غم و رنج یا مصیبت پیش

marfat.com

آئے تینتیس بار اس اسم کو پڑھے انشاء اللہ پریشانی دور ہو جائے گی۔

4۔ جو آدمی رات میں یا دوپہر میں اس اسم کو پڑھنے کی مدامت کرے گا اس کو دشمنوں کی زبان بندی وخوشنودی اور بادشاہ کی رضامندی حاصل ہوگی یہ اسم دلوں کے غضب اور رنج وغم دور کرنے کی خاصیت رکھتا ہے۔

5۔ یہ اسم مبارک اہل مجاہدہ کا ورد ہے اس کے ذریعے انہیں ثابت قدمی نصیب ہوتی ہے۔

marfat.com

# اسماء الحسنٰی کے مجرب و مستعمل وظائف

(۱) وظیفہ: سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ

تعداد: ایک سوایک مرتبہ

مدت: یومیہ بلاناغہ پڑھنا ہے۔

خاصیت: مخلوق خدا میں پر جلال و باہیبت ہوگا ان شاء اللہ تعالیٰ۔

(۲) وظیفہ: اَلسَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ يَا اَللّٰهُ يَا سَلَامُ يَا مُؤْمِنُ يَا مُهَيْمِنُ۔

تعداد: ایک سو اکیس بار یومیہ پڑھنا ہے

خاصیت: ان شاء اللہ تعالیٰ امن و امان میں رہے گا اول وآخر درود شریف۔

(۳) وظیفہ: سُبْحَانَ الْعَزِيْزِ الْجَبَّارِ الْمُتَكَبِّرِ يَا عَزِيْزُ يَا جَبَّارُ يَا مُتَكَبِّرُ۔

تعداد: تین سو تیرہ مرتبہ یومیہ پڑھنا ہے۔

خاصیت: دشمن کے مکر اور ایذا رسانی سے محفوظ رہے گا' درود شریف اول وآخر پڑھتا رہے۔

(۴) وظیفہ: سُبْحَانَ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ الْمُبْدِئُ الْمُعِيْدُ۔

تعداد: ایک سو گیارہ بار صبح و شام اول وآخر درود شریف پڑھنا ہے۔

خاصیت: اللہ تعالیٰ اس کو نرینہ اولاد نیک اور عمر دراز بھی عطا فرمائے گا اور محبت بھی عطا ہوگی۔

(۵) وظیفہ: اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْغَفَّارُ الرَّؤُفُ الرَّحِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ۔

تعداد: ایک سو بار اول وآخر درود شریف۔

خاصیت: اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بھی معاف فرمادیں گے اور برکات جسمانی اور روحانی بھی عطا کریں گے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

(۶) وظیفہ: لَا وَهَّابُ اِلَّا اللّٰهُ لَا رَزَّاقُ اِلَّا اللّٰهُ لَا فَتَّاحُ اِلَّا اللّٰهُ۔

تعداد: ایک سو بار اول وآخر درود شریف بعد نماز صبح و عشاء یا ایک وقت۔

خاصیت: جو شخص ان کو اللہ کی رضا کیلئے پڑھے تو اللہ کی رضا بھی حاصل ہوگی اور دولت بھی اور حق سچ کا ظہور ہوگا اور باطل نابود ہوگا (ان شاء اللہ تعالیٰ)۔

(۷) وظیفہ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْعَلِيْمِ السَّمِيْعِ الْبَصِيْرِ۔

marfat.com

تعداد: اسکاورد صبح وشام یاایک وقت سو بار آخر درود شریف پڑھے۔

خاصیت: اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے پڑھے اس کو علم کامل بعمل صالح نصیب ہوگا اور کشف کونی اور کشف حقائق اور اسرار قرآنی واحکام اسکی استعداد کے مطابق نصیب ہوں گے اور قرآن پاک بھی جلدیاد کر لے گا۔

(۸) وظیفہ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ سات بار اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا سات باراول وآخر درود شریف سو بار يَا جَلِيْلُ يَا عَلِيُّ يَا كَبِيْرُ پڑھےاوراول وآخر درود شریف۔

خاصیت: جو شخص ان اسماء کو اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے پڑھتا رہے نفس وشیطان پر بھی اور دشمن پر بھی غالب رہے گا۔اور لوگوں میں اس کی ہیبت مقبول ہوگی۔

(۹) وظیفہ: اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الشَّكُوْرُ الْكَرِيْمُ۔

تعداد: اکتالیس باراول وآخر درود شریف۔

خاصیت: عبادت قبول ہوگی، گناہ معاف ہوں گے۔

(۱۰) وظیفہ: حَسْبِيَ اللّٰهُ الْحَفِيْظُ الْمُقِيْتُ (نگاہ رکھنے والاقوت رکھنے والا)

تعداد: ستر باراول وآخر درود شریف

خاصیت: سات راتیں یا ستائیس راتیں ہر دشمن سے محفوظ رہے گا بلکہ غالب ہو جائے گا اور چور سے اس رات محفوظ رہے گا (ان شاءاللہ)۔

نوٹ: جمعۃ المبارک کی رات سے شروع کرے۔

(۱۱) وظیفہ: اَلْغَفُوْرُ الشَّكُوْرُ الْكَرِيْمُ

تعداد وطریقہ: ہر نماز کے بعد اکتالیس باراول وآخر درود شریف۔

خاصیت: عبادت قبول ہوگی گناہ معاف ہوں گے اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے پڑھے تو مراتب میں ترقی ہوگی۔

(۱۲) وظیفہ وطریقہ: بوقت نصف شب ایک سو ایک باراول وآخر درود شریف جو شخص پڑھتا رہے خلقت میں برگزیدہ ہو جائے گا (بفضلہ تعالیٰ) بشرطیکہ اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے پڑھے اس سے پہلے سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ ۱۴۱ بار اور آخر میں سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۱۴۱ بار اور پھر دعا کرے اور اس طور پر پڑھے يَا اللّٰهُ يَا رَافِعُ يَا مُعِزُّ يَا مَجِيْدُ۔

marfat.com

(۱۳) وظیفہ وطریقہ: اَلْوَدُوْدُ اللَّطِیْفُ الْمُجِیْبُ اگر مرچ سیاہ گیارہ عدد پر گیارہ سو بار بعد دم کر کے جلتی آگ میں جلاتا رہے دشمن کی دشمنی دفع ہو جائے گی بلکہ محبت میں بدل جائے گی اگر اکہتر بار شرینی کے اوپر دم کر کے کھلا دے مرد یا بیوی کی محبت ہو جائے گی اور وضو کے ساتھ اللہ کی رضا کیلئے تین سو تیرہ بار اول وآخر درود شریف پڑھتا رہے اللہ تعالیٰ کی محبت ہو جائے گی اور اللہ تعالیٰ کی محبت اس سے ہو جائے گی۔

(۱۴) یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ سجدہ میں پڑھے دعا قبول ہوگی، رحمت برسے گی اور اگر دعا کے اول وآخر میں درود پڑھے زیادہ اجابت دعا کا موجب ہے اور اگر اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ کا ورد ایک سو اکیس بار اول وآخر درود شریف تین تین بار پڑھے دنیا وآخرت کے مطالب پورے ہوں گے، عزت وعظمت بڑھے گی، رزق میں فراخی ہوگی اور قرب الٰہی نصیب ہوگا، قبر کی تنگی دور ہوگی، اس کے فائدے بے شمار ہیں بشرطیکہ اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے پڑھے:

(۱۵) وظیفہ وطریقہ: یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ اول وآخر درود شریف سات سات بار سوا لاکھ بار پڑھے چند دن میں اس کی تمام حاجات پوری ہوں گی اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے۔ درود شریف پھر سورۃ الاخلاص مکمل پھر یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ پھر پوری سورۃ ہر نماز کے بعد پچیس بار اول وآخر درود شریف ضرور پڑھے۔

(۱۶) وظیفہ وطریقہ: مَالِكُ الْمُلْكِ وَ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَللّٰھُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَسْئَلُكَ رِضَاكَ وَالْجَنَّةَ وَالْعَفْوَوَالْعَافِیَةَ صبح وشام اکیس اکیس بار اول وآخر درود شریف ایک ایک بار دنیا وآخرت کی عزت وعظمت اور قرب الٰہی حاصل ہوگا۔

(۱۷) وظیفہ وطریقہ: یَا اَللّٰہُ یَا ھَادِیُ یَا نَافِعُ یَا نُوْرُ اگر بے نماز یا گناہوں میں ڈوبا ہوا ان کو صبح وشام اکتالیس بار اول وآخر درود شریف پڑھ کر اپنی ہدایت واصلاح کیلئے دعا بعجز ونیاز سے کیا کرے سچ مچ اس کو نیک اور صالح بننے کی توفیق دی جائے گی بفضلہ اللہ تعالیٰ اس کا دل روشن ہوگا دین ومال میں نقصان سے بچے گا۔

(۱۸) وظیفہ وطریقہ: یَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ جس قدر زیادہ پڑھے گا اس قدر رحمت دارین سے نوازا جائے گا اور دعائیں قبول ہوں گی دکھ دور ہوں گے مطالب پورے ہوں گے کم از کم اکتالیس بار اول وآخر درود شریف صبح وشام پڑھے اس کے فیوضات بے شمار ہیں۔

marfat.com

(۱۹) جو شخص دکھ دینی یا دنیاوی جسمانی یا روحانی سے درماندہ ہو چکا ہو قلق واضطراب میں پریشان ہو ان اسماء گرامی کو ایک سو اکتالیس بار اول و آخر درود شریف صبح و شام پڑھ کر گڑگڑا کر دعا کیا کرے جلدی مشکل کشائی و حاجت روائی ہوگی نیز محبت و معرفت کے دروازے بھی کھلیں گے یَا اَللّٰہُ یَا وَکِیْلُ یَا حَمِیْدُ۔

(۲۰) اَلْبَاقِیُ الْبَدِیْعُ الْبَاسِطُ اگر نجات مِنَ الْاَعْدَاءِ چاہتا ہے اور رزق کی تنگی سے بچنا چاہتا ہے اور معارف و مدارج دائمی کا طلب گار ہے اس کو اکیس بار اول و آخر درود شریف ہر نماز یا صبح و عصر کی نماز کے ساتھ پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ کمالات و کرامات دیکھے گا جس کا بیان تحریر سے نہیں ہوسکتا ہے۔

وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِاَسْرَارِ اَسْمَآءِ الْحُسْنٰی لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

## اسم اعظم' دعائے خضری

شان والے نبی علیہ السلام نے فرمایا جو دعا اسم اعظم پڑھ کر کی جائے وہ قبول ہوتی ہے ہر دینی و دنیاوی مقصد میں کامیابی کے لیے مجرب ہے۔

وظیفہ: ہر فرض نماز کے بعد سات مرتبہ اسم اعظم' دعائے خضری پڑھیں' اول آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے تمام جسم پر پھیر دیں اور نیک مقاصد کے لئے دعا کریں۔

## اسم اعظم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا اَللّٰہُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اِلٰھَنَا وَاِلٰہَ کُلِّ شَیْءٍ اِلٰھًا وَّاحِدًا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَنْتَ الْمُیَسِّرُ لِکُلِّ عَسِیْرٍ وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔

ترجمہ: اے اللہ' اے زندہ رہنے والے اور سہارا دینے والے خدا' اے بزرگی اور عزت والے خدا! اے ہمارے اور ہر چیز کے تنہا معبود تیرے سوا کوئی معبود نہیں' تو ہی ہر مشکل کو آسان کرنے والا ہے اور تو ہی ہر چیز پر قادر ہے اے زندہ رہنے والے اور سہارا دینے والے خدا' تیری ہی رحمت کا ہمیں سہارا ہے اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے۔''

marfat.com

# باب ۲ حضور اکرم ﷺ پر صلوٰۃ وسلام بھیجنے کی فضیلت

نہ دولت میں نہ جاہ میں نہ رسم و راہ میں ہے
اس زندگی کا کیف و سرور صلِ علیٰ میں ہے

درود شریف ایک مقبول ترین اور مفید ترین وظیفہ ہے۔ دور حاضر کا انسان گوناں گوں پریشانیوں، مسائل، ذہنی دباؤ، اور ذہنی تناؤ جیسی کیفیات سے نہ صرف دو چار ہے بلکہ مصائب وآلام کی ایسی وادیوں میں سرگرداں ہے جس سے بچ نکلنا اسے مشکل ہی نہیں محال نظر آتا ہے۔ ان ناگفتہ بہ حالات میں جب تک انسان اپنے نفس میں طاقت پاتا ہے حالات سے نبرد آزما ہونے اور ان سے چھٹکارا پانے کی کوشش کرتا ہے۔ اس سعی لاحاصل کے بعد بھی جب وہ تھک جاتا ہے تو آخر اسے ایک ہی در دکھائی دیتا ہے جہاں اس کے سارے مسائل کا حل موجود ہوتا ہے۔ وہ در ایک خداوند قدوس کا در ہے اور اس در سے روشناس کرانے والی ذات جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی ذات مبارکہ ہے۔ چنانچہ اس عظیم ہستی کا اس احسان عظیم کے بدلہ میں ہمارے اوپر حق ہے کہ ہم اس ذات مقدسہ پر کثرت سے درود شریف بھیجیں اور ان کے بلندیٔ درجات کیلئے دعا کریں۔ پھر اس میں فائدہ بھی انسان کی اپنی ذات ہی کا ہے کہ درود شریف ہموم وغموم اور افکار و وساوس سے نکلنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ مناسب ہے کہ درود شریف سے پہلے تھوڑا استغفار کر لیا جائے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو حضور اکرم ﷺ پر بکثرت درود شریف بھیجنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس کی برکات ہم سب کو دنیا وآخرت میں نصیب فرمائے۔ آمین۔

(۱) فرمایا رسول اللہ ﷺ نے جس مجلس میں کچھ لوگ بیٹھیں اور اس میں اللہ کا ذکر نہ کریں اور اپنے نبی ﷺ پر درود نہ بھیجیں تو یہ مجلس ان لوگوں کیلئے قیامت کے روز حسرت کا سبب ہوگی۔ اگرچہ ثواب کیلئے جنت میں داخل ہو جائیں۔ (ابن حبان، احمد، ابوداؤد، ترمذی، نسائی، حاکم عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ)

(۲) حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جمعہ کے دن کثرت سے درود بھیجا کرو کیونکہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ (ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، ابن حبان عن اوس بن اوس رضی اللہ عنہ)

(۳) فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ جو شخص جمعہ کے دن مجھ پر درود بھیجتا ہے اس کا درود میرے سامنے ضرور پیش کیا جاتا ہے (حاکم، عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ)

marfat.com

(۴) اورفرمایا کہ قیامت کے دن میرے سب سے زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جس نے مجھ پر بکثرت درود بھیجا ہوگا۔(ترمذی ابن حبان، عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ)

(۵) اورفرمایا کہ پکا بخیل وہ ہے جس کے سامنے میرا ذکر ہواور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔(ترمذی، نسائی، ابن حبان، حاکم، عن علی رضی اللہ عنہ)

(۶) اورفرمایا کہ مجھ پر بکثرت درود بھیجا کرو کیونکہ وہ تمہارے واسطے زکوٰۃ ہے (یعنی نفس کی پاکیزگی کا ذریعہ ہے) (ابویعلی عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ)

(۷) اورفرمایا کہ وہ شخص ذلیل وخوار ہو جس کے سامنے میرا ذکر ہواور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔( ترمذی، ابن حبان، بزار، طبرانی، عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ)

(۸) فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ جس کے سامنے میرا ذکر ہوا سے چاہیے کہ مجھ پر درود پڑھے۔( نسائی، طبرانی، فی الاوسط، ابویعلی ابن سنی عن انس رضی اللہ عنہ)

(۹) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جوشخص مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔(ابن سنی عن انس رضی اللہ عنہ)

(۱۰) اورفرمایا کہ جوکوئی شخص میرا ذکر کرے اس کو چاہیے کہ مجھ پر درود بھیجے۔(ابویعلی عن انس رضی اللہ عنہ)

(۱۱) اورفرمایا کہ بے شک اللہ کے کچھ فرشتے (زمین میں) گشت لگاتے پھرتے ہیں جو میری امت کا سلام مجھے پہنچاتے ہیں۔(نسائی، ابن حبان، حاکم، عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ)

(۱۲) اورفرمایا کہ میں جبرائیل علیہ السلام سے ملا تو انہوں نے مجھے اس بات کی خوشخبری سنائی کہ آپ کا رب یہ فرماتا ہے کہ جوشخص آپ ﷺ پر درود بھیجے گا میں اس پر اپنی رحمت نازل کروں گا اور جوشخص آپ پر سلام بھیجے گا اس پر سلام بھیجوں گا۔اس پر میں نے سجدۂ شکرادا کیا۔( حاکم، احمد، عن عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ)

(۱۳) حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ میں نے اپنا تمام وقت آپ ﷺ پر درود بھیجنے ہی کیلئے مقرر کردیا۔اس پر آپ ﷺ نے فرمایا ایسا کروگے تو تمہاری فکرمندی کی کفایت ہوجائے گی اور تمہارے گناہ معاف ہوجائیں گے۔(ترمذی، حاکم، احمد عن ابی بن کعب رضی اللہ عنہ)

(۱۴) اورفرمایا رسول اللہ ﷺ نے جوشخص مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں

marfat.com

نازل فرماتا ہے۔ (ابوداؤد، ترمذی، نسائی، حاکم عن ابن ابی موسیٰ رضی اللہ عنہ)

(۱۵) ایک روز آنحضرت ﷺ تشریف لائے تو آپ کے چہرہ انور پر خوشی کے آثار ظاہر ہورہے تھے آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجھ سے جبریل علیہ السلام نے آکر کہا کہ آپ ﷺ کا رب فرماتا ہے اے محمد ﷺ کیا تم اس بات سے خوش نہیں ہو گے کہ جو کوئی شخص تمہاری امت میں سے تم پر ایک بار درود بھیجے تو میں بھی اس پر دس بار رحمت نازل کروں اور جو شخص تم پر ایک بار سلام بھیجے تو میں اس پر دس بار سلام بھیجوں۔ (اسی ارشاد خداوندی کی وجہ سے آپ ﷺ خوش ہورہے تھے۔) (نسائی، ابن حبان، حاکم، ابن ابی شیبہ، دارمی، عن ابی طلحہ رضی اللہ عنہ)

(۱۶) اور ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے اور اس کے دس گناہ معاف ہوجاتے ہیں اور اس کے دس درجے بلند ہوجاتے ہیں اور اس کے لئے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ (نسائی، طبرانی فی الکبیر عن عمرو بن سعد عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ)

(۱۷) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جو شخص نبی اکرم ﷺ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اس پر اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے ستر مرتبہ رحمت بھیجتے ہیں۔ (احمد ہو موقف علی عبداللہ ولم یذکر المؤلف رمز الوقف لانہ فی حکم المرفوع)

(۱۸) حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ ہر دعا (بارگاہ الٰہی تک پہنچنے سے) رکی رہتی ہے جب تک محمد ﷺ اور آل محمد پر درود نہ پڑھا جائے۔ (طبرانی فی الاوسط عن علی رضی اللہ عنہ)

(۱۹) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ دعا آسمان وزمین کے درمیان رکی رہتی ہے اس میں سے کوئی چیز بھی (اللہ کے پاس) نہیں جاتی جب تک کہ تو اپنے نبی محمد ﷺ پر درود نہ بھیجے۔ (ترمذی عن سعید بن المسیب

(۲۰) جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس کے لئے عافیت کا ایک دروازہ کھول دیتے ہیں۔

چند نافع الخلائق وظائف درود شریف قارئین کیلئے قلمبند کئے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی ذات کریم ان سے منتفع ہونے کی سعادت نصیب فرمائیں۔ آمین ثم آمین۔

marfat.com

## حضور ﷺ کی شفاعت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ

فائدہ:
جو شخص یہ درود شریف پڑھے گا، اس کے لئے حضور ﷺ کی شفاعت واجب ہوگی۔ (ص 29)

## سرکارِ دوعالم ﷺ کے چہرۂ انور کی زیارت کا دُرود شریف

صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

فائدہ: جو مسلمان مرد یا عورت شب جمعہ میں دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد 35 مرتبہ سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد) پڑھے اور نماز کے بعد ایک ہزار بار مذکورہ بالا درود شریف پڑھ کر دعا کرے تو اگلا جمعہ آنے سے قبل خواب میں آنحضرت ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوگا اور زیارت کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو بخش دیں گے۔ (ذریعۃ الوصول حوالہ نمبر 53)

## جنّتی پرندے کی دُعائے مغفرت کا عجیب نُسخہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی كُلِّ حَالٍ ○ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَھْلِ بَیْتِهٖ ○

فائدہ: اگر کوئی شخص چھینک آنے پر مذکورہ بالا دعا اور درود شریف پڑھ لیا کرے تو اللہ تعالیٰ ایک پرندے کو پیدا فرمائیں گے اور وہ عرش الٰہی کے نیچے اپنے پروں کو حرکت دے گا اور دعا کرے گا یا اللہ! ان الفاظ کے کہنے والے کی مغفرت فرما دیجئے۔ (ذریعۃ الوصول حوالہ نمبر 51)

## قرض سے محفوظ رہنے کے لئے عمدہ درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

marfat.com

فائدہ: جو شخص چاہے کہ کبھی قرض دار نہ ہو یا اگر ہو جائے تو جلد نجات پائے، اس کو چاہیے کہ بعد نماز ظہر سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو قرض سے بچائیں گے اور اگر مقروض ہو تو غیب سے قرض کی ادائیگی کا انتظام کر دیں گے اور آخرت میں کسی نعمت کی ناقدری پر پکڑ نہیں ہوگی انشاء اللہ العزیز۔ (ذریعۃ الوصول حوالہ نمبر 147)

## لڑکا یا لڑکی کی شادی میں بندش کا دُرودِ ابراہیمیؑ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○

فائدہ: اگر کسی لڑکا یا لڑکی کی شادی میں رکاوٹ ہو اور رشتہ نہ ہوتا ہو یا سرے سے رشتہ آتا ہی نہ ہو تو لڑکا یا لڑکی اور اس کی ماں صبح فجر کے بعد اور شام کو مغرب کے بعد پانچ سو دفعہ درود ابراہیمی پڑھ کر دعا کریں تو بہت جلد نیک اور اچھے رشتے کا اللہ تعالیٰ انتظام کر دیتے ہیں اور رکاوٹ دور ہو جاتی ہے۔ (ذریعۃ الوصول حوالہ نمبر 1)

## ذاتی گھر کے حصول کے لیے آزمودہ دُرود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ ○

فائدہ: جو شخص اپنا ذاتی گھر چاہتا ہو وہ یہ درود شریف جمعہ کے دن بعد نماز عصر ہزار بار پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ محض اپنے لطف و کرم سے اس کے ذاتی گھر کا انتظام کر دیتے ہیں اور رہائش کے حوالے سے انشاء اللہ وہ کبھی پریشان نہ ہوگا نیز اس کے علاوہ بے شمار روحانی فوائد اس درود شریف میں پنہاں ہیں چنانچہ ہر نماز کے بعد 21 بار اس کا ورد رکھیں تو انعامات ربانی کا مورد ہوگا۔ (ذریعۃ الوصول حوالہ نمبر 148)

marfat.com

باب ۳

# سورتوں کے خواص

اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّکۡرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوۡنَ کی صداقت سے بھرپور الفاظ کی گواہی چودہ صدیاں گذر جانے کے باوجود تمام حقائق پورے شدومد کے ساتھ دے رہے ہیں۔ قرآن واحد آسمانی کتاب ہے جو تحریف وترمیم سے مبرا ہے۔ قرآن کا کھلا چیلنج ہے کہ تمام جن وانس ایک دوسرے کے مددگار ومعاون بن کر بھی اس کی مثل نہیں لا سکتے۔ قرآن نے چیلنج کے طور پر ایک سورۃ کے الفاظ بھی استعمال کیے ہیں کہ کچھ نہیں تو اس کی مانند ایک سورت ہی بنا کر لے آؤ۔

قرآن کی موجودہ ترتیب نزولی نہیں بلکہ توقیفی ہے جس کو حضور اکرم رسالت مآب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کی رضا کے مطابق ترتیب دیا ہے۔ بالکل ایسے جیسے کوئی ماہر جوہری نگینہ میں تمام پتھروں کو مناسب ترین اور کامل ترین ترتیب میں جڑتا ہے۔

قرآن تمام بنی نوع انسان کے تمام مسائل اور مصائب کا حل احسن ترین طریقے سے پیش کرتا ہے۔ قرآن پاک کی سورتوں اور بعض سورتوں کی آیات میں موجود سربستہ خزانے کی مشاہدات میں جھلک مندرجہ ذیل ہے۔

## سورۃ الفاتحہ (۱)

☆ سورۃ الفاتحہ کو سر کے درد کیلئے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں اول وآخر درود شریف پڑھ کر دم کرے تمام دردسر اور شقیقہ کے درد کو مفید ہے تین دن ایسا کرے ان شاءاللہ تعالیٰ رحمت ہوگی۔ ☆ پیٹ کے درد کیلئے نمک پر دم کر کے دیں، درد والا مریض نمک کو تھوڑا تھوڑا چکھا کرے، بخار اور حرارت کیلئے سات بار پانی پر دم کر کے پلائیں، ان شاءاللہ مفید ہوگا۔ ☆ مسخرات کیلئے اکتالیس بار بعد سنت فجر وقبل فرض اول وآخر درود شریف سات سات بار دعا زاری سے کیا کریں۔ ☆ فتح یابی کیلئے گیارہ بار پڑھ کر اپنے کام کو جاری رکھیں۔

☆ مشکل کشائی کیلئے اکیس بار پڑھیں۔ ☆ اگر زوجین کے درمیان محبت نہیں تو اکیس بار کسی شرینی

marfat.com

وغیرہ پر پڑھ کر چند ایام تک زوجین کو کھلا دے۔ ☆ جسکو محبت ہے وہ دوسرے بے محبت پر بسم اللہ کے ساتھ تین بار پڑھ کر دم کرتا رہے اس کو محبت ہو جائے گی۔ ☆ اول و آخر درود شریف ہر کام کے ساتھ پڑھیں اور سورۃ الفاتحہ ہر دکھ کی دوا ہے۔

## فوائد سورۃ البقرہ وال عمران (۳-۲)

جس گھر میں یہ سورتیں تین دن رات پڑھی جائیں جن و شیاطین اس گھر میں داخل نہ ہوں گے اور پڑھنے والے پر قیامت کے دن سایہ کریں گی' جس پر سحر ہو چکا ہو وہ ان سورتوں کی کثرت سے تلاوت کرے سحر دور جائے گا۔

## اٰمَنَ الرَّسُوْلُ ...... الخ کے فوائد

جس گھر میں سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیتیں تین راتیں پڑھی جاویں اس میں شیطان قریب نہیں آتے رات کو پڑھی جاویں اگر اس میں موت آ گئی تو اس کی مغفرت ہوگی اور چور وغیرہ جیسی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

## خواص آیۃ الکرسی (۳-۲)

جو شخص ان آیتوں کو ہر روز ہر نماز کے بعد پڑھا کرے شیطان کے وسوسے اور سرکش شیطان کے مکر و فریب و ایذا سے محفوظ رہے گا اگر فقیر ہوگا تو مالدار ہو جائے گا اور حق تعالیٰ اس کو ایسے طریق سے روزی عطا فرمائیں گے جس کا وہم و گمان بھی نہ ہوگا۔ صبح و شام اور گھر میں داخل ہوتے وقت اور بستر پر لیٹتے وقت ہمیشہ پڑھنے سے حرق، سرق، اور غرق سے محفوظ رہے گا صحت نصیب ہوگی اور ہر قسم کے خوف اور اندیشہ سے سالم رہے گا اگر ان آیات کو ٹھیکری پر لکھ کر غلہ میں رکھ دیں تو وہ چوری اور گھن سے محفوظ رہے گا برکت ہو گی۔ اس آیت کو دکان میں یا مکان میں اونچی جگہ رکھ دیں تو رزق میں زیادتی ہوگی، فاقہ نہ ہوگا اور وہاں چور نہ آئے گا۔

آیۃ الکرسی ...... هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ تک پڑھیں۔

آیت الکرسی کے ایک سو ستر حروف ہیں جو شخص اس تعداد کے مطابق آیۃ الکرسی پڑھ کر حق تعالیٰ سے جو مراد مانگے گا ملے گی' درجہ اور مرتبہ میں ترقی ہوگی' رزق میں اضافہ ہوگا قرض ادا ہو جائے گا اور شیطان اور جنات کی شرارت سے محفوظ رہے گا' عمر بھر عیش و آرام سے رہے گا اور کوئی شخص قول یا فعل سے کسی قسم کا ایذا نہ پہنچائے گا لوگوں کی نظروں میں معزز و مکرم بن جائے گا۔

marfat.com

جو شخص بے روزگار ہو ملازمت نہ ملتی ہو یَا غَنِیُّ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ تین ہزار ایک مرتبہ پڑھ کر آیت الکرسی ایک سو ستر مرتبہ پڑھے گا نوکری مل جائے گی۔

نمک کی چھوٹی چھوٹی کنکریاں لیں اور ہر کنکری پر سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کریں، ایک کنکری روزانہ چوسیں بلغم دور ہوگا۔

جو شخص ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے پاس شیطان نہ آئے گا اور اگر کوئی شخص آیت الکرسی تیرہ سو مرتبہ پڑھے گا سب حاجتیں پوری ہوں گی اور ظالم و جابر حاکم مہربان ہوگا۔

مرگی کے مریض پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں تو اس کا دورہ دور ہو جائے گا۔

اگر رات کو سوتے وقت تین مرتبہ پڑھے تو گھر میں چور ڈاکو آسیب جن سے محفوظ رہے گا اور انسان ڈراؤنے خوابوں سے بچا رہے گا۔

## خواص آیت قطب (۳)

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ ــــ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (سورۃ آل عمران)

☆ ہر روز چالیس بار بعد نماز فجر پڑھ کر جو مراد مانگو اللہ دے گا۔

☆ اگر کسی حاکم سے کسی شخص کا کام ہو دو رکعت بہ نیت قضائے حاجت پڑھ کر اس آیت کو مصلے پر بیٹھے تین بار پڑھیں اور دم کر کے اپنے منہ پہ پھیر لیں۔

☆ آسیب زدہ کے بائیں کان میں دم کریں آسیب بھاگ جائے گا۔

☆ اگر بچھو کاٹ لے یہ آیت پڑھکر بائیں کان میں دم کریں۔

☆ لڑائی کے میدان میں فتح یابی کیلئے میدان جانے سے پہلے پندرہ مرتبہ پڑھیں۔

☆ دشمن کے گھر پر چار مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

☆ دشمن کے سامنے بارہ مرتبہ پڑھنے سے دشمن مطیع ہوگا۔

☆ سات مرتبہ پڑھ کر محفل میں بیٹھیں لوگ عزت کریں گے۔

☆ جو شخص ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے غیب سے رزق پائے گا۔

marfat.com

## خواص سورۃ النساء......۴

اس سورت کی تلاوت سے گناہوں سے چھٹکارا حاصل ہوتا ہے۔ اگر کوئی عورت یا مرد زنا میں مبتلا ہوں اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اور درمیان میں سات مرتبہ سورۃ النساء پڑھ کر اس کا پانی پلائے اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ نیک صالح ہو جائیں گے۔

## خواص سورۃ المائدہ......۵

اگر کوئی شخص باوضو ۱۴ مرتبہ سورۃ المائدہ کو پڑھے تو اس کے گھر والے فاقہ سے محفوظ رہیں اور اس کا پڑھنے والا دنیا کے لوگوں کی نگاہ میں عزیز ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

## خواص سورہ الانعام......۶

جو شخص الانعام کو باوضو اکتالیس مرتبہ پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔

## خواص سورۃ الاعراف......۷

### آنکھ کی تکلیف اور زخم کے آرام کے لیے:

اگر کوئی شخص باوضو عرق گلاب اور زعفران سے سورہ الاعراف کو پاک کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے وہ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھ کی تکلیف اور آنکھ کے زخم سے صحت یاب ہوگا۔

## خواص سورۃ الانفال......۸

اگر کوئی ناحق قید ہو گیا ہو تو اس کی روزانہ تلاوت سے وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رہا ہو جائے۔ نیز اس کا پڑھنے والا ہمیشہ کامیاب رہے، عزت حاصل ہو، دشمنوں پر ہیبت طاری ہو۔

اگر کسی شخص کو ظالم حاکم یا عدالت میں جانا پڑے اور پریشان ہو تو اس کو چاہیے کہ سورۃ الانفال لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاکم اس کے ساتھ نرمی سے پیش آئے گا۔

## خواص سورۃ یونس......۱۰

دشمن پر غلبہ پانے اور غلبہ حاصل کرنے کے لیے سورۃ یونس کی تلاوت بہت اکسیر ہے۔ اس کی کثرت تلاوت آدمی کو فتح وظفر سے ہمکنار کرتی ہے۔ ہر مشکل کے لیے اس کی تلاوت اس مشکل کو آسان بنا دیتی ہے۔

marfat.com

## خواص سورۃ ہود......۱۱

ہر مشکل گھڑی میں سورہ ہود کی تلاوت بہت فائدہ مند ہے۔اس کے پڑھنے سے دشمن مغلوب رہتا ہے۔

## خواص سورہ یوسف......۱۲

ہر قسم کی حاجت یا برآوری اور ضرورت کے لیے سورہ یوسف کی تلاوت بہت اہم ہے۔اگر کوئی شخص اپنے عہدے سے معزول ہو گیا ہو یا نوکری سے نکال دیا گیا ہو تو اس کی کثرت سے تلاوت کرے،انشاء اللہ تعالیٰ واپس اپنے عہدے پر بحال ہوگا۔اگر کوئی غریب و نادار ہو تو اس کی تلاوت کرنے سے بحکم خدا غنی اور مال دار ہوگا۔

### قرآن پاک حفظ کرنے کے لیے:

جو شخص قرآن پاک حفظ کرنا چاہتا ہے تو سب سے پہلے سورۃ یوسف حفظ کرے،انشاء اللہ قرآن پاک بآسانی حفظ ہوگا۔

## خواص سورہ رعد......۱۳

اگر بچہ کثرت سے روتا ہو تو اس پر دم کرنے سے بچہ ہشاش بشاش رہے اس کا نقش باوضو لکھ کر گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص آسیب یا جن کے اثر سے محفوظ رہے گا اور ظالم حاکم سے محفوظ رہے گا۔

### جیل سے رہائی اور بچہ کا رونا موقوف:

جیل خانہ سے رہائی کے لیے باوضو مغرب اور عشا کے درمیان اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھیں اور اگر بچہ روتا ہو تو تین مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کریں،مجرب ہے۔

## خواص سورۃ ابراہیم......۱۴

یہ سورۃ سحر سے نجات کے لیے بہت مفید ہے۔اگر کسی شخص کی قوت مردمی سحر کے ذریعہ باندھ دی گئی ہو تو روزانہ ۳ مرتبہ سورۃ ابراہیم کی تلاوت کرنے سے سحر باطل ہوگا اور قوت مردمی بحال ہو جائے گی اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ مرد اپنی اصلی حالت پر آ جائے گا۔

marfat.com

# خواص سورۃ الحجر (۱۵)

اگر جگر بڑھ گیا ہو یا سخت ہو گیا ہو، سات بار پیٹ پر دم کریں، تکلیف جاتی رہے گی۔

## واسطے زیادتی دودھ:

اگر کوئی شخص سورۃ الحجر کو زعفران کے پانی سے باوضو لکھے اور پاک پانی سے دھو کر عورت کو پلائے تو بحکم خدا اس کا دودھ بہت زیادہ ہوگا۔

## خرید و فروخت میں برکت کیلئے:

جب کوئی چیز خریدے یا فروخت کرے، اگر اس پر سورۃ الحجر پڑھ کر دم کرے تو اس مال میں برکت ہوگی۔

# سورۃ النحل (پارہ نمبر ۱۴: سورۃ نمبر ۱۶)

## دشمنوں سے نجات:

اگر کسی شخص کے دشمن اسے جان سے مارنا چاہتے ہوں اور اسے ہلاکت کا خوف ہو تو سورۃ النحل کو ایک بیٹھک میں ایک آدمی یا کئی آدمی ایک سو مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ دشمن اس کے فرماں بردار ہونگے اور اگر اطاعت نہ کی تو پریشان اور ذلیل و خوار ہونگے۔

## دشمنوں میں تفرقہ اور جدائی ڈالنا:

اگر کسی کے دشمن ایک جگہ جتھا بنا کر نقصان پہنچانا چاہتے ہوں تو سورۃ النحل کو تین مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن منتشر ہونگے۔

# سورۃ الاسرآء (بنی اسرائیل (پارہ نمبر ۱۵: سورۃ نمبر ۱۷)

## ترقی، کامیابی، مشکلات کا حل:

سورۃ الاسرآء کا روزانہ باوضو تین مرتبہ پڑھنا دو جہاں کی ترقی، کامیابی، حصول مراتب و عزت اور سارے جہان کی مشکل کے حل کرنے کیلئے نہایت مجرب اور مفید ہے۔

## بچے کی زبان سے لکنت دور کرنا:

اگر کسی بچے کی زبان میں لکنت ہے اور وہ بات کرنے میں اٹکتا ہے یا بات کرتے وقت اس کی زبان پھرتی ہے تو عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے پاک کاغذ پر سورۃ بنی اسرائیل کو لکھے اور پانی سے گھول کر

marfat.com

روزانہ بچے کو پلائے تو کچھ عرصہ کے بعد اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بچے کی زبان کی لکنت ختم ہوجائے گی۔

## کند ذہن بچے کا ذہن کھولنا:

اگر لڑکا یا لڑکی کند ذہن ہو اور سبق یاد نہ ہوتا ہو یا یاد کر کے بھول جاتا ہو تو باوضو ہو کر عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے اس سے پوری سورۃ الاسرآء کو لکھے اور پانی میں گھول کر روزانہ بچے کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ اس کا ذہن کھل جائے گا اور حافظہ بحال ہوجائے گا جو پڑھے گا یاد رہے گا مجرب ہے

# سورۃ الکھف کے خواص (پارہ نمبر ۱۵: سورۃ نمبر ۱۸)

## ایمانی قوت کیلئے:

سورۃ الکھف کا جمعہ کے دن پڑھنا زمین سے آسمان تک نور پیدا کرتا ہے اور آٹھ دن تک وہ نور برابر قائم رہتا ہے پھر اس کے پڑھنے والے کو سارا نور قبر میں اور قبر کے بعد قیامت میں دیا جائے گا اور اس سورۃ کا روزانہ تلاوت کرنا ایمان کی قوت کو زیادہ کرتا ہے اور نور ایمانی میں ترقی بخشتا ہے۔

## وقت مقررہ پر جاگ اٹھنا:

اگر کسی شخص کو رات کے وقت جاگنا منظور ہو اور کوئی جگانے والا نہ ہو اور خود بھی اٹھنے کی امید نہ ہو تو وہ شخص نماز عشاء کے بعد سورۃ الکھف پڑھ کر سو جائے ان شاءاللہ تعالیٰ جس وقت اٹھنے کا ارادہ کرے گا اسی وقت آنکھ کھل جائے گی (مجرب ہے)۔

## قرض سے نجات کیلئے:

جو شخص قرض میں گرفتار ہو اور قرض اترنا مشکل ہوگیا ہو تو بعد نماز جمعہ سورۃ الکھف سات بار پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے پوری توجہ اور یکسوئی کے ساتھ دعا مانگا کرے ان شاءاللہ تعالیٰ اس کا قرضہ اتر جائے گا۔

# سورۃ الکھف کے فوائد

سورۃ الکھف کے پڑھنے سے قیامت میں نور ملے گا اور دجال کے مکر وفریب سے محفوظ رہے گا اور دس آیتیں اول وآخر کی پڑھنے سے بلا اور مصیبت سے محفوظ رہے گا۔

marfat.com

## سورۃ المریم (پارہ نمبر ۱۶: سورۃ نمبر ۱۹)

### قوت مردمی کی بحالی:

اگر کسی شخص نے کسی نوجوان کی قوت مردمی باندھ دی ہو اور وہ پریشان ہو تو اسے چاہیے کہ باوضو سورۃ المریم پڑھ کر دعا کرے انشاءاللہ تعالیٰ اسکی قوت مردمی بحال ہو جائے گی اگر خود پڑھنا نہ جانتا ہو تو کسی سے تین مرتبہ پڑھوا کر پانی پر دم کروالے اور روزانہ وہ پانی پیئے جب تک طاقت بحال نہ ہو پانی پیتا رہے انشاءاللہ تعالیٰ صحت یاب ہو گا۔

## سورۃ طٰہٰ (پارہ نمبر ۱۶: سورۃ نمبر ۲۰)

### شادی کیلئے:

اگر کوئی شادی کے قابل ہو اور رشتہ نہ آتا ہو یا شادی میں رکاوٹ ہو تو اکیس بار روزانہ سورۃ طٰہٰ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ مناسب جگہ رشتہ ہو جائے گا۔

### نیک مرد سے رشتہ کیلئے:

اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ لڑکی کا رشتہ کسی نیک مرد سے ہو جائے تو سورۃ طٰہٰ کو باوضو کسی ریشمی کپڑے پر لکھ کر موم جامہ کر کے لڑکی کے گلے میں ڈال دے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رشتہ اور شادی کسی نیک مرد سے ہو جائے گی اور اولاد نیک پیدا ہو گی۔

## خواص سورۃ الانبیاء......۲۱

اگر کوئی شخص پریشان حال ہو اکثر پریشان اور غم زدہ رہتا ہو تو ہر روز باوضو تین بار سورۂ انبیاء پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی تمام غم اور پریشانی سے نجات حاصل ہو گی۔

## خواص سورۃ الحج......۲۲

جب کسی شخص کو کوئی سمندری یا دریائی سفر درپیش ہو تو جہاز یا کشتی میں سوار ہونے سے قبل باوضو تین مرتبہ اس سورۃ کو پڑھے، انشاءاللہ تعالیٰ جہاز یا کشتی بخیریت منزل مقصود پر پہنچیں گے اور ہر قسم کے نقصان یا ڈوبنے سے محفوظ رہیں گے۔

marfat.com

## سورة المومنون (پارہ نمبر ۱۸: سورة ۲۳)

گناہوں اور بدعادتوں سے چھٹکارا کیلئے:

اگر کوئی شخص شراب' ہیروئن' چرس' سٹہ' جوا' سود' زنا اور دیگر گناہوں میں بری طرح مبتلا ہو اور اسے یہ گناہ چھوڑنا مشکل معلوم ہو تو عرق گلاب میں زعفران حل کر کے باوضو سفید کپڑے پر اس سورة کو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص ان بری عادتوں سے توبہ کرلے گا۔

## خواص سورة النور......۲۴

اگر کسی شخص کو دشمن بہت تنگ کرتے ہوں اور طرح طرح سے زبان درازی اور تہمت بازی کرتے ہوں تو اس سورة کو روزانہ باوضو دن میں کسی وقت ایک ہی بیٹھک میں پانچ مرتبہ پڑھ لیا کرے، انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان چغلی، الزام تراشی اور نقصان پہنچانے سے باز رہے گی۔

اگر کسی شخص کو کثرت سے احتلام ہوتا ہو تو روزانہ باوضو ہو کر تین بار اس سورة کو پڑھ کر اپنے اور پانی پر دم کر کے پانی پی لے تو انشاء اللہ تعالیٰ احتلام سے محفوظ رہے گا۔

## خواص سورة الفرقان......۲۵

دشمن کی ہلاکت کے لیے روزانہ اڑتیس (۳۸) مرتبہ اس سورة کو پڑھے، بحکم خدا دشمن ہلاک ہوگا۔ اس عمل کو کرنے سے قبل کسی عالم دین اور خدا ترس شخص سے مشورہ کرے، ورنہ قتل کا گناہ ہوگا۔

ظالم کے ظلم سے نجات:

اگر کسی کو کوئی ظالم شخص ناحق ستاتا ہو اور ہر وقت درپے آزار رہتا ہو تو اس سورة کو ایک سو آٹھ (۱۰۸) مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

## خواص سورة الشعرآء (پارہ نمبر ۱۹ سورة نمبر ۲۶)

گھر سے فرار ہونے والے کیلئے:

اگر کوئی لڑکا یا نوکر گھر سے بھاگنے کا عادی ہو تو سورة الشعرآء کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے لڑکے یا نوکر کی گردن میں باندھ دے خدا تعالیٰ کے حکم سے بھاگنے سے رک جائے گا اور گھر میں اس کا دل لگے گا۔

marfat.com

### خوف وڈر سے نجات کیلئے:

اگر کوئی شخص خوف وڈر کی وجہ سے پریشان ہو تو سورۃ الشعرآء کو باوضو سات مرتبہ پڑھکر دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ دل خوف وڈر سے آزاد ہو جائے گا اور کسی قسم کی پریشانی باقی نہ رہے گی۔

## خواص سورۃ النمل ......۲۷

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکریہ ادا کرنے کے لیے سورۃ النمل کو دس (۱۰) مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں برکت دے گا اور غم وفکر سے آزادی نصیب ہوگی۔

### حاجت پوری کرنے کے لیے:

اگر کسی شخص کو ضروری حاجت پیش آئے تو سورۃ النمل ایک ہفتہ کے لیے روزانہ ایک بار باوضو پڑھ لیا کرے، انشاءاللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہوگی۔

### سانپ، بچھو اور موذی جانوروں سے گھر کی حفاظت:

اگر کوئی شخص ہرن کی کھال پر اس سورۃ کو باوضو لکھ کر اپنے صندوق یا گھر میں رکھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے وہ گھر سانپ، بچھو اور موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔

## خواص سورۃ القصص ......۲۸

اگر کوئی شخص بیمار ہو تو سورۃ القصص تین روز تک باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مریض صحت یاب ہوگا۔

### غائب کی واپسی کے لیے:

اگر کوئی شخص غائب ہو گیا ہو اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو سورۃ القصص کو باوضو ۷ مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ غائب شخص بہت بخیر وسلامتی گھر لوٹ آئے گا۔

### بیماری سے شفا:

اگر کوئی بیمار ہو تو پیٹ میں درد رہتا ہو یا اسے استسقاء یا جذام کی بیماری کا ڈر ہو تو اس سورۃ کا نقش لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈال لے۔ انشاءاللہ صحت ہوگی اور ایسی کوئی بیماری ان پر حملہ نہ کرے گی۔

marfat.com

## خواص سورۃ العنکبوت......۲۹

اگر کوئی شخص رنج وغم میں مبتلا ہوتو سورہ العنکبوت باوضو ہو کر عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے لکھے اوراس کو پانی میں گھول کر پیے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس پانی کے پینے سے اس کا رنج وغم دور ہوگا۔

## خواص سورۃ الروم......۳۰

اگر کسی کا دشمن بہت عیار وچالاک ہواوراپنی شرارتوں سے ہروقت پریشان رکھتا ہوتو سورۃ الروم کو اکیس مرتبہ پڑھے۔انشاءاللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہوگااور ہمیشہ ناکام رہے گااور ہر طرح دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔

### دشمن کو ذلیل کرنا۔

اگر کوئی چاہے کہ دشمن اس کا ذلیل ہواوراسے فتح حاصل ہواور دشمن کو قدم قدم پر ناکامی ہوتو سورۃ الروم کو باوضو کاغذ پر لکھے اوراس کو لپیٹ کر ایک بوتل میں رکھ دے اور سخت ڈاٹ سے اس بوتل کا منہ بند کر کے اپنے مکان میں رکھے،انشاءاللہ تعالیٰ دشمن ذلیل وخوار رہے گا۔

### میاں بیوی میں اتفاق:

اگر میاں بیوی میں جھگڑا رہتا ہوتو باوضو اس سورۃ کو لکھ کر شیشی میں بند کر کے مظلوم اپنے پاس رکھے تو ظالم ظلم وزیادتی سے باز رہےاور خداتعالیٰ کے فضل وکرم سے دونوں میں اتفاق قائم ہوجائے گا۔

## خواص سورۃ لقمان......۳۱

اگر کسی شخص کے پیٹ میں شدید درد ہو یا پیٹ کی کوئی بھی بیماری ۔تو سورۃ لقمان کو سات بار پڑھ کر پیٹ پردم کرے،انشاءاللہ تعالیٰ پیٹ کا درد جاتا رہے گااور پیٹ کے مرض سے صحت حاصل ہوگی۔

### ہر بیماری سے صحت کے لیے:

ہر بیماری سے صحت کے لیے باوضو تین بار پڑھ کر بیمار پردم کرے،انشاءاللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہوگا۔

### سمندر یا دریا میں غرقابی سے حفاظت:

اگر کوئی شخص ہر وقت دریا یا سمندر کے سفر پر رہتا ہے تو اگر سفر کرنے سے قبل ایک مرتبہ اس سورۃ کو پڑھ لے تو انشاءاللہ تعالیٰ بخیر وعافیت اپنے مقام پر واپس ہوگااور سفر میں ڈوبنے سے محفوظ رہے گا۔

marfat.com

**پیٹ کے درد کے لیے:**

اگر کسی شخص کے پیٹ میں ہمیشہ درد رہتا ہو اور اس بیماری سے پریشان ہو تو سورۃ لقمان کا نقش باوضو لکھ کر پیٹ پر باندھے اور سورۃ لقمان ایک مرتبہ روزانہ پڑھ کر دم کر لیا کرے، انشاءاللہ تعالیٰ اس مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

## خواص سورۃ السجدۃ......۳۲

اگر کوئی شخص بیمار ہو اور کسی طرح صحت بحال نہ ہوتی ہو تو باوضو سات بار سورۃ السجدۃ کو پڑھے اور بیمار پر دم کرے انشاءاللہ تعالیٰ بیمار صحت یاب ہوگا۔

**بیمار کی شفا کے لیے:**

اگر کسی شخص کو مختلف امراض نے گھیر رکھا ہو تو اس کے لیے سورۃ السجدۃ کو باوضو عرق گلاب میں زعفران حل کر کے لکھے اور مریض کو پلائے، انشاء اللہ تعالیٰ تمام بیماریوں سے شفا حاصل ہوگی اور بیمار تندرست ہو جائے گا۔

**لڑکیوں کی شادی کے لیے:**

سورۃ السجدۃ کو لڑکیوں کا نصیبہ کھولنے کے لیے کہ اچھی جگہ رشتہ ہو جائے اکیس مرتبہ روزانہ پڑھے، انشاءاللہ بہت اچھی جگہ رشتہ ہو جائے گا۔

## خواص سورۃ الاحزاب......۳۳

میاں بیوی میں نااتفاقی اور عدم موافقت کو دور کرنے کے لیے سورۃ الاحزاب کا باضو پڑھنا بہت کارآمد ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے سے اہل خانہ میں محبت و اتفاق پیدا ہوتا ہے۔

**ظالم کے ظلم سے نجات کے لیے:**

اگر کوئی ظالم شخص کسی مجبور و بے کس پر ناحق ظلم کرتا ہے اور ظلم و تعدی سے باز نہیں آتا تو سورۂ احزاب کو باوضو سات بار پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کے ظلم سے نجات حاصل ہوگی اور ظالم مطیع و فرماں بردار ہوگا۔

**لڑکے یا لڑکی کی شادی کے لیے:**

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو یا بات لگ کر چھوٹ جاتی ہو یا بار بار شادی میں رخنہ پڑ جاتا ہو تو

marfat.com

سورۂ احزاب باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے لڑکے کے دائیں بازو پر اور لڑکی کے بائیں بازو پر باندھے، انشاء اللہ تعالیٰ بخت کھلے گا اور اچھی جگہ رشتہ ہو جائے گا اور جملہ رکاوٹیں دور ہو جائیں گی۔

## خواص سورۂ سبا......۳۴

اگر کسی کے دشمن ناحق ستاتے ہوں اور ہر وقت تکلیف پہنچانے کا بہانہ ڈھونڈتے رہتے ہوں، تو ان کے لیے روزانہ باوضو دس مرتبہ سورۂ سبا پڑھی جائے تا کہ دشمن دفع ہو اور اس کے ظلم سے نجات حاصل ہو۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس سورہ کا پڑھنے والا ظلم سے محفوظ رہے گا۔

### ظالم کے ظلم سے حفاظت:

اگر کوئی شخص ناحق ظلم کرتا ہو تو مظلوم باوضو سات بار سورۂ سبا پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم سے نجات حاصل ہوگی اور مظلوم ظلم سے محفوظ رہے گا۔

### موذی اور تکلیف دینے والے جانوروں سے حفاظت:

اگر کوئی شخص سورۂ سبا باوضو سفید کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے سفید کپڑے میں لپیٹ کر اپنے داہنے بازو پر باندھے تو اللہ کے فضل و کرم سے ہر قسم کے موذی جانوروں کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔

## خواص سورۂ فاطر......۳۵

اگر کسی حاکم کو درخواست دینی ہے یا ملازمت یا کسی اور کام کے لیے عرضی پیش کرنی ہے تو چاہیے کہ باوضو ہو کر سورۂ فاطر کو پچھتر (۷۵) مرتبہ پڑھے اور درخواست پر انگلی سے بغیر روشنی کے اپنا مطلب لکھے اور درخواست حکام کو بھیج دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی درخواست منظور ہوگی، مطلب حاصل ہوگا یا اگر ملازمت کے لیے درخواست دی ہے تو ملازمت حاصل ہوگی۔

## سورۃ یٰسٓ (پارہ نمبر ۲۲ سورۃ ۳۶)

### حل مشکلات کیلئے سورۃ یٰسٓ کا ورد:

مشکلات و تکالیف، آفات و بلیات سے نجات اور اہم مقاصد میں کامیابی کیلئے سورۃ یٰسٓ باوضو اس طرح پڑھے کہ ہر مبین پر یا اللہ یَااَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ گیارہ دفعہ پڑھے اور جب کلمہ "کُنْ" اِذَآاَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ پڑھے تو یَااَللّٰهُ یَاغَنِیُّ یَامُغْنِیْ یَافَتَّاحُ پڑھ کر ختم کر دے انشاء

marfat.com

اللہ تعالیٰ سب تکالیف کا خاتمہ ہو جائے گا۔

## موتیابند کے ازالہ کیلئے:

باوضو سورۃ یٰسین پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے آنکھوں میں روزانہ بلا ناغہ لگایا کرے انشاء اللہ تعالیٰ موتیا دور ہو جائے گا۔

## قرض کی ادائیگی کیلئے:

سورۃ یٰسین روزانہ باوضو بعد نماز عشاء سات مرتبہ پڑھے یہ عمل قرض کی ادائیگی کیلئے اکسیر ہے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی قرض سے نجات حاصل ہو گی۔

## نسیان، بھول جانے کا مرض:

سورۃ یٰسین عرق گلاب میں زعفران حل کر کے اس سے باوضو لکھیں اور عرق گلاب میں حل کر کے اکتالیس دن پئیں ان شاء اللہ تعالیٰ بھول چوک کے مرض سے نجات حاصل ہو گی۔

## اختلاج قلب:

سورۃ یٰسین کو باوضو اس ترکیب سے پڑھے پہلے مبین سے لوٹ کر دوبارہ پڑھنا شروع کرے جب دوسرے مبین پر پہنچے تو پھر لوٹ کر شروع سے پڑھے اسی طرح ساتویں مبین پر پہنچے تو لوٹے بغیر سورۃ ختم کر لے پھر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے بارش کا پانی میسر آ جائے تو بہتر ہے ورنہ جو پانی مل جائے اس پر دم کریں اور مریض کو پلائیں یہ عمل گیارہ روز تک بلا ناغہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ دل کے مرض سے نجات حاصل ہو گی۔

## دودھ میں اضافہ کیلئے:

جس عورت کا دودھ ختم ہو اور بچہ بھوکا رہتا ہو تو سورۃ یٰسین باوضو کسی چینی کی پلیٹ پر یا کاغذ پر لکھے اور پانی میں گھول کر عورت کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ عورت کا دودھ زیادہ اور بچہ سیر ہو گا۔

## دل کی سختی اور گناہ سے حفاظت کیلئے:

دل کی سختی دور کرنے اور دل میں نرمی اور شفقت پیدا کرنے گناہوں سے بچنے اور بزرگوں کی نصیحت پر عمل کرنے کیلئے سورۃ یٰسین باوضو کسی چینی کی پلیٹ یا کاغذ پر لکھے اور اس شخص کو پلائے اللہ تعالیٰ کے فضل و

marfat.com

کرم سے اس کا دل نرم ہوگا نماز روزہ کی توجہ ہوگی اور بزرگوں کی نصیحت پر عمل کرنے کیلئے دل آمادہ ہوگا۔

### بارش کی طلب کیلئے:

خشک سالی سے نجات اور بارش رحمت طلب کرنے کیلئے باوضو سورۃ یٰسین پچھتر (۷۵) دفعہ یا اکتالیس مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ بارش رحمت خوب برسے گی اور فصل اور کھیتی خوب سیراب ہوگی۔

### قید سے رہائی کیلئے:

اگر کوئی شخص قید میں ہو اور اس کی رہائی ناممکن یا مشکل ہو تو باوضو (۷۵) دفعہ سورۃ یٰسین پڑھے اگر اکیلا نہ پڑھ سکتا ہو تو چند آدمی مل کر پڑھ لیں انشاء اللہ تعالیٰ قیدی جلد ہی قید سے رہا ہوگا۔

### متفرق:

ایک بار صبح و شام اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے پڑھے گا تو رضا اور محبت نصیب ہوگی اور شفا کیلئے پڑھے گا تو شفاء نصیب ہوگی۔ اگر ایمان کی سلامتی کیلئے پڑھے گا تو ایمان سلامت رہے گا' اگر دفع سکرات موت کیلئے پڑھے گا تو آسانی نصیب ہوگی۔

دولت کے حصول کیلئے سہ بار روزانہ پڑھتا رہے، دولت مند ہو جائے گا اور دفع دشمن کیلئے پڑھے گا تو دشمن دفع ہوں گے، جس کام کیلئے پڑھے گا، وہ کام آسان ہو جائے گا۔

جو شخص سورۃ یٰسین کا ورد صبح و شام رکھے گا، بھوکا ننگا نہ رہے گا۔

دشمن کو ہلاک کرنے کیلئے کچی اینٹوں کے ٹکڑوں پر سورۃ یٰسین سات بار پڑھ کر دم کریں اور ان ٹکڑوں کو جنازہ کی طرح کپڑے میں لپیٹ کر بہتے پانی میں ڈال دیں جب وہ ٹکڑے پانی میں گل جائیں گے دشمن بھی ہلاک ہو جائے گا۔

**نوٹ**: غیر شرعی طور پر اس وظیفے کو کرنے والا نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔

## سورۃ الصّٰفّٰت (پارہ ۲۳ سورۃ ۳۷)

### واسطے برکت رزق:

سورۃ الصّٰفّٰت سات مرتبہ باوضو پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اسکی روزی میں برکت ہوگی اور اسکی روزی فراخ ہوگی۔

marfat.com

## سورۃ ص (پارہ ۲۳ سورۃ ۳۸)

### دفع دشمن کیلئے:

اگر کوئی شخص دشمنوں سے پریشان ہو تو سورۃ ص کو باوضو سات مرتبہ پڑھ کر دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہونگے اور ان کے شر سے ہر طرح محفوظ رہے گا۔

## سورۃ الزّمر (پارہ ۲۳ سورۃ ۳۹)

### دوبارہ عزت حاصل کرنے کیلئے:

اگر کوئی شخص چاہے کہ کھوئی ہوئی عزت دوبارہ حاصل ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ باوضو سات مرتبہ سورۃ الزمر پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ عزت دوبارہ حاصل ہوگی۔

### مال میں برکت:

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کے مال میں برکت ہو اور اسکا مال خوب بڑھے تو اسے چاہیے کہ روزانہ باوضو سات مرتبہ سورۃ الزّمر پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ مال میں اضافہ ہوگا۔

## سورۃ المومن (پارہ ۲۴ سورۃ ۴۰)

اگر کسی کو کوئی بڑی اہم مہم درپیش ہو اور وہ حل نہ ہوتی ہو تو اسے چاہیے کہ سورۃ المومن کو ایک سو مرتبہ باوضو پڑھے یا چند آدمی مل کر پڑھ لیں اور دعا کریں ان شاء اللہ تعالیٰ کتنی ہی بڑی مشکل ہو، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے حل ہوگی اور پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔

### بیماری سے نجات اور پھوڑے پھنسی سے نجات:

جس شخص کو پھوڑے پھنسی نکلے ہوں یا کوئی شخص بیمار ہو تو سورۃ المومن کو ایک بار باوضو روزانہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور پانی پر دم کر کے پی لے یا اگر کوئی دوسرا شخص بیمار ہو تو اس کو پڑھ کر دم کر دیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بیماری سے صحت ہوگی۔

## سورۃ حٰمٓ سجدۃ (پارہ ۲۴ سورۃ ۴۱)

### ہر قسم کی حاجت پوری کرنے کیلئے:

اگر کوئی مشکل پیش آ گئی ہو یا کوئی اہم حاجت پیش آ گئی ہو یا کسی مقصد میں ضرور کامیابی چاہیے تو باوضو نماز فجر کے بعد

marfat.com

سات مرتبہ سورۃ حٰم سجدۃ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی حاجت پوری ہوگی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی

آنکھ کی تکلیف، ناخونہ، ظفرہ اور پھولا وغیرہ:

جس شخص کی آنکھ میں کوئی تکلیف ہو یا ناخونہ ہو یا ظفرہ ہو یا پھولا وغیرہ ہو تو باوضو پوری سورۃ حٰم سجدۃ لکھ کر بارش کے پانی میں گھول کر اس کا پانی آنکھ میں لگائے یا اس کے پانی میں سرمہ پیس کر آنکھوں میں لگائے ہیں انشاءاللہ تعالیٰ سفیدی زائل ہوگی اور آنکھوں میں تکلیف سے نجات حاصل ہوگی

## سورۃ الشوریٰ (پارہ ۲۵ سورۃ ۴۲)

دشمن کے خوف سے نجات کیلئے:

اگر کسی شخص کو دشمن کا خوف ہو تو اسے چاہیے کہ باوضو سورۃ الشوریٰ روزانہ بعد نماز فجر تین مرتبہ پڑھے ان شاءاللہ تعالیٰ دل سے دشمن کا خوف نکل جائے گا۔

ظالم کے ظلم سے حفاظت:

اگر کوئی شخص ظالم کے پھندے میں پھنس گیا ہو تو اسے چاہیے کہ باوضو روزانہ نماز فجر کے بعد ایک بار سورۃ الشوریٰ پڑھا کرے انشاءاللہ تعالیٰ دشمنوں پر غالب رہے گا اور ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا اسی طرح اگر باوضو اس سورۃ کو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈال دے تو انشاءاللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

## سورۃ الزّخرف (پارہ ۲۵ سورۃ ۴۳)

مقصد میں کامیابی اور مراد پوری ہونے کیلئے:

اگر کوئی شخص مقصد میں کامیابی چاہتا ہو اور یہ چاہتا ہو کہ من کی مراد پوری ہو تو اسے چاہیے کہ مقصد حاصل ہونے تک روزانہ باوضو آٹھ مرتبہ سورۃ الزخرف پڑھ لیا کرے انشاءاللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی اور من کی مراد پوری ہوگی۔

## سورۃ الدّخان (پارہ ۲۵ سورۃ ۴۴)

بلاؤں سے نجات اور انکے دفعیہ کیلئے:

ہر قسم کی بلاؤں سے نجات کیلئے سورۃ الدّخان تیر بہدف ہے، باوضو چند آدمی مل کر پچاس مرتبہ پڑھ لیں، انشاءاللہ تعالیٰ مکان ہر قسم کی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

marfat.com

### آسانی سے جان نکلنے کیلئے:

بعض دفعہ مرنے والے کی جان اٹک جاتی ہے اور موت نہیں آتی ایسی صورت میں چند آدمی مل کر پچاس مرتبہ باوضو سورۃ الدخان پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں یا اس کے چہرے اور چاقوں پر وہ پانی ملیں انشاء اللہ تعالیٰ روح قبض ہوگی بغیر کسی تکلیف کے۔

### پیچش اور دست کیلئے:

اگر کسی شخص کو سخت دست آ رہے ہوں اور پیچش کی تکلیف ہو تو سورۃ الدخان کو باوضو ایک سفید کاغذ پر لکھے اور اسے پانی میں گھول کر تھوڑا تھوڑا پیتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ دست اور پیچش کے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

## خواص سورۃ الجاثیہ......۴۵

### دفع دشمنوں کے لیے:

دشمنوں کے شر سے حفاظت اور ان کے دفع ہونے کے لیے یہ سورۃ جاثیہ اکسیر ہے۔ اس سورۃ کو اکتالیس مرتبہ باوضو چند آدمی مل کر پڑھ لیں یا اکیلا آدمی پڑھ لے۔ چند دن پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہو جائیں گے اور ان کے شر سے حفاظت رہے گی۔

### بچوں کی حفاظت کے لیے:

اس سورۂ مبارکہ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچوں کے گلے میں ڈال دیں، انشاء اللہ تعالیٰ بچے جملہ آفات و بلیات سے محفوظ رہیں گے۔

### سکرات سے نجات اور خاتمہ:

جب کسی شخص پر سکرات کا عالم طاری ہو اور جان نکلنے کا وقت ہو تو باوضو ہو کر سورۂ جاثیہ پڑھ کر مرنے والے پر دم کرے، انشاء اللہ تعالیٰ آسانی کے ساتھ اس کی جان نکلے گی اور خاتمہ بالایمان ہوگا۔

## سورۃ الاحقاف (پارہ ۲۶ سورۃ ۴۶)

### طلب بارش کیلئے:

اگر بارش نہ ہوتی ہو اور کھیتی پانی نہ ہونے کے سبب سوکھ رہی ہو تو اللہ تعالیٰ سے بارش طلب کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ چند دن باوضو تیرہ بار سورۃ الاحقاف پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ بارش ہوگی۔

marfat.com

## سورۃ محمد (پارہ ۲٦ سورۃ ۴۷)

### مشکل مہمات میں کامیابی کیلئے:

اگر کسی کو کوئی مشکل مہم پیش آ گئی ہو تو سورۃ محمد کو اکتالیس مرتبہ چند دن پڑھے، اگر اکیلا پڑھنا مشکل ہو تو چند آدمی مل کر پڑھ لیں، باوضو پڑھیں، ان شاء اللہ تعالیٰ مشکل آسان ہوگی۔

### عزت و عظمت حاصل کرنے کیلئے:

جو شخص یہ چاہے کہ اس کی عزت بڑھے اور لوگ اس کی عظمت کو تسلیم کریں اور اسے بڑا مانیں تو چاہیے کہ سورۃ محمد کو زعفران و عرق گلاب یا زم زم کے پانی سے اس تعویز کو باوضو لکھے اور اس پانی میں گھول کر چند دن پیئے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس پانی کو چند دن پینے سے لوگ اس کی عزت کرینگے۔

## سورۃ الفتح (پارہ ۲٦ سورۃ ۴۸)

### فتح یابی کیلئے:

ہر قسم کی کامیابی اور دشمن پر فتح حاصل کرنے کیلئے سورۃ الفتح باوضو اس طرح پڑھے کہ اول و آخر درود شریف اکہتر اکہتر بار درمیان میں تین تین بار سورۃ الفتح اور سورۃ النصر پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی کامیابی حاصل ہوگی اور دشمن پر غلبہ حاصل ہوگا اور فتح یاب ہوگا۔

### جنگ جہاد میں دشمن پر فتح حاصل کرنے لئے

اگر کوئی شخص سورۃ الفتح کو اکتالیس بار باوضو پڑھے یا چند آدمی مل کر پڑھ لیں تو اللہ تعالیٰ کی غیبی مدد آئے گی اور دشمن پر فتح کامل حاصل ہوگی۔

### سال بھر امن و امان کیلئے:

جو شخص رمضان المبارک کا چاند دیکھ کر اس کے سامنے کھڑے ہو کر باوضو تین بار سورۃ الفتح پڑھے تو بفضلہ تعالیٰ سال بھر امن و امان سے رہے گا اور ہر قسم کی پریشانی سے محفوظ رہے گا۔

## سورۃ الحجرات (پارہ ۲٦ سورۃ ۴۹)

### حمل قائم رہنے کیلئے:

اگر سورۃ الحجرات کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے حاملہ عورت کے گلے میں باندھ دے تو اللہ تعالیٰ کے حکم

marfat.com

سے حاملہ کا حمل قائم رہے گا اور بچہ صحت وتندرستی سے پیدا ہوگا۔

**دشمن کے دفع کیلئے:**

اگر کسی شخص کو دشمنوں نے تنگ کر رکھا ہو اور اکثر ستاتے رہتے ہوں تو ایسے دشمن کیلئے روزانہ باوضو سات مرتبہ سورۃ الحجرات پڑھ کر دعا کرے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن دفع ہو نگے۔

**جریان کیلئے:**

اگر کسی کا مادہ منویہ پتلا ہو گیا ہو اور جریان منی کی شکایت ہو تو روزانہ باوضو سورۃ الحجرات تین بار پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور اکتالیس دن تک یہ عمل جاری رکھیں انشاءاللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔

## سورۃ قٓ (پارہ ۲۶ سورۃ ۵۰)

**پیٹ کی بیماریوں کیلئے:**

پیٹ کی تمام بیماریوں کیلئے باوضو سورۃ قٓ کو لکھے، اور پانی میں گھول کر چند دن میں وہ پانی پئے۔ انشاءاللہ تعالیٰ پیٹ کی تمام جملہ بیماریوں سے نجات حاصل ہوگی۔

**دیوانگی اور پاگل پن دور کرنا:**

پاگل پن اور دیوانگی دور کرنے کیلئے سورۃ ق کو باوضو لکھے اور پانی میں گھول کر مریض کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کے خوف، ڈر اور دیوانگی سے نجات حاصل ہوگی۔

**آنتوں کے کیڑے اور چرنے:**

اگر آنتوں میں کیڑے ہوں یا زیادہ مٹی کھانے کی وجہ سے بچوں کے چرنے ہو گئے ہوں تو باوضو سورۃ ق پڑھے اور بارش کے پانی پر دم کر کے اکیس روز مریض کو پلائے ان شاءاللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہوگا (اگر بارش کا پانی نہ ملے تو عام پانی استعمال کر لیں)

## سورۃ الذٰریٰت (پارہ ۲۶ سورۃ ۵۱)

**شہر سے قحط کو دور کرنا:**

اگر کسی ملک یا بستی میں قحط پڑ گیا ہو اور لوگ بھوک کی وجہ سے پریشان ہوں تو چند آدمی مل کر سورۃ الذٰریٰت ستر مرتبہ روزانہ ایک وقت میں پڑھ لیا کریں جب تک قحط ختم نہیں ہوتا پڑھتے رہیں انشاءاللہ تعالیٰ

marfat.com

جلد ہی ملک یا بستی سے فاقہ دفع ہوگا اور غلہ کی فراوانی ہو جائے گی۔

## سورۃ الطّور (پارہ ۲۷ سورۃ ۵۲)

### جذام کوڑھ سے حفاظت کیلئے:

اگر کوئی شخص ہر روز رات کو تین مرتبہ سورۃ الطّور باوضو پڑھ لیا کرے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جذام اور کوڑھ کے مرض سے محفوظ رہے گا اور اگر خدانخواستہ اس بیماری کے آثار شروع ہو چکے ہوں تو جلد ہی بیماری سے نجات حاصل ہوگی بشرطیکہ مرض کے خاتمہ تک برابر پڑھتا رہے ناغہ نہ کرے۔

### مسافر کی اپنے گھر واپسی کیلئے:

اگر کوئی مسافر سفر کے دوران سورۃ الطّور ایک مرتبہ باوضو روزانہ پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ ہر قسم کی آفات و بلیات اور حادثات سے محفوظ رہے گا اور بحفاظت گھر واپس پہنچ جائے گا۔

## سورۃ النجم (پارہ ۲۷ سورۃ ۵۳)

### ہر قسم کی مراد کیلئے:

ہر قسم کی مراد پوری ہونے کیلئے سورۃ النجم باوضو اکیس مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی مراد پوری ہو گی اور پریشانی سے نجات ملے گی۔

### دشمنوں پر فتح حاصل کرنے کیلئے:

جو شخص روزانہ باوضو ایک مرتبہ سورۃ النجم پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اسے جلد ہی دشمنوں پر فتح حاصل ہوگی اور دشمن کسی بھی طرح اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

## سورۃ القمر (پارہ ۲۷ سورۃ ۵۴)

### لوگوں کی نگاہ میں باعزت ہونا:

اگر کوئی شخص چاہے کہ اسے لوگوں میں مقبولیت حاصل ہو اور ہر شخص اس کی قدر کرے تو چاہیے کہ سورۃ القمر کو باوضو ظہر کے وقت لکھے اور موم جامہ کرکے اپنی پگڑی میں باندھ لے یا ٹوپی میں رکھ لے یا دائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ لوگوں میں مقبول ہوگا اور اس کے تمام مشکل کام آسان ہو جائیں گے۔

marfat.com

## سورۃ الرحمٰن (پارہ ۲۷ سورۃ ۵۵)

### خسرہ اور چیچک سے حفاظت کا عمل:

جب خسرہ یا چیچک کی وبا پھیل رہی ہو تو اس سے حفاظت کیلئے مونگ یا لونگ پر سورۃ الرحمٰن تین بار باوضو پڑھے اور دم کریں ان لونگوں میں سے تین یا پانچ یا سات لونگ لے کر منہ میں ڈال کر پانی سے نگل لیں ان شاء اللہ تعالیٰ خسرہ اور چیچک سے حفاظت رہے گی۔

### خفقان (دل کا دھڑکنا اور ہول دل):

اگر کسی کا دل تیزی سے دھڑکتا ہو یا ہول دل کا مرض ہو تو پوری سورۃ الرحمٰن کو باوضو پڑھ کر پانی پر تین بار پھونک کر دم کرے اور مسلسل ایک ہفتہ پلائے انشاء اللہ تعالیٰ جلد فائدہ ہوگا۔

## سورۃ الواقعہ (پارہ ۲۷ سورۃ ۵۶)

### فاقہ سے نجات:

اگر کوئی شخص فاقوں سے تنگ ہو اور گھر میں اکثر فاقہ رہتا ہو تو روزانہ مغرب کی سنتوں میں سورۃ الواقعہ پڑھتا رہے تو فاقہ سے نجات حاصل ہوگی اور عیش سے زندگی بسر کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ مجرب ہے

### طلب بارش کیلئے:

جب بارش کی ضرورت ہو اور بارش نہ ہوتی ہو تو سات مرتبہ روزانہ سورۃ الواقعہ پابندی کے ساتھ پڑھی جائے انشاء اللہ تعالیٰ بارش ہوگی اور خشک سالی ختم ہو جائے گی۔

### بارش روکنا:

اگر بارش کی کثرت سے سیلاب آ گیا ہو اور بارش نہ رکتی ہو تو سورۃ الواقعہ روزانہ باوضو پانچ مرتبہ پابندی کے ساتھ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ بارش رک جائے گی اور آسمان کھل جائے گا۔

### باغ میں پھلوں کی کثرت اور تمام آفات سے حفاظت:

اگر کوئی شخص باوضو سورۃ الواقعہ کو کاغذ پر زعفران سے لکھ کر باغ کے کسی درخت پر لٹکا دے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے باغ میں خوب پھل آئیں گے اور باغ ہر قسم کی ارضی و سماوی آفات سے محفوظ رہے۔

اگر مغرب کی سنتوں میں اسکو پڑھتا رہے تو فاقہ سے نجات پاوے گا اور عیش سے معیشت کرے گا

marfat.com

انشاء اللہ تعالیٰ۔مجرب ہے۔

## سورۃ الحدید (پارہ ۲۷ سورۃ ۵۷)

### ہر کام میں آسانی پیدا ہو:

اگر کام میں کسی قسم کی رکاوٹ یا مشکل پیش آئے تو سورۃ الحدید تین مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کام آسان اور راحت کے ساتھ انجام پائے گا

### بیماری سے شفا کیلئے:

بیماری سے شفا کیلئے سات بار سورۃ الحدید باوضو پڑھے اور مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے ان شاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہوگا۔

### دشمن سے حفاظت کیلئے:

اگر کوئی شخص دشمنوں کے ہاتھوں تنگ ہو تو اس کیلئے روزانہ سات مرتبہ باوضو سورۃ الحدید پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

## سورۃ المجادلۃ (پارہ ۲۸ سورۃ ۵۸)

### مایوس العلاج مریض کے شفایابی کیلئے:

ایسا مریض جس کے علاج سے اہلِ خانہ مایوس ہو چکے ہوں اس کیلئے بعد نماز عصر باوضو سورۃ المجادلۃ تین بار پڑھ کر اور ہر مرتبہ مریض پر پھونکیں یہ عمل متواتر چالیس روز تک عمل میں لائیں۔

## سورۃ الحشر (پارہ ۲۸ سورۃ ۵۹)

اگر کسی کو بہت بھول ہوتی ہو یہاں تک کہ نماز کی رکعتیں بھی بھول جاتا ہو تو سورۃ الحشر کو باوضو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر بارش کے پانی سے حل کر کے وہ پانی پی لے اگر بارش کا پانی نہ ہو تو جو پانی مل جائے اسی میں گھول کر پی لے، انشاء اللہ تعالیٰ بھول اور نسیان کا مرض دور ہوگا۔حافظہ قوی ہوگا۔

### مشکل مہم کیلئے:

ہر قسم کی مشکل مہم کیلئے سورۃ الحشر روزانہ باوضو چالیس مرتبہ پڑھے ناغہ نہ کرے جملہ حاجات پوری ہوں گی اور مشکل مہم حل ہو جائے۔

marfat.com

## دشمن اور ظالم کے شر سے حفاظت کیلئے:

دشمن اور ظالم کے شر سے حفاظت کیلئے سورۃ الحشر کا ورد نہایت مجرب ہے۔

# سورۃ الممتحنہ (پارہ ۲۸ سورۃ ۶۰)

## خاوند سے طلاق لینا:

اگر کوئی عورت اپنے خاوند سے شرعی عذر کی وجہ سے طلاق لینا چاہتی ہو اور خاوند اس کو طلاق نہ دیتا ہو تو وہ عورت سورۃ الممتحنہ کو گیارہ روز تک روزانہ باوضو گیارہ مرتبہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ طلاق کی کوئی صورت پیدا ہو جائے گی۔

## شیطانی وسوسوں سے نجات کیلئے:

شیطانی وسوسوں سے نجات کیلئے سورۃ الممتحنہ روزانہ ایک مرتبہ صبح اور ایک مرتبہ بعد نماز مغرب باوضو پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ شیطانی وسوسے دفع ہونگے اس سورۃ کا پڑھنا اس سلسلے میں نہایت مفید ہے۔

## دشمن کے خوف کو دور کرنا:

اگر کسی شخص کے دل و دماغ پر دشمن کا خوف ہو اور ہر وقت ڈر اور خوف سے دل لرزتا ہو تو سورۃ الممتحنہ بعد نماز فجر باوضو دو مرتبہ پڑھ کر دعا کرے انشاءاللہ تعالیٰ دل کا خوف ختم ہوگا۔

## بدزبان عورت کی اصلاح کیلئے:

اگر کوئی عورت بدزبان ہو اور ہر وقت زبان درازی کرتی ہو تو اس کیلئے باوضو سورۃ الممتحنہ لکھے اور پانی میں گھول کر پلا دے ان شاءاللہ تعالیٰ بدزبانی سے باز آجائے گی۔

## شیطانی کاموں اور گناہوں سے بچنے کیلئے:

اگر کوئی شخص شیطانی کاموں میں مبتلا ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ باوضو پانچ مرتبہ سورۃ الممتحنہ کی تلاوت کرے انشاءاللہ تعالیٰ اس سورۃ کے پڑھنے سے وہ تمام برے کاموں اور گناہوں سے بچ جائے گا۔

# سورۃ الصّف (پارہ ۲۸ سورۃ ۶۱)

## خاندان اور اہل و عیال کا مطیع ہونا:

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کی اولاد اور اہل خانہ اور خاندان والے اس کے مطیع اور فرمانبردار ہوں

marfat.com

اوراس کی اطاعت کریں تو اسے چاہیے کہ ستر مرتبہ سورۃ الصّف پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ اس کی اولاد، اہل خانہ اور خاندان والے مطیع وفرمانبردار ہوں گے۔

ہر قسم کی ناگہانی آفت بیماری اور بلا سے حفاظت کیلئے:

سورۃ الصّف کا بعد نماز فجر روزانہ تین مرتبہ تلاوت کرنا ہر قسم کی ناگہانی آفت بیماری اور بلا سے محفوظ رکھتا ہے۔

بچہ کا ذہن کھولنے کیلئے:

جس بچہ کا ذہن بند ہو اور الٹے سیدھے کام کرتا ہو اور پڑھنے میں کمزور ہو تو اس کیلئے نماز فجر کے بعد باوضو ایک مرتبہ سورۃ الصّف پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچے کو پلانا ذہن کو کھولتا ہے۔

قلب کو گناہوں سے پاک کرنا اور قلب کو نورانی کرنا:

سورۃ الصّف کا روزانہ نماز فجر کے بعد پڑھنا گناہوں کی سیاہی کو دور کرتا ہے اور قلب کو نورانی کرتا ہے۔

اولاد کی فرمانبرداری کیلئے:

جو لڑکا یا لڑکی ناخلف ہوں اور اپنے والدین کی اطاعت نہ کرتے ہوں تو تین مرتبہ باوضو سورۃ الصّف پڑھ کر ان پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے انہیں پلائے انشاءاللہ تعالیٰ ان کے دل سرکشی سے ہٹ کر اطاعت و فرمانبرداری کی طرف مائل ہوں گے۔

## سورۃ الجمعہ (پارہ ۲۸ سورۃ ۶۲)

میاں بیوی کے درمیان محبت:

اگر میاں بیوی میں ناموافقت ہو اور ہر وقت بات بات پر جھگڑا ہوتا ہو تو جمعۃ المبارک کے دن کسی وقت بھی تین مرتبہ سورۃ الجمعہ پڑھے اور دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ آپس میں محبت بڑھے گی اور نفاق دور ہوگا نیز پانی پر دم کر کے دونوں کو پلانا بھی مفید ہے۔

بات کرنے میں دشواری کا علاج:

اگر کوئی شخص اچھی طرح بات نہ کرسکتا ہو اور بات کرنے میں دشواری پیش آتی ہو تو باوضو سورۃ الجمعہ کو کئی بار دن میں روزانہ پڑھا کرے انشاءاللہ تعالیٰ اس کی زبان درست ہو جائے گی اور زبان کی رکاوٹ دور ہو جائے گی۔

marfat.com

## سورۃ المنافقون (پارہ ۲۸ سورۃ ۶۳)

### دشمن کی پامالی اور ذلت کیلئے:

جو کوئی شخص سورۃ المنافقون کو روزانہ باوضو رات کو پڑھ کر سوئے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دشمن ہمیشہ پامال اور ذلیل ہوں گے اور اسے نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

### چغل خور سے حفاظت:

اگر کوئی شخص چغل خور سے پریشان ہو اور اس سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو ایک سو ساٹھ مرتبہ باوضو سورۃ المنافقون پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ چغل خور کی چغل خوری اور اس کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔

### آنکھ میں درد کا علاج:

اگر کوئی شخص آنکھ کی تکلیف میں مبتلا ہو تو باوضو ایک بار سورۃ المنافقون پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کا درد چند دن میں دور ہو جائے گا۔

## سورۃ التّغابن (پارہ ۲۸ سورۃ ۶۴)

### مال کی حفاظت کیلئے:

زیور، سونا چاندی، مال اور روپیہ رکھ کر باوضو سات مرتبہ سورۃ التغابن پڑھ کر اس پر پھونک دے انشاء اللہ تعالیٰ کوئی چور اور ڈاکو اس مال کو چوری نہ کر سکے گا وہ مال بالکل محفوظ رہے گا۔

## سورۃ الطّلاق (پارہ ۲۸ سورۃ ۶۵)

### شدید زخموں کا جلد اچھا ہونا:

سورۃ الطلاق کا تین دن تک باوضو تین مرتبہ پڑھ کر شدید زخموں پر دم کرنا خدا کے فضل سے زخموں کو جلد اچھا کرتا ہے۔

## سورۃ التّحریم (پارہ ۲۸ سورۃ ۶۶)

### شوہر بیوی کو آرام سے رکھے اور اولاد تابعدار ہو:

جو عورت ہمیشہ روزانہ باوضو سورۃ التحریم پڑھے گی ان شاء اللہ تعالیٰ خاوند اس کا ہمیشہ اسے آرام و

marfat.com

راحت سے رکھے گا اور اولاد تابعدار اور فرمانبردار ہوگی۔

### قرض کی ادائیگی کیلئے:

اگر کوئی شخص قرض کی ادائیگی میں مبتلا ہو اور قرض اترنا مشکل ہو تو باوضو اکیس بار سورۃ التحریم پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی قرض ادا ہو جائے گا

## سورۃ الملک (پارہ ۲۹ سورۃ ۶۷)

### بانجھ پن سے نجات اور اولاد کیلئے:

اولاد ہونے کیلئے بوقت تہجد دو رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ دونوں رکعت میں سورۃ الملک تلاوت کی جائے اکتالیس روز تک یہی عمل جاری رکھیں ان شاءاللہ تعالیٰ اولاد ہوگی۔

### عذاب قبر سے نجات:

عذاب قبر سے نجات کیلئے ہر روز بعد نماز عشاء باوضو سورۃ الملک ایک بار پڑھ لیا کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ عذاب قبر سے محفوظ رہے گا۔

اس کا روزانہ پڑھنا عذاب قبر سے نجات کا ذریعہ ہے اور مریض پر پڑھنے سے تین بار صبح وشام شفاء کا موجب ہے۔

یہ سورۃ پڑھنے والے کو عذاب قبر سے محفوظ رکھتی ہے۔

## سورۃ القلم (پارہ ۲۹ سورۃ ۶۸)

### چغل خور اور برا کہنے والوں سے حفاظت:

جو شخص باوضو ستر بار سورۃ القلم پڑھے اس کے پڑھنے سے چغل خور اور برا کہنے والوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

## سورۃ الحاقہ (پارہ ۲۹ سورۃ ۶۹)

### دشمن سے نجات حاصل کرنا:

جس شخص کا کوئی دشمن ہو اور ہر وقت تکلیف پہنچانے کی فکر میں رہتا ہو تو سورۃ الحاقہ کو ہفتہ کی صبح بعد نماز فجر اکیس بار پڑھ کر دشمن کے دفع ہونے کی دعا کرے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن اپنے کرتوتوں کے سبب بہت

marfat.com

جلد جیل خانہ میں پہنچ جائے گا۔

## سورۃ المعارج (پارہ ۲۹ سورۃ ۷۰)

### حمل کی حفاظت کیلئے:

اگر کوئی شخص سورۃ المعارج باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے حاملہ عورت کے گلے میں ڈالے بحکم خداوندی حمل جملہ آفتوں سے محفوظ رہے گا اور بچہ پیدا ہونے کے بعد سورۃ المعارج باوضو لکھ کر پلائے تو بچہ ان تمام آفات و بلیات سے جو بچہ کو پیش آتی ہیں محفوظ رہے گا۔

## سورۃ النوح (پارہ ۲۹ سورۃ ۷۱)

### ہر قسم کی اچانک موت سے حفاظت کیلئے:

سورۃ نوح کا عصر کی نماز کے بعد باوضو ہمیشہ پڑھنا ڈوب کر مرنے، دیوار کے نیچے دب کر مرنے اور اس طرح ہر قسم کی موت سے محفوظ رکھتا ہے۔

### احتلام سے حفاظت کیلئے:

جس شخص کو کثرت احتلام ہوتا ہو اسے چاہیے کہ رات کو سونے سے پہلے باوضو سورۃ النوح ایک بار پڑھ لیا کرے انشاءاللہ تعالیٰ احتلام سے محفوظ رہے گا۔

## سورۃ الجن (پارہ ۲۹ سورۃ ۷۲)

### قید سے رہائی کیلئے:

اگر کوئی قیدی کثرت سے سورۃ الجن باوضو پڑھے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے رہائی عطا فرمائے گا۔

### آسیب دور کرنے کیلئے:

سورۃ الجن کو زعفران سے یا کالی روشنائی سے سفید کاغذ پر باوضو لکھے اور آسیب زدہ کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ آسیب دور ہوگا۔ مجرب ہے۔

## سورۃ المزمل (پارہ ۲۹ سورۃ ۷۳)

جس گھر میں فاقہ رہتا ہو اگر سورۃ المزمل ایک بار روزانہ باوضو بعد نماز عشاء پڑھ لی جائے تو انشاءاللہ

marfat.com

تعالیٰ وہ گھر فاقہ سے محفوظ رہے گا اور گھر میں برکت ہوگی۔

ہلاکی دشمن کیلئے:

اگر بقرعید (عیدالاضحیٰ) کے روز غسل کر کے مسجد کے راستے کی خاک اور پرانی قبر کی مٹی اور پڑاوے (کمہار کا آوٗ) کی خاک لیکر نو مرتبہ سورۃ المزمل کو پڑھ کر دم کرے اور دشمن کی طرف یا اس کے گھر کیطرف اڑا دے دشمن ہلاک ہوگا۔

نوٹ: یہ عمل شرعی عذر اور ضرورت کے تحت اور حدود کے اندر رہ کر کرنا چاہیے اور شرعی حدود کو پیش نظر رکھ کر کیا جائے بہتر یہ ہے کہ کسی ثقہ عالم دین سے مشورہ کرے ورنہ قتل کا گناہ ہوگا اور دنیا اور آخرت کی تباہی کا شکار الگ ہوگا۔

برائے مغلوبی دشمن:

دشمن کو زیر کرنے کیلئے بعد نماز فجر بغیر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے سورۃ المزمل اکیس بار پڑھ کر رائی کے دانوں پر دم کر کے جلا دے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہونگے۔

بیماری سے شفاء:

اگر روزانہ باوضو گیارہ مرتبہ سورۃ المزمل پڑھ کر کسی بیمار پر دم کرتا رہے تو انشاءاللہ تعالیٰ اس کو شفا ہوگی۔

بچے کی عمر درازی (لمبی عمر کیلئے):

جس شخص کے اکثر بچے مر جاتے ہوں تو سات مرتبہ باوضو سورۃ المزمل پڑھ کر سپاری (چھالیہ ثابت) پر دم کر کے اس میں سوراخ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دے انشاءاللہ تعالیٰ بچہ کی عمر دراز ہوگی۔

## فوائد اعمال سورۃ المزمل

☆ اگر کسی شخص کو کوئی مشکل پیش آگئی ہو تو چاہیے کہ سات روز تک یا ستائیس روز تک باوضو اکیس مرتبہ روزانہ پڑھے اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھے ان دنوں میں گوشت کھانا ترک کر دے انشاءاللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی۔

☆ اگر فائدہ نمبر ایک درج شرائط کے مطابق پڑھے گا تو انشاءاللہ مالدار ہو جائے گا۔

☆ اگر دردزہ والی عورت کو گیارہ مرتبہ باوضو سورۃ المزمل پڑھ کر شکر پر دم کر کے کھلا دے تو انشاءاللہ تعالیٰ فوراً خیریت کے ساتھ بچہ پیدا ہوگا۔

marfat.com

☆ اگر سورۃ المزّمل کو تین بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس پانی کو منہ پر مل کر کسی حاکم یا افسر یا ظالم آدمی کے پاس جائے گا تو حاکم انشاء اللہ تعالیٰ اس شخص کی بہت عزت کرے گا۔

☆ اگر کوئی شخص قید میں ہو یا کسی کا کوئی مقدمہ ہو تو وہ سورۃ المزّمل مشک و زعفران سے باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ قیدی فوراً قید سے رہا ہوگا۔

☆ اگر کسی معصوم بچہ پر سایہ یا جن و پری کا اثر ہو تو فولاد کے چاقو پر اکتالیس بار باوضو سورۃ المزّمل پڑھ کر اس بچہ کو کھڑا کر کے اس کے سایہ پر زمین میں گاڑھ دے تو انشاء اللہ تعالیٰ بچہ اس تکلیف اور مصیبت سے نجات پائے گا۔

☆ اگر مرد، عورت میں باہم موافقت نہ ہو تو سورۃ المزّمل کو باوضو اکیس مرتبہ پڑھ کر دونوں میں جو خلاف ہو اس پر دم کر کے یا کسی چیز پر دم کر کے، اسے کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں محبت پیدا ہو جائے گا

سورۃ المزمل کے خواص بے شمار ہیں پڑھنے کا سہل طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز فجر چھ بار اور بعد نماز ظہر سات بار اور بعد نماز عصر آٹھ بار اور بعد نماز مغرب نو بار اور بعد نماز عشاء گیارہ بار ہمیشہ پڑھیں اس سورۃ معظم کی برکت سے ہر مشکل آسان ہو جائے گی۔

اگر اکتالیس بار اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھا کرے تو دولت سے مالا مال ہوگا اور جن و انس پر اسکی دہشت ہوگی اگر گیارہ بار روزانہ پڑھتا رہے تو مصیبت سے امن میں رہے گا اور کسی بیمار پر دم کرتا رہے اس کو شفا ہوگی (ان شاء اللہ تعالیٰ)۔

## سورۃ المدّثر (پارہ ۲۹ سورۃ ۷۴)

### محتاجگی دور کرنے کیلئے:

اگر کوئی شخص محتاج ہو اور چاہتا ہو کہ محتاجی دور ہو جائے تو روزانہ سورۃ المدثر ایک مرتبہ باوضو پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ محتاجی ختم ہو جائے گی اور مالدار ہو جائے گا۔

## سورۃ القیامۃ (پارہ ۲۹ سورۃ ۷۵)

### لوگوں کو قابو کرنے کیلئے:

تسخیر خلائق کیلئے سورۃ القیامہ کو روزانہ سات بار باوضو پڑھ لیا کریں انشاء اللہ تعالیٰ لوگ مطیع ہوں گے اور خوب عزت و خدمت ہوگی۔

marfat.com

## سورۃ الدّھر (پارہ ۲۹ سورۃ ۷٦)

### دشمن کے دفع ہونے کیلئے:

سات بار روزانہ باوضو سورۃ الدھر کی تلاوت دفع دشمن کی نیت سے پڑھنا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے سات روز میں دشمن کو دفع کرتا ہے۔

## سورۃ المرسلٰت (پارہ ۲۹ سورۃ ۷۷)

### سانس پھولنے کیلئے:

اگر کسی کا سانس بہت پھولتا ہو اور اسے ضعف نفس کی شکایت ہو تو اسے چاہیے کہ باوضو سورۃ المرسلت پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ سانس پھولنا بند ہوگا اور دل کی تیز دھڑکن ختم ہوگی۔

### برے برے خواب سے نجات:

اگر کوئی شخص برے برے اور ڈراؤنے خواب دیکھتا ہو تو روزانہ نماز مغرب کے بعد ایک مرتبہ باوضو سورۃ المرسلت پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ بدخوابی سے نجات حاصل ہوگی۔

## سورۃ النبا (پارہ ۳۰ سورہ ۷۸)

### دل میں یقین اور نور ایمان پیدا کرنا:

سورۃ النبا کا ایک مرتبہ باوضو بعد نماز عصر پڑھنا دل میں یقین اور نور وایمان پیدا کرتا ہے اور اللہ کے فضل وکرم سے اس سورۃ پڑھنے والے کا ایمان پر خاتمہ ہوگا۔

### آنکھوں کی روشنی کیلئے:

سورۃ النبا کا بعد نماز عصر باوضو تین مرتبہ پڑھنا آنکھوں کی روشنی کو بڑھاتا ہے اور روشنی چشم قائم رہتی ہے انتہائی مفید ہے آنکھوں کی روشنی ضائع نہ ہوگی۔

## سورۃ النّٰزعٰت (پارہ ۳۰ سورۃ ۷۹)

### سلامتی ایمان کیلئے:

جو شخص باوضو ہر روز اکیس مرتبہ سورۃ النّٰزعٰت پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ موت کی تکلیف سے محفوظ

marfat.com

رہے گا اور مرتے وقت اپنا ایمان سلامت لے جائے گا۔

### قیامت کے ہول اور ڈر سے حفاظت کیلئے:

جو شخص قیامت کے ہول اور اس کی سختی سے ڈرتا ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ باوضو سورۃ النّزٰعٰت پڑھا کرے انشاءاللہ تعالیٰ قیامت کے ہول اور ڈر سے محفوظ رہے گا۔

## سورۃ عبس (پارہ ۳۰ سورۃ ۸۰)

### دشمن سے حفاظت اور حاکم پر رعب:

اگر کسی کو دشمنوں سے واسطہ پڑ جائے یا ظالم اور بے رحم حاکم کے پاس حاضری ہو تو چاہیے کہ باوضو تین بار سورۃ عبس پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اور حاکم کے سامنے جائے گا تو وہ ہیبت کی وجہ سے خاموش رہے گا۔

## سورۃ التکویر (پارہ ۳۰ سورۃ ۸۱)

### کام با آسانی ہونے کیلئے:

کسی بھی کام کا باآسانی ہونے کیلئے اور جملہ رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے سورۃ التکویر کو باوضو اکیس مرتبہ پڑھے، انشاءاللہ تعالیٰ کام میں آسانی ہوگی اور جملہ رکاوٹیں دور ہوں گی۔

### آتشک بیماری کیلئے:

جس کسی کو آتشک کی بیماری ہو تو باوضو سورۃ التکویر کو سات مرتبہ پڑھے اور آب زم زم پر دم کر کے اکیس روز تک پلائے انشاءاللہ تعالیٰ صحت کامل حاصل ہوگی۔

## سورۃ الانفطار (پارہ ۳۰ سورۃ ۸۲)

### جادو مدفون کا پتہ چلانا:

سحر اور جادو کسی مکان میں دفن ہو لیکن اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو سورۃ الانفطار کو ایک مرتبہ باوضو پڑھ کر تازہ پانی پر دم کر کے اور پورے مکان کی دیواروں پر چھڑکے انشاءاللہ تعالیٰ خواب کے ذریعے معلوم ہو جائے گا کہ فلاں جگہ جادو دفن ہے اور کوئی جادو اس کو نقصان نہ پہنچائے گا۔

marfat.com

### حاجت روائی کیلئے:

جب کوئی حاجت ہوتو سورۃ الانفطار کو باوضو ستر مرتبہ پڑھکر دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

### قیدی کی رہائی کیلئے:

اگر کوئی شخص قید ہو گیا ہو اور رہائی چاہتا ہو تو سورۃ الانفطار باوضو ستر بار پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ جلد رہا ہوگا۔

## سورۃ المُطَفِّفین (پارہ ۳۰ سورۃ ۸۳)

### بچہ کی بآسانی پیدائش:

جو شخص ستر بار باوضو سورۃ المطففین پڑھے تو بچہ بآسانی پیدا ہوگا اور انشاءاللہ تعالیٰ زچہ ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گی۔

## سورۃ الانشقاق (پارہ ۳۰ سورۃ ۸۴)

### بچھو کے زہر سے آرام:

اگر کسی کو بچھو ڈنگ مار دے اور زہر کے سبب بہت تکلیف ہو تو باوضو سورۃ الانشقاق پڑھ کر مریض پر دم کر دے انشاءاللہ تعالیٰ بچھو کا زہر زائل ہوگا اور مریض کو آرام آجائے گا۔

### بدہضمی سے شفا:

اگر کسی کو بدہضمی ہوگئی ہو یا کھانا ہضم نہ ہوتا ہو تو عرق گلاب پر باوضو سورۃ الانشقاق پڑھ کر دم کر دے اور وہ مریض کو تھوڑا تھوڑا کر کے پلائے انشاءاللہ تعالیٰ بدہضمی سے شفا ہوگی۔

## سورۃ البروج (پارہ ۳۰ سورۃ ۸۵)

### بدگویوں کے دفع ہونے کیلئے:

بدگولوگوں کے دفع ہونے کیلئے روزانہ باوضو سورۃ البروج پانچ مرتبہ پڑھے، انشاءاللہ تعالیٰ بدگو دفع ہوں گے۔

### دشمنوں کی قید سے رہائی:

جو شخص دشمنوں کی قید سے رہائی چاہے یا دشمن کی قید سے بچنا چاہے وہ سورۃ البروج کو ستر بار باوضو

marfat.com

پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ قید سے محفوظ رہے گا اور اگر قید ہو گیا ہو تو جلد رہا ہو گا۔

## سورۃ الطارق (پارہ ۳۰ سورۃ ۸۶)

### سانپ بچھو سے حفاظت:

جس گھر میں سانپ بچھو نکلتے ہوں وہاں سورۃ الطارق کو باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر دیوار پر لگا دیں نہایت مجرب ہے انشاءاللہ تعالیٰ اس کے لگانے کے بعد کوئی سانپ یا بچھو نظر نہ آئے گا اور اگر باہر نکل بھی آئے گا تو کسی کو نقصان نہ پہنچائے گا۔

### دانت کے درد کا علاج:

جس شخص کے دانت میں درد ہو اس کیلئے باوضو سورۃ الطارق دو کاغذوں پر لکھے اور ایک کاغذ موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے اور دوسرا کاغذ لپیٹ کر درد والے دانت کے نیچے دبا دے انشاءاللہ تعالیٰ درد ختم ہو جائے گا۔

### قے سے حفاظت کیلئے:

اگر کوئی شخص دوائی یا شربت پیئے یا کوئی چیز کھائے تو اس پر ایک مرتبہ سورۃ الطارق باوضو پڑھ کر دم کر کے پی لے یا کھا لے انشاءاللہ تعالیٰ قے سے محفوظ رہے گا

### باغ یا کھیت کو موذی جانوروں سے محفوظ کرنا:

باغ یا کھیت کو موذی جانوروں مثلاً ٹڈی، جنگلی چوہے، خطرناک کیڑے اور دیگر جانوروں سے محفوظ رکھنے کیلئے سورۃ الطارق کو چار کاغذ کے ٹکڑوں پر الگ الگ لکھے اور زیتون کی لکڑی میں لپیٹ کر (یعنی لکڑی میں سوراخ کر کے اس میں رکھ کر) باغ یا کھیت کے چاروں کونوں میں دفن کر دیں انشاءاللہ تعالیٰ فصل کو نقصان دینے والے تمام جانور اس باغ سے نکل جائیں گے اور باغ یا کھیت کی فصل کو نقصان نہ پہنچائیں گے

### باؤلے (پاگل) کتے کا زہر:

اگر کسی کو باؤلا (پاگل) کتا کاٹ لے تو سورۃ الطارق تین بار باوضو پڑھ کر کاٹی ہوئی جگہ پر دم کرے انشاءاللہ تعالیٰ باؤلے کتے کا زہر اثر نہ کرے گا اور صحت حاصل ہو گی۔

### احتلام سے حفاظت:

اگر کسی کو سوتے میں احتلام بہت زیادہ ہوتا ہو تو اس کیلئے تین مار باوضو سوتے وقت سورۃ الطارق پڑھ

marfat.com

کر اپنے سینے پر دم کر لیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ احتلام سے محفوظ رہے گا۔

## سورۃ الاعلیٰ (پارہ ۳۰ سورۃ ۸۷)

### بواسیر سے صحت کیلئے:

بواسیر کیلئے سورۃ الاعلیٰ کا روزانہ باوضو ایک مرتبہ پڑھنا بواسیر سے نجات کیلئے کافی ہے اس کے پڑھنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ مرض دور ہو جائے گا یہ عمل بواسیر خونی و بادی دونوں کیلئے مفید ہے۔

### برائے ذہن وقوت حافظہ کیلئے:

سورۃ الاعلیٰ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ ذہن وحافظہ قوی ہوگا

## سورۃ الغاشیہ (پارہ ۳۰ سورۃ ۸۸)

### ہچکی بند ہونے کیلئے:

اگر کسی کی ہچکی لگی ہو اور بند نہ ہو رہی ہو تو سورۃ الغاشیہ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ ہچکی فوراً بند ہو جائے گی۔

## سورۃ الفجر (پارہ ۳۰ سورۃ ۸۹)

### بیٹا کے پیدا ہونے کیلئے:

جو شخص چاہے کہ اس کے لڑکا پیدا ہو تو سورۃ الفجر کو باوضو سو مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

### ہر قسم کی مشکل مہم کیلئے:

جو شخص چاہے کہ اسکی مشکل حل ہو اور ہر قسم کی مشکل مہم سے بآسانی نکل جائے تو اسے چاہیے کہ باوضو ستر بار سورۃ الفجر پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی مشکل مہم حل ہوگی۔

## سورۃ البلد (پارہ ۳۰ سورۃ ۹۰)

### درد گردہ سے آرام:

جو شخص درد گردہ کا مریض ہو وہ اگر روزانہ باوضو سورۃ البلد گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ

marfat.com

درد گردہ کی تکلیف سے آرام پائے گا اگر گیارہ مرتبہ درد گردہ کے مریض کو پانی پر دم کر کے پلائے تو انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

## کسی شہر میں داخلے کے وقت عزت پانا:

جب کسی شہر میں داخل ہونے کا ارادہ ہو تو باوضو ایک مرتبہ سورۃ البلد کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اہل شہر اسکی عزت کریں گے اور اس کے ساتھ لطف و مہربانی کریں گے اور اس شہر میں وہ شخص امن و امان کے ساتھ رہے گا

# سورۃ الشّمس (پارہ ۳۰ سورۃ ۹۱)

## بچہ زندہ رہنے کیلئے:

اجوائن اور کالی مرچ ڈیڑھ ڈیڑھ پاؤ لیکر پیر کے دن دوپہر کے وقت چالیس بار باوضو سورۃ الشّمس اس طرح پڑھے کہ ہر دفعہ سورۃ الشّمس پڑھنے کے ساتھ ساتھ اول و آخر درود شریف پڑھے اور اجوائن اور کالی مرچ پر دم کرے اور جب حمل قائم ہو جائے یا تین ماہ کا ہو جائے تو تھوڑی اجوائن اور تھوڑی کالی مرچ لے کر روزانہ پابندی کے ساتھ بلا ناغہ کھاتی رہے اور دودھ چھڑانے تک برابر کھاتی رہے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ زندہ رہے گا یہ عمل سوکھا اور سان کے مریض بچوں کیلئے بھی فائدہ مند ہے۔

# سورۃ اللّیل (پارہ ۳۰ سورۃ ۹۲)

## بھاگے ہوئے شخص کا واپس لوٹانا

اگر کوئی شخص گم ہو جائے یا بھاگ جائے تو اس کی سلامتی سے واپسی کیلئے سورۃ اللّیل کو باوضو ہرن کی کھال پر لکھ کر کسی درخت کی شاخ پر باندھ دے کہ ہلتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا یا غائب جلد واپس آئے گا۔

## ملازمت اور رزق کی ترقی کیلئے:

ملازمت لگ جانے نوکری مل جانے اور رزق کی ترقی کیلئے سورۃ اللیل باوضو روزانہ اکتالیس مرتبہ پڑھے اور پھر اکتالیس روپے راہ خدا میں تقسیم کرے اکتالیس دن تک یہ عمل پابندی کے ساتھ کرے ناغہ نہ کرے اس عمل کے دوران کچا لہسن، کچا پیاز، اور ہینگ کا استعمال نہ کرے ورنہ عمل میں اثر پیدا نہ ہوگا اس عمل

marfat.com

کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ کہیں نہ کہیں ملازمت ضرور مل جائے گی اور آدمی نوکر ہو جائے گا اگر نوکر ہے تو رزق میں ترقی اور برکت ہوگی۔

## (پارہ ۳۰ سورۃ الضحیٰ ۹۳)

### حصول ملازمت کیلئے:

سورۃ ضحیٰ کو عاملین نے پرتاثیر مانا ہے اس میں نو مقام پر کاف آیا ہے۔ آپ نماز فجر کے بعد وہیں بیٹھیں یہ سورۂ پاک اس طرح پڑھیں کہ جب کاف آئے تو یَا کَرِیْمُ نو مرتبہ پڑھیں یہ عمل صرف نو ایام کریں ملازمت ملے گی۔ اگر خدانخواستہ ملازمت نہ ملی تو یہ عمل اٹھارہ بار پڑھیں، اگر پھر بھی حاجت پوری نہ ہو تو ستائیس مرتبہ پڑھیں اور ہر کاف پر ستائیس مرتبہ "یَا کَرِیْمُ" پڑھیں بفضل خدا شرطیہ ملازمت مل جائے گی۔ (شرعی علاج بحوالہ خزانہ احسال صفحہ ۱)

### بھولی ہوئی چیز کا واپس ملنا:

اگر کوئی شخص کوئی بات، جگہ یا چیز رکھ کر بھول جائے تو اسے چاہیے کہ کثرت سے سورۃ الضحیٰ باوضو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ بات جگہ یا چیز یاد آ جائے گی۔

### منہ کے چھالے:

اگر کسی کے منہ میں چھالے ہو گئے ہوں اور کھانا یا مرچ نمک کا استعمال مشکل ہو گیا ہو تو سورۃ الضحیٰ اکتالیس بار چینی پر دم کر کے مریض کو دیں وہ چینی کو منہ میں رکھ کر چوسے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے منہ کے چھالے ٹھیک ہو جائیں گے۔

## سورۃ الانشراح (پارہ ۳۰ سورۃ ۹۴)

### دفع وسواس دل کی دھڑکن:

جو شخص سات روز تک مسلسل ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سورۃ الانشراح کو پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ وسواس دور ہوں گے اور دل کی دھڑکن اور بے چینی دور ہوگی۔

### سورۃ الانشراح کی برکت سے قرض سے نجات:

سورۃ الانشراح مکمل سورۃ اکہتر بار باوضو روزانہ وقت مقررہ پر پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ قرض سے جلد

marfat.com

چھٹکارا حاصل ہوگا۔

### نسیان بھول جانے کا مرض:

جس شخص کو بھول جانے کا مرض ہو گیا ہو یا بچہ کو سبق یاد نہ ہوتا ہو یا یاد کر کے بھول جاتا ہو تو اس کیلئے زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے سورۃ الانشراح مکمل باوضو چینی کی پلیٹ پر لکھے اور اکتالیس دن تک بلا ناغہ ایک پلیٹ لکھی ہوئی پانی میں حل کر کے پلائی جائے انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ تیز ہوگا اور بھول چوک کا مرض دور ہوگا۔

## سورۃ التّین (پارہ ۳۰ سورۃ ۹۵)

### خوبصورت لڑکے کی پیدائش:

اگر شخص چاہے کہ اس کے گھر میں خوبصورت لڑکا پیدا ہو تو اسے چاہیے کہ حمل کی ابتداء سے نو مہینہ تک برابر سفید چینی کی طشتری پر سورۃ التین کو روزانہ باوضو لکھ کر نہار منہ (کھانا کھانے سے پہلے صبح) عورت کو کھلائے یا پلاوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا خوبصورت پیدا ہوگا۔

### ہر پریشانی سے نجات اور ہر مشکل سے نجات کیلئے:

سورۃ التین سات مرتبہ باوضو پڑھے اول و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ انشاء اللہ تعالیٰ ہر پریشانی دور ہو گی اور اگر اہم مقصد ہے تو اس میں کامیابی ہوگی۔

باغ اور کھیتی کی حفاظت کیلئے یہ سورۃ گلاب زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر باغ یا کھیتی کے چاروں کناروں پر چھڑک دیں چوہے اور ٹڈیوں سے محفوظ رہے گی۔

## سورۃ العلق (پارہ ۳۰ سورۃ ۹۶)

### جوڑوں کے درد کو زائل کرنا:

سورۃ العلق کا نماز فجر کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سات مرتبہ پڑھنا پھر ایک سجدہ تلاوت کرنا اور سجدہ میں حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ سات مرتبہ پڑھنا جوڑوں کے درد کو زائل کرنے کیلئے نہایت مفید عمل ہے ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کے کرنے سے جوڑوں کا درد ختم ہو جائے گا۔

### دشمن کی پریشانی کیلئے:

اگر کوئی ظالم دشمن بلاوجہ ستاتا ہو اور باز نہ آتا ہو تو اس کو پریشان کرنے کیلئے سورۃ العلق باوضو سات

marfat.com

مرتبہ پڑھے ان شاءاللہ تعالیٰ دشمن بے چین اور پریشان ہوگا۔

☆ ذہن کی تیزی اور حافظہ کیلئے یہ سورۃ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ تک لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں۔

## سورۃ القدر (پارہ ۳۰ سورۃ ۹۷)

### خارش خشک وتر کیلئے:

اگر کسی کو خارش ہوگئی ہو چاہے خشک ہو یا تر اس کیلئے باوضو سورۃ القدر پڑھ کر مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ خارش سے نجات حاصل ہوگی۔

☆...... جو شخص سورۃ القدر کا ورد کرے اور یہ دعا سات بار پڑھے دنیاوی دولت سے مالا مال ہو جائے گا "اَللّٰھُمَّ یَا مَنْ یَّکْفِیْنِیْ مِنْ خَلْقِہٖ جَمِیْعًا وَّلَا یَکْفِیْنِیْ مِنْہُ اَحَدٌ مِّنْ خَلْقِہٖ یَا اَحَدُ لَا یُنْقَطِعُ الرَّجَاءُ اِلَّا مِنْکَ وَمَا تَصَوَّرَتِ الْاٰمَالُ اِلَّا فِیْکَ یَا غَیَاثُ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ جو شخص نان شبینہ کا محتاج ہو تو وہ سورۃ الفاتحہ ایک بار اور سورۃ الانشراح تین بار اور سورۃ القدر اِنَّآ اَنْزَلْنٰہُ ......الخ) گیارہ بار پڑھا کرے غیب سے رزق کے دروازے کھل جائیں گے اور مالا مال ہو جائے گا۔

## سورۃ البینہ (پارہ ۳۰ سورۃ ۹۸)

### سستی اور نامردی کیلئے:

سستی اور نامردی کیلئے سورۃ البینہ پوری باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر وہ پانی مریض کو پلایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ صحت بحال ہوگی۔

### یرقان سے صحت

جو شخص سورۃ البینہ کو باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے یرقان والے مریض کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ یرقان کے مرض سے صحت حاصل ہوگی۔

## سورۃ الزلزال (پارہ ۳۰ سورۃ ۹۹)

### دشمن کے ذلیل ہونے اور دفع ہونے کیلئے:

دشمن کے دفع ہونے اور ذلیل ہونے کیلئے سورۃ الزلزال کو باوضو روزانہ اکتالیس بار بلاناغہ پڑھے

marfat.com

انشاءاللہ دشمن ذلیل ہوگا اور دفع ہو جائے گا۔

### ٹھیک وقت پر بیدار ہونا:

اگر کوئی شخص ٹھیک وقت پر بیدار ہونا چاہتا ہے تو سونے سے پہلے باوضو تین مرتبہ سورۃ الزلزال کو پڑھ لے اور سو جائے انشاءاللہ تعالیٰ جس وقت اٹھنا چاہے گا اٹھ جائے گا اور وقت پر آنکھ کھل جائے گی

## سورۃ العٰدیٰت (پارہ ۳۰ سورۃ ۱۰۰)

### دشمن کو جھکانا:

اگر کوئی دشمن بہت شر پھیلاتا ہو اور ہر وقت ستاتا ہو اس کیلئے روزانہ تین بار باوضو سورۃ العٰدیٰت پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہوگا۔

### بچہ کو بھاگنے سے روکنا:

اگر کسی کو بھاگنے کی عادت پڑ گئی ہو اور وہ بار بار بھاگ جاتا ہو تو اس کیلئے باوضو سورۃ العٰدیٰت کو ایک سفید کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے اس بچہ کے گلے میں یا دائیں بازو پر باندھ دے انشاءاللہ تعالیٰ وہ بچہ پھر کبھی نہ بھاگے گا۔

## سورۃ القارعہ (پارہ ۳۰ سورۃ ۱۰۱)

### ہر کام میں سہولت اور درستگی کیلئے:

جو شخص چاہے کہ مشکل حل ہو اور ہر کام سہولت سے انجام پائے اور کام درست طریقہ پر پورا ہو تو چاہئے کہ باوضو ایک سو آٹھ مرتبہ سورۃ القارعۃ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہوگی۔

### برائے عداوت:

اگر دو شخصوں میں یا عورت اور مرد میں ناجائز محبت ہو تو اس کیلئے چاند کے مہینوں کی آخری تاریخوں میں بوقت زوال سورۃ القارعہ باوضو ایک، ایک بار پڑھے اور مرد کے سیدھے (دائیں) پاؤں کی مٹی اور عورت کے الٹے (بائیں) پاؤں کی مٹی لے کر اس پر دم کر لے اور کسی ایک کے مکان کی چوکھٹ کے نیچے دفن کر دے انشاءاللہ تعالیٰ عداوت ہو جائے گی ناجائز مقصد کیلئے نہ کرے نقصان ہوگا۔

marfat.com

## سورۃ التکاثر (پارہ۳۰ سورۃ ۱۰۲)

### حب جاہ اور حب مال کے مرض کا علاج:

حب جاہ اور حب مال کے مرض کو دور کرنے کیلئے اور دینی شوق پیدا کرنے کیلئے نماز فجر کے بعد تین بار باوضو سورۃ التکاثر پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دل سے حب جاہ اور حب مال کا مرض دور ہو جائے گا۔

### بخل کو دور کرنا:

اگر کسی شخص میں بخل کا شدید بد مرض ہو اور وہ کنجوسی کی وجہ سے زکوٰۃ وخیرات سے بچتا ہو اور اللہ کے نام پر دینے سے جی چراتا ہو تو ایسے آدمی کو چاہیے کہ نماز فجر کے بعد باوضو اکیس مرتبہ سورۃ التکاثر کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ بخل اور کنجوسی دور ہو جائے گا۔

### مردہ کو خواب میں دیکھنا اور باتیں کرنا:

جو شخص چاہے کہ وہ اپنے والدین یا کسی مردہ عزیز کو خواب میں دیکھے اور اس سے باتیں بھی کرے تو اسے چاہیے کہ جمعرات کے دن کے بعد جو رات آتی ہے یعنی شب جمعہ کو باوضو سورۃ التکاثر ایک سو تیرہ (۱۱۳) مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ مردہ خواب میں نظر آئے گا اور باتیں بھی کرے گا۔

### قرض کی ادائیگی کیلئے عمل:

جو آدمی مقروض ہو اور اس کا قرضہ کسی طور پر نہ اترتا ہو تو چاہیے کہ بعد نماز فجر تین مرتبہ روزانہ باوضو سورۃ التکاثر کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا تمام قرضہ ادا ہو جائے گا۔

بارش کے پانی پر یہ سورۃ اکتالیس مرتبہ دم کر کے شیشی میں بھر کر رکھ لیں یہ تھوڑا سا پانی روزانہ پیا کریں کوئی رنج وغم قریب نہ آئے گا' اگر پانی کم ہو جائے تو پانی اور ملا لیا کریں۔

جو شخص اس کا ورد رکھے گا بہت جلد مال دار ہو جائے گا۔

## سورۃ العصر (پارہ۳۰ سورۃ ۱۰۳)

### برائے حب:

سورۃ العصر باوضو بعد نماز عصر ایک سو ایک مرتبہ ایک ہفتہ پڑھے اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی لیکن شرط یہ ہے کہ جائز مقصد کیلئے کرے۔

marfat.com

## برائے ذلت وخواری دشمن

جو دشمنوں سے پریشان ہو وہ روزانہ باوضو اکیس مرتبہ سورۃ العصر پڑھے اس کے تمام دشمن بدگو اور بد خواہ سرگرداں وذلیل وخوار ہوں گے انشاءاللہ تعالیٰ۔

☆ غلہ کے کوٹھے میں یہ سورۃ کاغذ پر لکھ کر چاروں کونوں میں گاڑ دیں غلہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

☆ دشمنوں کو مقہور کرنے یا دو آدمیوں کے درمیان عداوت پیدا کرنے کیلئے یہ سورۃ بعد نماز عصر کالی مرچ یا تھوڑی سی رائی پر اکیس مرتبہ دم کر کے دشمن کے گھر میں ڈال دیں

# سورۃ الھمزۃ (پارہ ۳۰ سورۃ ۱۰۴)

## جابر حاکم کے دفتر میں حاضری کے وقت:

اگر کسی کو کسی جابر وظالم حاکم کے سامنے جانا پڑے تو اکیس بار باوضو سورۃ الھمزہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم نرمی سے پیش آئے گا اور اس کا کام کر دے گا۔

## بدگو اور چغل خور کی زبان بندی کیلئے:

بدگو اور چغل خور کی، ظالم حکمران اور ظالم دشمن کی زبان بندی کیلئے روزانہ باوضو اکیس مرتبہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ بدگو چغل خور اور ظالم دشمن کی زبان برائی سے رک جائے گی اور وہ اپنی زبان کے ذریعہ سے نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

## آنکھوں کی شفا کیلئے:

جو شخص آنکھوں کے درد میں مبتلا ہو تو باوضو سات مرتبہ سورۃ الھمزۃ پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے یا دونوں ہاتھوں پر دم کر کے آنکھوں پھیرے انشاءاللہ تعالیٰ آنکھوں کو درد سے نجات ملے گی۔

# سورۃ الفیل (پارہ ۳۰ سورۃ ۱۰۵)

## ناف ٹلنے کا عمل (ہٹ جانے کا عمل):

ناف ٹلنے کا یہ نہایت مجرب عمل ہے سورۃ الفیل مکمل اس طرح پڑھے کہ باوضو پہلے تین مرتبہ درود شریف پڑھے اسکے بعد دس بار سورۃ الفیل پڑھے پھر آخر میں تین بار درود شریف پڑھے اور ناف پر دم کرے پھر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر مل لے۔ انشاءاللہ ناف جگہ پر آئے گی۔

marfat.com

## دشمن کی پامالی اور ذلت کیلئے:

اگر کوئی دشمن ہر وقت نقصان پہنچانے کیلئے تیار رہتا ہو اور طرح طرح سے ستاتا ہو تو اسکی پامالی اور ذلت کیلئے یہ سورۃ الفیل باوضو بارہ سو پچاس مرتبہ پڑھے بدھ کے دن کے بعد جو رات آتی ہے جمعرات کی شب کہلاتی ہے اسی رات میں نماز عشاء اس عمل کو کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پامال اور ذلیل ہوگا اور پڑھنے والا اس پر غالب رہے گا۔

## دفع دشمن کیلئے:

اگر کسی کا دشمن بہت ظالم ہو اور ظلم و زیادتی سے باز نہ آتا ہو اس کیلئے سورۃ الفیل اس طرح پڑھے کہ اول و آخر سات مرتبہ درود شریف پھر تین مرتبہ سورۃ الفیل پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھے جب اصحاب الفیل کے کلمہ پر پہنچے تو دشمن کا تصور کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ناکام و نامراد ہو کر دفع ہو جائے گا۔

☆......اگر سورۃ الفیل دفع دشمن کیلئے پڑھے تین سو تیرہ مرتبہ اول و آخر درود شریف سات سات بار اور اصحاب الفیل کے کلمہ پر اپنے دشمن کا تصور کرے تو دفع ہوگا اکتالیس دن تک یہ عمل کریں۔

# سورۃ القریش (پارہ ۳۰ سورۃ ۱۰۶)

## آندھی بارش کا طوفان دفع کرنا:

آندھی کا طوفان بارش کا طوفان دفع کرنے کیلئے سورۃ القریش کو گیارہ بار باوضو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ طوفان آگے چلا جائے گا۔

## پیشاب میں خون آنا:

اگر کسی کو پیشاب میں خون آتا ہو اسکے لئے ضروری ہے کہ جب کھانا کھائے باوضو سورۃ القریش ایک مرتبہ پڑھ کر کھانے پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب میں خون آنا بند ہو جائے گا چند دن عمل کرنا ضروری ہے۔

## بچہ کا سوکھا اور دبلا پن:

جو بچہ دبلا اور کمزور ہو اور روز بروز سوکھتا جا رہا ہو اسکے موٹا تازہ ہونے کا یہ عمل بہت مفید ہے گائے کا دودھ لیکر دہی جما کر چھاچھ بلو کر گھر میں نکالا گیا ہو مکھن آدھ پاؤ (سو گرام) لے کر کانسی کی تھالی (یا جو برتن میسر ہو) میں ڈالے اور باوضو ایک سو مرتبہ سورۃ القریش مکمل پڑھ کر اس مکھن پر دم کرے اور اس مکھن میں پانی

marfat.com

ڈال کر دونوں ہاتھوں سے اس پانی اور مکھن کو خوب ملائے ۔ پھر اس کا پانی نتھارے (پانی نکال دے) اور مکھن کسی برتن میں رکھ لے اس مکھن میں سے تھوڑا سا مکھن لے کر روزانہ بچے کے بدن پر ملے اس طرح کہ بدن کا کوئی حصہ خالی نہ رہے اگر گرمی کا موسم ہو تو مالش کے بعد نہلا کر کپڑے پہنا دے (صابن نہ لگائے) اگر سردی کا موسم ہو تو ہوا سے بچا کر نہلائے ۔ ویسے بچے کو نہلانا ضروری نہیں ہے۔

## کاروبار میں ترقی کیلئے:

جس آدمی کا کاروبار ٹھپ ہو چکا ہو اور روز بروز نقصان ہو رہا ہو تو اسے چاہیے کہ سورۃ القریش باوضو کثرت سے اس نیت سے پڑھے کہ کاروبار کھل جائے تو انشاءاللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہو گی۔

## برائے دفع دشمن:

موذی دشمن کے دفع ہونے کیلئے سورۃ القریش بعد نماز مغرب باوضو اکتالیس مرتبہ روزانہ پابندی کے ساتھ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن دفع ہو گا اور اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

## جنگل میں رہزن، لٹیروں کا خطرہ ہو یا خطرناک دشمن کا سامنا ہو تو:

قافلہ کے ساتھ جانے والوں کو جنگل بیابان میں رہزن ولٹیروں کا خطرہ ہے یا کسی کو کسی سخت دشمن کا ڈر ہے یا جانی دشمن اچانک سامنے آ گیا ہے قافلے کی حفاظت کیلئے اول وآخر درود شریف تین مرتبہ پڑھے پھر ایک سو ایک بار سورۃ القریش پڑھے اور عاجزی سے دعا کرے دشمن کے دفع ہونے کیلئے تو انشاءاللہ دشمن دفع ہونگے مگر لفظ اٰمَنَھُمۡ مِّنۡ خَوۡفٍ پر اس دشمن کا تصور کرتا رہے اگر جانی دشمن سامنے آجائے تو سورۃ القریش جس قدر ممکن ہو اس کی تلاوت کرتا رہے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن بلا نقصان پہنچائے دفع ہو گا۔

## زہر کے نقصان سے حفاظت:

اگر کسی نے غلطی سے زہر پی لیا ہو یا کسی دشمن نے کھلا دیا ہو ایسی صورت میں سورۃ القریش ایک مرتبہ پڑھ کر کھانے پر دم کرے اور کھانا کھائے انشاءاللہ تعالیٰ زہر کے اثر سے محفوظ رہیگا اگر جو کھانا کھا رہا ہے اسمیں زہر ہے یا اس کا اثر ہے تب بھی اسکے اثر سے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے محفوظ رہے گا۔

## سفر کے دوران سواری کا حصول:

اگر کوئی سفر کر رہا ہو لیکن راہ میں سواری ملنے کا امکان نہ ہو اور نہ کوئی سواری کا بندوبست ہو تو ایسی

marfat.com

حالت میں راستہ میں کھڑے ہو کر سورۃ القریش بکثرت تلاوت کرے انشاء اللہ تعالیٰ سواری کا انتظام ہوگا او
منزل مقصود پر بآسانی پہنچ جائے گا۔

## دشمنوں کے دفع ہونے کیلئے:

اگر کسی شخص کا کوئی جانی دشمن ہو اور ہر وقت نقصان و تکلیف پہنچانے کی فکر میں رہتا ہو تو اس کے دفع کیلئے بعد نماز فجر روزانہ باوضو سورۃ القریش ایک سو بار پڑھے۔ اول و آخر درود شریف سات سات بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہوگا اور دفع ہوگا۔

☆......قافلہ کو ڈاکوؤں سے خطرہ ہو یا سخت دشمن سے ڈر ہو یا دشمن اچانک سامنے آ گیا ہو تو سورۃ القریش خطرہ کے وقت جتنا ہو سکے پڑھے اور دوسرے معاملہ میں ایک صد و ایک بار اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھ کر عاجزی سے دشمن کے دفع کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ دفع ہو جائے گا مگر لفظ اٰمَنَهُمۡ مِّنۡ خَوۡفٍ پر اس کا تصور کرتا رہے اور اگر غریب اور بے روزگار ہے تو اکتالیس بار اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھے اور کلمہ اَطۡعَمَهُمۡ مِّنۡ جُوۡعٍ پر بھوک اور غریبی کے دفع کا تصور کرتا رہے اور سنتوں میں پڑھتا رہے تو ہر بلا سے امن و امان رہے گا (ان شاء اللہ تعالیٰ)۔

یہ سورۃ جس کھانے پر دم کریں خوب برکت ہوگی۔

اگر کسی شخص نے زہر پی لیا ہو تو یہ سورۃ زعفران اور گلاب، سے چینی کی طشتری پر لکھ کر پانی سے دھو کر زہر خوردہ کو پلائیں زہر دور ہو جائے گا۔

# سورۃ الماعون (پارہ ۳۰ سورۃ ۱۰۷)

## دشمن کے برباد کیلئے:

اگر کسی کا دشمن اس قدر خطرناک ہے کہ اس سے ہر وقت جان و مال کی بربادی کا خوف لگا رہتا ہو یا کوئی غنڈہ جو ہر وقت لوگوں پر ظلم کرتا ہے ایسے دشمن کے بربادی کیلئے اندھیری رات میں متواتر بلا ناغہ تیس رات پابندی کے ساتھ باوضو سورۃ الماعون ایک ہزار ایک سو مرتبہ پڑھے اور نیت دشمن کے ہلاک ہونے کی ہو تو دشمن ہلاک ہوگا جائز مقصد کیلئے کرے ناجائز طور پر نہ کرے یا بلاوجہ کسی کو حسد کی وجہ سے نقصان نہ پہنچائے ورنہ خود کو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہوگا اسلئے احتیاط ضروری ہے۔

marfat.com

## سورۃ الکوثر (پارہ ۳۰ سورۃ ۱۰۸)

### دردسر کیلئے:

اگر کسی شخص کے سر میں درد ہو اور کسی طرح آرام نہ آتا ہو تو سورۃ الکوثر سات مرتبہ باوضو پڑھ کر مریض پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ دردسر سے آرام حاصل ہوگا۔

### دفع دشمن کیلئے:

دشمن کو دفع کرنے اور اسکے شر سے محفوظ رہنے کیلئے باوضو اول وآخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور سکے بعد تین سو تیرہ مرتبہ سورۃ الکوثر تلاوت کرے اور جب آیت اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ پر پہنچے تو ہر بار دشمن کے دفع کا تصور کرے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوگا۔

### استحاضہ (کثرت حیض):

اگر کسی عورت کو استحاضہ کا مرض ہو یا حیض کی کثرت کے سبب پریشانی ہوتی ہو تو اس کیلئے روزانہ باوضو سورۃ الکوثر کو تین سو تیرہ مرتبہ بارش کے پانی پر دم کرکے پلائیں بارش کا پانی نہ ملے تو نہر کا یا کنویں کا یا دریا یا نل کا پانی لے لیں انشاء اللہ تعالیٰ استحاضہ اور کثرت حیض کے مرض سے شفا حاصل ہوگی۔

### بے اولاد کے اولاد ہونے کیلئے:

اگر کوئی شخص اولاد سے محروم ہو تو سورۃ الکوثر کو باوضو پانچ سو بار روزانہ پڑھا کرے اور پابندی کے ساتھ یہ عمل مکمل تین ماہ تک کرے انشاء اللہ تعالیٰ صاحب اولاد ہو جائے گا۔ اگر ہزار بار اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھا کرے اس نیت سے کہ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہو تو ان شاء اللہ تعالیٰ زیارت فیض بشارت سے کامیاب ہوگا۔ نزول باران رحمت کے وقت ایک سو بار پڑھیں جو دعا کریں قبول ہوگی۔ اگر کسی دشمن نے گھر میں جادو دفن کردیا ہو، اس سورۃ کا ورد کرنے سے جادو دفن کرنے کی جگہ معلوم ہو جائے گی اور جادو کا اثر دور ہو جائے گا۔

## سورۃ الکافرون (پارہ ۳۰ سورۃ ۱۰۹)

### شرک وبداعتقادی سے حفاظت:

جو شخص اس سورۃ کو نماز فجر کے بعد ایک مرتبہ ہمیشہ تلاوت کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ شرک اور بد

marfat.com

اعتقادی سے محفوظ رہے گا۔

### ہر قسم کی حاجت روائی کیلئے:

جو شخص اتوار کے دن طلوع آفتاب کے وقت دس مرتبہ باوضو یہ سورۃ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے جو حاجت طلب کرے گا، اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اس کی ہر قسم کی حاجت کو پورا کرے گا۔

### بیمار کی صحت یابی کیلئے:

جو شخص بیماری میں مبتلا ہو اور کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو یا ایسا مرض ہو جس کی دوا معلوم نہ ہو، اس مرض سے صحت یابی کیلئے سورۃ الکافرون باوضو ایک ہزار ایک مرتبہ تلاوت کرے اور مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحت یاب ہوگا۔

اتوار کو طلوع آفتاب سے پہلے یہ سورۃ دس مرتبہ پڑھ کر جو دعا کریں، انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔

## سورۃ النصر (پارہ ۳۰ سورۃ ۱۱۰)

### برائے خاتمہ قرض:

بعد نماز عشاء اسی جگہ پر جہاں نماز ادا کی ہے، یہ سورۃ اکتالیس بار باوضو اکتالیس دن تک برابر بلا ناغہ پڑھتا رہے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ قرض کا خاتمہ ہوگا اور خوشحالی کا دور دورہ ہوگا۔

### دشمنوں کے دفع کرنے کیلئے:

اگر دشمن ستاتے ہوں یا تنگ کرتے ہوں، ان کے دفع کرنے کیلئے نماز عشاء کے بعد باوضو اکیس بار یہ سورۃ مکمل پڑھے اور نَصْرُ اللّٰهِ کا لفظ تین بار بلند آواز سے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوں گے اور ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

### محتاجی دور کرنا:

اگر کوئی شخص روزانہ باوضو یہ سورۃ ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے تو محتاجی سے محفوظ رہے گا اور اللہ تعالیٰ کی خصوصی مدد حاصل ہوگی۔ اگر فتح یابی کیلئے اکہتر بار اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھا کرے تو فتح یاب ہوگا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) اگر بے یارو مددگار رہے تو اکیس بار اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھے

marfat.com

اور یَدۡخُلُوۡنَ فِیۡ دِیۡنِ اللّٰهِ اَفۡوَاجًا ۙ پر تصور کرے کہ اللہ تعالیٰ میرا مددگار بنادے۔

## سورۃ اللھب (پارہ ۳۰ سورۃ ۱۱۱)

### دفع دشمن کیلئے:

اگر کسی کا دشمن خون کا پیاسا ہو یا ہر قسم کی تکلیف دینے پر ہر وقت آمادہ رہتا ہو تو اس کیلئے باوضو یہ سورۃ اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھے، اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھے اور لفظ اَبِیۡ لَهَبٍ پر اپنے دشمن کا تصور کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوگا۔

تنبیہ: اس عمل کو ناجائز طور پر نہ کرے ورنہ گناہ گار ہونے کے علاوہ قیامت کے دن ذلیل و خوار ہوگا۔

### ظالم دشمن کی بربادی کیلئے:

اس سورۃ کو باوضو روزانہ تین ہزار مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن تباہ و برباد ہوگا، صرف جائز کام کیلئے کرے ناجائز استعمال نہ کرے اور یہ عمل کرنے سے پہلے کسی ماہر عالم دین سے مشورہ ضرور کرلے۔

## سورۃ الاخلاص (پارہ ۳۰ سورۃ ۱۱۲)

### حاجت پوری ہونے کیلئے:

جس شخص کو کوئی اہم حاجت پیش آگئی ہو اس کے پورا ہونے کیلئے باوضو یہ سورۃ سات ہزار مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

### اولاد ہونے کیلئے:

جو عورت بانجھ ہو اور اولاد سے محروم ہو، اس کیلئے دس رات سورۃ الاخلاص پڑھے اور ہر رات ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور دس رات میں دس ہزار کی تعداد پوری کرے، ناغہ نہ کرے، مسلسل پڑھے اور اولاد کے ہونے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بانجھ پن ختم ہوکر اولاد ہونے لگے گی، عورت نہ پڑھ سکے تو شوہر پڑھ لے۔

### سانپ کے کاٹنے سے حفاظت:

جو شخص اس سورۃ کو ایک سو بار روزانہ پڑھے گا، اس کو سانپ نہیں کاٹے گا اور کاٹ لے تو زہر اثر نہیں کرے گا۔

### پیشاب کی بندش اور رکاوٹ:

اگر کسی کا پیشاب رک گیا ہو یا اس میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہو تو باوضو گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ اس

marfat.com

کے بعد گیارہ بار یہ سورۃ پڑھیں اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور پانی پر دم کر کے وہ پانی تھوڑا تھوڑا کر کے مریض کو پلا دیں۔انشاءاللہ تعالیٰ پیشاب کی بندش کھل جائے گی۔

منہ کے چھالے:

اگر کسی کے منہ میں چھالے پڑ گئے ہوں اور کھانا کھانا مشکل ہو گیا ہو تو ایسی صورت میں باوضو یہ سورۃ اکتالیس بار پڑھ کر چینی یا مصری پر دم کر کے منہ میں رکھ کر چوسیں۔ان شاءاللہ تعالیٰ صحت حاصل ہو گی۔

قید سے رہائی کیلئے:

قید سے رہائی کیلئے یہ سورۃ باوضو ایک ہزار مرتبہ پڑھے،انشاءاللہ تعالیٰ قید سے رہائی ملے گی۔

## سورۃ الفلق (پارہ ۳۰ سورۃ ۱۱۳)

وسوسہ شیطانی سے حفاظت:

شیطانی وسوسوں سے حفاظت کیلئے یہ سورۃ باوضو بعد نماز فجر ایک دفعہ پڑھ لیا کرے۔انشاءاللہ تعالیٰ شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔

دفع جمیع بلیّات و جادو:

تمام بلیات کو دفع کرنے کیلئے اور جادو اور سحر سے حفاظت کیلئے روزانہ باوضو تین مرتبہ یہ سورۃ پڑھے، انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی بلاؤں اور آسیب و جادو سے محفوظ رہے گا۔

سحر کے دفعہ کیلئے:

سحر و جادو کے دفع ہونے کیلئے یہ سورۃ ایک سو بار پڑھے اور پانی پر دم کر کے پی لے،انشاءاللہ تعالیٰ آسیب و جادو سے نجات حاصل ہو گی۔

## سورۃ الناس (پارہ ۳۰ سورۃ ۱۱۴)

وساوسِ شیطانی سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے:

جس شخص کو شیطانی وساوس اور برے برے خیالات کثرت سے آتے ہوں،اسے چاہیے کہ یہ سورۃ باوضو روز ایک سو مرتبہ روزانہ پڑھ لیا کرے یا پانی پر دم کر کے پی لیا کرے۔انشاءاللہ تعالیٰ شیطانی وساوس اور برے برے خیالات سے حفاظت رہے گی۔یہ اکسیر اعظم ہے۔

marfat.com

## سانپ' بچھو کے ڈنک کا علاج:

جس شخص کو سانپ ڈس لے یا بچھو شہد کی مکھی' بھڑ ڈنک مار دے، اس کیلئے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سمیت یہ سورۃ باوضو پڑھتا جائے اور مریض پر دم کرتا جائے، پانچ منٹ تک مسلسل پڑھنے سے اور دم کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو صحت حاصل ہوگی۔ اسی طرح سانپ کے ڈسے ہوئے پر یہ سورۃ تین مرتبہ یا گیارہ مرتبہ باوضو پڑھ کر نمک پر دم کرے اور سانپ کے ڈسے ہوئے کو وہ نمک تھوڑا تھوڑا چٹاتا رہے، انشاء اللہ تعالیٰ سانپ کا زہر اثر نہ کرے گا۔

**جادو بلیات سے حفاظت:** جادو بلیات سے حفاظت کیلئے روزانہ باوضو تین مرتبہ یہ سورۃ پڑھ لیا کرے، انشاء اللہ تعالیٰ جادو اور ہر قسم کی بلیات سے محفوظ رہے گا۔

## معوذتین کی خاصیت (۱۱۴-۱۱۳)

☆ قرآن کی آخری تین سورتیں اول و آخر درود شریف ایک ایک بار جس کو نظر بد لگی ہو یا نظر بد کا خوف ہو دم کرے ، تین دن تک اور جانور ہو تو اس پر بھی دم کرے اور گھاس وغیرہ پر دم کر کے کھلا دے (نمک بہتر ہے)۔ ☆ آسیب و جادو کے دفع کیلئے پانی پر دم کر کے پلائیں۔ اگر رات کو تینوں سورتیں پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ اگر جنگل میں جائے، اس کو پڑھے اور ہاتھوں پر دم کر کے اپنے بدن پر پھیر لے اور چھڑ کے تین بار ایسا کرے تو ہر بلا سے امن میں رہے گا۔ ☆ اگر حاکم کے پاس جائے تو گیارہ گیارہ بار پڑھ کر حاکم کی طرف بھی دم کرے اور اپنے اوپر بھی پھونک مارے تو اس کے رعب و دبدبے و دہشت اور خطرہ سے محفوظ رہے گا۔

marfat.com

باب ۴

# صبح وشام کی دعائیں

(برکتوں کے نزول کیلئے یہ دعائیں روزانہ صبح وشام دی گئی تعداد کے مطابق پڑھیے)

۱۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا یَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ ...... ایک مرتبہ

۲۔ رَبِّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَ شُکْرِکَ وَ حُسْنِ عِبَادَتِکَ ...... ایک مرتبہ

۳۔ اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ ایک مرتبہ

۴۔ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لَا مَلْجَأَ وَ لَا مَنْجَأَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ ...... ایک مرتبہ

۵۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ...... ایک مرتبہ

۶۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْھَمِّ وَ الْحُزْنِ وَ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسْلِ وَ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَ الْبُخْلِ وَ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ...... ایک مرتبہ

۷۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْبَرَصِ وَ الْجُنُوْنِ وَ الْجُذَامِ وَ سَیِّئِ الْاَسْقَامِ ۔ ایک مرتبہ

۸۔ جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (ایک مرتبہ)

..............................

۱۔ رَضِیْنَا بِاللّٰہِ رَبًّا وَ بِمُحَمَّدٍ نَبِیًّا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَ بِالْاِسْلَامِ دِیْنًا

صبح وشام تین تین مرتبہ پڑھ لینے سے قبر میں منکر نکیر کے سوالات کے جواب میں آسانی ہوگی۔

۲۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ نَسْتَغْفِرُ وا اللّٰہَ نَسْئَلُکَ الْجَنَّۃَ الْفِرْدَوْسَ وَ نَعُوْذُ بِکَ مِنَ النَّارِ۔

صبح وشام تین مرتبہ پڑھنے سے گناہوں کی معافی، جنت کی خوش خبری اور جہنم سے پناہ ہوگی۔

۳۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

صبح وشام تین مرتبہ پڑھنے سے شیاطین سے حفاظت رہتی ہے۔

۴۔ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْئٌ فِی الْاَرْضِ وَ لَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وشام تین تین مرتبہ پڑھنے سے تمام آفات بلیات سے حفاظت رہتی ہے۔

marfat.com

۵۔ حَسْبِیَ اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ وَ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَ نِعْمَ النَّصِيْرُ

صبح وشام سات سات مرتبہ پڑھنے سے ہر حاجت پوری ہو۔

۶۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

صبح وشام سات سات مرتبہ پڑھنے سے تمام غموں میں کفایت اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہو جاتی ہے۔

۷۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

صبح وشام سات سات مرتبہ پڑھنے سے قیامت کے دن میزان (ترازو) میں بہت وزنی ہوگی۔

۸۔ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيْنِيْ وَ نَفْسِيْ وَ وَلَدِيْ وَ اَهْلِيْ وَ مَالِيْ

دین وجان واولاد اور اہل وعیال ومال کی حفاظت ہوگی۔

۹۔ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآئَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ

ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر انگلی کے پوروں پر دم کر کے آنکھوں کو لگائیں۔ انشاء اللہ بصارت میں کمی نہ ہوگی بلکہ جس قدر نقصان ہوگیا ہے وہ بھی جاتا رہے گا۔

۱۰۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

صبح وشام سات سات مرتبہ پڑھنے سے دشمن سے حفاظت ہو اور شر سے محفوظ رہے۔

۱۱۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ جُهْدِ الْبَلَآءِ وَ دَرَكِ الشِّقَآءِ وَ سُوْٓءِ الْقَضَآءِ وَ شَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ

صبح وشام سات سات مرتبہ پڑھنے سے جمیع آفات اور دشمن سے حفاظت اور بری زندگی اور موت سے پناہ ہوگی۔

۱۲۔ اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِيْ رُشْدِيْ وَ اَعِذْنِيْ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ

صبح وشام تین تین مرتبہ پڑھنے سے نفس اور شیطان کے شر سے محفوظ رہے۔

۱۳۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ وَ اَنَا اَعْلَمُ وَ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ

صبح وشام تین تین مرتبہ پڑھنے سے شرک جیسے قبیح اور ناقابل معافی جرم سے محفوظ رہے۔

۱۴۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ حَمْدًا يُّوَافِيْ وَ نِعَمَهٗ يُكَافِئُ مَزِيْدَهٗ

صبح وشام تین تین مرتبہ پڑھنے سے زمین آسمان کے مابین خلا، سمندر کی مچھلیوں اور خشکی پر ریت کے ذروں کے برابر نیکیاں ملتی ہیں۔

marfat.com

سید الاستغفار:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ وَ عَلٰی عَھْدِكَ وَ وَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ وَ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَ اَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا سَئَلَكَ مِنْہُ نَبِیُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْہُ نَبِیُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَ عَلَیْكَ الْبَلَاغُ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

دعائے حاجت:

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ وَالْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَ عَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَ الْعِصْمَۃَ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ الْغَنِیْمَۃَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَّ السَّلَامَۃِ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَ لَا ھَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَ لَا کَرْبًا اِلَّا نَفَّسْتَہٗ وَ لَا ضَرًّا اِلَّا کَشَفْتَہٗ وَ لَا حَاجَۃً ھِیَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَیْتَھَا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

دعائے کرب

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ حتّٰی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ رَبُّ الْاَرْضِ وَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس دعا کو شدائد اور پریشانی میں پڑھا کرتے تھے۔

علما کرام نے اس دعا کو دعائے کرب ارشاد فرمایا ہے۔

اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِكُ بِہٖ شَیْئًا

ہموم وغموم، افکار و وساوس میں سات مرتبہ پڑھنے سے انشاء اللہ ان سے فوری نجات ہوگی۔

تہجد کے وقت کی دعا

جن خوش نصیبوں اور خوش بختوں کو اللہ تعالیٰ نے تہجد پڑھنے کی توفیق مرحمت فرمائی ہے وہ اس دعا کو یاد فرمائیں اور تہجد میں اپنا معمول بنائیں کہ نبی کریم، حضور پرنور، آقائے نامدار جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس دعا کو پڑھا کرتے تھے:

marfat.com

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّ عَنْ یَمِیْنِیْ نُوْرًا وَّ عَنْ شِمَالِیْ نُوْرًا وَّ خَلْفِیْ نُوْرًا وَّ اجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا وَّ فِیْ عَصَبِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ لَحْمِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ دَمِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ شَعْرِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ بَشَرِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا وَّ اجْعَلْ فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا وَّ اَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا وَّ اجْعَلْنِیْ نُوْرًا وَّ اجْعَلْ مِنْ فَوْقِیْ نُوْرًا وَّ مِنْ تَحْتِیْ نُوْرًا حَتّٰی اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تہجد کے وقت سورۂ آل عمران کے آخری رکوع کی ابتدائی دس آیات تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرۂ انور آسمان کی جانب ہوتا تھا۔

## ستر ہزار فرشتوں کی دعائے مغفرت

سورۂ حشر کی آخری تین آیات صبح و شام اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ تین مرتبہ پڑھنے کے بعد پڑھے تو ستر ہزار فرشتے صبح سے شام اور شام سے صبح تک اس کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں۔

## آخری تین سورتیں

مشکوٰۃ میں حضرت عبداللہ ابن خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ایک مرتبہ جبکہ بارش ہو رہی تھی اور سخت اندھیرا تھا ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تلاش کرتے ہوئے نکلے۔ پس ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پالیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کہہ''۔ میں نے عرض کیا کیا کہوں؟ فرمایا کہ: آخری تین سورتیں صبح و شام تین تین مرتبہ پڑھ لیا کر یہ تجھے ہر چیز کے لیے کافی ہو جائے گی۔

## عافیت وسلامتی کی دعا

جب کوئی خط یا قاصد آئے تو پہلے یہ دعا پڑھ لے، عافیت سے رہے گا۔

اَعُوْذُبِکَ اَللّٰھُمَّ مِنْ طَارِقٍ لَا یَطْرُقُنَا اِلَّا بِخَیْرٍ ؕ (میں پناہ لیتا ہوں تیرے ساتھ اے اللہ! ہر آنے والے سے جب آئے اس کے شر سے مگر آئے لائے خیر کو۔)

## شام وصبح کی دعا:

اگر فجر کی نماز سے پہلے یا پیچھے یہ دعا پڑھے تو اس نے تمام دن کا شکریہ ادا کر لیا اور اچھے کاموں سے موافق رہے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ دعا یہ ہے:

marfat.com

اَللّٰهُمَّ مَا اَصْبَحَ بِیْ مِنْ نِعْمَةٍ اَوْبِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ فَلَكَ الْمُلْكُ وَلَكَ الْحَمْدُ۔

اسی طرح شام کو پڑھ لے تو گویا تمام رات کا شکریہ ادا کر لیا مگر اَصْبَحَ کی جگہ اَمْسىٰ پڑھے۔

## صبح وشام کی مختصر دعا:

بڑے فائدے والی اور عذاب سے بچانے والی دعا ہے۔ اگر نماز فجر کے فرض اور مغرب کے فرض کے سلام کے بعد اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ پڑھے تو اگر اس دن یا اس رات اس پر موت آ گئی تو عذاب دوزخ سے محفوظ رہے گا۔

## غم وسختی دور کرنے کے لئے اور قید سے رہائی کی دعا

اگر غم وفکر میں پریشان ہے اور حیرت وقلق میں ہے تو یہ دعا پڑھے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ.

ہر رات ایک صد وگیارہ (۱۱۱) بار اول وآخر درود شریف ہفت ہفت بار پڑھے۔ یہ دعا قیدی کے لئے بھی اسم اعظم کا حکم رکھتی ہے۔

## ہر بلا ومصیبت کے لئے امن وامان کی دعا

جو شخص یہ دعا پڑھتا رہے تو ہر بلا ودکھ سے امن وامان میں رہے گا۔

اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ

ہر نماز کے بعد سات بار درود شریف اول آخر ایک ایک بار پڑھے۔

## ایمان کی سلامتی کی دعا:

اگر یہ دعا ہر نماز کے بعد تین بار اول آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھتا رہے تو مرتے دم تک اور قیامت تک ایمان سلامت رہے گا۔ يَا وَلِیَّ الْاِسْلَامِ وَاَهْلِهٖ ثَبِّتْنِیْ بِهٖ حَتّٰی اَلْقَاكَ۔

## گناہوں کی مغفرت کی دعا

ہر نماز کے بعد درج ذیل دعا پڑھے اول آخر درود شریف ایک ایک بار

marfat.com

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَخَطَئِیْ وَعَمَدِیْ۔

ثواب عظیم اور وسیع حاصل کرنے کیلئے:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَلِلْمُؤْمِنٰتِ

ایک سو بار اول آخر درود شریف تین تین بار پڑھتا رہے تو برابر اس کو ثواب ملتا رہے گا اور اس کی ہر مشکل آسان ہوگی۔

مغفرت کے لئے اعلیٰ نسخہ

اَللّٰہُ اَکْبَرُ دس بار سُبْحَانَ اللّٰہِ دس بار اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ اول و آخر درود شریف ایک ایک بار۔

عافیت کیلئے دعا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَا اَتَحَمَّلُ عَلٰی نِقْمَةِ الْمَرَضِ فَاَبْدِلْ لَهٗ بِنِعْمَةِ الْعَافِیَةِ بیار پڑھتا رہے عافیت ہو جائے گی۔

نیز اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ فِی الدِّیْنِ وَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

ہر نماز کے بعد تین بار اول و آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھے:

متبرکہ دعائیں جو صالحین سے منقول ہیں:

حضرت سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی دعا: آپ رضی اللہ عنہ سے یہ دعا منقول ہے

اَللّٰھُمَّ اَحْمِلْنِیْ عَلٰی عَفْوِكَ وَلَا تَحْمِلْنِیْ عَلٰی عَدْلِكَ۔

ترجمہ: اے اللہ میرے ساتھ عفو کا معاملہ فرمائیں اور عدل و انصاف کا نہ کریں۔

حضرت احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کی دعا:

اَللّٰھُمَّ کَمَا صُنْتَ وَجْھِیْ مِنَ السُّجُوْدِ لِغَیْرِكَ فَصُنْهُ عَنْ ذِلِّ السُّؤَالِ مِنْ غَیْرِكَ

حضرت ابراہیم بن ادھم رحمۃ اللہ علیہ کی دعا:

اَللّٰھُمَّ انْقُلْنِیْ مِنْ ذِلِّ مَعْصِیَتِكَ اِلٰی عِزِّ طَاعَتِكَ۔

ترجمہ: اے اللہ مجھے گناہوں کی ذلت سے نکال کر اپنی اطاعت کی عزت کی طرف لے جا۔

marfat.com

## حضرت عبدالسلام بن شیش ﷺ کی دعا

اَللّٰھُمَّ اجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنِکَ وَحُلْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ غَیْرِکَ۔

ترجمہ: اے اللہ! مجھے اپنے پاس رکھ لے اور آپ ہی میرے اور اپنے درمیان حائل ہو جا یعنی مجھ
شاہی دربار میں حاضری دے اور غیر سے بچالے۔

## دعا مولانا حضرت حسین علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ:

اَللّٰھُمَّ کُنْ لِیْ کَمَا کُنْتَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

اے اللہ! میرے لیے ایسا مہربان ہو جا جیسے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مہربان تھا۔

## سفر کے حوادثات کیلئے دعا:

جو چاہے کہ تمام سواریاں ریل موٹر وغیرہ کے حوادثات سے بچے تو وہ یہ دعا پڑھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ۔

تمام تعریفیں اللہ کیلئے پاک وہ ذات جس نے ہمارے کام میں لایا اس سواری کو اور نہ تھے ہم اس پ
طاقت پانے والے اور تحقیق ہم رب ہی کی طرف جانے والے ہیں اور پھر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ کُنْ لَنَا صَاحِبَنَا فِیْ سَفَرِنَا وَخَلِیْفَۃً فِیْ اَھْلِنَا وَاطْمِئِنْ عَلٰی وُجُوْہِ اَعْدَائِنَ

ان شاء اللہ تمام حوادث سے محفوظ رہے گا۔

## اللہ تعالیٰ کی محبت کیلئے:

درج ذیل دعا صبح کی نماز میں سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس بار اول آخر درود شریف تین تین بار
پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس کو اپنی محبت کے طریق آسان فرمادے گا۔

یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ لَآاِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَحَبَّتِکَ وَمَعْرِفَتِکَ
اَبَدًا یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ

نیز ذکر کی کثرت محبت کے غلبہ کی موجب ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شمار زیادتی محبت کا
موجب ہے اور قرآن مجید کی تلاوت اور معنی کا تدبر و تفکر زیادتی محبت کا موجب ہے اور تفکر اللہ کی خلقت میں
اور اپنے وجود کے حالات میں غلبہ محبت کا موجب ہے۔

marfat.com

موذی جانوروں سے حفاظت کی دعا:

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔

تیس مرتبہ شام کو پڑھیں تمام موذی جانوروں سے محفوظ رہیں گے۔

گھر میں داخل ہونے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلَجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا یہ پڑھنے کے بعد اپنے بچوں کو سلام کرنا چاہیے۔

بستر پر لیٹتے وقت کی دعا:

بِاسْمِكَ رَبِّیْ وَضَعْتُ جَنْبِیْ وَبِكَ اَرْفَعُهٗ اِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلَهَا وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ اَللّٰهُمَّ قِنِیْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ

تین مرتبہ پڑھے پھر دونوں ہتھیلیوں کو ملا کر سورۃ الاخلاص اور معوذتین پڑھ کر دم کر کے تمام جسم پر جہاں تک ہاتھ پہنچ سکے پھیریں تین مرتبہ ایسا ہی کرنا ہے۔

ڈراؤنا خواب دیکھ کر کیا کرنا چاہیے:

حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر ڈراؤنا خواب نظر آئے تو بائیں طرف تین مرتبہ تھتکار کر تین مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَمِنْ شَرِّهَا پڑھو اور دوسری کروٹ بدلو۔

اگر رات کو نیند نہ آتی ہو خوف معلوم ہوتا ہو:

تو اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ پڑھنا چاہیے۔ یہ دعا کاغذ پر لکھ کر بچوں کے گلے میں ڈالنے سے نظر بد آسیب اور ہر قسم کے اثرات اور آفات و مصائب سے حفاظت ہوتی ہے۔

سو کر اٹھنے کی دعا:

سو کر اٹھنے کے بعد درج ذیل دعا پڑھنی چاہیے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ۔

marfat.com

بیت الخلاء میں داخل ہونے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ.

بیت الخلاء سے باہر آنے کی دعا:

غُفْرَانَكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ۔

وضو کرتے وقت کی دعا:

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ۔

وضو کے بعد کی دعا

وضو سے فارغ ہونے کے بعد آسمان کی طرف منہ اٹھا کر دوسرا کلمہ تین مرتبہ اور اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ پڑھنا چاہیے۔

وتروں میں کون کون سی سورتیں پڑھنی چاہئیں؟

پہلی رکعت میں سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰی دوسری رکعت میں قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ اور تیسری رکعت میں قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اور معوذتین پڑھنی چاہئیں۔

وتروں کا سلام پھیرنے کے بعد کونسی دعا پڑھنی چاہیے:

وتروں کا سلام پھیر کر تین مرتبہ سُبْحٰنَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ تین مرتبہ پڑھیں اور تیسری مرتبہ یہ اسم بلند آواز سے پڑھنا چاہیے۔

فجر کی سنتوں میں کون کون سی سورۃ پڑھنی چاہیے؟

فجر کی سنتوں میں پہلی رکعت میں قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ اور دوسری میں قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ پڑھا کریں۔

مسجد میں داخل ہوتے وقت کیا پڑھنا چاہیے؟

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِوَجْھِهِ الْکَرِیْمِ وَسُلْطَانِهِ الْقَدِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

مسجد سے باہر آتے وقت کیا پڑھنا چاہئے؟

حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام عرض کرنے کے بعد اَللّٰھُمَّ اَعْصِمْنِیْ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

marfat.com

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ مِنۡ فَضۡلِکَ پڑھنا چاہیے۔

**اذان سن کر کون سی دعا پڑھیں؟**

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعۡوَۃِ التَّامَّۃِ والصَّلوٰۃِ الۡقَائِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الۡوَسِیۡلَۃَ وَ الۡفَضِیۡلَۃَ وَابۡعَثۡہُ مَقَامًا مَّحۡمُوۡدَانِ الَّذِیۡ وَعَدۡتَّہٗ اِنَّکَ لَا تُخۡلِفُ الۡمِیۡعَادَ۔

**دودھ پینے کی دعا:**

اَللّٰھُمَّ بَارِکۡ لَنَا فِیۡہِ وَزِدۡنَا مِنۡہُ۔

**ہم بستری کے وقت کی دعا**

بِسۡمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ جَنِّبۡنَا الشَّیۡطٰنَ وَجَنِّبِ الشَّیۡطٰنَ مَا رَزَقۡتَنَا۔

اور انزال کے وقت یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ لَا تَجۡعَلۡ لِلشَّیۡطَانِ فِیۡمَا رَزَقۡتَنِیۡ نَصِیۡبًا۔

**نماز حاجت (توسل) کے بعد کی دعا**

کسی شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو تو اچھی طرح وضو کرے اور دو رکعت نماز پڑھے۔ پھر یہ دعا کریں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیۡکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ نَبِیِّ الرَّحۡمَۃِ فِیۡ حَاجَتِیۡ ھٰذِہٖ لِتُقۡضٰی لِیۡ اَللّٰھُمَّ فَشَفِّعۡہُ فِیَّ۔

**گناہ سے توبہ کرنے کی دعا**

اگر کسی شخص سے گناہ صادر ہو جائے تو اسکو خدا سے توبہ کرنی چاہیے اور دونوں ہاتھ اللہ تعالیٰ کے سامنے پھیلا کر اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَتُوۡبُ اِلَیۡکَ مِنۡھَا لَا اَرۡجِعُ اِلَیۡھَا اَبَدًا اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرمادے گا۔

**جب بارش حد سے زیادہ ہو اور ضرر کا خطرہ ہو تو یہ دعا پڑھے:**

اَللّٰھُمَّ حَوَالَیۡنَا وَ لَا عَلَیۡنَا اَللّٰھُمَّ عَلَی الۡاٰکَامِ وَالۡاٰجَامِ وَالظِّرَابِ وَالۡاَوۡدِیَۃِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ۔

گدھے کی آواز سن کر یہ دعا پڑھیں: اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ۔

شب قدر کی دعا: اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الۡعَفۡوَفَاعۡفُ عَنِّیۡ پڑھیں

جب آئینہ میں اپنا منہ دیکھیں: اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ حَسَّنۡتَ خَلۡقِیۡ فَاَحۡسِنۡ خُلُقِیۡ۔

marfat.com

غصہ کے وقت یہ پڑھیں: غصہ کے وقت اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھنے سے غصہ فرو ہو جاتا ہے۔ جو شخص تیز زبان ہو اس کو کثرت سے استغفار پڑھنا چاہئے۔

## دعا حضرت خواجہ اویس قرنی عمیلیہ

جو شخص ہر نماز کے بعد پانچ پانچ مرتبہ یہ دعا پڑھے اللہ تعالیٰ اسکو جانکنی کے بلائے کفر سے بڑھاپے میں تنگدستی سے اور مسافرت میں بیماری سے اپنی پناہ میں رکھتا ہے شروع اور آخر میں ۳۔۳ بار درود شریف اویسہ پڑھنا چاہئے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْکُفْرِ فِی النَّزْعِ وَمِنَ الْفَقْرِ فِی الشَّیْبِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعِلَّۃِ فِی الْغُرْبَۃِ

## تسبیح خلق:

یہ تسبیح حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو تنگدستی کے واسطے پڑھنے کو ارشاد فرمائی تھی۔ خاندان عالیہ قادریہ میں دینی اور دنیاوی کشائش اور تحصیل اخلاق حمیدہ کے واسطے معمول ہے روزانہ بعد طلوع صبح صادق نماز فجر سے پہلے ۱۰۰ بار ورد کرنا چاہیے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ۔

## خواص بعض آیات قرآن مجید:

یہ آیت طاقتور دشمن کو زیر کرنے کے لئے لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور فرض نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ پڑھا کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ پھر آیت الکرسی اور آخر میں بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ۔

اگر کسی شخص کے پہاڑ کے برابر گناہ ہوں۔ اس آیت کے ورد سے گناہ معاف ہو جائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَیَغْفِرْلَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ

## سلامتی ایمان کی دعا:

جو شخص چاہے کہ اس کی زندگی خیر سلامتی اور ایمان کے ساتھ گزرے تو اسے آیت درج ذیل بکثرت پڑھنی چاہیے:

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَۃً لِّلَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَاغْفِرْلَنَا رَبَّنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ

marfat.com

## اللہ کے دوستوں سے ملاقات کی دعا:

جو شخص اللہ کے دوستوں سے ملاقات کا خواہش مند ہو یہ آیت بکثرت پڑھنی چاہیے۔

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ

(آیت ۹ سورۃ آل عمران)

## کفار پر غلبہ حاصل کرنا

جو شخص کافروں سے مغلوب نہ ہونا چاہے وہ درج ذیل دعا پڑھے:

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

## قرآن شریف نہ بھولنے کی دعا:

رات کو سوتے وقت یہ دعا پڑھنے سے قرآن شریف خوب یاد رہتا ہے۔ ذہن سے فراموش نہیں ہوتا ہے۔

وَاِلٰـهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ اِنَّ فِىْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِىْ تَجْرِىْ فِى الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۠ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ

(سورۃ بقرہ آیت ۱۶۳، ۱۶۴)

## حصول مغفرت کیلئے قرآن مجید کی دعائیں:

قرآن مجید کی دعائیں باقی تمام دعاؤں سے افضل ہیں۔ اس لیے کہ دعا بھی کریں اور قرآن مجید کی تلاوت بھی۔ اگر چاہے کہ اللہ تعالیٰ گناہ معاف کر دیں تو حضرت آدم علیہ السلام کی دعا پڑھا کریں۔

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۫ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

اور آخر تین بار درود شریف پڑھے۔

## دوزخ سے بچاؤ کی دعا

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

”اے پروردگار ہم یقیناً ایمان لے آئے سو ہمارے گناہ بخش دے اور ہمیں دوزخ کی آگ سے بچا دے۔“

marfat.com

باب ۵

# استخارہ

حدیث شریف میں ہے کہ اللہ سے استخارہ کرنا اولاد آدم کی خوش بختی ہے اور اللہ سے استخارہ نہ کرنا اس کی بدبختی ہے۔ایک روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ ترجمہ: نقصان نہیں اٹھاتا وہ شخص جو استخارہ کرتا ہے اور پشیمان نہیں ہوتا جو کوئی مشورہ کر لیتا ہے اور بعض احادیث سے یہ بھی ثابت ہے کہ مِنْ سَعَادَةِ ابْنِ اٰدَمَ الرِّضَاءُ بِالْقَضَاءِ ترجمہ: ابن آدم کی سعادت مندی مرضی الٰہی پر راضی ہونا ہے

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ ہم کو تمام کاموں میں استخارہ کی تعلیم (اس تاکید سے) فرماتے تھے۔ جیسا کہ قرآن کی سورۃ (اہتمام) کے ساتھ سکھلاتے تھے۔فرماتے کہ جب کسی کو کسی کام میں فکر (تردد) ہو تو دو رکعتیں نفل پڑھے اس کے بعد یوں کہے۔پ

آپ نے فرمایا ہے کہ جس شخص نے کسی کام کے لیے استخارہ کیا اور اس میں اللہ تعالیٰ نے کوئی فیصلہ کر دیا۔(مثلاً وہ مقصود پورا کر دیا یا اس سے دل کو ہٹا دیا یا ایسے اسباب بنائے جس سے وہ معاملہ خود ہی ہٹ گیا) اور بندہ اس فیصلہ سے راضی نہ ہو تو یہ ان کے لیے جائز نہیں ہے۔(یعنی بڑا گناہ ہے) جس سے توبہ کرنا اور باز آنا واجب ہے۔

## استخارہ کے مسائل:

استخارہ طلب خیر ہے، طلب خبر نہیں، دعائے استخارہ کے الفاظ کو بعینہ ادا کرنا اور جس طرح حدیث میں وارد ہوا ہے اسی طرح یاد کرنا چاہیے۔معنی بھی یاد ہوں تو بہت اچھا ہے۔تاکہ دعا دل سے اضطرار کی کیفیت کے ساتھ ادا ہو۔

استخارہ واجبات یا محرمات ومکروہات میں نہیں ہوسکتا۔کیونکہ واجب کا بجالانا ضروری ہے اور مکروہ سے بچنا لازم۔ پھر ان میں استخارہ کا کیا مطلب؟ استخارہ صرف مباحات میں کیا جاتا ہے اور مستحبات میں بھی ہوسکتا ہے۔جبکہ دو مستحب میں سے ایک کو کرنا چاہیے کہ ان میں سے کون سا میرے واسطے زیادہ بہتر ہے۔

اہم بات: مشہور یہ ہے کہ استخارہ میں جس طرف دل مائل ہو، اسی طرف خیر ہوتی ہے۔اسی کو

marfat.com

اختیار کرنا چاہیے۔ مگر حدیث میں اس کا کچھ ذکر نہیں۔ اس لیے استخارہ کے بعد جس جانب کو بھی اختیار کرے گا۔ اس میں خیر ہوگی۔ خواہ کسی بھی جانب ہو۔ جس کی طرف دل زیادہ مائل تھا۔ یا دوسری جانب ہو۔ غرض استخارہ کے بعد جس جانب پر عمل کی توفیق ہوگی۔ اسی میں خیر ہوگی۔

① اہم بات: اس میں شک نہیں کہ اگر استخارہ کے بعد کسی جانب دل زیادہ مائل ہو کہ استخارہ سے پہلے اس طرف زیادہ میلان نہ تھا تو بظاہر یہ علامت اس کی ہے کہ اسی جانب کو اختیار کرنا بہتر ہے مگر وجوب اور لزوم کی علامت نہیں اس لیے اس کے خلاف بھی اختیار کرنا جائز ہے کچھ گناہ یا ضرر کا اندیشہ نہیں بعض لوگوں کا جو یہ خیال ہے کہ استخارہ کے بعد جس جانب دل زیادہ مائل ہو۔ اس کے خلاف کرنا جائز نہیں یا اس میں ضرر ہوگا غلط ہے۔ اسی طرح جب تک دل کسی ایک طرف مائل نہ ہو۔ استخارہ کو بیکار سمجھتے ہیں۔ یہ بھی صحیح نہیں۔

② اہم بات: استخارہ کا مطلب یہ ہے کہ جب دو جائز یا دو مستحب کاموں میں تردد ہو کہ ان میں سے کس کو اختیار کروں تو استخارہ کر کے جس شق کو دل چاہے اختیار کر لے اس میں ضرر نہ ہوگا۔ پھر جس شق کو اختیار کر لیا اس کو حق تعالیٰ کی تجویز سمجھ کر اس سے راضی رہنا چاہیے اور یقین رکھنا چاہیے کہ اس میں خیر ضرور ہوگی۔ جو اکثر تو مشاہدہ میں آجائے گی اور اگر کبھی اس کے مشاہدہ میں نہ آئے۔ تو سمجھے کہ اللہ تعالیٰ علام الغیوب ہے ان کے علم میں میرے لیے خیر ضرور ہوگی گو میری سمجھ میں نہ آئی ہو۔ استخارہ کے بعد جس شق کو اختیار کر لیا گیا، اس سے ناگواری اور ناراضی اور یہ خیال کہ مجھے دوسری شق اختیار کرنا چاہیے تھی اسی میں خیر ہوتی ہے، بہت بری بات ہے جس پر حدیث میں وعید وارد ہوئی ہے۔

## استخارہ

☆ بعد نماز عشاء دو نفل بہ نیت استخارہ اس طرح ادا کرے کہ دونوں رکعت میں بعد سورہ فاتحہ سورۂ یٰسٓ ایک بار تلاوت کرے اور بعد از نماز فراغت اسم مبارک یا خبیر دو سو بار پڑھے مابعد داہنی ہتھیلی پر یَا حَکِیْمُ یَا مَجِیْدُ لکھ کر سو رہے انشاء اللہ خواب میں ہدایت نصیب ہوگی۔

☆ دو رکعت نماز بہ نیت استخارہ ادا کرے بعد از نماز بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۳۲۳ بار اور حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۳۲۷ مرتبہ پڑھے اور سو رہے غیب سے معلومات حاصل ہو جائیں گی۔

☆ بعد نماز عشاء بوقت خفتن آیت مبارکہ قَالُوْا سُبْحٰنَکَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ

marfat.com

الْحَكِيْمُ ایک سو بار پڑھ کر سو رہے تین شب تک یہی عمل کرے انشاءاللہ ہدایت نصیب ہوگی۔

☆ سوتے وقت باوضو سورہ الم نشرح کا اکیس بار ورد کریں حقیقت حال کا علم ہو جائے گا۔

☆ دو رکعت نفل بہ نیت استخارہ ادا کرے (بعد نماز عشاء) یہ دعا خضوع و خشوع کے ساتھ بارگاہ ایزدی سے کرے۔

## دعائے استخارہ:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآاَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَخَیْرٌ لِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدِرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْلِیَ الْخَیْرَحَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ۔

جب هٰذَا الْاَمْرَ پر پہنچے تو اپنے کام کا دھیان کرے اور یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ کا ورد کرتے ہوئے دائیں کروٹ پر سو رہے جب سو کر اٹھے اس وقت دل میں جو بات مضبوطی سے آئے اس پر عمل کرے۔

## استخارہ:

وضو کر کے پاک کپڑے پہنے اور قبلہ رو داہنی کروٹ پر لیٹ کر سورۃ الشمس سات مرتبہ، سورۃ الیل سات مرتبہ اور سورۂ اخلاص سات مرتبہ اس کے بعد عاجزی سے کہے اے میرے اللہ میرے خواب میں وہ چیز دکھادے اور اس کام کے سرانجام ہونے کی تدبیر میرے دل میں ڈال دے۔

انشاءاللہ اسی رات معلوم ہو جائے گا ورنہ ساتویں رات تک انشاءاللہ ضرور معلوم ہو جائے گا۔

## استخارہ کی ترکیب:

بدھ، جمعرات اور جمعہ کی شب کو برابر نماز عشاء کے سب کاموں سے فارغ ہو کر بسم اللہ الرحمن الرحیم تین سو مرتبہ پڑھ کر سورہ الم نشرح مع بسم اللہ شریف ستر مرتبہ پڑھے اور اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے اور خداوند تعالیٰ سے دعا کرے کہ فلاں امر میں جو کچھ ہونے والا ہے وہ مجھے خواب میں یا غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرا دے اس کے بعد یہ درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّكَ۔

marfat.com

ان شاء اللہ العزیز تینوں راتوں میں مقصد پورا ہو جائے گا۔

**استخارہ صحیحہ:**

بعد نماز عشاء تازہ وضو کر کے پاک بستر پر بیٹھے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے پھر دس بار سورۃ الفاتحہ' گیارہ بار سورۂ اخلاص اور آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر داہنی کروٹ قبلہ کی طرف منہ کر کے سو جائے۔ اگر تعبیر سمجھ میں نہ آئے تو کسی نیک اور سمجھ دار شخص سے تعبیر معلوم کر لے۔

**استخارہ:**

بدھ کی شب' جمعرات کی شب یا جمعہ کی شب دو رکعت نماز نفل اور نماز عشاء ادا کرے اس کے بعد یہ کلمات تین سو تینتیس (۳۳۳) مرتبہ پڑھے۔

یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ اِنْ کَانَ مِنَ الْاَحْوَالِ۔

قبلہ کی طرف منہ کر کے پڑھے پھر سو جائے کسی سے بات نہ کرے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پہلی شب معلوم ہو جائے گا' نہیں تو دوسری یا تیسری شب ضرور معلوم ہو جائے گا۔ انشاء اللہ۔

**عمل برائے استخارہ:**

اوّل گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ یَا کَاشِفَ الْغَرَآئِبِ.

گیارہ سو مرتبہ پڑھے اور ٹاٹ کے بوریہ پر سو جائے لیکن اس عمل کو کرنے سے پہلے غسل کرے اور پاک صاف کپڑے پہنے اور خوشبو لگائے انشاء اللہ ضرور کامیاب ہو گا۔

**عمل استخارہ:**

عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نفل پڑھیں اور یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ سو مرتبہ یَا رَشِیْدُ اَرْشِدْنِیْ سو مرتبہ' یَا ھَادِیْ اِھْدِنِیْ سو مرتبہ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ سو مرتبہ اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر سو رہیں' انشاء اللہ خواب میں حال معلوم ہو جائے گا۔

**نماز استخارہ:**

نصف شب کو بیدار ہو کر دو رکعت نفل پڑھے اور دونوں رکعتوں میں جو بھی سورہ یا آیت یاد ہو پڑھے پاکیزہ کپڑے پہنے اور خوشبو لگائے اور نماز سے فارغ ہو کر سر سجدہ میں رکھ کر درج ذیل وظیفہ پڑھتے ہوئے سو رہے۔ انشاء اللہ خواب میں کوئی بزرگ اس شخص کی راہنمائی فرمائیں گے۔

marfat.com

يَا رَبِّ دُلَّنِي عَلٰى عَبْدٍ مِّنْ عِبَادِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ حَتّٰى يَدُلَّنِيْ عَلَيْكَ وَيُعَرِّضُنِيْ صِدْقَ الْوُصُوْلِ اِلَيْكَ.

### استخارہ کا مسنون طریقہ:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد اقدس ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے استخارہ کرتا ہے وہ خسارہ میں نہیں رہتا۔

حضرت جابر فرماتے ہیں کہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں استخارہ کی تعلیم اس طرح دیا کرتے تھے جس طرح قرآن کی تعلیم دیا تھے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص کسی کام کا ارادہ کرے تو اسے دو رکعت نماز پڑھ کر یہ دعا پڑھنی چاہیے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّیْ فِیْ دِيْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدِرْهُ لِیْ وَيَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِيْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ ـ

رات کو سوتے وقت ۶ رکعت نماز استخارہ پڑھنی چاہیے اسکی ترکیب یہ ھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۃ الشمس سات مرتبہ پڑھے دوسری میں سورۃ الیل سات مرتبہ، تیسری میں والضحیٰ سات مرتبہ، چوتھی میں سورہ الم نشرح سات مرتبہ، پانچویں میں سورہ التین سات مرتبہ، اور چھٹی میں سورۃ القدر سات مرتبہ، نماز سے فراغت کے بعد حق تعالیٰ کی تحمید و تقدیس کے بعد درود شریف پڑھ کر سو رہیں۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ اِبْرَاهِيْمَ وَرَبِّ مُوْسٰى وَرَبِّ يَعْقُوْبَ وَرَبِّ اِسْحٰقَ وَرَبِّ جِبْرَائِيْلَ وَرَبِّ مِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَائِيْلَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَمُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ اللَّيْلَةَ مَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ

اگر پہلی رات جواب نہ ملے تو دوسرے تیسرے دن، سات رات تک یہ عمل کرنا چاہیے۔

### استخارہ:

جب استخارہ کرنا ہو تو بعد نماز عشاء سب سے پہلے پاک کپڑے پہنے پھر وضو کرے اور قبلہ کی طرف

marfat.com

منہ کر کے سیدھی داہنی کروٹ لیٹ جائے اور مندرجہ ذیل سورتیں حسب ترتیب ذیل سے پڑھے۔

☆سورۃ الشمس سات مرتبہ

☆سورۃ الیل سات مرتبہ

☆سورۂ اخلاص سات مرتبہ

☆سورۃ التین سات مرتبہ

(درج بالا سورتیں ٣٠ ویں پارے میں ہیں) یہ سب سورتیں پڑھنے کے بعد عاجزی سے کہے: اے اللہ مجھے میرے خواب میں وہ چیز دکھادے اور میرے اس حال میں کشادگی کر۔

marfat.com

باب ۶

# رزق وقرض

## قرضہ سے نجات

اگر کوئی شخص مقروض ہو گیا ہو اور قرض اتارنا مشکل ہو گیا ہو تو اسے چاہیے کہ ہر روز بعد نماز فجر اول آخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی جو یاد ہو پڑھے اور درمیان میں سورۃ نصر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دعا کرے انشاءاللہ تعالیٰ قرض سے فوراً نجات ملے گی اور باآسانی قرضہ ادا ہو جائے گا۔

## تنگی معاش:

جس کی روزی تنگ ہو اور مشکل سے گزارہ ہوتا ہو وہ یہ کلمات روزانہ باوضو ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ یہ عمل گیارہ روز کرے انشاءاللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيْنَا قَبْلَ الْمَوْتِ وَهَوِّنْ عَلَيْنَا شِدَّةَ الْمَوْتِ وَارْحَمْنَا عِنْدَ الْمَوْتِ وَلَا تُعَذِّبْنَا يَا خَالِقَ الْحَيٰوةِ وَالْمَوْتِ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ وَاَلْحِقْنَا بِا لصّٰلِحِيْنَ۔

## برائے ترقی تنخواہ:

روزانہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح (ایک ۱۰۰ سو مرتبہ) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کی پابندی کے ساتھ پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ اور جو دلی خواہش ہوگی پوری ہوگی۔

## امیر کبیر ہو جانا:

بوقت طلوع آفتاب (سورج نکلنے کے وقت) اول تین (۳۰۰) سو بار درود شریف پڑھے۔ نماز میں جو درود شریف پڑھا جاتا ہے افضل ہے ورنہ جو درود شریف یاد ہو پڑھے اس کے بعد ۳۰۰ سو دفعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے اور روزانہ پڑھتا رہے انشاءاللہ تعالیٰ ایک سال کے اندر امیر کبیر اور انتہائی مالدار ہو جائے گا۔

## ھدایت:

اگر غسل کی حاجت پیش آجائے تو قبل طلوع آفتاب غسل کر لینا ضروری ہے ورنہ اثرات زائل ہو جائیں گے۔

marfat.com

## ملازمت کا بہترین عمل:

جو شخص بیروزگار ہو اور روزگار کے سلسلے میں بہت پریشان ہو تو مندرجہ ذیل آیت و دیگر کلمات کو روزانہ بعد نماز عشاء یا بعد نماز تہجد پابندی کے ساتھ بلا ناغہ باوضو ایک ہزار مرتبہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ چند روز کے بعد اس کو ملازمت مل جائیگی اور ہر شخص تعریف کرے گا کہ یہ بڑا نیک اور غریب ہے یہ عمل بڑا پر اثر اور تیر بہدف ہے اس کے پڑھنے سے فوراً نوکری مل جاتی ہے آدمی بے روزگار نہیں رہتا اور وہ آیات یہ ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنۡزِیۡلُ الۡکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الۡعَزِیۡزِ الۡعَلِیۡمِ ﴿۲﴾ غَافِرِ الذَّنۡۢبِ وَ قَابِلِ التَّوۡبِ شَدِیۡدِ الۡعِقَابِ ۙ ذِی الطَّوۡلِ ؕ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ؕ اِلَیۡہِ الۡمَصِیۡرُ ﴿۳﴾

(سورۃ المؤمن آیت ۱،۲،۳)

بِسۡمِ اللّٰہِ یَا رَبَّنَا تَبَارَکَ حَیۡطَاتُنَا (یٰسٓ)

## فائدہ:

اس عمل کی بدولت بحمداللہ بہت لوگ کامیاب ہو رہے ہیں ادھر پڑھا ادھر ملازم ہو گئے لیکن بعد ملازمت چالیس دن پورے کرے (یعنی چالیس دن تک برابر پڑھتا رہے) ایسا نہ کرے کہ درمیان میں چھوڑ دے بلکہ چالیس روز تک اس کو ایک بار ضرور پڑھ لیا کرے تاکہ مالک یا حاکم خوش رہے پھر صفت یہ ہے کہ مالک یا حاکم افسر جس کے ماتحت آپ ملازم ہیں بلا مشورہ آپ کے کوئی کام نہ کرے گا اور جو رائے آپ دیں گے اس پر عمل درآمد کرے گا (انشاءاللہ تعالیٰ)۔

## قرض و کشائش:

قرض سے نجات کیلئے اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار درمیان میں مندرجہ ذیل کلمات پانچ سو (۵۰۰) بار پڑھ لیا کریں وہ کلمات یہ ہیں۔

۱۔ حَسۡبِیَ اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ (پانچ سو بار) (سورۃ التوبۃ آیت ۱۱۸)

۲۔ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا مَلۡجَأَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیۡہِ (پانچ سو بار)

## برائے کشائش رزق:

اگر کوئی شخص روزی کی تنگی سے پریشان ہے تو سورۃ یٰسٓ کو اس طرح پڑھے کہ شروع کرنے کے بعد جب پہلا مبین آئے تو سورۃ یٰسٓ دوبارہ پڑھنا شروع کرے اسی طرح پوری یٰسٓ ختم کرے یہ عمل ایک چلہ

marfat.com

(یعنی چالیس دن مسلسل کرے ناغہ نہ کرے)۔

برائے کشائش رزق اور مہمات دنیاوی:

ہر قسم کی پریشانی اور رزق کی تنگی دور کرنے کے کیلئے بہتر وظیفہ روزمرہ درود شریف اور استغفار کا ہے مختصر درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ شَیْءٍ مَّعْلُوْمٍ لَّکَ

پانچ سو بار روزانہ بعد نماز فجر پڑھ لیا کریں۔

اور استغفار یہ ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

پانچ سو بار روزانہ بعد نماز فجر پڑھ لیا کریں۔

بعد نماز مغرب سورۃ واقعہ اور بعد نماز عشاء سورۃ ملک اور گیارہ سو باریَا مُغْنِیُ اور سورۃ مزمل گیارہ بار خواہ ایک وقت میں یا ہر نماز کے بعد دو مرتبہ اور صبح کی نماز کے بعد تین مرتبہ اتنا وظیفہ کشائش مہمات اور منافع دین ودنیا کے لیے کافی ہے۔

حصول ترقیات اور دینی ودنیوی مقاصد میں کامیابی:

انسان کبھی کسی مصیبت میں پھنس جاتا ہے، کبھی قرض کے بوجھ سے ہلکان ہوجاتا ہے تو کبھی بلائے ناگہانی اسے چمٹ جاتی ہے بعض مرتبہ اسے کوئی غم فکر لاحق ہوجاتا ہے ان کے لیے مندرجہ ذیل اسماء کا پڑھنا بہت مفید ہے ان کے پڑھنے کی برکت سے ہر قسم کی مشکلات دور ہوتی ہیں قرض، بیماری، غم، فکر سے چھٹکارا نصیب ہوتا ہے لیکن ان کو پڑھتے وقت تعداد پوری پوری ہو کم نہ ہو اور زیادہ بھی نہ ہو رات دن میں ہر روز کسی وقت جب سہولت ہو پڑھ لیا کریں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ

ہر روز اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ لے اس کے درمیان

یَا فَتَّاحُ ۱۰۰ مرتبہ    یَا وَھَّابُ ۱۰۰ مرتبہ

یَا رَزَّاقُ ۱۰۰ مرتبہ    یَا مُعِزُّ ۱۰۰ مرتبہ

واسطے غنی ہونے کے

بعد از نماز صبح قبل طلوع آفتاب کے ۱۰۰ دفعہ پڑھا کریں۔

marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمۡدِهٖ سُبۡحَانَ اللّٰهِ الۡعَلِيِّ الۡعَظِيۡمِ وَلَا مَلۡجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيۡهِ

## برائے ترقی رزق:

بعد نماز عشاء ۱۰۰ مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی روزانہ بلاناغہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ اكۡفِنِىۡ بِحَلَالِكَ عَنۡ حَرَامِكَ وَاَغۡنِنِىۡ بِفَضۡلِكَ عَمَّنۡ سِوَاكَ۔

## واسطے غنی النفس کے:

سورۂ مزمل (پ ۲۹) گیارہ مرتبہ روزانہ جو وقت مل جائے باوضو پڑھے انشاء اللہ مفلسی دور ہوگی اور تونگری آئے گی۔

يَا غَنِيُّ ۱۱۰۰ مرتبہ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ وقت معین (ایک وقت مقرر کر کے روزانہ اسی وقت) میں پڑھیں انشاء اللہ غنیٰ ظاہری و باطنی حاصل ہوگا۔

## برائے فراغت رزق

پانچ یا دس تسبیح (پانچ سو مرتبہ یا ایک ہزار مرتبہ)

چالیس روز تک پڑھا جائے:

يَا رَحۡمٰنُ كُلِّ شَيۡءٍ وَرَاحِمَهٗ يَا رَحۡمٰنُ۔

## حصول مقصد اور غنی ظاہری و باطنی کے لیے:

اَللّٰهُمَّ اكۡفِنِىۡ بِحَلَالِكَ عَنۡ حَرَامِكَ وَاَغۡنِنِىۡ بِفَضۡلِكَ عَمَّنۡ سِوَاكَ۔

اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اس کے بعد مندرجہ بالا دعا اکتالیس بار پڑھے بعد فرض عشاء قبل وتر اس دعا کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

## کثرت رزق و سامان دنیوی کے حصول کیلئے:

وَمَنۡ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجۡعَلۡ لَّهٗ مَخۡرَجًا ۙ وَّيَرۡزُقۡهُ مِنۡ حَيۡثُ لَا يَحۡتَسِبُ ؕ وَمَنۡ يَّتَوَكَّلۡ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسۡبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمۡرِهٖ ؕ قَدۡ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيۡءٍ قَدۡرًا (سورة الطلاق آیت ۲، ۳)

marfat.com

حضرت امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ کثرت رزق وسامان دنیوی کے لیے جمعہ یا پیر یا جمعرات کے دن سے شروع کرے افضل یہ ہے بعد از نماز فجر پڑھا جائے ہر روز ایک سو انسٹھ مرتبہ چالیس دن پڑھے اور چالیسویں دن ایک سو مرتبہ ہو جائے انشاء اللہ تعالیٰ اللہ تعالیٰ کی طرف سے رحمت وکشادگی کے دروازے کھل جائیں گے۔اس کے پڑھنے کے دوران مندرجہ ذیل باتوں کی پابندی کرے۔

اول وظیفہ شروع کرنے سے قبل غسل کرے۔

دوم: دو رکعت نماز نفل پڑھے۔رزق حرام سے بچیں۔

## قرضہ کی ادائیگی کا نہایت مجرب عمل:

یہ عمل صدہا بزرگوار اور اولیائے نامدار کا آزمودہ ہے اکتالیس روز کا عمل ہے حضرت مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ اکتالیس روز تک شروع ماہ سے یہ دورد شریف سو بار روزانہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

مذکورہ بار درود شریف پڑھنے کے بعد سجدہ کر کے ادائیگی قرض کی دعا کرے مال میں برکت ہوگی۔

## قرض کی ادائیگی کے لیے:

قرض ادا کرنے کے لیے صبح وشام سات سات مرتبہ یہ آیت پڑھ لیا کرے تین تین مرتبہ اول آخر درود ابراہیمی پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ قرض ادا ہو جائے گا وہ آیت یہ ہے۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ

**(سورۃ آل عمران آیت ۲۶)**

## قرض کی ادائیگی کے لیے:

جو شخص قرض کی ادائیگی کے سلسلے میں پریشان ہو وہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد سات بار "یَا قَدِیْرُ" پڑھ لے اسی طرح عشاء کی نماز کے بعد یا قدیر پڑھ لے انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہوں گے اور قرض ادا ہو جائے گا اول آخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی ضرور پڑھے۔

marfat.com

## وسعت رزق:

اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبۡحًا طَوِيۡلًا ۝ (سورة المزمل آیت ۷)

روزانہ دس مرتبہ پڑھے۔ایک ماہ کے اندر تونگر (مالدار) ہوگا۔

## عمل برائے حاجت:

يَا مَالِكَ ذُالۡجَلَالِ وَالۡاِكۡرَامِ۔

یہ وظیفہ بلا تعداد بے وضو وقتاً فوقتاً شب و روز پڑھے کہ حد سے گزر جائے اور ایک وقت مقررہ رات کو باوضو ایک ہزار بار توجہ دل سے پڑھے چند روز کے بعد اس کا جلوہ ظاہر ہوگا بحکم خدا فقیر کو غنی کرنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے دیگر خوبیاں بوقت عمل خود معلوم ہوں گی۔

## غنی ہونے کا عمل:

جو شخص سورہ الم نشرح آخر تک مع بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۴۰ بار سات دن لگاتار پڑھے گا بے شک وہ غنی ہوگا۔

## قضائے حاجات:

ترک حیوانات کر کے ایک ہفتہ پڑھے انشاءاللہ مراد حاصل ہوگی (اس دوران گوشت مچھلی انڈہ نہ کھائے کوئی ایک اناج کھائے تو بہتر ہے)۔

| | | |
|---|---|---|
| يَا قَاضِيَ الۡحَاجَاتِ | ایک ہزار مرتبہ | اتوار |
| يَا مُفَتِّحَ الۡاَبۡوَابِ | ایک ہزار مرتبہ | پیر |
| يَا مُسَبِّبَ الۡاَسۡبَابِ | ایک ہزار مرتبہ | منگل |
| يَا حَيُّ يَا قَيُّوۡمُ | ایک ہزار مرتبہ | بدھ |
| يَا بَدِيۡعَ الۡعَجَائِبِ | ایک ہزار مرتبہ | جمعرات |
| يَا ذَ الۡجَلَالِ وَالۡاِكۡرَامِ | ایک ہزار مرتبہ | جمعہ |
| لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحَانَكَ اِنِّيۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِيۡنَ | ایک ہزار مرتبہ | ہفتہ |

## برائے فراخی رزق:

روزانہ بعد نماز عشاء مندرجہ ذیل کلمات پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی اور رزق وافر

marfat.com

ملے گا وہ کلمات یہ ہیں اوران کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے۔

اول آخر دورد ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ

☆ یَا کَرِیْمُ یَا وَھَّابُ یَا ذَالطَّوْلِ ایک ہزار چھیاسٹھ بار ۱۰۶۶

☆ یَافَتَّاحُ چار سو نواسی بار ۴۸۹

☆ یَا رَزَّاقُ تین سو اسی بار ۳۸۰

☆ یَا کَافِیُ ایک سو گیارہ بار ۱۱۱

☆ یَا مُغْنِیُ ایک ہزار ایک سو بار ۱۱۰۰

## برائے وسعت رزق

رزق کی فراخی اور ترقی کے لیے مندرجہ ذیل کلمات بعد نماز عشاء پڑھے تو بہتر ہے ورنہ جب بھی آسانی ہو پڑھے اول آخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ اسکے بعد

☆ یَا غَنِیُ ایک ہزار ساٹھ بار ۱۰۶۰

☆ یَا فَتَّاحُ چار سو نواسی بار ۴۸۹

انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں خوب برکت ہوگی اور کسی قسم کی رکاوٹ نہ ہوگی۔

## برائے ملازمت وحصول روزگار:

بعد از نماز عشاء اول وآخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ بار اور درمیان میں یَا وَھَّا بُ (۱۴۱۴) چودہ سو چودہ مرتبہ پڑھیں اس کے بعد ایک تسبیح یعنی سو مرتبہ یَا وَھَّابُ ھَبْ لِیْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَھَّابُ پڑھیں چند دن کے بعد انشاء اللہ تعالیٰ روزگار مل جائے گا۔

## برائے دفع نحوست وحصول ملازمت:

گھر سے بے برکتی اور نحوست دور کرنے کے لیے۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کو ہر روز (۴۵۰) چار سو پچاس بار پڑھیں اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور سوتے وقت سورۂ واقعہ پڑھیں۔

## برائے وسعت رزق اور دفع قرض:

اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَااُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا۔

marfat.com

مندرجہ بالا کو صبح وشام (۳۱۳) بار پڑھے اگر ہر نماز کے بعد پڑھ لے تو زیادہ بہتر ہے اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ انشاءاللہ آمدنی میں برکت ہوگی اور قرض سے نجات ملے گی۔

## برائے ملازمت:

ملازمت کے حصول کے لیے سورۂ بنی اسرائیل کی آخری آیت وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا ۳۱۳ تین سو تیرہ مرتبہ پڑھیں اول آخر درود شریف تین تین مرتبہ یہ عمل مطلب پورا ہونے تک جاری رکھیں۔ پڑھنے کا ایک وقت خود ہی مقرر کر لیں۔

## ادائیگی قرض کا عمل:

کوئی شخص قرض سے چھٹکارہ حاصل کرنا چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ صبح سحر کے وقت نماز تہجد ادا کرے اول آخر تین بار درود ابراہیمی اور درج ذیل کلمات ۲۰۰ بار پڑھے۔

رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔

## ادائے قرض کے لیے:

جو شخص قرض میں جکڑ گیا ہو اور قرض اتارنا مشکل ہو گیا ہو اس کے لیے باوضو روزانہ بلاناغہ چالیس بار سورۂ نصر پڑھے اور اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے انشاء اللہ جلد ہی قرض سے نجات حاصل ہو جائے گی مجرب ہے۔

## روزی میں برکت کے مجرب اعمال:

اَلْمُعْطِیْ هُوَ اللّٰهُ کا سریع الاثر عمل جو شخص چاہے کہ روزی کی تنگی دور ہو اور رزق خوب فراخی سے نصیب ہو اسے چاہئے کہ پابندی کے ساتھ جمعہ کی نماز فرض کے بعد بحالت تشہد قبلہ رخ بیٹھے بیٹھے ستر بار توجہ کے ساتھ پڑھے۔

## سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ کا اکسیر کا عمل:

روزانہ پانچ سو مرتبہ سبحان اللہ وبحمدہ پڑھیں روزی کے دروازے کھل جائیں گے روایات سے ثابت ہے کہ اس کلمہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ ساری مخلوق کو روزی عطاء فرماتے ہیں۔

marfat.com

## سورۂ فلق کالاجواب عمل:

جو شخص کثرت سے سورہ فلق قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ پڑھے، اس پر روزی انشاء اللہ بارش کے قطروں کی طرح برسے گی۔ یقین اور توجہ شرط ہے۔

## روزی میں فراخی کیلئے مجرب ترین عمل ترپھلہ:

تین کام کریں اور روزی کے متعلق بے فکر ہو جائیں اور حاسدوں کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگیں۔

الف ) رزاق ( روزی دینے والا ) صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کو جانیں اور دل میں کسی اور کے بارے میں خیال تک نہ آنے دیں کہ میری روزی اس کے ہاتھ میں ہے۔

ب ) دو رکعت پڑھ کر مسجد میں بیٹھ کر اللہ تعالیٰ سے پکا عہد کریں کہ کبھی حرام روزی کا اختیار نہیں کریں گے۔

ج ) تھوڑا یا زیادہ جتنا مال اور رزق ملے اس میں سے سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کا حصہ نکالیں اور اسے نہایت خوش دلی سے فی سبیل اللہ کاموں میں خرچ کریں۔

## روزی میں برکت کا فطری عمل:

کھانے پینے کی اشیاء اور روزی کی دیگر چیزوں کو ضائع نہ کریں دسترخوان پر بچے ہوئے ٹکڑے کھالیں اور پلیٹ کو اچھی طرح صاف کریں اور جو رزق ملے اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں اس عمل کی برکت سے روزی کے دروازے بحمد اللہ کھل جاتے ہیں اور تنگی دور ہو جاتی ہے۔

## فراخی رزق کیلئے:

کشائش اور ادائیگی قرض کیلئے مندرجہ ذیل وظیفہ پڑھنے کیلئے اجازت عام ہے۔ نہایت ہی مجرب ہے پڑھ کر فائدہ اٹھائیں اول آخر تین بار درود شریف اور درمیان میں یہ آیت کریمہ ایک سو ایک بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیں یہ عمل صبح کی نماز کے بعد معمولات سے فارغ ہو کر کریں۔

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۱۹﴾

## فراخی رزق اور شرک سے حفاظت:

جو شخص روزانہ ایک سو بار یہ کلام پڑھے گا ہر مشکل سے نجات پائے گا رزق کی فراخی ہوگی شرک سے محفوظ رہے گا سب کیلئے پڑھے۔ اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا اول آخر تین بار درود شریف پڑھے

marfat.com

## برکت کیلئے وادائے قرض کے لیے:

یَا مُعِزُّ ۱۰۰بار اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھے۔ نیز یَا وَھَّابُ چودہ صد چودہ (۱۴۱۴) مرتبہ اول آخر درود شریف سات سات بار پڑھتا رہے بعد نماز عشاء پھر سو بار یہ پڑھے۔

یَا وَھَّابُ ھَبْ لِیْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَھَّابُ۔

یَا مُغْنِیْ ۱۰۰۰بار اول آخر درود شریف سات سات بار بعد سنت نماز فجر و قبل فرض پڑھتا رہے اور ہر نماز کے بعد اکتالیس بار اول آخر درود ابراہیمی ایک ایک بار پڑھا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ قرض سے فراغت ہوگی۔

## عمل برائے وسعت رزق

سورہ مزمل ہر روز مابین مغرب و عشاء ۱۱بار پڑھے اول آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی۔ ۲۱ روز متواتر۔

## برائے فراخی رزق

اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار یَا غَنِیُّ ۱۰۶۰ مرتبہ یَا فَتَّاحُ ۴۸۹ بار بعد نماز عشاء انشاء اللہ رزق کی فراوانی ہوگی۔

## ملازمت نوکری کا مل جانا

باوضو اول گیارہ مرتبہ درود شریف پھر یہ کلمات ایک تسبیح (۱۰۰بار) سو بار پھر گیارہ مرتبہ درود شریف یہ عمل روزانہ بعد نماز عشاء پڑھے دس دن میں انشاء اللہ ملازمت مل جائے گی۔

اگر دس دن میں نہیں تو گیارہ دن اور پڑھے اور اکیس دن پورے کرے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ ملازم ہو جائے گا۔ پڑھنے میں قواعد اور طریقہ سامنے رکھے جس طرح جس وقت اور جتنی تعداد میں پڑھنا ہے اس کی پابندی کرے اور بعد عمل کے دعا کرے کہ ملازمت مل جائے اور ملازمت کی خواہش کا تذکرہ احباب میں کرتا رہے اس لیے کہ اسباب کا اختیار کرنا لازمی ہے۔ ناامید نہ ہو خدا نے چاہا تو جلد نوکری کے اسباب پیدا ہو کر برسر روزگار ہوگا۔ روزانہ بعد وظیفہ خلوص عمل سے سربسجود ہو کر دعا مانگتا رہے اور اپنی پریشانی کا اظہار کرتا رہے وہ کلمات یہ ہیں۔

یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ اَرْشِدْنِیْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ یَا رَبِّ وَاُفَوِّضُ یَا

marfat.com

رَبِّ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

## قرض سے نجات اور ہر مشکل کے حل کے لیے:

سورۃ النصر (پارہ ۳۰) مندرجہ ذیل ترتیب کے ساتھ مسلسل بلاناغہ اور تعداد کے مطابق پڑھے کم یا زیادہ نہ کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ قرض سے نجات اور ہر مشکل حل ہوگی۔ اس عمل پر مداومت کلید کامیابی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| بعد نماز فجر | سورۂ نصر | اکیس بار |
| بعد نماز ظہر | سورۂ نصر | بائیس بار |
| بعد نماز عصر | سورۂ نصر | تیئس بار |
| بعد نماز مغرب | سورۂ نصر | چوبیس بار |
| بعد نماز عشاء | سورۂ نصر | پچیس بار |

## کشائش رزق کے لیے

ایک چلہ تک ایک وقت معین پر ۱۱ بار درود شریف پڑھ کر ۱۱۱ مرتبہ یَا مُغْنِیُ پڑھیں اس کے بعد ۱۱ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں آخر میں ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں انشاءاللہ اس عمل کی برکت سے روزی غیب سے آئے گی۔

## حصول ملازمت یا منظوری پیغام نکاح:

اس آیت کو کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھیں۔

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ سے وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ تک (آل عمران آیت ۷۳)

## بحالی روزگار

اگر کوئی شخص نوکری سے معطل یا علیحدہ کر دیا گیا ہو بے روزگار ہو تو عروج ماہ کی پہلی جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھے اور جمعہ کی شب میں رات کو لیٹتے وقت پوری سورۂ یوسف پڑھے پھر جمعہ کے دن ظہر و عصر کے درمیان اس سورۂ کو پڑھے پھر بستر پر لیٹتے وقت اس سورۃ کو پڑھے اور ۱۰۰ بار لا الہ الا اللہ اور ۱۰۰ بار اللہ اکبر ۱۰۰ بار سبحان اللہ اور ۱۰۰ بار استغفار اور ۱۰۰ بار درود شریف پڑھ کر سو رہے اگلے دن صبح کو گھر سے نکل کر لکھی ہوئی سورۃ یوسف کو تعویذ بنا کر بازو پر باندھ لے اور پختہ عہد کرے کہ کسی شخص پر ظلم نہ کروں گا انشاءاللہ اسی ہفتہ میں نوکری مل جائے گی اور اگر پڑھنا نہ جانتا ہو تو وہ لکھی ہوئی سورتوں کو سر کے نیچے رکھ لے اور بقیہ دعائیں پڑھتا رہے۔

marfat.com

## برائے مال جلد فروخت

دکان میں مال جلد فروخت ہونے کے لئے باوضو مندرجہ ذیل آیت لکھ کر مال و متاع میں رکھیں انشاءاللہ تعالیٰ مال جلد فروخت ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَیْعِکُمُ الَّذِیْ بَایَعْتُمْ بِہٖ ؕ وَذٰلِکَ ھُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

## دفعیہ افلاس:

حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص آیت الکرسی پڑھ کر گھر سے نکلے تو اللہ ۷۰ ہزار فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ واپس آنے تک اس کی مغفرت کے لیے دعا کرتے رہو۔

اور جو شخص آیت الکرسی پڑھ کر گھر میں داخل ہوگا اللہ تعالیٰ اس کے گھر سے مفلسی دور کرے گا۔

## توسیع رزق کے لیے

پانچوں وقت فرض نماز پڑھ کر سلام کے فوراً بعد آیت الکرسی ایک بار او وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا ۙ وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا (سورۃ الطلاق ۲، ۳) ایک بار سورۃ فاتحہ ایک بار، سورۂ اخلاص تین بار اور درود شریف تین بار پڑھ کر آسمان کی جانب دم کریں۔ ان دعاؤں کی برکت سے حق تعالیٰ بلا توسط ملک الموت روح قبض فرمائے گا اور فوراً بہشت میں داخل ہوگا قبر میں راحت ملے گی اور دنیا میں رزق میں اضافہ ہوگا۔

## ٹرانسفر کیلئے:

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کا تبادلہ مطلوبہ اور پسندیدہ جگہ پر ہو جائے تو اول سات بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ۷۰ بار یہ آیت پڑھے۔ جب مُدْخَلَ صِدْقٍ کے الفاظ پڑھے تو جہاں کا تبادلہ مقصود ہو اس جگہ کا تصور کرے اور مُخْرَجَ صِدْقٍ کے الفاظ پڑھے تو جہاں سے تبادلہ کروانا ہے اس جگہ کا تصور کرے اور سلطاناً نصیراً کے الفاظ پڑھے تو یہ تصور کرے کہ عزت کے ساتھ تبادلہ ہو آخر میں سات بار درود شریف پڑھ کر اللہ سے دعا مانگے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ۝۸۰ (سورۃ بنی اسرائیل ۸۰)

marfat.com

## وسعت رزق کا ایک عمل:

وسعت رزق کے لیے مغرب اور عشاء کے درمیان صلوۃ کے بعد اس آیت کو ۶۳۸ مرتبہ پڑھا کریں۔

وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۗ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۗ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا (سورۃ الطلاق آیت ۲،۳)

## رزق کے لیے درویشوں کا بتلایا ہوا عمل:

یا وھاب ایک ہزار چار سو چالیس بار پڑھیں۔اس کے بعد یہ دعا پڑھیے۔

يَا وَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

یہ دعا ۱۰۰ مرتبہ پڑھنی ہے کشائش رزق کے لیے نہایت مجرب ہے۔ یہ کیمیائے درویشان کے نام سے موسوم ہے۔

## فراخی رزق اور تنگی میں آسانی کے لیے:

جو شخص چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی مخلوق کے شر سے حفاظت کرے اور اس پر رزق آسان کرے اور مخلوق کے دلوں میں اس کی محبت ڈالے تو وہ ہر روز چار سو پچاس مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھے پھر سات دفعہ اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ اور ساتویں دفعہ یہ بھی پڑھے۔ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ۝ جس نے اس پر پابندی کی اس کے مشکل کام عجیب طرح آسان ہو جائیں گے

## دعا برائے رزق:

وضو کے درمیان مندرجہ ذیل دعا پڑھیں تو اس کے رزق میں فراوانی ہو اور کبھی فاقہ نہ ہو۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

marfat.com

## فراخی رزق کے لیے ایک بہترین عمل:

جو شخص افلاس میں ہو اور اپنے رزق کی وسعت اور رزق کی کشائش چاہے تو ہر روز صبح کی نماز کے بعد یہ دعا تین سو دفعہ پڑھے۔ ایک ہفتہ نہیں گزرے گا کہ دنیا اس کی طرف آنے لگے گی۔

اَلَّذِیْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ۝

marfat.com

باب ۷

# دل کے امراض

## دل کے امراض

آیت الکرسی گلاب و زعفران سے کاغذ پر لکھے اور پانی سے دھو کر پیئے انشاءاللہ درد دور ہوگا۔

سورۃ الم نشرح پڑھ کر سینے پر دم کرنے سے تنگی اور درد دل کو سکون ہوتا ہے۔

اس آیت کو مٹی کے کورے برتن پر زعفران اور گلاب سے لکھ کر پلاوے انشاءاللہ العزیز درد قلب زائل ہو جائے گا۔

وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِم مِّنْ غِلٍّ تَجْرِي مِن تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي هَدَانَا لِهَٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللَّهُ لَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ وَنُودُوا أَن تِلْكُمُ الْجَنَّةُ أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

چینی کی پلیٹ پر سورۃ فاتحہ لکھ کر پانی سے دھو کر وہ پانی دل کے مریض کو پلایا جائے بفضلہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا۔

کسی کے دل میں درد ہو تو یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں اس طرح لٹکایا جائے کہ تعویذ دل پر رہے انشاءاللہ العزیز درد ختم ہو جائے گا۔

يَخْرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ۔ (سورۃ النحل ۶۹)

## دل ڈوبنے کا علاج

یہ آیت لکھ کر دل کے مریض کے گلے میں باندھنا اور چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلانا بہت مفید ہے انشاءاللہ العزیز فائدہ ہوگا۔

قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا ۚ إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝ (سورۃ الزمر آیت ۵۳)

سورۃ فتح کی یہ آیات پانی پر دم کر کے سات دن تک پلانا دل کے تمام امراض کے لیے فائدہ بخش ہے

لَقَدْ صَدَقَ اللَّهُ رَسُولَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ ۖ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِن شَاءَ اللَّهُ

marfat.com

اٰمِنِیْنَ مُحَلِّقِیْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِیْنَ لَا تَخَافُوْنَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا
قَرِیْبًا ﴿۲۷﴾ هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِیْدًا ﴿۲۸﴾ مُحَمَّدٌ
رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ
اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ وَمَثَلُهُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ
كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْــَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ
وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا ﴿۲۹﴾

## دل کی گھبراہٹ اور ہول کا علاج

یہ آیات کاغذ پر لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالیں کہ تعویذ قلب پر رہے یا کرتہ وغیرہ میں اس جگہ ٹانکہ لگائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَىِٕنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ○ وَرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ ○ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ○ وَلِیَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ

یہ آیت ہول دل کے لیے بہت مجرب ہے اس کو لکھ کر گلے میں اس طرح لٹکائیں کہ تعویذ دل پر پڑا رہے بلکہ اس کو کپڑے یا دھاگے سے باندھ دیں تاکہ قلب سے ہٹنے نہ پائے۔

وَلِیَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَیُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ○ یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْیَفْرَحُوْا هُوَ خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ ○

یہ آیات ہول دل کے لیے نافع ہیں کاغذ پر سیاہی سے لکھیں اور کسی سبز پھل کے عرق سے دھو کر کسی قدر مصری ملا کر مریض کو پلایا جائے۔

ہول کے مرض اضطراب قلب اور خفقان کے لیے اس آیت کو سات بار لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر سات دن تک پلانا بہت مفید ہے اور بارش کے پانی میں زعفران گھول کر سات مرتبہ آیت کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالنا بفضلہ تعالیٰ بہت ہی مفید ہے۔

اِذْ یُغَشِّیْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ وَیُنَزِّلُ عَلَیْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّیُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَ

marfat.com

يُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ○

چینی کی سفید پلیٹ پر زعفران عرق گلاب میں ملا کر سورۃ حشر کی درج ذیل آیت لکھیں اور شہد سے مٹا کر مریض کو چٹائیں۔ انشاء اللہ العزیز دل کے امراض سے شفا ہوگی۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ○

## اختلاج قلب

دل کی گھبراہٹ، اختلاج قلب، دل کی تکلیف وغیرہ کے لیے مندرجہ ذیل آیت باوضو مٹی کے کورے برتن پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلائے انشاء اللہ تعالیٰ دل کے امراض سے مکمل نجات حاصل ہوگی۔

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ (۸۳)
قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَاۤ اُنْزِلَ عَلٰۤى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَاۤ اُوْتِىَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ (۸۴) وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِى الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ (۸۵)

## بلڈ پریشر کے لئے

مندرجہ ذیل آیتیں ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (۲۸) اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ

## دل کو زندہ رکھنے کا عجیب ونافع نسخہ:

ایک مسلمان کو سب سے زیادہ فکر اپنے دل کو زندہ رکھنے کی ہوتی ہے زندہ دل اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے اس میں رقت ہوتی ہے وہ آخرت کے کاموں کو ترجیح دیتا ہے اور جسم کے تمام اعضاء کو اللہ تعالیٰ کی عبادت یعنی اس کی رضا والے کاموں میں لگائے رکھتا ہے اور اگر خدانخواستہ دل مردہ ہو جائے تو اس پر شیطان کا قبضہ ہو جاتا ہے اور شیطان اپنی زہریلی سونڈ اس میں گھسا کر نافرمانی اور گناہ کے گندے اثرات اس میں ڈال دیتا ہے یہ مردہ دل فانی دنیا کے چکر میں پڑا رہتا ہے اور غیر اللہ سے عشق کی ذلت میں مبتلا ہو جاتا ہے خلاصہ یہ ہے کہ جس کا دل زندہ اس کی آخرت زندہ تابندہ اور سدا بہار اور جس کا دل مردہ اس کی آخرت مردہ ویران اور

marfat.com

عذاب زدہ......دل کی زندگی کا مجرب نسخہ یہ ہے کہ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان توجہ کے ساتھ چا...
مرتبہ یہ دعا پڑھنی چاہیے:
یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآاِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ اور اول و آخر درود شریف۔

حدیث پاک میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورہ یٰسین کو قرآن پاک کا دل قرار دیا ہے بس سورۃ یٰسین کی تلاوت دل کی مضبوطی کا بہترین علاج ہے کیونکہ دل دل کو نفع دیتا ہے وہ افراد جن کے دل کمزور ہو چکے ہوں وہ چند دن تک ہر نماز کے بعد توجہ سے یٰسین شریف پڑھیں یا کسی ایک وقت میں پانچ مرتبہ پڑھیں اگر یہ ممکن نہ ہو تو صبح و شام پڑھ لیا کریں۔

## دل کی کمزوری اور بدخوابی کا نافع علاج

جس شخص کا دل کمزور ہو گیا ہو اور اسے ڈراؤنے خواب ستاتے ہوں وہ فجر کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھے بے حد مفید ہے:

لَآاِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْكَ لَہٗ لَہُ الْمُلْكُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرِ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

## وجع القلب (درد دل)

پارہ نمبر ۱۴ سورۃ النحل کی آیت مبارکہ:
یَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِھَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُہٗ فِیْہِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ط (سورۃ النحل آیت ۶۹) لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

چینی کی پلیٹ پر سورۃ الفاتحہ لکھ کر اس کا پانی مریض کو پلایا جائے۔

اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ: یہ آیت مبارکہ لکھ کر گلے میں ڈالیں یہ خیال رہے کہ تعویذ مقام دل کے محاذ میں رہے۔

## خفقان (دل کا ڈھڑکنا اور ہول دل)

وظیفہ مبارکہ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلاَّ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ لکھ کر گلے میں اس طرح حمائل کریں کہ تعویذ ہر وقت مقام دل پر رہے۔

آیۃ الکرسی اور آخری آیات سورۃ البقرہ دونوں کو لکھ کر تعویذ گلے میں ڈالیں۔

marfat.com

سورۃ الرحمٰن (پ:۲۷) سالم سورۃ کو تین بار دم کر کے مسلسل ایک ہفتہ تک پلائیں از حد مفید ہے۔

سورۃ ہود (پ:۱۲) کی آیت:۔ فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ ۔

ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ کر دل پر دم کریں۔

## اختلاج قلب

ا) سورۃ آل عمران کی دعا: رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ (سورۃ ال عمران ۸)

بعد نماز فجر اکیس بار پانی پر دم کر کے اکیس یوم تک پلائیں۔

ب) سورۃ یٰسٓ کو سات مبینوں کے ساتھ گیارہ یوم تک روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اگر آب باراں میسر آجائے تو بہتر ہے سات مبینوں کے ساتھ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے پہلی باراول مبین تک پڑھ کر پھر شروع سے پھر دوم تک پڑھ کر پھر شروع سے پھر سوم مبین تک پڑھ کر پھر شروع سے اسی طرح سات مبین تک پڑھے۔

## دل کی تمام بیماریوں کا مجرب ترین علاج

ایک مصری ڈاکٹر نے دل کے ایک مریض کا معائنہ کرنے کے بعد کہا اب آپ اللہ اللہ کیجئے۔ آپ کا بچنا دشوار معلوم ہوتا ہے ان صاحب نے درج ذیل عمل پابندی سے کیا۔ سب تکلیفیں ختم ہو گئیں۔ صحیح ہو کر دس سال تقریباً ہو چکے ہیں عمل یہ ہے۔ قرآن کریم کی درج ذیل آیت ہر نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ توجہ کے ساتھ پڑھیں اور خدا کی قدرت اور کلام اللہ کی برکت کا مشاہدہ کیجئے۔

فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ

marfat.com

باب ۸

# شادی و نکاح

اگر شادی نہ ہوتی ہو یا رشتہ نہ ہوتا ہو اسکے واسطے پانچ سو مرتبہ بعد نماز عشاء سجدہ میں پڑے یہ عمل چالیس روز تک کرنا ہے انشاءاللہ تعالیٰ شادی ہو جائے گی۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ وَلَقَدۡ هَمَّتۡ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا لَوۡلَاۤ اَنۡ رَّاٰ بُرۡهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصۡرِفَ عَنۡهُ السُّوۡٓءَ وَالۡفَحۡشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنۡ عِبَادِنَا الۡمُخۡلَصِيۡنَ ۝ (سورۃ یوسف ۲۴)

## لڑکی کے رشتہ کے لئے

جس شخص کی لڑکی کنواری بیٹھی ہو اور کوئی سامان جہیز یا کسی جگہ سے پیغام نہ آتا ہو وہ شخص گیارہ ہزار مرتبہ بعد نماز عشاء گیارہ روز تک اس طرح پڑھے کہ جمعرات سے شروع کرکے اور اتوار کو ختم کرے پھر دیکھے پردہ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے وہ لفظ یہ ہے: یَا مُعۡطِیُ

## رشتہ اور نسبت میں کامیابی کے لئے

جس کی کنواری لڑکی ہو اور کوئی شخص اس کی نسبت کے لئے پیغام نہ دیتا ہو تو وہ تازہ وضو کرکے دو رکعت نفل پڑھے اور نماز سے فارغ ہو کر اپنے مقصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے سو مرتبہ یَا لَطِیۡفُ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ ایک ماہ میں مقصد پورا ہوگا کم از کم ایک ماہ عمل جاری رکھے۔

## لڑکی کی منگنی ہونا اور شادی کا انتظام

اگر کسی لڑکی کے واسطے اچھا رشتہ نہ ملتا ہو یا کہیں سے پیغام شادی نہ آتا ہو تو عروج ماہ (چڑھتے چاند کے دنوں میں) باوضو اکتالیس مرتبہ سورۃ یٰسٓ پڑھ کر دعا مانگ لے انشاءاللہ تعالیٰ اچھے سے اچھا پیغام آئیگا۔

## حسب پسند جگہ شادی کرنا

جو شخص چاہتا ہے کہ اس کی مرضی اور پسند کی جگہ شادی ہو جائے تو اسے چاہیے کہ یہ عمل کرے انشاءاللہ تعالیٰ ضرور کامیاب ہوگا لیکن شرط یہ ہے کہ ناغہ نہ کرے تعداد میں کمی بیشی نہ کرے اور باوضو پڑھے عمل یہ ہے۔

اول تین بار درود شریف پڑھے اسکے بعد درج ذیل کلمات تین سو تیرہ مرتبہ (۳۱۳) پڑھے پھر آخر میں درود شریف پڑھے اور دعا کرے انشاءاللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی وہ کلمات یہ ہیں:

marfat.com

یَا سَتَّارَ الْعُیُوْبِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔

## عورتوں کا نصیب کھلنے اور شادی کیلئے عمل

نماز عشاء کے بعد یالطیف گیارہ سو گیارہ بار پڑھے اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ، گیارہ بار پڑھے اسکے بعد سجدہ میں جا کر دعا مانگیں گیارہ روز یہ عمل کریں باقی ہر نماز کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

## شادی کرانے اور اہل وعیال کے نیک ہونے کی دعا

اگر کوئی شادی کرانے کا خواہش مند ہو اور چاہے کہ اہل وعیال نیک بن جائیں تو یہ دعا پڑھا کرے

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا○
(سورۃ الفرقان ۷۴)

## جس عورت کی شادی نہ ہوتی ہو

پوری سورۃ طٰہٰ ریشمی کپڑے پر لکھ کر باز و پر باندھیں۔

پوری سورۃ طٰہٰ لکھ کر اسکے پانی سے غسل کرے بہت جلد نکاح ہو جائے گا۔

نوٹ: غسل کا پانی فرش پر نہ گرائیں۔

پہلے غسل کر کے پاک ہو کر پھر اپنے سارے بدن پر پانی بہائیں کسی برتن میں کھڑے ہو کر بعد میں پانی چھت یا کسی گراؤنڈ میں بہادیں۔

## شادی کے لیے ایک اور مجرب عمل:

مندرجہ ذیل آیت ایک ہزار بار یا اصحاب بدر کی تعداد کے برابر یعنی تین سو تیرہ مرتبہ لڑکی یا لڑکا خود پڑھے۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے وہ آیت یہ ہے۔ انشاء اللہ جلد رشتے آنے لگیں گے۔

وھو الذی خلق من الماء بشرا فجعلہ نسبا و صھرا و کان ربک قدیرا

## شادی کے لیے ایک اور مجرب عمل:

اور جس کنواری لڑکی کا کہیں سے رشتہ نہ آتا ہو اس کے لیے پوری سورۃ رحمٰن پیر یا جمعہ کے دن ایک کاغذ پر لکھ کر اور اس کے نیچے اس لڑکی کا نام معہ والدہ کے نام لکھنا چاہیے اور یہ عبارت لکھنا ہے۔

یا جماعۃ الرجال سلبت عقولکم کتسلیب التمرۃ من شجرتھا و الجسۃ من اکمامھا

marfat.com

والزهر من هيا كله وتمينه والفيت عليكم مجسة وعطفا و حنانا و تخيلا وعشقا و تخيلا و عشقا و تخيلا لا طاعة لكم بالجلوس ولا للقعود حتى يتز وجها احدمنكم والطلت تعطيلها و دان تزد يجها يا حلقانيه مروا الا رواح الروحانيه الساكنه في قلوب الاجنبية من فيتظرون والي فلامنه فيظرو نها في اعنيهم كالشمس المنيرة وا لنظرزليخا يوسف عليه السلام

یہ عبارت سات مرتبہ لکھیں اور اس کے بعد آیت بطلا ن قال يموسى ماجئتم به السحر آخر تک لکھ کر غسل کے پانی میں ڈال دیں اور اس پانی سے لڑکی کو غسل کرائیں۔ انشاء اللہ ایک ہفتے کے اندر اندر شادی ہو جائے گی۔

## شادی کے لیے ایک اور عمل:

یہ عبارت لکھ کر گلے میں ڈال دیں رشتے آنے لگیں گے۔ عبارت یہ ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم ومن كل شيء خلقنا زوجين لعلكم تذكرون اللهم بحق قولك هذا بحرمة نبيك محمد بلى ان ترزق فلان بنت فلان زوجا موافقا غير مخالف بحق محمد واله اجمعين

## شادی کے لیے ایک اور مجرب عمل:

اگر کسی کے بیٹے یا بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو اور وہ چاہے کہ اچھی جگہ اور جلدی ہو جائے۔ اس کے لیے ۳۳۱۳ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد ۲۱ روز تک اس آیت کو پڑھے اور اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے۔

سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ خَلَقَ الۡاَ زۡوَاجَ کُلَّهَا مِمَّا تُنۡبِتُ الۡاَ رۡضُ وَمِنۡ اَنۡفُسِهِمۡ وَمِمَّا لَا یَعۡلَمُوۡنَ

## بچیوں کی شادی اور انکے نصیب کھلنے کیلئے ایک عمدہ اور نفع بخش عمل:

یہ آیتیں زعفران سے لکھ کر لڑکی کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ جلد رشتہ آئے گا اور لڑکی ان آیتوں کو کثرت سے پڑھا کرے تو زیادہ فائدہ ہوگا۔

بسم الله الرحمن الرحيم وينصرك الله نصرا عزيزا نصرمن الله و فتح قريب

marfat.com

وبشر المؤمنين ان تستفتحوا فقد جائكم الفتح انا فتحنا لك فتحا مبينا ليغفر لك
الله فقد جائكم الفتح فتحا قريبا وعنده مفاتيخ الغيب لا يعلم الغيب الا هو
واذا جا نصر من الله والفتح

## شادی کے لیے ایک اور عمدہ عمل:

درج ذیل آیتوں کو لکھ کر تعویذ بنا کر لڑکی کی چوٹی میں باندھیں۔

واذا لنفوس زوجت وخلق منها زوجها وبث منهما رجالا كثيرا ونسآء ومن كل شي ء خلقنا زوجين لعلكم تذكرون وقلنا يا ادم سكن انت و زوجك الجنة وكلا منهما رغدا حيث شئتما وخلقنكم ازواجا

## لڑکیوں کی خوش نصیبی کے لیے:

جو کوئی سورۃ سجدہ اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے لڑکیوں کو عیش و خوشی میں رکھتا ہے۔

## لڑکیوں کی قسمت کھلنے کیلئے:

سورۃ احزاب چالیس مرتبہ کچھ لوگ مل کر پڑھیں تو لڑکیوں کی جلد شادی ہو اور ان کی قسمت کھلے۔

marfat.com

باب۹

# بچوں کے امراض

## ام الصبیان (مسام کیڑا) کا علاج

اس عارضہ میں مبتلا بچوں کے ہاتھ پاؤں میں تشنج واقع ہو جاتا ہے' آنکھوں کے ڈھیلے اوپر کو کھینچ جاتے ہیں مرض کا جب زیادہ غلبہ ہو تو بچہ پر بے ہوشی بھی طاری ہو جاتی ہے درحقیقت یہ مرگی کی صورت ہے جو صرف بچوں کو ہوتی ہے۔

فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورۃ الفاتحہ مع وصل بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ یعنی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الخ پڑھ کر مٹھائی یا پانی پر دم کر کے مسان کے مریض کو کھلایا جائے' ان شاء اللہ تعالیٰ مرض جاتا رہے گا۔

دھلے تلوں کا تیل نکال کر اس پر سورۃ الفاتحہ مع بسم اللہ تین مرتبہ' آیۃ الکرسی تین مرتبہ' سورۃ الصّٰفّٰت میں سے وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا سے لَازِبٍ تک تین مرتبہ سورۃ الجن شروع سے شَطَطًا تک تین مرتبہ چاروں قل تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں بچہ کا سر منڈا کر روزانہ یہ پڑھا ہوا تیل سر سے پیروں کے نیچے تک پورے جسم پر ایسے ملیں کہ کوئی جگہ نہ رہ جائے کچھ دیر بعد چاہیں تو صابن سے نہلا دیں یا جسم پر رہنے دیں یہ عمل چالیس روز تک بلا ناغہ کریں انشاء اللہ تعالیٰ مکمل فائدہ ہوگا۔

## جو بچہ ماں کا دودھ نہ پیتا ہو اس کا علاج

اس آیت کو لکھ کر اس بچہ کے گلے میں ڈالنا یا کورے برتن میں لکھ کر اس میں پانی ڈالیں کہ وہ پانی اس بچہ کو پلانا نہایت مفید ہے سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ

اگر بچہ روتا ہو یا دودھ نہ پیتا ہو ایک کاغذ پر ان آیات کو لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈالنا نہایت مفید ہے

هٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَآءً ۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

marfat.com

## بچے کا دودھ چھڑانا

سورۃ البروج لکھ کر اس بچے کے گلے میں باندھنا بآسانی دودھ چھوڑ دے گا۔

اگر کوئی بچہ دودھ چھوڑنے کے صدمہ سے روتا ہو اور صبر نہ کرتا ہو تو سات مرتبہ یَا مَتِیْنُ لکھ کر گھول کر بچے کو پلا دیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کو صبر آ جائے گا۔

## بچہ کے دانت آسانی سے نکلنے کا علاج

سورۃ قٓ لکھ کر پھر بارش کے پانی سے دھوئے، یہ پانی بچہ کے دانتوں پر ہر روز ملے انشاء اللہ تعالیٰ آسانی کے ساتھ دانت تکلیف کے بغیر نکل آئیں گے۔

آغاز سورۃ قٓ سے الخُرُوْج تک آیت نمبر ایک تا گیارہ لکھ کر پلانے سے دانت آسانی سے نکلیں گے۔

سورۃ الاسراء یعنی بنی اسرائیل اگر زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر اس بچہ کو پلائیں جس کی زبان نہ چلتی ہو تو زبان چلنے لگے گی۔

اگر کوئی بچہ تین چار برس کا ہو جائے اور بولنا شروع نہ کرے اسکو روزانہ اکیس روز تک ذیل کی آیتیں لکھ کر گھول کر پلانا نہایت مجرب و مفید ہے انشاء اللہ تعالیٰ اکیس روز کے عرصہ میں بچہ بولنے لگے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قَالَ اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ ۛ اٰتٰنِیَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِیْ نَبِیًّا ﴿۳۰﴾ وَّجَعَلَنِیْ مُبٰرَكًا اَیْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَاَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَیًّا ﴿۳۱﴾ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَتِیْ ۫ وَلَمْ یَجْعَلْنِیْ جَبَّارًا شَقِیًّا ﴿۳۲﴾ وَالسَّلٰمُ عَلَیَّ یَوْمَ وُلِدْتُّ وَیَوْمَ اَمُوْتُ وَیَوْمَ اُبْعَثُ حَیًّا ﴿۳۳﴾

(سورۃ مریم)

جو بچہ گونگا ہو تین چار برس کا ہو گیا ہو مگر بولتا نہ ہو اسے اکیس دن ان آیتوں کو کاغذ پر لکھ کر پلانا خدا کے فضل و کرم سے زبان لاتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۱﴾ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ۚ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۲﴾ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۳﴾ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ ؕ یَعْلَمُ مَا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَمَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا یَعْرُجُ فِیْهَا

marfat.com

وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۗ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ ۗ وَهُوَ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

## سوکھے پن کا علاج

اگر کوئی بچہ یا بڑا آدمی سوکھتا چلا جائے اور بظاہر کوئی مرض معلوم نہ ہوتا ہو اس مرض کیلئے ایک ہزار تیرہ مرتبہ اس آیت کو نماز عشاء کے بعد پڑھ کر پاؤ چنبیلی یا سرسوں کے تیل پر دم کر کے رکھ دیں پھر اس تیل سے تھوڑا تھوڑا ہر روز مالش کریں انشاءاللہ گیارہ دن میں مریض قوی اور تندرست ہوگا۔

فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۗ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

دن میں تین بار باوضو گیارہ مرتبہ سورۃ التین پڑھیں اور پانی پر دم کر کے پلائیں گیارہ یوم تک اس عمل کو بلاناغہ کریں انشاءاللہ تعالیٰ سوکھا پن جاتا رہے گا۔

## بستر پر پیشاب کرنے کا علاج

اگر بستر پر پیشاب ہو جاتا ہو تو سات مرتبہ یہ آیت لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے انشاءاللہ شفا ہوگی۔

وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝

## مٹی کھانے کا علاج

خالص گندم کے آٹے کی روٹی پر آیات ذیل لکھ کر کھلائے انشاءاللہ پھر مٹی نہ کھائے گا۔

فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيْلًا ۝ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

## بچوں کی قے کا علاج

سوت کے پاک کپڑے پر اسماء ذیل لکھ کر بازو پر باندھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ـ

marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ شِفَآءٌ مِّنْ کُلِّ دَآءٍ وَقِيْلَ يٰاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

بچہ کی بدخوئی کیلئے یہ آیت لکھ کر بچہ کی گردن میں لٹکائیں بچہ بدخوئی چھوڑ دے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ○ يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ○

روٹی کے ٹکڑا پر سورۃ الانشراح (الم نشرح) لکھ کر بچے کو کھلا دیں اس کا غصہ دور ہو جائے گا۔

## بچہ کے ڈرنے کا علاج

سورۃ المدثر کی ابتدائی سات آیات خواب میں ڈرنے والے، رونے والے اور نیند اچاٹ ہو جانے کیلئے ایک کاغذ پر زعفران سے لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں نہایت مجرب ہے۔

## بچہ مر جانا

اجوائن اور کالی مرچ اتنی مقدار میں جو بعد قرار جس عورت کے بچے مر جاتے ہوں اس کیلئے حمل بچہ کے دودھ چھوڑنے تک کافی ہو لیکر دونوں چیزوں پر دوشنبہ کے دن دوپہر کو چالیس بار سورۃ الشمس پڑھے ہر بار درود شریف پڑھ کر شروع کرے اور اس پر ختم کرے پھر ہر روز نہار منہ عورت دو دانے مرچ اور تھوڑی سی اجوائن کھایا کرے حمل کے دن سے لیکر دودھ چھڑانے تک۔

## چھوٹے بچے کا رونا مچلنا

یہ آیت لکھ کر بچے کے گلے میں موم جامہ کر کے بطور تعویذ ڈالی جائے وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ

وہ بچہ جو ماں کی چھاتی منہ میں نہیں لیتا اور دانت پیستا ہے۔

یہ آیت لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دی جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ

marfat.com

قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ؕ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ

## بچوں کی نظر بد کے لئے

مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر باوضو موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّ هَآمَّةٍ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ عَيْنٍ لَّآمَّةٍ۔

## بچوں کے مچلنے اور بات بات پر روٹھنے پر اور غصہ کرنے کیلئے

بچوں کے مچلنے اور بات بات پر روٹھ جانے اور رونے اور غصہ ہونے کو دور کرنے کے واسطے یہ عمل بہت مجرب ہے اس عمل سے بچے الحمد للہ صحیح رہتے ہیں لوہے کی چھری پر درج ذیل کلمات لکھے اور چھری آگ میں گرم کر کے پانی میں ڈالے اور وہ بجھا ہوا پانی بچے کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ خوش وخرم رہے گا (وہ الفاظ یہ ہیں)

حَقٌّ حَقٌّ بَارٌّ حَسِيْبٌ حَكِيْمٌ مُعِيْدٌ حَفِيْظٌ حَلِيْمٌ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا۔

## حفظ اطفال از نظر بد و آفات وغیرہ

سورۃ القلم پارہ نمبر ۲۹ کی آیت مبارکہ کو لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝

آیت مبارکہ کو تین بار چینی پر دم کر کے کھلائیں۔

سورۃ البقرۃ کی آیت مبارکہ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ دم کریں۔

معوذتین قرآن مجید کی آخری دو سورتیں پڑھ کر بچے پر دم کریں۔

سورۃ الملک کی حسب ذیل آیت پڑھ کر دم کریں۔

فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ۝ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ

marfat.com

خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ۝

مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پڑھنے سے نظر بد سے بچا و رہتا ہے۔

مسلم شریف کی ایک روایت میں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما پر اکثر یہ دعا فرمایا کرتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَعَيْنٍ لَامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

مذکورہ بالا دعا کو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

## بچوں کا رونا

جو بچہ زیادہ روتا ہو یا دانت نکالنے کی تکلیف ہو یا دودھ نہ پیتا ہو درج ذیل آیت کا تعویذ گلے۔

میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچے کے رونے سے نجات ملے گی اور بچہ خوش وخرم رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۝ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ

## بچہ کا دست اور قے کمزوری وغیرہ۔ برائے ام الصبیان

اگر بچہ کو قے یا دست آتے ہوں اور آنکھیں اندر کو بیٹھ گئی ہوں تو یہ شکایتیں بھی رفع ہو جاتی ہیں اور بچہ قوی الجثہ ہو جاتا ہے پکی گھانی کا پاؤ بھر تیل تلوں کا لے کر اس پر اکیس مرتبہ یہ دعا پڑھیں اور وہ تیل سر پر اور بچہ کے پورے بدن پر اکیس دن مالش کریں۔

اور یہی دعا دونوں کانوں میں دم کریں وہ دعائیں یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O عِيْسٰى صَفِيًّا وَّمُوْسٰى نَجِيًّا وَّمُحَمَّدًا نَبِيًّا اِرْتَفَعَ اَيُّهَا اللَّيْلُ بِالَّذِيْ رَفَعَ اِدْرِيْسَ مَكَانًا عَلِيًّا وَّبِالَّذِيْ قَالَ لِلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَا اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

## بچہ کا گریہ موقوف کرنا

سات مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر بچہ پر پھونکے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کا رونا موقوف ہو جائے گا۔

marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَ اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ○ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ
وَاِنِّىْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَ اِنِّىْۤ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

## بچہ کی لاغری اور کمزوری

بچے کی لاغری اور کمزوری دور کرنے کیلئے یہ عمل مجرب ہے:

اکیس پتے بیری کے لے کر ان پر گیارہ مرتبہ درود شریف ایک مرتبہ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ پوری سورۃ سورۃ الکوثر ایک مرتبہ اور چاروں قل' سورۃ الفاتحہ اور آیۃ الکرسی ایک ایک مرتبہ اور گیارہ مرتبہ درود شریف (درود نماز والا زیادہ بہتر ہے) پڑھے اور ان پتوں پر دم کرے۔ یہ پتے پانی والی بوتل میں ڈال کر اکیس دن تک بچے کو نہلائیں اور دن میں چار مرتبہ پانی پلائیں بھی۔

## بچوں کے دانت جلد اور بآسانی نکلنے کا نسخہ

بچے کے مسوڑھوں پر روزانہ دو یا تین مرتبہ شہد مل دیا کریں تو انشاء اللہ تعالیٰ دانت جلد اور بآسانی ظاہر ہو جائیں گے۔

اس تعویذ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دیں ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے بچے ہر بلا سے محفوظ رہتے ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ
بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرُ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمٰوٰتِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

## بچے کی درازی عمر کیلئے:

جس کے اکثر لڑکے مرجاتے ہوں تو سات مرتبہ سورۃ المزمل پڑھ کر سپاری چھالیہ پر دم کر کے بچہ کے گلے میں ڈالے اللہ تعالیٰ بچے کی عمر دراز کرے گا۔

## بچہ کے رونے کیلئے

سورۃ نبا کو سات مرتبہ یا ۳۳ مرتبہ پڑھ کر بچہ پر پھونکیں تو بچہ رونا بند کر دے گا۔

marfat.com

باب ۱۰

# مردوں کے مخصوص امراض

## جریان کا علاج

جریان کے مریض کو سورۃ حجرات (پ ۲۶) تین بار پانی پر دم کر کے اکتالیس روز تک پلایا جائے انشاءاللہ شفا ہوگی۔

☆ بعد نماز عصر اول وآخر سات مرتبہ درود شریف اور سو مرتبہ یہ آیت پڑھنا جریان کے لیے بہت مفید ہے۔

رَبَّنَآ اَتۡمِمۡ لَنَا نُوۡرَنَا وَاغۡفِرۡ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ۝ (سورۃ التحریم ۸)

☆ نماز مغرب کے بعد سورہ فاطر پڑھ کر اسپغول کے چھلکے پر دم کریں اور چھلکا شربت یا پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں۔ اکیس یوم کے مسلسل عمل سے انشاءاللہ شفا کاملہ حاصل ہوگی۔

## کثرت احتلام کا علاج:

بستر پر جاتے وقت سورۃ الطارق (پ ۳۰) پڑھ لیا کرے تو کبھی کثرت احتلام کا مرض نہیں ہوگا اور اگر پہلے سے یہ مرض ہو تو بالکل ختم ہو جائے گا بہت مجرب ہے۔

☆ کثرت احتلام کا مریض سوتے وقت اپنے سینے پر شہادت کی انگلی سے عمر لکھے اور رات کو جب بھی آنکھ کھلے اسی طرح عمر لکھے انشاءاللہ ہرگز احتلام نہ ہوگا۔ سورہ نور لکھ کر پاس رکھنے سے احتلام سے محفوظ رہتا ہے۔

☆ جس شخص کو بدخوابی (احتلام) کا مرض ہو یا پریشان خواب نظر آتے ہوں اس آیت کو لکھ کر گلے میں ڈالے یا سوتے وقت پڑھ لیا کریں۔

لَهُمُ الۡبُشۡرٰى فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَفِى الۡاٰخِرَةِ ‌ؕ لَا تَبۡدِيۡلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ‌ؕ ذٰ لِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ ؕ ۝ (سورۃ یونس ۶۴)

☆ ہر روز نماز مغرب کے بعد سورۃ مرسلات پڑھیں اور عشاء کی نماز کے بعد باوضو ہو کر بستر پر لیٹ کر اس سورہ کو پڑھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ نیند سکون سے آئے گی اور احتلام کی شکایت دور ہوگی اللہ

marfat.com

تعالیٰ ہمیشہ کیلئے اس مرض سے شفا نصیب فرمائے گا۔

☆ سوزاک کے مریض کو یہ آیت لکھ کر عرق گلاب میں گھول کر پلانا بہت مفید ہے۔

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ

☆ جسے سوزاک کی بیماری ہوگئی ہو اسے سورہ مزمل لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے اور بارش کا پانی دم کر کے پلایا بھی جائے انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا۔

☆ سورۃ تکویر (پ ۳۰) آب زم زم پر دم کر کے پلانا آتشک کے لیے بہت مفید ہے۔

☆ ایک سو مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے اکتالیس روز تک پلایا جائے انشاء اللہ آتشک کا مرض جاتا رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ۙ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ۙ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ۙ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ۙ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ۝

## درد خصیہ و فتق کا علاج

یہ آیت روغن کنجد (تلوں کے تیل) پر پڑھ کر دم کرے اور طلاء کرے صحت پائے گا۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۱۰۱ مرتبہ۔

☆ جو شخص جماع پر قادر نہ ہو اسے بعد نماز فجر یہ آیت مرغی کے انڈے پر دم کر کے اکتالیس روز تک مسلسل کھلایا جائے انشاء اللہ وہ جماع پر قادر ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ۝ (سورۃ النساء آیت ۱)

☆ شیشے کے برتن میں یہ آیت لکھ کر اس شخص کو پلایا جائے جو اپنی بیوی کی صحبت سے باز رکھا گیا ہو انشاء اللہ ہر طرح قادر ہو جائے گا۔

وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا (سورۃ کہف آیت ۹۹)

marfat.com

☆ تین انڈے لے کر ایک پر وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰھَا بِاَیْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ لکھے اور اس کو مرد کھا جائے اور دوسرے پر وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰھَا فَنِعْمَ الْمٰھِدُوْنَ لکھے اور اس کو عورت کھا جائے اور تیسرے پر وَمِنْ کُلِّ شَیْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَیْنِ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ لکھے اور اس میں سے آدھا مرد کھائے اور آدھا عورت کھائے انشاء اللہ اس مصیبت سے رہا ہو جائے گا۔

☆ ہر روز نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں سورۃ فاتحہ کے مندرجہ ذیل الفاظ مبارک اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ سو مرتبہ پڑھیں یہ عمل ایک سو بیس دن تک کریں انشاء اللہ تعالیٰ سستی نامردی کا عارضہ رفع ہو جائے گا۔

## کثرت خواہش جماع کا علاج

سورۃ النور آب زم زم سے لکھ کر پیوے تو شہوت جماع منقطع ہو جائے۔

اگر کسی کو شہوت ستائے اور گناہ کا احتمال ہو تو اللہ کے وہ اسماء جن میں ''ی'' ہے۔ جیسے قدیر، خبیر علیم، حکیم، کریم، حلیم، جلیل، رحیم وغیرہ کسی چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے گھول صبح کے وقت سات دن پلائیں پہلے پلیٹ میں پوری بسم اللہ لکھیں پھر یہ نام انشاء اللہ سکون ہو جائے گا۔

## احتلام سے حفاظت

احتلام سے حفاظت کے لیے مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کمر میں باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ احتلام نہ ہوگا۔

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُوْهُ مَنْشُوْرًا مَیْسُوْرًا - اِنَّهُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّ اَکِیْدُ کَیْدًا۔

## کثرت احتلام کا علاج

اگر کسی کو احتلام کثرت سے ہوتا ہو تو اس کا آسان علاج یہ ہے کہ وہ سوتے وقت سورۃ نوح پڑھ کر سو جائے انشاء اللہ احتلام سے محفوظ رہے گا سورۃ نوح پارہ ۲۹ میں ہے۔ قرآن پاک میں دیکھ کر باوضو پڑھ لے اگر زبانی یاد ہو تو بے وضو بھی پڑھ سکتا ہے۔

## کثرت احتلام کا علاج

جس نوجوان کو کثرت احتلام کا مرض ہو اور خواب میں شیطان اسے تنگ کرے تو اس کو چاہیے کہ سوتے وقت سورۃ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۝ پڑھ کر سوئے انشاء اللہ احتلام سے محفوظ رہے گا۔ (سورۃ الطارق)

marfat.com

## شہوت کا علاج

جس نوجوان کو شہوت زیادہ ستاتی ہو اسے چاہئے کہ یہ چار اسمائے الٰہی بکثرت پڑھے انشاء اللہ معاملہ قابو میں رہے گا۔

يَا حَلِيْمُ يَا رَبِّ يَا رَؤُوْفُ يَا مَنَّانُ۔

خصوصاً اگر روزہ رکھ کر زیادہ مقدار میں پڑھیں تو عجیب وغریب تاثیر دیکھیں گے انشاء اللہ ان چاروں اسماء کے اور بھی بہت سارے خواص ہیں۔

## شہوت اور بدنظری کا ایک اور مفید علاج

روزانہ خلوت میں توجہ کے ساتھ ایک سو مرتبہ پڑھیں۔

يَا حَمِيْدُ يَا بَاعِثُ۔

اول آخر تین تین بار درود شریف (یہ عمل پابندی سے کریں)

## سستی نامردی

سورۃ نساء کی آیت مبارکہ يٰاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّ نِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا

اکتالیس دن تک ہر روز صبح بیضہ (مرغی کے انڈے) پر اکیس بار دم کر کے کھلائیں۔

ب) سورۃ النساء (پ ۵) کے الفاظ "اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ" تم موئی پر ایک سو بار روزانہ دم کر کے اکیس یوم تک ہمراہ گائے کا دودھ استعمال کرایا جائے۔ ج) اسم باری تعالیٰ یاقوی یا معین ایک ہزار بار صبح اور ایک ہزار بار شام کو ورد کیا جائے۔ (اول آخر درود شریف ابراہیمی)

بعد نماز صبح " اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ تین سو بار روزانہ ایک سو بیس یوم تک پڑھنا نفع بخش ہے۔

ہ) سورہ بینہ (پ ۳۰) سالم سورۃ لکھ کر اس کا پانی پلایا جائے۔

## استرخاو فتور عضو تناسل کے نقائص وغیرہ

تین روزے رکھنے کے بعد نصف شب اٹھ کر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر تانبے کے قلم سے زعفران و گلاب کے ساتھ یہ آیت لکھی جائے۔

marfat.com

اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ۚ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ○ یہ لکھ کر چاٹ لے بفضل خدا شکایات رفع ہو جائیں گے۔

## آتشک مجازی

ا) سورہ تکویر (پ ۳۰) سالم سورت کو آب زم زم پر سات بار دم کر کے اکیس روز تک متواتر پلائیں۔

ب) سورہ نازعات (پ ۳۰) کی حسب ذیل آیات کو ایک سو ایک بار پانی پر دم کر کے اکتالیس یوم تک پلائیں۔ وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ۙ۝ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ۙ۝ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ۙ۝ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ۙ۝ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ۝

## جریان

ا) سورہ حجرات (پ ۲۶) تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں اور کئی روز تک عمل جاری رکھیں۔

ب) پارہ نمبر ۲۲ کی سورۃ فاطر کو بعد نماز مغرب پوست اسبغول پر اکیس بار پڑھ کر دم کریں اور مسلسل اکیس یوم تک استعمال کرائیں۔

ج) پارہ نمبر ۲۸' سورۃ تحریم کی آیت مبارکہ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ بعد نماز عصر ایک سو ایک بار اول و آخر درود شریف سات بار ورد رکھیں۔

## احتلام

ا) سورۃ نوح (پ ۲۹) کو سوتے وقت پڑھ لیا کریں۔

ب) سورہ معارج (پ ۳۰) کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔

ج) سورۃ طارق (پ ۳۰) سوتے وقت تین بار پڑھ کر اپنے سینے پر دم کریں۔

## شہوت کی تیزی

اگر کسی کی شہوت اس قدر تیز ہو کہ گناہ کا احتمال ہو تو اسماء الحسنیٰ جن میں "ی" آتا ہے۔ صبح کے وقت چینی کی طشتری پر لکھ کر پانی سے دھو کر پیا جائے اور سات روز تک یہی عمل کیا جائے۔

marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رَحِیْمٌ | عَزِیْزٌ | بَارِیٌ | عَلِیْمٌ | سَمِیْعٌ | وَکِیْلٌ | بَصِیْرٌ |
| لَطِیْفٌ | کَبِیْرٌ | خَبِیْرٌ | حَلِیْمٌ | عَظِیْمٌ | عَلِیٌّ | مُجِیْبٌ |
| مَجِیْدٌ | جَلِیْلٌ | حَمِیْدٌ | وَکِیْلٌ | مَجِیْدٌ | مُتَعَالِیٌ | غَنِیٌّ |
| رَشِیْدٌ | بَدِیْعٌ | بَاقِیٌّ | وَالِیٌّ | مُحْصِیٌ | مُبْدِیٌ | حَکِیْمٌ |

(الف) پارہ اول سورۃ بقرۃ کی آیت: وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰھٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ وَاِسْمٰعِیْلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

زعفران سے لکھ کر اکتالیس یوم تک پلائیں۔

ب) سورہ فاتحہ ایک سو ایک بار بعد نماز صبح پانی پر دم کر کے اکیس یوم تک بلا ناغہ پلایا جائے۔

ج) سورہ اعلیٰ (پ ۳۰) روزانہ تلاوت کی جائے۔

## احتلام سے حفاظت

احتلام سے حفاظت کے لیے مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کمر میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ احتلام نہ ہوگا۔

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُوْہُ مَنْشُوْرًا مَیْسُوْرًا. مَیْسُوْرًا. اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا.

❖ جب کسی وقت غلبہ شہوت ہو تو اس وقت یہ کلمات مسلسل پڑھتے رہیں انشاء اللہ طبیعت میں اعتدال پیدا ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ مِنْ نَفْخِہٖ وَھَمْزِہٖ وَنَفْثِہٖ۔

## جریان سے نجات کے لیے

جریان کے مریض کو سورۃ حجرات تین بار پانی پر دم کر کے ۴۱ دن تک پلایا جائے۔ انشاء اللہ شفاء ہو جائے گی۔

## جریان سے شفاء کے لیے ایک اور عمل

جسے جریان ہو گیا ہو۔ اسے بعد نماز مغرب سورۃ فاطر، پوست، اسپغول پر دم کر کے مسلسل ۲۱، روز تک استعمال کرایا جائے۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

marfat.com

باب ۱۱

# آسیب جادو کا علاج

## جنات کی شرارت سے بچنے کا نبوی نسخہ۔

ابن ابی حاتم میں ہے کہ ایک بیمار شخص جسے کوئی جن ستا رہا تھا۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے پاس
تو آپ نے درج ذیل آیت پڑھ کر اس کے کان میں دم کیا۔

اَفَحَسِبۡتُمۡ اَنَّمَا خَلَقۡنٰكُمۡ عَبَثًا وَّاَنَّكُمۡ اِلَيۡنَا لَا تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الۡمَلِكُ الۡحَقُّ‌ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ‌ۚ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡكَرِيۡمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنۡ يَّدۡعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرۡهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنۡدَ رَبِّهٖ‌ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفۡلِحُ الۡكٰفِرُوۡنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ ﴿۱۱۸﴾

وہ اچھا ہو گیا جب نبی کریم ﷺ سے اس کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا عبداللہ تم نے اس کے کان میں کیا پڑھا تھا؟ آپؓ نے بتلا دیا تو حضور ﷺ نے فرمایا تم نے یہ اس کے کان میں پڑھ کر اسے جلا دیا واللہ ان آیتوں کو اگر کوئی باایمان شخص بایقین کسی پہاڑ پر پڑھے تو وہ بھی اپنی جگہ سے ٹل جائے۔ (تفسیر ابن کثیر جلد صفحہ ۴۷)

## جنات کے شر سے حفاظت کا بہترین نسخہ۔

حضرت عبداللہ بن بسرؓ فرماتے ہیں کہ میں حمص سے چلا اور رات کو زمین کے ایک خاص ٹکڑے میں پہنچا تو اس علاقہ کے جنات میرے پاس آ گئے اس پر میں نے سورۃ اعراف کی یہ آیت آخر تک پڑھی۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِىۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ فِىۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوٰى عَلَى الۡعَرۡشِ يُغۡشِى الَّيۡلَ النَّهَارَ يَطۡلُبُهٗ حَثِيۡثًا ۙ وَّالشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ وَالنُّجُوۡمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمۡرِهٖ ؕ اَلَا لَـهُ الۡخَـلۡقُ وَالۡاَمۡرُ‌ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۵۴﴾

اس پر ان جنات نے ایک دوسرے سے کہا اب تو اس کا صبح تک پہرہ دو ساری رات میرا پہرہ دیا صبح کو میں سواری پر سوار ہو کر وہاں سے چل دیا۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۳ صفحہ ۳۲۶)

## جادو کا اثر دور کرنا

اگر کسی شخص پر جادو کا اثر ہو اور وہ تکلیف یا بیماری میں مبتلا ہو تو مندرجہ ذیل عزیمت چینی کی پلیٹ

marfat.com

پر باوضو لکھ کر اکتالیس دن بلا ناغہ روزانہ نہار منہ (جبکہ مریض نے کچھ کھایا پیا نہ ہو) صبح کے وقت پانی سے دھو کر پلائے انشاء اللہ تعالیٰ سحر کا اثر دور ہوگا۔ اگر مریض کہیں دور رہتا ہو تو کاغذ پر اکتالیس تعویذ لکھ کر بھیج دیں روزانہ ایک پیالی لیا کرے وہ عزیمت یہ ہے۔

یَا اَللّٰہُ یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیُّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ۔

اس عزیمت کے شروع میں فاتحہ بھی لکھ دیں تو بہتر ہے۔

## جادو کا مکمل علاج

اگر کسی شخص پر کسی ظالم نے جادو کرادیا ہو اور اس کی بیماری نہ جاتی ہو تو اس کے لیے مندرجہ ذیل آیات گیارہ مرتبہ پڑھ کر تازہ پانی پر پھونک مارے اور اس پانی میں سے تین گھونٹ مریض کو پلا دیں اور باقی پانی سے مریض کو نہلا دیں۔ نہلاتے وقت پانی کو سر پر ڈالا جائے اور تمام بدن پر بہایا جائے یہ عمل کم از کم گیارہ دن تک کرے ورنہ مریض کے ٹھیک نہ ہونے کی صورت میں چالیس دن تک کرے انشاء اللہ مریض جادو سے نجات حاصل کرلے گا اور اس کی بیماری دور ہو جائے گی۔

وہ آیات یہ ہیں۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِہِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۸۱﴾ وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ ○ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَغُلِبُوْا ھُنَالِکَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِیْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَاُلْقِیَ السَّحَرَۃُ سٰجِدِیْنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۲۱﴾ رَبِّ مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ (سورۃ طٰہٰ آیت ۶۹)

اِنَّمَا صَنَعُوْا کَیْدُ سٰحِرٍ وَلَا یُفْلِحُ السّٰاحِرُ حَیْثُ اَتٰی

## آسیب یا جادو کا علاج

اگر کسی شخص پر جادو کرادیا گیا ہو اور وہ بہت پریشان ہو تو اس کا آسان علاج یہ ہے کہ مندرجہ ذیل آیت کو لاہوری نمک پسے ہوئے پر ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کے کھانے میں یہ پڑھا ہوا نمک چالیس روز تک ملائیں اس کے کھانے سے انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحت یاب ہو جائے گا وہ آیت یہ ہے۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْھَا وَاللّٰہُ مُخْرِجٌ مَّا کُنْتُمْ تَکْتُمُوْنَ (سورۃ البقرہ ۷۲)

marfat.com

## سحر کا مکمل علاج

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ۭ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ (سورۃ البقرہ ۲

مندرجہ بالا آیت قرآنی کو اکتالیس مرتبہ پانی پر پڑھ کر پھونکیں اور مریض کو روزانہ یہی پلائیں (جب بھی پانی پیئے یہی پانی دیں۔) پانی ہر روز صبح کو نیا لیں اور اس پر آیت بالا اکتالیس مرتبہ پڑھ دم کریں اور شام تک سب پانی پلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر سے نجات مل جائے گی۔

## برائے حفاظت جمیع آفات وبلیات

سورہ فاتحہ (آخر تک) آیۃ الکرسی، قل یاایھا الکافرون (آخر تک) قل ھواللہ احد (آخر تک) پڑھ مریض پر دم کرے ان شاء اللہ جملہ آفات وبلیات ارضی وسماوی سے محفوظ رہے گا۔

## برائے سحر وجادو

سورہ فاتحہ آیۃ الکرسی، قل یاایھا الکافرون، قل ھواللہ احد، قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب النا پوری پوری تین مرتبہ پڑھ کر ہر روز مریض پر دم کر دیا کریں انشاء اللہ سحر وجادو سے صحت حاصل ہوگی۔

## برے خواب سے بچنے کا طریقہ

سوتے وقت قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس آخر تک اور آیت الکرسی ایک ایک مر پڑھنا چاہیئے اور جو اس سے دفعہ نہ ہو تو یَا شَدِیْدُ تین مرتبہ پڑھ کر اپنے بدن پر دم کرنا چاہیئے اور سوتے وقت یہ دعا پڑھنی چاہیئے۔

بِاسْمِكَ اَللّٰهُمَّ وَضَعْتُ جَنْبِىْ وَبِكَ اَرْفَعُهٗ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِحْفَظْنِىْ مِنْ نَوْمِ جَنْبِىْ بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنَ وَاَ يَحْضُرُوْنَ۔

## جادو سے نجات کے لیے

جو شخص جادو میں مبتلا ہو اس کے دفعیہ کے واسطے یہ عمل بہت مجرب ہے اور بااثر ہے معوذتین یعنی قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور قرآن پاک کی وہ آیتیں جن میں جادو کا ذکر ہے جو ذیل میں لکھ جاتی ہیں پاک کاغذ پر لکھیں اور بہتے ہوئے پانی خواہ کسی کا ہو دریا یا ندی کا ایک اوسط درجہ کی ٹھلیا منگا کر اس

marfat.com

پانی میں یہ تعویذ ڈالیں جب حروف پانی میں گھل جائیں تو تھوڑا سا پانی اس مریض کو پلائیں اور تھوڑے سے ہاتھ پاؤں دھلائیں اور بقیہ پانی سے غسل دیں مگر پانی زمین پر نہ گرے اور مستعملہ پانی زمین میں دفن کردیں یہ عمل ہفتہ کے ہفتہ کرنا چاہئے اگرچہ چندد فعہ اس ترکیب سے کیا جائے تو انشاء اللہ جادو کا بالکل اثر باقی نہ رہے گا۔ جن آیتوں میں جادو کا ذکر ہے وہ یہ ہیں:

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۱۸﴾ فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوا صٰغِرِينَ ﴿۱۱۹﴾ وَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِينَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿۱۲۱﴾ رَبِّ مُوسٰى وَهٰرُونَ ﴿۱۲۲﴾ فَلَمَّا أَلْقَوْا قَالَ مُوسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ ○ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ ○ إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتٰى

## جادو، نظر بد اور لاعلاج مرض سے صحت یابی

جس پر جادو یا نظر بد کا اثر ہو اور جس مریض کو طبیبوں نے جواب دے دیا ہو تو اس کو چاہئے کہ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيُّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَا حَيُّ کو ہر روز بعد نماز فجر ۲۰۰ مرتبہ معہ اول وآخر درود شریف چھ چھ بار پڑھے اور تمام بدن اور پانی پر دم کرے اور وہی پانی صبح وشام پیے انشاء اللہ العزیز بہت جلد شفا ہوگی۔

## سحر اور ہر تکلیف کے لیے

سحر اور ہر تکلیف سے بچنے کے لیے صبح وشام تین بار یہ دعا پڑھے اور ہر تکلیف سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمِ۔

## سحر (جادو) کا خاتمہ

بیری کے سات پتے جن میں سوراخ نہ ہوں لے کر ان میں سے ہر پتے پر تین بار یہ آیت پڑھیں اور ہر بار پڑھ کر دم کریں۔

وَاتَّبَعُوا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ سے لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ تک پوری آیت (البقرہ ۱۰۲)

اس طرح سات پتوں پر کل اکیس بار یہ آیت پڑھی جائے گی ان پتوں کو پاک ہاتھوں سے توڑ کر پانی میں ڈال دیں مریض سات دن تک یہ پانی پیتا رہے پانی کم ہونے پر اور پانی ملاتے رہیں۔ یہ پانی گھر اور دکان پر چھڑکیں انشاء اللہ شفا ہوگی۔

marfat.com

## کالے علم اور ہر قسم کے جادو سے حفاظت

حضرت تھانوی نوراللہ مرقدہ نے ''جزاءالاعمال میں تحریر فرمایا ہے کہ:

حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ چند کلمات اگر میں نہ کہتا تو یہود مجھ کر گدھا بنادیتے۔ کسی نے پوچھا کہ وہ کلمات کیا ہیں۔تو انہوں نے یہ بتائے۔

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الَّذِىْ لَيْسَ شَيْءٌ اَعْظَمَ مِنْهُ وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ الَّتِىْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَّ بِاَسْمَآءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ وَبَرَاَ ط

اس کو مالک رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے۔(مشکوۃ،مظاہرالحق جدید)

## شیطان کاہن اور جادوگر سے حفاظت

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بن العاص سے یہ روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر تم نے اس دعا کو تین مرتبہ شام کے وقت پڑھ لیا تو صبح تک شیطان کاہن اور جادوگر کے ضرر سے محفوظ رہو گے۔

اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ كُلُّهُ لِلّٰهِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الَّذِىْ يُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَ شِرْكِهٖ (الدعاء ۹۵۴,ابن السنی ۶۶ مجمع ۱۱۹/۱۰)

ترجمہ: اللہ کیلئے ہم نے شام کی اور پوری سلطنت نے شام کی تمام تعریف اللہ کیلئے ہے۔ پناہ لیتا ہوں اللہ کی جس نے آسمان کو روکے رکھا کہ وہ زمین پر گرے مگر اس کی اجازت سے مخلوق کی برائی سے اور جو پھیلی ہے اور شیطان کے شر اور اس کے شرک سے۔

## برائے ردِّ سحر

۱۱۔۱۱ مرتبہ اول و آخر درود شریف سورۃ البقرہ ۴۱ مرتبہ پڑھ کر کے پلائیں ایک دن میں پڑھیں یا روزانہ متعدد بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔جتنی جلدی پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں گے اتنی جلدی اثر ہوگا۔انشاءاللہ العزیز جادو کا اثر زائل ہو جائے گا،مجرب ہے۔

marfat.com

## عمل آیت الکرسی

درود شریف تین بار سورۃ فاتحہ تین بار' آیت الکرسی تین بار' سورہ اخلاص تین بار' سورہ فلق تین بار' سورہ والناس تین بار اور تین بار درود شریف فجر' ظہر اور عشاء کے بعد پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیں اور ہاتھوں پر دم کر کے پورے جسم پر پھیریں یہ دم مریض پر بھی کیا جا سکتا ہے۔ بعض مشائخ اس میں سورہ الکافرون کا اضافہ بھی فرماتے ہیں۔

## جادو کا ایک زود اثر علاج

صبح سورج جب قدرے بلند ہو جائے تو سورہ عَبَس وتولیٰ تین بار پڑھیں۔ پڑھ کر اپنے اوپر یا مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کر کے پئیں۔ مسلسل سات دن تک یہ عمل کریں۔

## جادو کے توڑ کے لیے ایک طاقتور علاج

جادو کے توڑ کے لیے درج ذیل آیات کا وظیفہ مفید ہے۔

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۚ﴿١١٨﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۚ﴿١١٩﴾ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۚ﴿١٢٠﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿١٢١﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿١٢٢﴾

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ۝

ان آیات کو صبح وشام تین تین بار پڑھ لیا جائے دم کرنا اور پانی پر دم کر کے چھڑ کنا بھی مفید ہے۔

وہ لوگ جو جادو کے شدید وہم میں مبتلا ہیں۔ وہ اگر ان آیات کا ترجمہ پڑھیں تو انہیں وہم سے انشاء اللہ افاقہ ہوگا۔

حضرت موسیٰ کے زمانے میں جادو عروج پر تھا' جب ان جادوگروں کو اللہ تعالیٰ نے ناکام فرما دیا تو اس زمانے کے جادوگر کس کھاتے میں آتے ہیں۔ حضرت موسیٰ کے مقابلے میں جادوگر نہ ٹھہر سکے اور ایمان لے آئے۔

marfat.com

## جادو سے بچاؤ کا مسنون اور محبوب عمل

صبح نہار منہ عجوہ کھجور کے سات دانے کھانا جادو کا بہترین علاج ہے۔ حضور پاک نے ارشاد فرمایا: جو صبح عجوہ کے سات دانے کھائے گا اسے اس دن جادو اور زہر نقصان نہیں پہنچائے گا۔

## جادو واپس لوٹ جائے

سورہ توبہ کی آخری دو آیات جادو کے علاج میں اکسیر ہیں۔ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾

عصر یا مغرب کے بعد توجہ اور محنت کے ساتھ سات بار پڑھیں۔ ان آیات کو پابندی سے پڑھنے کے اور بھی بہت سے دینی، روحانی اور دینوی فوائد ہیں۔

## جادو سے حفاظت اور اس کے علاج کیلئے چند اہم اصول:

جادو کے علاج کیلئے درج ذیل امور کا خوب اہتمام کیا جائے۔

### ا) پاکی اور طہارت:

وہ لوگ جو ناپاک رہتے ہیں ان پر جادو زیادہ اثر کرتا ہے۔ پس اپنے جسم اور کپڑوں کو پاک صاف رکھیں بستر کی چادر بھی پاک ہو زیادہ وقت باوضو رہیں۔ جنابت کی حاجت ہونے کے بعد جلدی غسل کریں۔ پیشاب سے بہت احتیاط کریں۔

بیت الخلاء میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ۔

بیت الخلاء میں بلاضرورت زیادہ وقت نہ بیٹھیں اور شرم گاہ کے ساتھ نہ کھیلیں۔

### ب) شہوت پر قابو:

وہ لوگ جو شہوت میں بے قابو ہوتے ہیں۔ ان پر جادو زیادہ اثر کرتا ہے پس اس آگ کو قابو میں رکھیں اور اپنے اوپر مسلط نہ ہونے دیں اس کے لیے ضروری ہے گانا' باجا' موسیقی اور میوزک وغیرہ نہ سنیں' بدنظری سے سخت پرہیز کریں' عورتوں اور بے ریش لڑکوں سے اختلاط نہ رکھیں' ناول' ڈائجسٹ اور رومانی کہانیاں نہ پڑھیں' متناسب غذا استعمال کریں' ورزش کو معمول بنائیں' جنسی دوائیوں کے اشتہار نہ

marfat.com

پڑھیں، ٹی، وی فلم وغیرہ نہ دیکھیں، اخبارات اور رسائل میں عورتوں کی تصاویر نہ دیکھیں، لسانی اور قلبی ذکر کے ذریعے شہوت کی آگ پر قابو پائیں، شادی یعنی حلال ذریعے کو استعمال کریں اور اپنے دماغ پر گندے خیالات کو مسلط نہ ہونے دیں۔

ج) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا التزام

اکثر جادو کھانے پینے کی اشیاء پر ہوتا ہے اس لیے ہر چیز کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھ لیا کریں یوں اس کے مضر اثرات ان شاء اللہ غائب ہو جائیں گے۔

د) گندے جانور نہ پالیں

گھر میں گندے اور ناپاک جانور نہ پالیں اور حلال جانوروں کا بھی ایسا شوق نہ رکھیں کہ ان کے ساتھ حد درجہ اختلاط ہو اور ان کے پیشاب وغیرہ سے احتیاط نہ رہے۔ مرغ بازی، بٹیر بازی اور اس طرح کے دوسرے فضول کاموں سے اجتناب کریں بسا اوقات یہی چیزیں جادو کا ذریعہ بن جاتی ہیں۔

ر) مقدس اوراق کا احترام

جادو کرنے کا ایک معروف طریقہ یہ ہے کہ (نعوذ باللہ) مقدس ناموں اور مقدس اوراق پر گندگی ڈالی جاتی ہے بس جن لوگوں کے گھروں میں قرآنی آیات اور مقدس اوراق کی توہین ہوتی ہے اور ان اوراق پر گندگی جوتے اور پیشاب گرایا جاتا ہے وہ گھر اور افراد خود بخود جادو کی لپیٹ میں آ جاتے ہیں۔

س) بے کاری سے اجتناب

جو لوگ اکثر فارغ رہتے ہیں ان کے دماغ شیطانوں کے گھونسلے بن جاتے ہیں اس لیے خود کو مصروف رکھیں اور اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے وقت کو دین کے کاموں میں کھپائیں یہ بھی جادو کے علاج میں مفید نکتہ ہے۔

ش) وہم سے پرہیز

آج کل جس کو بھی بتا دیا جائے کہ آپ پر جادو ہے تو وہ فوراً یقین کر لیتا ہے اور سوچ سوچ کر پاگل ہو جاتا ہے اس کے برعکس قرآنی آیات پر یقین نہیں کیا جاتا حالانکہ سوچنے کی بات یہ ہے کہ اگر جادو اثر کر سکتا ہے تو قرآنی آیات کا اثر کتنا ہوگا؟ جادو انسانوں کا کلام اور شیاطین کی شرارت ہے جبکہ قرآن مجید اللہ کا کلام ہے۔ پس ایک مسلمان پر لازم ہے کہ وہ قرآن پاک کی آیات پڑھ کر مکمل یقین کر لے کہ جادو ٹوٹ چکا ہے اسی یقین میں دین و دنیا کی فلاح ہے۔

marfat.com

## ص) پیشہ ور عاملوں سے حفاظت

اگر آپ جادو کا علاج چاہتے ہیں اور دین و دنیا کی کامیابی کے متلاشی ہیں تو اللہ کے لیے بدعمل پیشہ ور عاملوں سے اپنی حفاظت کریں۔ جادو ممکن ہے آپ کا زیادہ کچھ نہ بگاڑ سکے مگر یہ نام نہاد روحانیت فروش آپ کو کہیں کا نہیں رہنے دیں گے۔قرآن پاک باعمل لوگوں کی زبانوں سے اثر کرتا ہے جس طرح گولی بندوق کے چیمبر سے چلتی ہے۔ یہ دنیا کی خاطر سارا دن لوگوں کی راہ تکتے ہیں خود قرآن پاک کی ہدایت سے دور ہیں یہ آپ کا کیا علاج کریں گے یہ تو خود علاج کے مستحق ہیں۔

## ض) تقدیر پر کامل یقین:

ضروری نہیں کہ ہر بیماری کا علاج ہو جائے اور یہ بھی ضروری نہیں کہ ہر مشکل ٹل جائے۔ یہ دنیا امتحان گاہ ہے یہاں انسان صرف اپنے ذاتی مسائل حل کروانے نہیں آیا۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کو اس بات پر جنت کی بشارت دی کہ انہوں نے اپنی بیماری کو برضا ورغبت اللہ تعالیٰ کا حکم سمجھ کر قبول کر لیا تھا صحابہ کرام اس خاتون کو بعض اوقات جنتی عورت کہا کرتے تھے۔اپنے ہر مسئلے کو ہر حال میں حل کروانے کی فکر انسان کو بعض اوقات کفر و شرک میں مبتلا کر دیتی ہے۔دنیا میں کون ہے جس پر تکلیف یا بیماری نہیں آتی؟ یا کون ہے جس کی ہر خواہش اس کی مرضی کے مطابق پوری ہو رہی ہو؟ خواہش یا مرضی کی جگہ دنیا نہیں جنت ہے اس لیے اپنی قسمت معلوم کرنے کیلئے اور اپنی بگڑی سنوارنے کیلئے ہر در پر جھکنا اور جائز و ناجائز عمل کو کر گزرنا مسلمان کا نہیں مشرک کا شیوہ ہے۔اللہ تعالیٰ پر کامل یقین اور ہر حال میں اسکی تقدیر کو خوشی سے قبول کیجئے وہ مالک ہے اسکی مرضی ہمیں جس حال میں رکھے ہاں! ہم کمزور ہیں اور صحت و عافیت کے طلب گار ہیں اس کے لیے ہمیں صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا چاہئے اور صرف ان طریقوں کو اختیار کرنا چاہئے جو شریعت میں جائز ہیں تب اللہ تعالیٰ ہماری مشکل دور فرمادے گا اور اگر چاہے گا تو ہمیں اسی حال میں سکون اور اطمینان عطا فرمائے گا۔موت کا وقت مقرر ہے اور اٹل ہے بیماری اور صحت سب قسمت میں لکھی جا چکی ہیں۔اصل کامیابی آخرت کی کامیابی ہے اور اصل مقصود اللہ تعالیٰ کی رضا ہے جادو، بیماری اور مشکلات سے حفاظت کے لیے کفر و شرک میں مبتلا ہونا ایسا ہی ہے کہ کوئی انسان مچھر سے بچنے کے لیے اژدھے کے منہ میں جا بیٹھے۔آج ہر طرف کفر و شرک کی دکانیں سجی ہوئی ہیں مشکلات حل کرنے اور قسمت بتانے کے دعوے ہیں یا اللہ! ہم سب مسلمانوں کی حفاظت فرما اور ہمیں ایمان والی زندگی اور ایمان والا خاتمہ نصیب فرما (آمین ثم آمین یارب العالمین)

marfat.com

## ط) حرام غذا سے اجتناب

حدیث شریف میں آتا ہے کہ جو گوشت حرام غذا سے بنتا ہے وہ آگ کا مستحق ہے۔ جادو بھی آگ کا اثر ہے پس جو لوگ حرام مال کھاتے ہیں وہ ایسے انگارے کھاتے ہیں جو دنیا اور آخرت میں تکلیف و پریشانی کا باعث بنتے ہیں پس حلال کمائی اور حلال غذا کا التزام کیا جائے انشاء اللہ جادو وغیرہ سے حفاظت رہے گی۔

## آسیب سے چھٹکارا

جس گھر میں آسیب کا قبضہ ہو یا ویسے ہی شریر جنات آتے ہوں اور گھر والوں کو تنگ کرتے ہوں۔ پتھر گراتے ہوں اور آگ دکھاتے ہوں تو اس کا مفید اور بارہا آزمایا ہوا علاج یہ کہ چار عدد کیلیں لے لیں اور ان میں سے ہر کیل پر پچیس مرتبہ

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝ (سورہ طارق ۱۵ تا ۱۷) پڑھ کر دم کریں اور مکان یا متاثرہ کمرے کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں۔ اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل ہو جائے گا اور قرآنی عمل کی برکت سے مسئلہ حل ہو جائے گا۔ انشاء اللہ العزیز۔

## سحر درندے یا انسان کے حملہ سے حفاظت کے لیے

ساحر کے سحر سے شیر کے حملہ سے یا کسی جانور یا آدمی کے حملہ سے محفوظ رہنے کے لیے یہ دو آیات سات سات بار پڑھیں۔

ا) وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى

ب) اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝

## دفعیہ جنات

ا) کسی مکان پر دخل جنات کا ہو اور تکلیف پہنچ رہی ہو تو کسی برتن میں پانی لے کر اول آخر درود شریف پڑھیں پھر سورہ فاتحہ دو بار پھر آیت الکرسی تین بار پھر سورہ جن پارہ نمبر ۲۹ پہلی آیات پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس مکان کے اندر ہر طرف چھڑک دیں اور آیت الکرسی اکثر و بیشتر افراد خانہ تلاوت کرتے رہیں۔

ب) ایسی جگہ جہاں جنات یا تکلیف دہ ارواح کا اشتباہ ہو باوضو صبح و شام درمیان مقام پر کھڑے ہو کر

marfat.com

درمیانی آواز میں اذان کہیں آسمان کی طرف منہ کر کے پھونک ماریں پھر دوسری بار اذان کہہ کر قبلہ کی طرف پھونک ماریں پھر شمال جنوب اور مشرق کی طرف اور پھر چھٹی بار آذان کہہ کر زمین کی طرف سے پھونک ماریں پھر درود شریف پڑھ کر غیبی ارواح کے ضرر سے بچنے کی دعا کریں۔

## آسیب کا خلل

ا) آسیب کا اثر دور کرنے کیلئے یہ آیت مبارکہ سات بار پڑھ کر مریض کے بائیں کان میں پھونک دیں۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ (سورۃ ص)

ب) سورہ مومنون کی آخری آیات ذیل پڑھ کر آسیب زدہ کے کان میں پھونک ماردیں۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ

ج) سورہ فاتحہ، سورہ اخلاص، معوذتین آخری دو سورتیں، آیت الکرسی سورہ والطارق اور سورہ حشر کی آخری تین آیات پڑھ کر آسیب زدہ پر پھونک ماریں۔

## دفعیہ اثر سحر وجادو

چالیس دن تک روزانہ چینی کی پلیٹ پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سورۃ فاتحہ سالم اور یہ الفاظ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيُّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَا حَيُّ لکھ کر پانی پلائیں۔

• درج ذیل تین آیات تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے سحر زدہ کو پلائیں۔

ا) قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ

ب) وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝

ج) بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ

## مرد مسحور جو بوجہ سحر عورت پر قادر نہ ہو

مرغی کے تین انڈے ابال کر چھلکا اتارلیں اور پھر ترتیب وار یہ آیات ایک ایک انڈے پر ایک ایک مرتبہ لکھ دیں۔

marfat.com

ا) قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ

ب) اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۭ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاۗءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ○

ج) وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَاۗءً مَّنْثُوْرًا ○

یہ انڈے مسحور کو کھلا دیں۔

☆ان آیات کا تعویذ لکھ کر سحر زدہ مرد کے گلے میں ڈالیں:

ا) اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۭ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاۗءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ○

ب) بَاطِلٌ بَاطِلٌ بَاطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ

ج) فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ○ قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ

د) وَقُلْ جَاۗءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ○

سورہ کافرون سالم' سورہ اخلاص' معوذتین (آخری دو سورتیں)

## غیبت سے حفاظت کا ذریعہ

اگر شروع مجلس میں بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاۗءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ' تین بار پڑھے تو غیبت سے محفوظ رہے گا۔

## آسیب کا لپٹ جانا

سورہ مومنون کی آخری آیتوں اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا سے آخر تک پڑھ کر کان میں دم کرنا اور سورۃ الطارق کو سات بار کان میں دم کرنا' داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر کہنا بھی آسیب کو دفع کرتا ہے۔

## برائے حفاظت جان و مال

بوقت صبح پڑھے' آیت الکرسی' قل یاایھا الکافرون' قل ھواللہ احد' قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس' چاروں قل آخر تک پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے بدن پر پھیرے اور مال پر پھونک دے۔

marfat.com

## گھروں کو آفات سے محفوظ رکھنے کے لیے

بعض صلحاء نے فرمایا ہے کہ سوتے وقت آیت الکرسی پڑھ کر ہر سمت (چاروں سمتوں) میں پھونکیں اور جس قدر دور تک کی حفاظت کی نیت کریں گے انشاء اللہ تعالیٰ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

## جادو (سحر) سے شفا کا عمل

مندرجہ ذیل آیات پڑھ کر پانی کے برتن پر دم کرے اور مریض کے سر پر ڈال دے اس طرح کہ تمام بدن پر پانی بہہ جائے انشاء اللہ فوراً صحت یاب ہو جائے گا۔ پانی گندی نالی یا گٹر میں نہ جانے پائے۔ آیات درج ذیل ہیں:

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝ (عراف ۱۱۸ تا ۱۲۱)

## ردِ سحر

بیری کے سات سبز اور تازہ پتے لے کر ان کو دو پتھروں سے پیس کر پانی میں ڈال دیں اور اس پانی پر آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھ کر دم کریں اور پھر بیمار کو تین گھونٹ پلا دیں اور باقی پانی سے وہ بیمار غسل کرلے یہ نسخہ بیمار کے لیے تیر بہدف ثابت ہوگا۔ جب جادو کے ذریعہ مرد کو بیوی کی مجامعت سے روک دیا گیا ہو یہ عمل چودہ دن کیا جائے تین مرتبہ چاروں قل اور ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھی جائے۔ مریض کے مستعمل پانی کو دفن کرنا چاہیے۔

## برائے دفع سحر و خواب

بیری کے سات پتے بلا نمک مرچ کی سل پر باریک پیس کر چھان لیں اور پانی ملا لیں اس پر سورہ فاتحہ، آیت الکرسی، سورہ جن اور چاروں قل پڑھ کر دم کریں تھوڑا پانی کسی وقت روزانہ پئیں، باقی پانی میں اور پانی ملاتے رہیں چالیس یوم تک غسل کریں ناغہ نہ کریں انشاء اللہ سحر کا اثر دفع ہو جائے گا۔

marfat.com

## ہر قسم کے نقصان، سحر جادو اور شر سے محفوظ رہنے کا عمل

سورہ فاتحہ سات بار، سورہ اخلاص سات بار، سورہ معوذتین (قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب النا س) ۷ بار روزانہ باوضو ایک وقت پڑھ لیا کریں۔

## سحر اور جادو کا علاج

سات عدد سبز بیری کے پتے لے کر باوضو ان کو دو پتھروں سے پیس لیں، یا سل بٹہ پر پیس لیں۔ ان پسے ہوئے پتوں کو ایک پاک اور صاف بالٹی میں ڈال دیں اور گلاس یا مگے سے بالٹی میں پانی ڈالتے جائیں اور آیت الکرسی پڑھتے جائیں گیارہ مرتبہ جب بالٹی پانی سے بھر جائے تو ان پسے ہوئے پتوں کو بالٹی میں اچھی طرح ملا کر حل کر لیں اب مریض کو اس پانی سے تین گھونٹ پانی پلا کر باقی پانی سے اس کو نہلا دیں یہ عمل تین دن مسلسل بلا ناغہ کریں ان شاء اللہ سحر اور جادو سے نجات حاصل ہوگی۔

## سحر اور جادو دور کرنے کے لیے

تین کھلے منہ والے مٹی کے کورے پیالے یا مٹی کی رکابی (پلیٹ) لے اور باوضو دیسی سیاہی (پکی کالی روشنائی) سے سرکنڈہ کے قلم سے اس پیالے یا پلیٹ میں سورۃ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا پوری لکھیں اور روزانہ ایک پیالہ پانی سے اس لکھی ہوئی سورت کو دھو کر پی لے انشاء اللہ جادو اور سحر کا اثر دور ہو جائے گا۔

## دفعیہ سحر

جس شخص پر کسی نے سحر کیا ہو ان آیتوں کو لکھ کر گلے میں ڈال دیں یا طشتری پر لکھ کر پلائیں۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

## جادو اتارنا

ایک گھڑا بارش کا پانی ایسی جگہ سے لیں، جہاں بارش کے وقت کسی کی نظر نہ پڑی ہو اور ایک گھڑا ایسے کنویں سے لیں جس کا پانی کوئی استعمال نہ کرتا ہو پھر جمعہ کے دن ایسے سات درختوں کے پتے لیں جس کا پھل نہ کھایا جاتا ہو دونوں کا پانی ملا کر اس میں ساتوں پتے ڈال دیں اور ان آیتوں کو کاغذ پر لکھ کر اس پانی

marfat.com

سے دھوکر سحر زدہ کو دریا کے کنارے لے جا کر پانی میں کھڑا کردیں اور رات کے وقت اس پانی سے غسل دیں۔ان شاءاللہ سحر باطل ہوجائے گا۔

فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ سے عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ تک (سورہ یونس)

## گھر یا کسی دوسری جگہ دفن شدہ سحر کو نکالنا

اگر کسی نے جادو کر کے زمین میں دفن کردیا ہو یا گھر میں دفن ہو اس کو نکالنے کے لیے سورہ تکویرت (یا تکویر) (پ ۳۰ رکوع ۶) کو مسلسل بلا ناغہ باوضو روزانہ ایک بار پڑھے اور جب تک دفن کیے ہوئے جادو کا پتہ نہ چلے برابر پڑھتا رہے۔ان شاءاللہ تعالیٰ اگر گھر میں جادو دفن ہوگا تو سورہ پاک پڑھنے سے اس کی جگہ معلوم ہوجائے گی آیت الکرسی اور چاروں قل تین تین بار پڑھ کر نکال لے ان شاءاللہ کسی قسم کا نقصان نہ ہوگا۔

## جادو سے محفوظ رہنا

یہ آیت لکھ کر بازو پر باندھیں اگر کوئی شخص اس پر جادو کرے گا تو جادو کا اثر نہ ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ط اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ۝

## رد سحر وعورت

اگر کوئی شخص ان کلمات کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اور ہر نماز کے بعد ورد کرے گا اگر کسی نے اس پر جادو کیا ہوگا تو کرنے والے پر لوٹ جائے گا اور تمام جنات شیاطین اور انسانوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ سَدَدْتُ اِخْوَاةُ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ وَالسَّحَرَةِ وَالْاَ بِالست مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ وَاَعُوْذُبِهِمْ بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْاَعَزِّ وَ بِاللّٰهِ الْكَبِيْرِ الْاَكْبَرِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ

# جادو کے کارگر ہونے کی علامات

## مرد عورت میں نفاق

اول علامت سحر کی یہ ہے کہ میاں بیوی آپس میں محبت والفت کی زندگی گزار رہے ہیں یکا یک مرد و عورت میں تنازعہ کی شکل کھڑی ہوجائے اور ایک دوسرے کی شکل سے بھی بیزار ہوجائیں۔

marfat.com

## شوہر کی شکل بری لگے

دوسری علامت یہ ہے کہ عورت اپنے شوہر کی محبت میں فریفتہ ہو اور سحر کر کے اس کی برگشتہ کر دیا جاتا ہے اور وہ شکل دیکھ کر آگ بگولہ ہو جاتی ہے۔

## عورت نفرت کرے

تیسری علامت یہ ہے کہ عورت اپنے شوہر کے اوصاف بیان کرتے کرتے نہیں تھکتی بلکہ دن رات شوہر کی محبت کا دم بھرتی ہے مگر سفلی سحر کے ذریعہ اس کو بدظن، متنفر کر دیا جائے اور اس کو شوہر کی شکل مثل کتے خنزیر کے نظر آنے لگتی ہے۔

## رشتہ سے انکار

چوتھی علامت سحر کی یہ ہے کہ نوجوان حسین وخوبصورت لڑکی ہونے کے باوجود لڑکے والے لڑکی دیکھ کر اچاٹ ہو جاتے ہیں اور رشتہ سے انکار کر دیتے ہیں اس طرح عرصہ دراز گزر جاتا ہے۔

## رشتے آنا بند ہونا

پانچویں علامت یہ ہے کہ لڑکیوں کے رشتہ آنے بند ہو جاتے ہیں یعنی بغیر دیکھے ہی لوگ بدظن ہو جاتے ہیں اس کے ذکر سے نفرت اور اچاٹ پن دلوں میں ہونے لگتا ہے۔

## مرد نفرت کرے

چھٹی علامت یہ ہے کہ مرد اپنی بیوی بچوں پر محبت میں جان دیتا ہے مگر سحر زدہ ہونے کے بعد نفرت و بغض کرنے لگتا ہے اور سمجھانے والا بھی دشمن لگتا ہے۔

## جانوروں کا دودھ سوکنا

ساتویں علامت یہ ہے کہ یہ بھیڑ بکریاں، گائے اور بھینسوں پر یعنی دودھ دینے والے جانوروں پر کیا جاتا ہے جوان کے راستہ میں ڈال دیتے ہیں ان جانوروں کا دودھ سوکھ جاتا ہے بچہ مر جاتا ہے دودھ پینے والے بیمار ہو جاتے ہیں۔

## چوپایوں پر سحر کرنا

آٹھویں قسم سحر کی یہ ہے جو کہ چوپایوں کے لیے مخصوص ہے اس سحر کے کرنے سے چوپایوں کے

marfat.com

جوڑوں میں درد ہو جاتا ہے اور وہ جانور گھاس کھانا چھوڑ دیتے ہیں اگر بروقت علاج نہ ہو تو مر بھی جاتے ہیں۔

## بچے ضائع ہونا

نویں قسم سحر کی یہ ہے کہ سحر دودھ دینے والے جانوروں اور بچہ جننے والی ماؤں پر کیا جاتا ہے خو
جانور ہوں یا عورتیں اس کے کرنے کے بعد بچہ پیٹ سے بے وقت ضائع ہو جاتا ہے۔

## بچوں کا سوکھنا

دسویں قسم سحر کی یہ ہے کہ سحر کے ذریعہ خاص کر اولاد کو نشانہ بنایا جاتا ہے یعنی نومولود اور شیر خوار بچوں پ
یہ سحر کیا جاتا ہے اور وہ سوکھ کر مر جاتے ہیں۔

## لڑکیاں پیدا ہونا

گیارھویں قسم سحر کی یہ ہے کہ دوپہر میں بروز منگل یا جمعہ کو ایک پتلہ بنا کر عورت کے راستے میں ڈال
دیتے ہیں وہ پتلا جس عورت کے پیروں میں آئے گا اس عورت کے ہاں لڑکیاں ہی پیدا ہوں گی لڑکا پیدا نہ ہوگا۔

## مباشرت کے قابل نہ رہنا

بارھویں قسم سحر کی یہ ہے کہ مرد کو بستہ کر دیا جاتا ہے یعنی وہ مرد ہمبستری کے قابل نہیں رہتا۔

## ہم بستری سے نفرت

تیرھویں قسم سحر کی یہ ہے کہ دلہن کو اپنے شوہر سے یا جس سے وابستہ کیا ہے اس کے ساتھ ہم بستری
سے نفرت ہو جاتی ہے۔

## مرد بیکار ہونا

چودھویں قسم سحر کی یہ ہے کہ مرد کے مفاصل (جوڑوں) میں درد پیدا کر دیا جاتا ہے اور مرد بے کار
ہو جاتا ہے۔

## پیٹ اور سر میں پانی

پندرھویں قسم سحر کی یہ ہے کہ عورت کے پیٹ میں یا سر میں پانی پیدا ہو جاتا ہے۔

marfat.com

## شکل وصورت بھیانک ہونا

پندرھویں قسم سحر کی یہ ہے کہ سحر زدہ ہونے کے بعد عورت رنگ بدلنے لگتی ہے اور تھوڑی دیر کے بعد تبدیلی رونما ہوتی ہے اور شکل وصورت بھیانک ہو جاتی ہے۔

## بانجھ پن

سترھویں قسم سحر کی یہ ہے کہ عورت کو باندھ دیا جاتا ہے اور عورت عقیمہ (بانجھ) ہو جاتی ہے ماہواری بھی ہوتی رہتی ہے مگر استقرار حمل نہیں ہوتا ہے۔

## مویشی مرجائیں

اٹھارھویں قسم سحر کی یہ ہے کہ اس سحر کے ذریعہ کسی شخص کا روزگار باندھ دیا جاتا ہے اور سحر زدہ کا مال واسباب تلف ہو جاتا ہے مویشی مرجاتے ہیں اور آئے دن نقصان کا سامنا رہتا ہے۔

## ازدواجی رشتے منقطع

انیسویں قسم سحر کی یہ ہے کہ اس قسم کے ذریعہ ازدواجی رشتہ منقطع کر دیا جاتا ہے اور مرد عورت جدا جدا ہو جاتے ہیں۔

## گھر ویران

بیسویں قسم سحر کی یہ ہے کہ اس قسم کے ذریعہ کسی گھر کو ویران و برباد کیا جاتا ہے اس گھر کی خیر و برکت اڑ جاتی ہے، محبت والفت جاتی رہتی ہے، ایک دوسرے کو دشمن سمجھتا ہے رات دن جھگڑا بنا رہتا ہے۔

## بیماری

اکیسویں قسم سحر کی یہ ہے کہ اس سحر کے ذریعہ سے کسی شخص مرد یا عورت کو شدید بیماری میں مبتلا کر دیا جاتا ہے اور کسی صورت صحت یاب نہیں ہوتا ہے۔

## مردوزن میں ناچاقی

بائیسویں قسم سحر کی یہ ہے کہ اس سحر کے ذریعہ کسی بھی شخص کو ذلیل کر دیا جاتا ہے ہر کوئی بلاوجہ ان سے نفرت کرنے لگتا ہے کوئی اعتبار نہیں کرتا۔

marfat.com

## عہدہ سے معطل

تیئسویں قسم سحر کی یہ ہے کہ اس سحر کے ذریعہ کسی افسر یا حاکم یا ملازم کو نوکری سے یا افسر کو عہدہ سے ہٹا دیا جاتا ہے سحر زدہ ہونے پر نوکری یا عہدہ سے معطل ہو جاتا ہے۔

## فقیر و کنگال

چوبیسویں قسم سحر کی یہ ہے کہ امیر، تجار، وزیر کو عہدہ سے گرا دیا جاتا ہے اور فقیر و کنگال بنا دیا جاتا ہے۔

## عورت کی بربادی

پچیسویں قسم سحر کی یہ ہے کہ عورتوں کو اجاڑ دیا جاتا ہے یعنی طلاق دلا دی جاتی ہے جب تک اس سحر کا دفعیہ نہ ہوگا کتنے ہی نکاح کر لیے جائیں سب منقطع ہوتے رہتے ہیں۔

## تبادلہ ہونا

اس قسم کے سحر میں افسر یا حاکم کا تبادلہ کرا دیا جاتا ہے اور شہر سے دور کر دیا جاتا ہے۔

## حسن و جمال خراب

اس قسم کے سحر میں خوبصورت حسین و جمیل عورت کے حسن و جمال کو خراب کر دیا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ اپنے پرایوں میں ذلیل ہو جاتی ہے۔

## مکان اجاڑ دینا

اس قسم کے سحر میں ہر ترقی کو مسدود کر دیا جاتا ہے یہاں تک کہ تعمیر شدہ مکان کو اجاڑ دیا جاتا ہے اس گھر میں کوئی آباد نہیں ہو پاتا بلکہ ویران رہتا ہے جو بھی مکان میں آتا ہے جلد ہی بھاگ جاتا ہے۔

## دفعیہ آسیب

جس شخص پر آسیب ہو ان آیتوں کو تین بار پانی پر دم کر کے مریض کے منہ پر چھینٹا ماریں یا کان میں پڑھیں فوراً ہوش آجائے گا۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا

marfat.com

حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ط (سورة المومنون)

## جادو سے بندھی قوت مردمی کا علاج

سورہ ابراہیم (مکی پارہ نمبر۱۳) سحر سے نجات کے لیے بہت مفید ہے۔اگر کسی شخص کی قوت مردمی سحر کے ذریعہ باندھ دی گئی ہوتو روزانہ تین مرتبہ سورہ ابراہیم کی تلاوت کرنے سے سحر باطل ہوگا اور اصلی قوت مردمی بحال ہوجائے گی اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے وہ مرد اپنی اصلی حالت پر آجائے گا۔

# قرآن وسنت کی روشنی میں جنات

## قرآن میں جنات کا ذکر

قرآن حکیم میں جنات اور ملائکہ کا تذکرہ ۱۱۸ مقامات پر آیا ہے۔اللہ کی آخری کتاب میں جگہ جگہ جس مخلوق کا ذکر ہو کوئی بھی صاحب ایمان اس کی تکذیب کیسے کرسکتا ہے۔

## جنات کی کثرت آبادی:

روایت میں آتا ہے کہ جو جنات عورتوں اور مردوں کو ستایا کرتے ہیں۔وہ بہت سی قسم کے ہیں ایسے جنات کی ستر قومیں ہیں اور ہر قوم کے ستر ہزار قبیلے ہیں اور ہر قبیلے میں ستر ہزار افراد ہیں اگر آسمان سے سوئی پھینکی جائے تو وہ زمین پر نہ گرے گی ان کے سروں پر رک جائے گی۔

## عربی زبان میں جنوں کے نام:

اہل علم وزبان کے نزدیک جنوں کی چند قسمیں ہیں:

☆ اصل جن کو ''جنی'' کہتے ہیں۔ ☆ وہ جن جو لوگوں کے ساتھ رہتا ہے اسے ''عامر'' کہتے ہیں اس کی جمع عمار ہے۔ ☆ جو جن بچوں کو پریشان کرتا ہے اسے ''ارواح'' کہتے ہیں۔ ☆ سب سے زیادہ خبیث اور پریشان کرنے والے جن کو ''شیطان'' کہتے ہیں۔ ☆ جس جن کی شرارت حد سے بڑھ جائے اور اس کی گرفت مضبوط تر ہوجائے تو اسے عفریت کہتے ہیں۔

## جن کی قسمیں:

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنوں کی تین قسمیں ہیں۔

marfat.com

☆ایک قسم وہ جوہوامیں اڑتی ہے۔
☆ایک وہ جوسانپ اور کتوں کی شکل میں ہوتی ہے۔
☆ایک وہ جوسفراور قیام کرتی ہےیعنی بھوت وغیرہ

اس کوطبرانی' حاکم اور بیہقی نے''الاسماء والصفات'' میں صحیح سند کے ساتھ بیان کیاہے۔(صحیح الجامع)

ابن ابی الدنیا نے''مکائد الشیطان'' میں ابوداؤد سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تین قسم کے جن پیدا فرمائے ہیں ایک قسم سانپ' بچھواور کیڑوں مکوڑوں کی ہے' دوسری ہوا کی مانند' تیسری وہ جوحساب وکتاب اور جزاوسزا کی مکلّف ہے۔

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کوبھی تین قسموں میں پیدا کیاہے:

☆ایک قسم چوپایوں کی مانند ہے۔ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ کاارشاد ہے۔

لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ (الاعراف ۱۷۹)

ترجمہ:ان کے دل ہیں مگر سمجھتے نہیں' آنکھیں ہیں دیکھتے نہیں' کان ہیں مگر سنتے نہیں۔''

☆ دوسری قسم وہ جس کاجسم بنی آدم کی طرح ہےلیکن روح شیطان کی۔

☆ تیسری قسم وہ ہے جو بروز قیامت زیر سایہ الٰہی ہوں گے جبکہ وہاں کوئی دوسراسایہ نہ ہوگا۔

زمخشری کہتے ہیں کہ میں نے دیہاتیوں کے ہاں جنوں کے بارے میں ایسی عجیب وغریب چیزیں دیکھی ہیں جن کوبیان نہیں کیاجاسکتا۔کہتے ہیں کہ جنوں میں ایک جنس ایسی بھی ہے جس کی نصف شکل انسان کی ہےاس کانام''شق'' ہے یہ مسافر کوتنہادیکھ کر پریشان کرتاہے بلکہ بسااوقات مارڈالتاہے۔

## حقیقت جنات

حقیقت یہ ہے کہ فرشتوں اورانسانوں کی دنیاکےعلاوہ بھی جنوں کی ایک تیسری دنیاہےوہ کوئی جراثیم نہیں ہیں بلکہ سوجھ بوجھ رکھنے والی اور حساس وادراک رکھنے والی ایک مخلوق ہے وہ بھی شریعت کے مکلّف اورامرونہی کے پابند ہیں۔

## دلائل:تواتر

مجموعہ فتاویٰ ۱۹/۱۰ میں ابن تیمیہ رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ:

marfat.com

جنوں کے وجود کے سلسلہ میں مسلمانوں میں سے کسی جماعت نے مخالفت نہیں کی اور نہ اس سلسلے میں کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی طرف نبی بنا کر بھیجا تھا اکثر کافر جماعتیں بھی جنوں کے وجود کو تسلیم کرتی ہیں یہود و نصاریٰ جنوں کے بارے میں اسی طرح اعتقاد رکھتے ہیں جس طرح کہ مسلمان البتہ ان میں سے کچھ لوگ اس کے منکر ہیں جیسا کہ مسلمانوں میں سے جہمیہ اور معتزلہ وغیرہ اس کا انکار کرتے ہیں حالانکہ جمہور آئمہ اس کو تسلیم کرتے ہیں۔

## جنات ایک مخلوق ہے:

جنوں کے وجود کو تسلیم کرنے کی ایک دلیل یہ ہے کہ اس سلسلہ میں انبیائے کرام سے متواتر واقعات منقول ہیں جو بدیہی طور پر معلوم ومشہور ہیں اور یہ بھی بدیہی طور پر معلوم ہے کہ جنات زندہ اور عقل وفہم رکھنے والی مخلوق ہے وہ جو بھی کام کرتے ہیں اپنے ارادہ سے کرتے ہیں بلکہ وہ امر ونہی کے بھی مکلف ہیں وہ کوئی صفت یا عرض نہیں کرتے جو انسان کی ذات سے قائم ہیں جیسا کہ بعض ملحدین کا خیال ہے۔ جب جنوں کا معاملہ انبیائے کرام سے اس قدر تواتر کے ساتھ ثابت ہے کہ ہر خاص وعام اسے جانتا ہے تو اس کا انکار ایسی جماعت کے شایان شان نہیں جو اپنے آپ کو رسولوں کی طرف منسوب کرتی ہو۔

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں:

''مسلمانوں کی تمام جماعتیں جنوں کے وجود کو تسلیم کرتی ہیں اسی طرح تمام کفار اور عام اہل کتاب بھی، اسی طرح مشرکین عرب میں اولاد حام، اہل کنعان ویونان میں اولاد یافث غرض جملہ فرقے اور جماعتیں جنوں کے وجود کو تسلیم کرتی ہیں۔

قرآن وحدیث کے نصوص: مثلاً اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ (الجن)

اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! کہہ دیجیے کہ میری طرف وحی بھیجی گئی ہے کہ جنوں کی ایک جماعت نے غور سے سنا۔ دوسری جگہ فرمایا

وَّاَنَّهُ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ یَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا (الجن ٦)

اور یہ کہ انسانوں میں سے کچھ لوگ جنوں کی پناہ مانگا کرتے تھے اس طرح انہوں نے جنوں کا غرور اور بڑھا دیا اس کے علاوہ بے شمار آیات واحادیث ہیں جن کا ذکر انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ صفحات میں ہوگا۔

marfat.com

## مشاہدہ اور معائنہ

آج اور آج سے پہلے بہتیرے لوگوں نے ان میں سے کچھ چیزوں کا مشاہدہ بھی کیا ہے یہ اور بات کہ جو لوگ اس کا مشاہدہ کرتے اور سنتے ہیں ان میں سے اکثر نہیں جانتے کہ یہ وہی جن ہیں کیونکہ ان کے تصور میں پہلے سے ہوتا ہے کہ وہ یا تو روحیں ہیں یا غیبی اور فضائی مخلوق۔

گدھے اور کتے جنوں کو دیکھتے ہیں۔

ہر چند کہ جنات ہمیں نظر نہیں آتے ہیں لیکن بعض جانور مثلاً گدھے اور کتے ان کو دیکھتے ہیں۔ مسند احمد اور ابوداؤد میں جابر رضی اللہ عنہ سے صحیح سند کے ساتھ مروی ہے۔ ''اگر تمہیں رات میں کتے یا گدھے کی آواز سنائی دے تو اللہ کے ذریعے شیطان سے پناہ مانگو اس لیے کہ گدھے اور کتے ایسی چیزیں دیکھتے ہیں جو تم نہیں دیکھتے ہو۔'' اس میں کوئی تعجب نہیں کیونکہ سائنسدانوں نے یہ تحقیق کی ہے کہ بعض جانداروں میں ایسی چیزوں کو دیکھنے کی صلاحیت ہے جن کو ہم نہیں دیکھ سکتے ہیں چنانچہ شہد کی مکھی، بنفشی اوٹ کے اوپر بھی شعاعوں کو دیکھ سکتی ہے اسی لیے وہ سورج کو بدلی کی حالت میں بھی دیکھ لیتی ہے اور الّو رات کی گھٹاٹوپ تاریکی میں بھی چوہے کو دیکھ لیتا ہے۔

## جنات کی غذا

جنوں کے کھانے اور پینے کے سلسلہ میں لوگوں کا اختلاف ہے کچھ لوگ کہتے ہیں کہ تمام قسم کے جنات نہ کھاتے ہیں نہ پیتے ہیں لیکن یہ قول غیر معتبر ہے دوسرا قول یہ ہے جنات کی ایک قسم کھاتی پیتی ہے اور دوسری قسم نہیں کھاتی پیتی۔ تیسرا قول کہ تمام جنات کھاتے اور پیتے ہیں البتہ اس میں اختلاف ہے کچھ لوگ کہتے ہیں وہ چباتے اور نگلتے نہیں بلکہ صرف سونگھتے ہیں مگر اس کی کوئی دلیل نہیں دوسرے لوگ کہتے ہیں کہ وہ چباتے اور نگلتے ہیں یہی قول صحیح ترین ہے جس کی شہادت صحیح احادیث اور نصوص سے ملتی ہے۔

## حدیث شریف نمبر 1

صحیح بخاری میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو استنجاء کے لیے، کچھ پتھر لانے کا حکم دیا اور کہا کہ ہڈی اور گوبر نہ لانا۔ اس کے بعد جب ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے آپ سے ہڈی اور گوبر نہ لانے کا راز معلوم کیا تو آپ نے فرمایا یہ دونوں چیزیں جنوں کی غذا ہیں میرے پاس نصیبین کا ایک وفد جو جنات پر مشتمل تھا آیا اور مجھ سے کھانے کے لیے توشہ طلب کیا میں نے ان کے لیے اللہ سے دعا کی جس

marfat.com

ہڈی اور گوبر سے بھی ان کا گزر ہو اس پر ان کی غذا موجود ہو۔

صحیح مسلم میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے ایک جن نے دعوت دی میں اس کے ساتھ گیا ان کے سامنے قرآن کی تلاوت کی وہ جن ہم کو ایک جگہ لے گیا اور جنوں کے مکانات اور آگ کے نشانات دکھائے پھر ان لوگوں نے آپ سے کھانا مانگا تو آپ نے فرمایا "تمہارے لیے ہر ہڈی جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہوگا گوشت بن جائے گی اور جانوروں کی مینگنی تمہارے مویشیوں کے لیے چارہ ہے۔"

چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم ان چیزوں سے استنجا نہ کرو اس لیے کہ وہ تمہارے بھائیوں کی غذا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے آپ نے ہم کو اس بارے میں اس کی مخالفت کا حکم دیا ہے۔

حدیث شریف: صحیح مسلم میں ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "کہ تم میں سے جب کوئی شخص کھائے تو داہنے ہاتھ سے کھانا چاہیے اور جب پیئے تو داہنے ہاتھ سے پینا چاہیے کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا پیتا ہے۔"

## جنات کے مکان اور ملنے کے اوقات

جنات اسی زمین پر بستے ہیں جس پر ہم رہ رہے ہیں زیادہ تر ویرانوں، چٹیل میدانوں اور گندی جگہوں مثلاً غسل خانہ، کوڑا خانہ اور قبرستان وغیرہ بقول علامہ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ: جن لوگوں کو شیطان لگ جاتے ہیں وہ زیادہ تر شیطان کے انہی اڈوں میں پناہ لیتے ہیں۔

حدیث میں غسل خانہ کے اندر نماز پڑھنے کی ممانعت اسی لیے ہے کیونکہ اس میں گندگی ہوتی ہے اور وہ شیطان کا اڈہ ہے قبرستان میں بھی ممانعت ہے۔ اس لیے کہ وہ شرک کا ذریعہ ہے بلکہ اس میں کچھ شیاطین بھی پناہ گزین ہوتے ہیں شیاطین ایسی جگہوں میں زیادہ ہوتے ہیں جہاں وہ فتنہ فساد کر سکیں مثلاً بازار وغیرہ۔

## جنات کی خوراک

صحیح مسلم میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ جنات نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زاد راہ طلب کیا تو آپ نے فرمایا ہر وہ ہڈی جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہے تمہارے ہاتھ میں گوشت ہو جائے گی اور ہر مینگنی تمہارے جانوروں کا چارہ ہے

## جنات کی طاقت

اللہ تعالیٰ نے جنوں کو ایسی صلاحیتیں اور طاقتیں بخشی ہیں جو انسانوں کو بھی نہیں بخشی۔ اللہ تعالیٰ نے ان

marfat.com

کی بعض طاقتوں کا تذکرہ بھی کیا ہے جن میں ایک طاقت یہ ہے کہ وہ منٹوں سیکنڈوں میں ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچ جاتے ہیں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کو جنوں میں سے عفریت نے کہا کہ وہ ملک یمن کی ملکہ کا تخت بیت المقدس میں صرف اتنی دیر میں لاسکتا ہے کہ ایک بیٹھا ہوا انسان کھڑا ہو جائے وہیں ایک شخص جس کے پاس کتاب کا علم تھا بول پڑا میں آپ کے پلک جھپکنے سے پہلے اسے لائے دیتا ہوں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: قَالَ عِفْرِيتٌ مِّنَ الْجِنِّ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن تَقُومَ مِن مَّقَامِكَ ۖ وَإِنِّي عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ أَمِينٌ ﴿٣٩﴾ قَالَ الَّذِي عِندَهُ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتَابِ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن يَرْتَدَّ إِلَيْكَ طَرْفُكَ ۚ فَلَمَّا رَآهُ مُسْتَقِرًّا عِندَهُ قَالَ هَٰذَا مِن فَضْلِ رَبِّي (النحل ۴۰. ۳۹)

جنوں میں سے ایک قوی ہیکل نے عرض کیا "میں اسے حاضر کروں گا قبل اس کے کہ آپ اپنی جگہ سے اٹھیں میں اس کی طاقت رکھتا ہوں اور امانت دار ہوں۔ جس شخص کے پاس کتاب کا علم تھا وہ بولا میں آپ کی پلک جھپکنے سے پہلے اسے لائے دیتا ہوں، جونہی کہ سلیمانؑ نے وہ تخت اپنے پاس رکھا ہوا دیکھا وہ پکار اٹھا یہ میرے رب کا فضل ہے۔

## شیطان انسان کے اندر خون کی طرح دوڑتا ہے:

صحیح بخاری و مسلم میں حضرت انس سے مروی ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا شیطان انسان کے اندر خون کی طرح دوڑتا ہے۔ صحیحین میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی صفیہ بنت حُیَی سے روایت ہے وہ کہتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف میں تھے میں ایک رات آپ کے پاس ملاقات کے لیے آئی۔ آپ سے کچھ باتیں ہوئیں پھر میں جانے کے لیے کھڑی ہوئی تو آپ مجھے الوداع کہنے کے لیے کھڑے ہو گئے صفیہ کا گھر اسامہ بن زید کے گھر کے قریب تھا اتنے میں دو انصاری صحابی گزرے جب انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو تیزی سے چلنے لگے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آہستہ چلو وہ کوئی اجنبی عورت نہیں بلکہ میری بیوی ) صفیہ بنت حیی ہے دونوں نے کہا سبحان اللہ! اے اللہ کے رسول آپ نے فرمایا شیطان انسان کے اندر خون کی طرح دوڑ رہا ہے مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں تمہارے دلوں میں بدگمانی نہ پیدا کر دے۔

## جس دروازہ کو بسم اللہ کہہ کر بند کیا گیا ہو اس کو جنات نہیں کھول سکتے:

یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتائی آپ ﷺ نے فرمایا: دروازے بند کرو اور بند کرتے وقت اللہ کا نام لو شیطان ایسا دروازہ نہیں کھول سکتا جو اللہ کے نام پر بند کر دیا گیا ہو اس کو ابوداؤد، احمد، ابن حبان

marfat.com

اورحاکم نے صحیح سند سے روایت کیا ہے۔(الجامع الصحیح ۲۲۹/۱) شیطان بند دروازہ نہیں کھول سکتا اور اپنے مشکیزے اللہ کا نام لے کر بند کرو اور اپنے برتن اللہ کا نام لے کر ڈھانپو اور چراغوں کو بجھا دو۔

## آسیب زدگی

علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالیٰ رقم طراز ہیں کہ انسان کے جسم میں جن کا داخل ہونا باتفاق ائمہ اہل سنت والجماعت کے نزدیک ثابت ہے۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اَلَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا یَقُوْمُوْنَ اِلَّا کَمَا یَقُوْمُ الَّذِیْ یَتَخَبَّطُهُ الشَّیْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ (البقرہ ۲۷۵) جو لوگ سود کھاتے ہیں ان کا حال اس شخص کا سا ہوتا ہے جسے چھو کر شیطان نے باؤلا کر دیا ہو۔امام احمد بن حنبل کے صاحبزادے عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے کہا کہ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ جن آسیب زدہ جسم میں داخل نہیں ہوتا ہے والد نے جواب دیا بیٹا یہ لوگ جھوٹ کہتے ہیں، سچ یہ ہے کہ جن ہی انسان کی زبان سے بات کرتا ہے۔ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں۔احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے جو بات کہی مشہور و معروف ہے۔جن انسان پر سوار ہوتا ہے اور انسان ایسی زبان میں بات کرنے لگتا ہے جو سمجھ میں نہیں آتی اس کے جسم پر اتنی مار پڑتی ہے کہ اگر کسی اونٹ کو مارا جائے تو اس کے جسم پر نشان پڑ جائیں اس کے باوجود اس شخص کو نہ پٹائی کا احساس ہوتا ہے نہ اس گفتگو کا جو اس نے اپنی زبان سے کی ہے۔ آسیب زدہ شخص کبھی دوسرے انسانوں کو گھسیٹتا ہے اور کبھی اس چیز کو جس پر وہ خود بیٹھا ہوا ہو اس کو کھینچنے پھاڑنے لگتا ہے کبھی دیوہیکل مشینوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کر دیتا ہے اس کے علاوہ اور بہت سی حرکتیں کرتا ہے جو شخص اس کا بچشم خود مشاہدہ کرے اسے واضح طور پر معلوم ہو جائے گا کہ جو چیز انسان کی زبان سے بات کر رہی ہے اور ان چیزوں کو الٹ پلٹ کر کے رکھ دیتی ہے وہ انسان کے علاوہ کوئی دوسری صفت کی مخلوق ہے۔

ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالیٰ مزید کہتے ہیں کہ آئمہ مسلمین میں کوئی بھی اس بات کا منکر نہیں کہ جن آسیب زدہ شخص کے جسم میں داخل ہوتا ہے جو اس کا انکار کرے اور دعویٰ کرے کہ شریعت اس کو نہیں مانتی وہ شریعت پر تہمت لگاتا ہے شرعی دلائل میں ایسی کوئی بات نہیں ملتی جس سے اس کی تردید ہوتی ہو۔ علامہ نے لکھا ہے جن لوگوں نے آسیب زدہ کے جسم میں جن کے داخل ہونے کا انکار کیا ہے وہ معتزلہ کا ایک ٹولہ ہے جس میں جُبّائی اور ابوبکر رازی وغیرہ شامل ہیں۔

# جادو سے بچنے کے لیے حفاظتی تدابیر

## قرآن وسنت کی روشنی میں

یہ بات ہر شخص کو معلوم ہے کہ بندش جماع کا جادو عموماً نوجوانوں پر کیا جاتا ہے جب وہ شادی کرنے

کا ارادہ کر رہے ہوں خاص کر اس وقت جب وہ ایسے معاشرے میں رہائش پذیر ہوں جس میں بدبخت جادوگروں کی کثرت ہو ایسے میں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا دولہا اور دلہن جادو سے بچنے کے لیے قلعہ بند نہیں ہو سکتے تا کہ ان پر اگر جادو کیا جائے تو وہ اس کے اثر سے محفوظ رہیں۔

## زہر اور جادو کا اثر

مدینہ منورہ کی عجوہ کھجور کے سات دانے صبح نہار منہ کھالیں اگر مدینہ منورہ کی عجوہ کھجور نہ ملے تو کسی بھی شہر کی عجوہ کھجور استعمال کر سکتے ہیں۔ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں آتا ہے۔

''جو شخص عجوہ کھجور کے سات دانے صبح کے وقت کھالیتا ہے۔ اسے زہر اور جادو کی وجہ سے کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔''

## باوضو مسلمان پر جادو اثر نہیں کرتا

دوسری احتیاطی تدبیر وضو ہے کیونکہ باوضو مسلمان پر جادو اثر انداز نہیں کرتا اور وہ فرشتوں کی حفاظت میں رات گزارتا ہے۔ ایک فرشتہ اس کے ساتھ رہتا ہے اور وہ جب کروٹ بدلتا ہے فرشتہ اس کے حق میں دعا کرتے ہوئے کہتا ہے کہ ''اے اللہ! اپنے اس بندے کو معاف کر دے کیونکہ اس نے طہارت کی حالت میں رات گزاری ہے۔''

## باجماعت نماز کی پابندی

جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کی پابندی کی وجہ سے انسان شیطان سے محفوظ ہو جاتا ہے اور اس سلسلے میں سستی برتنے کی وجہ سے شیطان اس پر غالب آجاتا ہے اور جب وہ غالب آجاتا ہے تو اس میں داخل بھی ہو سکتا ہے اور اس پر جادو بھی کر سکتا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے۔

''کسی بستی میں جب تین آدمی موجود ہوں اور وہ باجماعت نماز ادا نہ کریں تو شیطان ان پر غالب آجاتا ہے بس تم جماعت کے ساتھ رہو کیونکہ بھیڑیا اسی بکری کو شکار کرتا ہے جو ریوڑ سے الگ ہو جاتی ہے۔''

## قیام لیل کی پابندی

جو شخص جادو کے اثر سے بچنے کے لیے قلعہ بند ہونا چاہتا ہے اسے قیام لیل ضرور کرنا چاہیے کیونکہ اس

marfat.com

میں کوتاہی کر کے انسان خود بخود اپنے اوپر شیطان کو مسلط کر لیتا ہے اور اس کے مسلط ہونے کی صورت میں اس کے لیے جادو کا راستہ ہموار ہو جاتا ہے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک ایسے شخص کا ذکر کیا گیا جو صبح ہونے تک سویا رہتا ہے اور قیام لیل کے لیے بیدار نہیں ہوتا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے کانوں میں شیطان پیشاب کر جاتا ہے۔

## ناپاک جگہ شیطان کا گھر

ناپاک جگہ پر شیطان کا گھر اور ٹھکانہ ہوتا ہے۔ اس لیے اس میں کسی مسلمان کی موجودگی کو شیطان غنیمت تصور کرتے ہیں۔ مجھے خود ایک شیطان جن نے بتایا کہ وہ ایک شخص میں داخل ہونے میں کامیاب ہو گیا تھا جب اس نے بیت الخلاء میں جاتے ہوئے دخول بیت الخلاء کی دعا نہیں پڑھی تھی ایک اور جن نے بتایا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک طاقت ور اسلحہ عطا کیا ہے جس کے ذریعے تم ہمارا خاتمہ کر سکتے ہو میں نے کہا وہ کیا ہے؟ تو اس نے جواباً کہا کہ وہ مسنون اذکار ہیں اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ ثابت ہے کہ آپ بیت الخلاء میں جاتے ہوئے یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

اے اللہ! میں خبیث جنوں اور جننیوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

## وقت جماع دعا پڑھنا

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے۔ تم میں سے کوئی بھی جب اپنی بیوی سے جماع کرے تو یہ دعا پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَارَزَقْتَنَا

اللہ کے نام کے ساتھ اے اللہ! ہمیں شیطان سے بچا اور جو چیز تو ہمیں عطا فرمائے اسے بھی شیطان سے بچا۔

اگر اس جماع کے بعد ان کو بچہ دیا جاتا ہے تو شیطان اسے نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

# جادو و سحر

## جادو کی قسمیں:

جادو کی آٹھ قسمیں امام رازی رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کی ہیں۔

۱۔ ایک جادو تو ستارہ پرست فرقہ کا ہے۔ وہ سات ستاروں کی نسبت یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ بھلائی

برائی انہی کے باعث ہوتی ہے، اس لیے ان کی طرف منسوب کر کے مقررہ الفاظ پڑھتے ہیں اور انہی کی پرستش کرتے ہیں، اسی قوم میں حضرت ابراہیم آئے اور انہیں ہدایت کی۔

۲۔ دوسرا جادو قوی نفس اور قوت واہمہ والے لوگوں کا ہے۔ وہم اور خیال کا بڑا اثر ہوتا ہے۔ دیکھئے اگر ایک تنگ پل زمین پر رکھ دیا جائے تو اس پر انسان بہ آسانی چلا جائے گا۔ لیکن یہی تنگ پل اگر کسی پر ہو تو نہیں گزر سکے گا۔ اس لیے کہ اس وقت خیال ہوتا ہے کہ اب گرا تو واہمہ کی کمزوری کے باعث جتنی جگہ پر زمین میں چل پھر سکتا تھا۔ اتنی جگہ پر ایسے ڈر کے وقت نہیں چل سکتا۔ حکیموں طبیبوں نے بھی مرعوب شخص کو سرخ چیزوں کے دیکھنے سے روک دیا ہے اور مرگی والوں کو زیادہ روشنی والی اور تیز حرکت کرنے والی چیزوں کے دیکھنے سے منع کیا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ قوت واہمہ کا ایک خاص اثر طبیعت پڑتا ہے عقلمند لوگوں کا اس پر بھی اتفاق ہے کہ نظر لگتی ہے۔ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ نظر کا لگنا حق ہے۔ اگر کوئی چیز تقدیر پر سبقت کرنے والی ہوتی تو نظر ہوتی۔ اب اگر نفس قوی ہے تو ظاہری سہاروں اور ظاہری کاموں کی کوئی ضرورت نہیں، اور اگر اتنا قوی نہیں تو پھر ان آلات کی بھی ضرورت پڑتی ہے۔ جس قدر نفس کی قوت بڑھتی جائے گی وہ روحانیات میں ترقی کرتا جائے گا اور تاثیر میں بڑھتا جائے گا اور جس قدر یہ قوت کم ہوتی جائے گی، اسی قدر یہ گھٹتا جائے گا۔ یہ بات کبھی غذا کی کمی لوگوں کے میل جول کے ترک وغیرہ سے بھی حاصل ہو جاتی ہے۔ کبھی تو اسے حاصل کر کے انسان نیکی کے کام شریعت کے مطابق اس سے لیتا ہے۔ اس حال کو شریعت کی اصطلاح میں کرامت کہتے ہیں۔ جادو نہیں کہتے۔ اور کبھی اس حال سے باطل میں اور خلاف شرع کاموں میں مدد لیتا ہے اور دین سے دور ہو جاتا ہے۔ ایسے لوگوں کے یہ خلاف عادت کاموں سے کسی کو دھوکا کھا کر انہیں ولی نہ سمجھ لینا چاہیے کیونکہ شریعت کے خلاف چلنے والا ولی اللہ نہیں ہو سکتا۔ تم دیکھتے نہیں کہ صحیح حدیثوں میں دجال کی بابت کیا کچھ آیا ہے۔ وہ کیسے کیسے خلاف عادت کام کر کے دکھائے گا۔ لیکن ان کی وجہ سے وہ خدا کا ولی نہیں بلکہ وہ ملعون مردود ہے۔

۳۔ تیسری قسم کا جادو جنات وغیرہ زمین والوں کی روحوں سے امداد و اعانت طلب کرنے کا ہے۔ معتزلہ اور فلاسفر اس کے قائل نہیں۔ ان روحوں سے بعض مخصوص الفاظ اور اعمال سے تعلق پیدا کرتے ہیں۔ اسے سحر بلعزائم اور عمل تسخیر بھی کہتے ہیں۔

marfat.com

۴۔ چوتھی قسم خیالات کا بدل دینا، آنکھوں پر اندھیرا ڈال دینا اور شعبدہ بازی کرنا ہے، جس سے حقیقت کے خلاف کچھ کا کچھ دکھائی دینے لگتا ہے۔ تم نے دیکھا ہوگا کہ شعبدہ باز پہلے ایک کام شروع کرتا ہے۔ جب لوگ دلچسپی کے ساتھ اس طرف نظریں جما لیتے ہیں اور اس کی باتوں میں متوجہ ہو کر ہمہ تن اس میں مصروف ہو جاتے ہیں، وہ پھرتی سے ایک دوسرا کام کر ڈالتا ہے۔ جو لوگوں کی نگاہوں سے پوشیدہ رہتا ہے اور اسے دیکھ کر وہ حیران رہ جاتے ہیں، بعض مفسرین کا قول ہے کہ فرعون کے جادوگروں کا جادو بھی اس قسم کا تھا۔ اس لیے قرآن کریم میں ہے۔

سَحَرُوْا اَعْیُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ الخ

لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر دیا اور ان کے دلوں میں ڈر بٹھا دیا اور ایک جگہ ہے۔

موسیٰ علیہ السلام کے خیال میں وہ سب لکڑیاں اور رسیاں سانپ بن کر دوڑتی ہوئی نظر آنے لگیں۔ حالانکہ درحقیقت ایسا نہ تھا واللہ اعلم۔

۵۔ پانچویں قسم بعض چیزوں کی ترکیب دے کر کوئی عجیب کام اس سے لینا، مثلاً گھوڑی کی شکل بنا دینا اس پر ایک سوار بنا کر بٹھا دیا، اس کے ہاتھ میں ترہی ہے، جہاں ایک ساعت گزری اور اس کرنائے میں سے آواز نکلی۔ حالانکہ کوئی اسے نہیں چھیڑتا، اسی طرح انسانی صورت اس کاریگری سے بنائی کہ گویا اصلی انسان ہنس رہا ہے یا رو رہا، فرعون کے جادوگروں کا جادو بھی اسی قسم میں سے تھا کہ وہ بنائے سانپ وغیرہ زیبق کے باعث زندہ حرکت کرنے والے دکھائی دیتے تھے۔ گھڑی اور گھنٹے اور چھوٹی چھوٹی چیزیں جن سے بڑی بڑی وزنی چیزیں کھچ آتی ہیں۔ سب اسی قسم میں داخل ہیں، حقیقت میں اسے جادو ہی نہ کہنا چاہیے، کیونکہ یہ تو ایک ترکیب اور کاریگری ہے۔ جس کے اسباب بالکل ظاہر ہیں، جو انہیں جانتا ہو وہ ان کلموں سے یہ کام لے سکتا ہے، اسی طرح کا وہ حیلہ بھی ہے کہ جو بیت المقدس کے نصرانی کرتے تھے کہ پوشیدگی سے گرجے کی قندیلیں جلا دیں اور اسے گرجے کی کرامت مشہور کر دی اور لوگوں کو اپنے دین کی طرف جھکا لیا، بعض کرامیہ صوفیوں کا بھی خیال ہے کہ اگر ترغیب و ترہیب کی حدیثیں گھڑ لی جائیں اور لوگوں کو عبادت کی طرف مائل کیا جائے تو کوئی حرج نہیں۔ لیکن بڑی غلطی ہے۔ رسول ﷺ فرماتے ہیں، جو شخص مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ بولے وہ اپنی جگہ جہنم

marfat.com

میں مقرر کرلے۔ اور فرمایا میری حدیثیں بیان کرتے رہو، لیکن مجھ پر جھوٹ نہ باندھو، مجھ پر جھوٹ بولنے والا قطعاً جہنمی ہے۔ ایک نصرانی پادری نے ایک مرتبہ دیکھا کہ ایک پرندے کا ایک چھوٹا سا بچہ جسے اڑنے اور چلنے پھرنے کی طاقت نہیں ایک گھونسلے میں بیٹھا ہے، جب وہ اپنی ضعیف اور پست آواز نکالتا ہے تو اور پرندے اسے سن کر رحم کھا کر زیتون کا پھل اس کے گھونسلے میں لا لا کر رکھ جاتے ہیں۔ اس نے اسی صورت کا ایک پرندہ کسی چیز کا بنایا اور نیچے سے اسے کھوکھلا رکھا اور ایک سوراخ اس کی چونچ کی طرف رکھا، اسے لا کر اپنے گرجے میں ہوا کے رخ رکھ دیا، چھت میں ایک چھوٹا سا سوراخ کر دیا، تا کہ ہوا اس سے جائے، اب جب ہوا اور اس کی آواز نکلتی تو اس قسم کے پرندے جمع ہو جاتے اور زیتون کے پھل لا لا کر رکھ جاتے، اس نے لوگوں میں شہرت دینی شروع کی کہ اس گرجے میں یہ کرامت ہے، یہاں ایک بزرگ کا مزار ہے اور یہ کرامت انہی کی ہے، لوگوں نے بھی جب یہ انہونی عجیب بات اپنی آنکھوں سے دیکھی تو معتقد ہو گئے اور اس قبر پر نذر و نیاز چڑھنے لگی، اور یہ کرامت دور دراز تک مشہور ہوگئی۔ حالانکہ نہ کوئی کرامت تھی نہ معجزہ، صرف ایک پوشیدہ فن تھا۔ جسے اس ملعون شخص نے پیٹ بھرنے کے لیے پوشیدہ طور پر رکھا ہوا تھا اور وہ لعنتی فرقہ اس پر ریجھا ہوا تھا۔

۶۔ چھٹی قسم جادو کی بعض دواؤں کے مخفی خواص معلوم کر کے انہیں کام میں لانا، اور یہ ظاہر ہے کہ دواؤں میں عجیب عجیب خاصیتیں ہیں، مقناطیس ہی کو دیکھو کہ لوہا کس طرح اس کی طرف کھچ جاتا ہے۔ اکثر صوفی اور فقیر اور درویش انہی حیلہ سازیوں کو کرامت کر کے لوگوں کو دکھاتے ہیں اور انہیں مرید بناتے پھرتے ہیں۔

۷۔ ساتویں قسم لیتا دل پر ایک خاص قسم کا اثر ڈال کر اس سے جو چاہتا منوا لیتا ہے مثلاً اس سے کہہ دیا کہ مجھے اسم اعظم یاد ہے۔ یا جنات میرے قبضے میں ہیں، اب اگر سامنے والا کمزور دل کا اور کچے کانوں کا اور بودے عقیدے والا ہے تو وہ اسے سچ سمجھ لے گا اور اس کی طرف سے ایک قسم کا خوف اور ڈر ہیبت اور رعب اسکے دل پر بیٹھ جائے گا، جو اس کو ضعیف بنا دے گا۔ اب اس وقت وہ جو چاہے گا کرے گا اور اس کو کمزور دل اسے عجیب عجیب باتیں دکھاتا جائے گا، اس کو متبدلہ کہتے ہیں اور یہ اکثر کم عقل لوگوں پر ہو جایا کرتا ہے اور علم فراست سے کامل عقل والا اور کم عقل والا انسان معلوم ہو سکتا ہے اور اس حرکت کا کرنے والا اپنا یہ فعل قیافے

marfat.com

سے کم عقل شخص معلوم کر کے ہی کرتا ہے۔

۸۔ آٹھویں قسم چغلی جھوٹ سچ ملا کر کسی کے دل میں اپنا گھر کر لینا اور خفیہ چالوں سے اسے اپنا گرویدہ کر لینا، یہ چغل خوری اگر لوگوں کو بھڑ کانے بدکانے اور ان کے درمیان عداوت و دشمنی ڈالنے کے لیے ہو تو شرعاً حرام ہے۔ جب اصلاح کے طور پر آپس میں ایک دوسرے مسلمان کو ملانے کے لیے کوئی ایسی ظاہر بات کہہ دی جائے، جس سے یہ اس سے اور وہ اس سے خوش ہو جائے یا کوئی آنے والی مصیبت مسلمانوں پر سے ٹل جائے یا کفار کی قوت زائل ہو جائے ان میں بددلی پھیل جائے اور مخالفت و پھوٹ پڑ جائے تو یہ جائز ہے۔

## ساحر و سحر کے احکام:

شریعت اسلامیہ میں ساحر کے لیے کوئی حد نہیں ہے۔ لیکن جرم کے بعد اس پر سزا ہے۔ جو امام کی مرضی پر موقوف ہے جسے ہم تعزیر کہتے ہیں، فضالہ بن عبید کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک فرمان میں لکھا تھا کہ ہر ایک جادوگر مرد و عورت کو قتل کر دو۔ چنانچہ ہم نے تین جادوگروں کی گردن مار دی۔ صحیح بخاری میں ہے کہ ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا پر ان کی ایک لونڈی نے جادو کر دیا جس پر اسے قتل کیا گیا۔ حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ تین صحابیوں سے جادوگر کے قتل کا فتویٰ ثابت ہے۔ ترمذی میں ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جادوگر کو تلوار سے قتل کر دینا ہے۔

جادوگر کا قتل جائز ہے الحماد میں ہے کہ

اَلْمُسْلِمُ وَالذِّمِّیُّ والحر وَالْعَبْدُ مَنْ اَقَرَّ مِنْهُمْ اِنَّهٗ سَاحِرٌ فَقَدْ حَلَّ دَمُهٗ وَتُقْتَلُ وَلَا یُقْبَلُ تَوْبَتُهٗ

جو شخص جادو کا اقرار کرے، خواہ وہ مسلمان ہو یا ذمی، آزاد ہو یا غلام اس کا قتل جائز ہے اور اس کی توبہ مقبول نہیں۔

ایک جگہ اور فتویٰ الحماد میں ہے کہ

یُقْتَلُ السَّاحِرُ وَالْخَنَاقُ فَاِنْ تَابَا لَا یُقْبَلُ تُوْبَتُهُمَا

ساحر اور گلا گھونٹنے والے کا قتل جائز ہے اور ان کی توبہ قبول نہیں۔

رہی سحر کی بات تو اس کے متعلق یہ ہے کہ قرآن و حدیث کی اصطلاح میں جس کو سحر کہا گیا ہے وہ حرام اور ناجائز ہے۔ جیسا کہ روح المعانی میں ابو منصور رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ مطلقاً سحر کی سب اقسام

marfat.com

کفر نہیں، بلکہ صرف وہ سحر کفر ہے، جس میں ایمان کے خلاف اقوال و اعمال اختیار کیے گئے ہوں۔
اس کا لہٰذا سیکھنا اور سکھانا حرام ہے۔ اس پر عمل کرنا بھی حرام ہے۔

البتہ اگر مسلمانوں سے دفع ضرر کے لیے بقدر ضرورت سیکھا جائے تو بعض فقہا کے نزدیک اس کی اجازت ہے۔ اسی طرح عامل جو تعویذ گنڈے وغیرہ کرتے ہیں تو اگر ان میں بھی جنات و شیاطین سے مدد لی گئی ہو۔ تو یہ بھی سحر کے حکم میں ہیں اور حرام ہیں اور اگر الفاظ مشتبہ ہوں، معنی معلوم نہ ہوں اور اس میں استمداد شیطان کا احتمال ہو تو بھی ناجائز ہیں ۔ یہ مسئلہ بھی شامی میں ہے اگر کسی کو ناحق ضرر پہنچانے کیلیے جائز کلمات اختیار کیے تو یہ بھی حرام ہے۔

اب ہم جادو کے دفعیہ کے بارے میں بزرگ انسانوں اور بزرگ جنات وموکلین کے بتلائے ہوئے اعمال و وظائف اور تعویذات پیش کر رہے ہیں۔ جادو کے دفعیہ کے اعمال سے پہلے یہ بات ذہن نشین کر لینا چاہیے کہ اس کائنات میں فعال ذات خدا کی ہے۔ نفع وضرر، عزت وذلت، خیر وشر سب اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ انسان صرف تدابیر اختیار کرتا ہے اور اثر و تاثیر اللہ دیتا ہے۔ جب بھی کوئی عمل کریں، پہلے خدا کی طرف رجوع ہوں، دعا کریں اور اپنا اور اپنے گھر والوں کا حصار لگائیں، کیونکہ عمل کے دوران بعض اوقات جوابی حملہ اچانک ہو جاتا ہے۔ دوسری بات یہ کہ جیسے ہی کسی کو یہ علم ہو جائے کہ اس پر جادو ہے یا بندش ہے تو اس کا فوراً علاج کروائے۔ ورنہ یہ جادو آدمی کے لیے امراض کی شکل میں اور عمر کیلیے نحوست کا باعث بن جاتا ہے۔ ہمارے پاس ایسے بہت کیس آتے ہیں جس میں جادو مرض کی شکل اختیار کر لیتا ہے اور پھر بہت مشکل سے ہی جاتا ہے۔ کیونکہ وہ خون میں شامل ہو کر جزو بدن بن جاتا ہے۔ اس لیے ابتدا سے ہی علاج کروالینا چاہیے۔

# حفاظتی اعمال

## حفاظت کے اعمال:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جب رات شروع ہو جائے تو اپنی اولادوں کو باہر جانے سے روکو۔ کیونکہ شیاطین اس وقت منتشر ہوتے ہیں (پس جب تھوڑی سی رات گزر جائے تو ان کو چھوڑ دو) دروازوں کو بند کر دو اور اللہ کا نام ذکر کرو (یعنی بسم اللہ کہو) کیونکہ شیاطین ایسے بند دروازوں کو نہیں کھولتے اور اپنے مشکوں کا منہ باندھ دو اور اللہ کا نام لو اور اپنے برتنوں کو چھپا دو

marfat.com

اور اللہ کا نام لو اگر چہ عرض میں اس پر کوئی چیز رکھ دو اور اپنے چراغوں کو بجھا دو۔

کیونکہ شیاطین مغرب کے وقت اپنے گھروں کو واپس لوٹتے ہیں اور اسی وقت فرشتے تبدیل ہوتے ہیں۔یعنی صبح کے فرشتے مغرب کے وقت آسمانوں پر واپس جاتے ہیں اور رات کے فرشتے آتے ہیں۔تبدیلی کے ان چند لمحات میں شیاطین زیر آسماں بچوں بچیوں اور خصوصا کھلے ہوئے بالوں پر اثر ڈالتے ہیں۔بعض اوقات یہ اثر اتنا زبردست ہوتا ہے اور نظر بد اتنی زوردار ہوتی ہے کہ اس کا علاج ممکن نہیں رہتا۔اور بہت سے لوگ اسی وجہ سے موت کا شکار ہو جاتے ہیں۔اسی لئے رسول اکرم ﷺ نے ہمیں یہ تعلیم دی ہے کہ ہم مغرب کے وقت احتیاط رکھیں اور بتائے ہوئے اعمال اختیار کریں۔تا کہ جان و مال تلف ہونے سے بچیں۔ان شرور سے بچنے اور بلاؤں سے حفاظت کے لیے یہ دعا ارشاد فرمائی۔

## مال کی حفاظت کے لئے قرآنی دعا:

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان کے پاس کھجوروں کا ایک ڈھیر تھا۔وہ گھٹتا جاتا تھا۔ایک رات جو انہوں نے اس ڈھیر کی نگہبانی کی تو ان کو ایک جانور بالغ لڑکے کے مشابہ نظر آیا۔انہوں نے اس کو سلام کیا،اس نے سلام کا جواب دیا۔پھر انہوں اس سے پوچھا کہ تو کون ہے؟ جنی ہے یا آدمی؟ اس نے کہا میں جن ہوں۔انہوں نے کہا ذرا اپنا ہاتھ مجھے دے۔اس نے اپنا ہاتھ ان کو دیا۔تو کیا معلوم ہوا کہ ہاتھ کتے کا ہے اور اس کے بال کتے کے بال ہیں۔انہوں نے کہا جن کی خلقت ایسی ہوتی ہے، اس نے کہا کہ جن اس بات کو جانتے ہیں کہ ان میں مجھ سے زیادہ سخت کوئی نہیں ہے۔انہوں نے کہا تو کیوں آیا؟ اس نے کہا ہم کو خبر پہنچی ہے کہ تم صدقہ کو دوست رکھتے ہو۔ہم اس لیے آئے ہیں کہ تمہارے کھانے میں سے کچھ حصہ ہم بھی لیں۔انہوں نے کہا کیا چیز ہم لوگوں کو تم سے نجات دے سکتی ہے۔

اس نے کہا کہ یہ آیت جو سورۃ البقرہ میں ہے۔جو شخص شام کے وقت اس کو کہہ لے تو صبح تک ہم لوگوں سے محفوظ رہے گا۔اور جو شخص صبح کو اسے پڑھے تو شام تک ہم لوگوں سے محفوظ رہے گا۔جب صبح ہوئی تو انہوں نے رسول اکرم ﷺ سے اس واقعہ کو بیان کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس خبیث نے سچ کہا۔

## ہر طرح کے شرور سے بچنے کے لیے ایک مسنون دعا:

حضور اکرم ﷺ ہر رات کو سوتے وقت' اور خاص طور سے بیماری کی حالت میں معوذتین یا بعض

روایات کے مطابق معوذات (یعنی قل ھواللہ اور معوذتین) تین مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں میں
پھونکتے اور سر سے لیکر پاؤں تک پورے جسم پر جہاں' جہاں تک بھی آپ کا ہاتھ پہنچ سکے' پھیر تے تھے
آخر بیماری میں جب آپ کے لیے خود ایسا کرنا ممکن نہ رہا، تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ سورتیں پڑھیں
اور آپ کے دست مبارک کی برکت کے خیال سے آپ ہی کے ہاتھ لے کر آپ کے جسم پر پھیرتیں۔

marfat.com

باب ۱۲

# حب، تسخیر

## (ان وظائف کیلئے اجازت لینا ناگزیر ہے!)

**برائے محبت:**

محبت کے لیے مندرجہ ذیل کلمات باوضو چالیس بار پڑھ کر شربت یا کسی میوہ پر دم کر کے مطلوب کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ محبت پیدا ہو جائے گی۔ صرف جائز مقصد کے لیے کرے ناجائز مقصد کے لیے نہیں کرنا ورنہ کامیاب نہیں ہوگا۔ اور وبال و مصائب کا شکار ہوگا۔

• یَا سَیِّدِیْ یَا سَیِّدِیْ یَا سَیِّدِیْ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اِلٰھَکَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلِ الْمَوَدَّۃَ وَالْمَحَبَّۃَ بَیْنَ فُلَانِ بِنْتَ فُلَانِ وَفُلَانِ وَفُلَانِ کَمَا بَیْنَ مُحَمَّدٍ وَّعَائِشَۃَ وَکَمَا بَیْنَ اٰدَمَ وَحَوَّاوَ کَمَا بَیْنَ اِبْرَاھِیْمَ وَسَارَۃَ وَکَمَا بَیْنَ عَلِیٍ وَّفَاطِمَۃَ الزَّھْرَاءِ بِحَقِّ اسْمِ الْاَعْظَمِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّحِمِیْنَ۔

سورہ قریش اکتالیس مرتبہ پڑھ کر سرسوں یا رائی کے دانوں پر دم کر کے سات روز تک دوپہر کو آگ میں جلائے اور کچھ دانے مطلوب کے گھر میں ڈال دے۔ بحکم خدا محبت کرنے لگے گا۔

**برائے حب:**

مندرجہ ذیل آیت شریفہ کو باوضو لکھ کر معہ طالب اور اس کی والدہ کا نام لکھ کر ہوا میں لٹکا دے کہ ہلتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب خود حاضر ہوگا اور معافی مانگے گا آزمودہ اور عجیب وغریب ہے اگر کسی کی بیوی ناراض ہو کر گھر بیٹھ گئی ہے اور نہیں آتی تو لکھ کر ہوا میں لٹکا دے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً آجائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُبْحٰنَ الَّذِیْۤ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ مِنْ اٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ۝ فُلَانِ بْنِ فُلَانِ عَلٰی حُبِّ فُلَانَۃِ بِنْتِ فُلَانَۃِ۔

**بدمزاج عورت کی درستی اور اصلاح:**

اور میاں بیوی میں نفاق رہتا ہے اور کسی طرح نہیں بنتی اسی وقت چاہئے کہ ذیل کی آیات کو روزانہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) پڑھے۔ صبح وشام سجدہ میں جا کر دعا مانگے کہ اے پروردگار میری بیوی کو

marfat.com

میرا مطیع اور فرمانبردار بنا۔ ہفتہ یا دس دن نہیں گزریں گے کہ کمال محبت ہو جائے گی۔

اِنَّ وَلِیِّۦَ اللّٰهُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ ۖ وَهُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ○

کسی رات کو ایک جلسہ میں ایک ہزار مرتبہ یہ عمل پڑھے اور مطلوب کا تصور دل میں کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهُ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ○ اَجِبْ دَعْوَتِیْ حُبًّا بِحَقِّ جِبْرَائِیْلَ اللّٰهُ الصَّمَدُ اَجِبْ دَعْوَتِیْ حُبًّا بِحَقِّ اِسْرَافِیْلَ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ اَجِبْ دَعْوَتِیْ حُبًّا بِحَقِّ مِیْکَائِیْلَ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ اَجِبْ دَعْوَتِیْ حُبًّا بِحَقِّ عِزْرَائِیْلَ۔

فلاں بن فلاں بے قرار گشتہ زودتر حاضر آید۔

## برائے تسخیر:

اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور گیارہ مرتبہ درمیان میں مذکورہ آیت پڑھ کر مطلوب کے بائیں کان میں پھونک دے اور اسی طرح اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور درمیان میں گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر کسی پھل پر دم کر کے مطلوب کو کھلاوے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے مطلوب طالب ہو جائے گا۔ یہ عمل گیارہ روز تک کرے۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا کُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ○

## میاں بیوی میں اتفاق کے لیے:

اگر میاں بیوی میں اختلاف رہتا ہو اور اتفاق نہ ہوتا ہو تو اس تعویذ کو مشک و زعفران سے لکھ کر (اگر مشک نہ ملے تو صرف زعفران سے لکھے) دونوں (میاں بیوی) کو پلا دے چاہے کھانے میں، شربت میں، دودھ میں یا پانی میں۔ خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے دونوں کے درمیان محبت پیدا ہو جائے گی۔

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ حَتّٰی وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ اَلْمَحَبَّةَ فِیْمَا بَیْنَ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَفُلَانَةَ بِنْتِ فُلَانَةَ۔

## برائے تسخیر مطلوب:

اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھے اور درمیان میں آیت سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا کُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ پڑھ کر کسی پھل پر دم کر کے مطلوب کو کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب مطیع ہوگا۔

marfat.com

## مرد کو عورت کا تابعدار بنانا:

اگر عورت اپنے خاوند کو اپنا تابعدار اور اپنی محبت میں گرفتار رکھنا چاہے تو وہ یہ عمل کرے۔ دو کاغذ کے ٹکڑوں پر یہ عبارت کچی کالی روشنائی یا زعفران سے لکھوائے۔ ایک ٹکڑا لپیٹ کر موم جامہ کر کے اپنے بائیں بازو پر باندھے (اگر مرد ہے تو اپنے دائیں بازو پر باندھے) اور دوسرا کاغذ کا ٹکڑا جس پر عبارت لکھی ہے اس کو دھو کر کسی شربت یا دودھ میں دھو کر پلائے ایک دوسرے میں مرتے وقت تک محبت الفت برقرار رہے گی۔

وہ عبارت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَزَسْتُ عَلَيْكَ بِقُدْرَةِ الفِيْلِ وَبِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ مُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ مُوْسٰى كَلِيْمُ اللّٰهِ وَبِحُرْمَةِ رُوْحُ اللّٰهِ فَلَانٍ عَلٰى حُبِّ فُلَانَةِ بِنْتِ فُلَانَةِ۔

## خاوند کو مطیع کرنا:

اس آیت شریفہ کو بارہ مرتبہ سفید شکر و چینی پر پڑھ کر اپنے خاوند کو کھلائے۔ شوہر محبت کا دم بھرنے لگے گا۔ اپنی بیوی کے علاوہ کسی دوسرے کا نام نہ لے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝

## خاوند کو تابع فرمان کرنا:

یہ تعویذ جو عورت موم جامہ کر کے اپنے بائیں بازو پر باندھے گی خاوند اس کا تابع فرمان رہے گا۔ ور اگر مرد اپنے دائیں بازو پر باندھے تو عورت مطیع ہو:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ بِحَقِّ مُوْسٰى بِحَقِّ دَاوٗدَ وَمُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَبِحَقِّ جِبْرَائِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَائِيْلَ۔

جس کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا ہو اس کے پاؤں کے نیچے کی مٹی لے کر گیارہ مرتبہ پڑھے اور اس مٹی پر پھونکے پھر وہ اس پر ڈال دے انشاء اللہ العزیز محبت کرنے لگے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم بِحَقِّ شَمْعِتُشَا الَّذِىْ يُقَلِّبُ الشَّمْسَ مِنَ الْمَغْرِبِ اِلَى الْمَشْرِقِ۔

marfat.com

## مطیع کرنے کے لیے:

زعفران اور کالی مرچ ایک ایک ماشہ لے کر دو ٹکڑے سیسے پر جو رانگ کی قسم کا ہوتا ہے پانی ڈال کر دونوں کو گھسے اور کاغذ پر سات جگہ یا اللہ اور سات جگہ یا رحمان لکھ کر یہ عبارت لکھے:

لَئِنْ قَلْبُ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَهُ الرَّافَةَ وَالرَّحْمَةَ وَالْحَنَانَ وَالْقُبُوْلَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ كَذٰلِكَ يَا تِيْ فُلَانٌ بْنُ فُلَانَةٍ خَاضِعًا ذَلِيْلًا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝

پھر جس کو مطیع کرنا ہو اس کے سر پر سات بار پھیرے سوتے میں یا جاگتے میں اور اگر وہ شخص ایسا ہے کہ اس کے پاس جانا ممکن نہیں تب دور ہی سے کہ جس طرح کوئی شخص طالب اپنے مطلوب کو دیکھتا ہو اور وہ اس کو نہ دیکھتا ہو تو سات مرتبہ اس کو پھیرا دے (گھمادے) اور ہر مرتبہ اللہ اکبر کہے اور پھر وہ کاغذ اپنے پاس رکھے۔ مطلوب پیچھے پیچھے آئے گا اور اس عمل کو جمعرات کو آفتاب نکلتے ہی لکھنا ہے۔

تنبیہ: صرف جائز مقصد کے لیے کرے ناجائز کے لیے کرے گا تو نقصان اٹھائے گا۔

☆ اتوار کی رات (ہفتہ کے دن کے بعد جو رات آتی ہے) یا بدھ کی رات (منگل کے دن کے بعد جو رات آتی ہے) کو وضو کر کے دو رکعت نماز نفل پڑھے بعد سورۃ فاتحہ کے دونوں رکعت میں اکیس اکیس مرتبہ یہ آیت پڑھے: لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾

بعد سلام پھیرنے کے بیس مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر سجدہ میں جا کر یَا رَحِیْمُ میری حاجت آسان کر فلاں بن فلاں (یا فلانۃ بنت فلانۃ) کو مجھ پر مہربان فرما اور میرا تابع فرمان فرما۔ بِحَقِّ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ۔

فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب کا نام اور اس کے والد کا نام لے یا عورت ہونے کی صورت میں مطلوبہ

marfat.com

نام اور اس کی والدہ کا نام لے۔

☆انا انزلناہ (مکمل سورۃ) ۲۱ دانہ بنولہ پر ایک ایک مرتبہ فی دانہ پڑھ کر آگ میں جلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں مطلب پورا ہوگا۔

## اہل خانہ اور تسخیر عام کے لیے:

إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنَىٰ مِن ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِينَ مَعَكَ ۚ وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ

اس آیت شریفہ کو تین دن تک روزانہ پڑھے مخلوق خدا مہربان ہوگی اور اگر اس آیت کو اکتالیس بار شرینی پر دم کر کے کھلا دے تو انشاءاللہ تعالیٰ میاں بیوی میں بے انتہا محبت ہوگی۔

## افسر کے پاس جاتے وقت:

كٓهيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا سیدھے ہاتھ کی چھنگلی انگلی سے بند کرنا شروع کرے اور انگوٹھے پر ختم کرے اور حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا بائیں ہاتھ کی چھنگلی سے بند کرے اور افسر کے سامنے جا کر مٹھی کھول دے۔ انشاء اللہ افسر مہربان ہوگا۔

## برائے حب زوجین:

اس آیت شریفہ کو بارہ مرتبہ سفید شکر گڑ (مٹھائی) پر پڑھ کر اپنے خاوند کو کھلائے وہ محبت کا دم بھرنے لگے گا اور اپنی بیوی کے علاوہ دوسرے کا نام نہ لے گا۔ وہ آیت یہ ہے: بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
وَجَعَلْنَا مِن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ۝
(یٰسٓ آیت ۹)

## زوجین میں محبت کا عمل:

جس طرف سے زیادتی ہو چاہے خاوند ہو یا بیوی اس کے نام کے اعداد نکال کر اس کے موافق پڑھیں: یَا جَامِعُ عدد میں کمی زیادتی نہ ہو۔

## حسب منشا شادی کرنے کے لیے:

چاروں نمازوں کے بعد ۳۳ مرتبہ اور عشاء کے بعد ۳۳۳ مرتبہ اول آخر درود شریف:

إِنَّمَا أَشْكُو بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللَّهِ

marfat.com

تا حصول مقصد پڑھنا ضروری ہے بے حد اکسیر ہے لیکن شرط یہ ہے کہ وظیفہ پڑھنے کے بعد اس طرح دعا کرے یا اللہ میرا کام فلاں جگہ کر دے اگر میرے دین و دنیا کے لیے مفید ہے تو اس جگہ کر دے ورنہ جہاں تیری رضا ہو وہاں مجھے منظور ہے ان شاء اللہ چند دنوں میں ہی کامیابی نصیب ہوگی۔

## حکام وسلاطین کو راضی کرنے کیلئے:

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بعد از نماز عشاء تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے نماز کے بعد عمل پڑھنے سے پہلے اور عمل پڑھنے کے بعد کسی سے کلام نہ کرے حاکم مہربان ہوگا اور اس کا مقصد پورا ہوگا۔

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی بیوی، بہن، بھائی، والد، والدہ اس سے خوش ہو جائیں اور محبت کرنے لگیں تو چاہئے کہ اول اکیس بار درود شریف پڑھے درمیان میں یہ الفاظ پڑھے تین سو بار:

یَا قَابِضُ اِقْبِضْ ثُمَّ قَبَضْنَاهُ اِلَیْنَا قَبْضًا یَسِیْراً۔

آخر میں اکیس مرتبہ درود شریف، اکتالیس روز پابندی سے عمل کرے۔ منہ مطلوب کے گھر کی طرف کرے یا گھر میں پڑھے تو متعلقہ شخص کا تصور کر کے پڑھے۔

## اولاد کی فرمانبرداری اور ان کے دل میں والدین کی محبت:

اگر کسی شخص کی اولاد نافرمان ہو شراب پینے والی اور خلاف شرع کام کرنے والی ہو تو اس کے لیے اس لڑکے یا لڑکی کی والدہ یا اہل خانہ تین سو بار روزانہ باوضو مندرجہ ذیل کلمات پڑھے:

یَا رَؤُفُ یَا حَکِیْمُ یَا مَنَّانُ۔ اس کے بعد ساٹھ بار یہ اسم پڑھے: "یَا بَرُّ"

## مخلوق خدا محبت کرے اور کہنا مانے:

یہ عمل تسخیر مخلوق کا ہے اس عمل کا کرنے والا لوگوں کی نگاہ میں محبوب اور باعزت بن جاتا ہے اور لوگ اس کی اطاعت کرتے ہیں۔ یہ عمل تبلیغ اور دعوت کا کام کرنے والوں کے لیے ضروری ہے تاکہ مخلوق خدا اس کی بات سنے اور اس کی بات پر عمل کرے عمل یہ ہے:

روزانہ بلا ناغہ یہ عمل کرے باوضو اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر تین سو تیرہ بارہ سورۃ اخلاص پڑھے اور آخر میں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

اگر کسی عورت کا شوہر یا اولاد مخالف یا ناراض ہوں تو ان کو موافق یا راضی کرنے کے لیے اول پانچ

marfat.com

مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سات بار یہ آیت پڑھے آخر میں پانچ مرتبہ درود شریف پڑھے اور شکر یا نمک پر دم کر کے مطلوب کو کھلا دے اگر ایک مرتبہ کرنے سے حاصل نہ ہو تو بار بار کرے ان شاء اللہ تعالیٰ شوہر یا اولاد مخالفت سے باز آ جائیں گے اور ناراضگی ختم ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے:

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ط لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ط اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ

## ہر ملاقاتی سے خیر آنے کے لیے وظیفہ:

جو شخص صبح کو یہ دعا پڑھے جو بھی اس کا ملاقاتی آئے گا اس کے حق میں خیر ہوگا:

اَللّٰهُمَّ اَنَّ مَنْ يَّدْخُلُ عَلَيْنَا فِي هٰذَا الْيَوْمِ اِنْ كَانَ خَيْرًا فِيْ حَقِّنَا فَاَدْخِلْهُ وَاِنْ كَانَ فِيْ حَقِّنَا شَرًّا فَاَصْرِفْهُ عَنِّيْ۔

## واسطے زبان بندی:

جس وقت دربار میں یا کسی حاکم کے دفتر میں کسی بزرگ کے پاس کسی حاجت کے لیے جائے تو اس اسم کو تین بار پڑھ کر اپنے بدن پر دم کر کے جاوے۔ دیکھتے ہی مہربان ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِزْبَا نَشْ خَصَاءِ كَلِيْمُ اللّٰهِ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰهِ بِحَقِّ يَا رَحْمَانُ يَا رَحْمَانُ يَا رَحْمَانُ يَا رَحْمَانُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ۔

☆ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ

سات مرتبہ پڑھ کر شرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے انشاء اللہ مسخر ہوگا۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ ☆ محبت کے لیے مندرجہ ذیل کلمات باوضو چالیس بار پڑھ کر شربت یا کسی میوہ پر دم کر کے مطلوب کو کھلاوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ محبت پیدا ہو جائے گی۔ صرف جائز مقصد کے لیے کرے ناجائز مقصد کے لیے کرے گا تو کامیاب نہ ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

يَا سَيِّدِيْ يَا سَيِّدِيْ يَا سَيِّدِيْ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ الْمَوَدَّةَ وَالْمَحَبَّةَ بَيْنَ فُلَانِ بِنْتِ فُلَانٍ وَ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ كَمَا بَيْنَ مُحَمَّدٍ وَ عَائِشَةَ وَكَمَا بَيْنَ اٰدَمَ وَحَوَّاءَ كَمَا بَيْنَ اِبْرَاهِيْمَ وَ سَارَةَ وَ كَمَا بَيْنَ عَلِيٍّ وَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ بِحَقِّ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ

marfat.com

اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ بِحَقِّ الرَّحْمَانِ عَلَّمَ الْقُرْآنَ بِحَقِّ اِسْمُ الْاَعْظَمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ☆مندرجہ ذیل آیت بعد نماز عشاء ۱۰۹ مرتبہ پڑھے۔اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف۔ چالیس روز مسلسل بلا ناغہ پڑھے۔ بوقت ضرورت ۴۷ مرتبہ کسی بھی چیز پر پڑھ کر پھونکے اور مطلوب کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مسخر ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ

## کشف قلوب:

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ عالم میں جو بات ہونے والی ہو اس کے لیے مجھے علم ہو جائے تو اسے چاہیے کہ ہر نماز کے بعد بصد خشوع ایک تسبیح (۱۰۰ مرتبہ) اسم ذات اللہ کی پڑھ لیا کرے چند روز کے بعد کشف قلوب ہونے لگتا ہے۔ مثلاً کسی شخص نے کوئی بات زبان سے نکالی دل میں وہ بات آ گئی وہی بات ظہور میں آئے گی اس کے خلاف نہ ہوگا۔ یا فلاں شخص ملازمت کی تلاش کر رہا ہے ہوگا یا نہیں دل میں خود بخود آ جائے گا۔ اگر اس نے مداومت کر لی تو وہ درجہ حاصل ہو جائے گا جو پیروں کے پاس جانے سے ہوتا ہے کہ آپ پہنچے اور ان کے ذہن میں بات آ گئی کہ یہ فلاں غرض کے واسطے آیا ہے۔ رفتہ رفتہ نوبت یہاں تک پہنچے گی کہ جو بات زبان سے نکلے گی وہ ہو کر رہے گی اتنا خیال رہے کہ خواہشات نفسانی اور تکبر و غرور سے دور رہیں۔

## عمل برائے تسخیر عام وخاص:

اس عمل کی بدولت حکیم، ڈاکٹر، وکیل، دوکاندار اور دیگر جملہ کاروباری لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

عمل یہ ہے:

اول سورہ رحمان خوب اچھی طرح یاد کر لیں اور روزانہ صبح جب سورج نکلے اور ایک نیزہ بلند ہو جائے تو سورج کی طرف منہ کر کے سورۂ رحمان پڑھنا شروع کریں۔ جب آیت فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر آئیں تو دائیں ہاتھ کی کلمہ والی انگلی سے سورج کی طرف ایک اشارہ کر دیں۔

اسی طرح ہر مرتبہ فبای الاء ربکما تکذبان پر انگلی سے اشارہ کر دیا کریں یہاں تک کہ سورۃ ختم ہو جائے۔

یہ عمل چالیس دن تک کریں بعد ختم چلہ روزانہ ایک مرتبہ سورۂ رحمان پڑھتے رہیں۔ یہ عمل روزانہ پانچ منٹ کا ہے ایک ہفتہ کے بعد آمد مخلوق شروع ہو جاتی ہے لیکن یہ زکوٰۃ ہے آپ التفات نہ کریں اور آنے والوں کو کمال اخلاق سے بٹھایا کریں اور خوش مزاجی سے پیش آئیں۔

marfat.com

ایک چلّہ میں عام مخلوق کی آمد دوسرے چلہ میں خاص لوگوں کی آمد تیسرے چلہ میں رئیسوں کی آمد چوتھے چلّہ میں رات دن مخلوق کا ہجوم لگا رہتا ہے۔ اگر تجارتی کاروبار ہے سب خریداری کریں گے۔ اور ہر شخص دکان کی طرف خود بخود کھنچ کر آئے گا۔ عجیب وغریب صفات کا یہ عمل ہے اگر کسی حاکم یا افسر کے پاس جانا ہے تو ایک بار سورۂ رحمان پڑھ کر جائیں اگر زیادہ وقت نہ ملے تو تین بار فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پڑھ لیا کریں پھر سلام کریں افسر کمال اخلاق سے پیش آئے گا۔ انشاءاللہ۔

☆ جس عورت کا خاوند ناراض ہو اس آیت کو شرینی پر ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے شوہر کو کھلائے۔ مطیع ہو جائے گا۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ○ (سورۃ البقرہ آیت ۱۶۵)

## نافرمان اولاد کو مطیع کرنا

جس شخص کی اولاد نافرمان ہو وہ اس آیت کو ہر نماز کے بعد پڑھا کرے پڑھتے وقت ذُرِّيَّتِىْ کے لفظ پر اپنی اولاد کا خیال کرے:

رَبِّ اَصْلِحْ لِىْ فِىْ ذُرِّيَّتِىْ ۚ اِنِّىْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّىْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ○

(سورۃ الاحقاف ۱۵)

## دفع قساوت قلب:

اگر کسی شخص کا دل سخت ہو جائے۔ مزاج بگڑ جائے اور گھر والوں کو پریشان کرنے لگے تو ایک کوری پاک ٹھیکری پر آس کی لکڑی سے اس شخص کا نام لکھیں اور قدرے شہد جس کو آنچ نہ لگی ہو ذرا سا انگوری سرکہ ان دونوں کو ملا کر یہ آیت اس کے نام کے گرد لکھ دیں اور اس ٹھیکری کو کنویں یا نہر میں ڈال دیں جس کا پانی وہ آدمی پیتا ہو۔

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ سے عَمَّا تَعْمَلُوْنَ تک (سورہ بقرہ ۷۴)

## ظالم کو مسلوب الفہم کرنا:

جو شخص اپنی ذہانت سے ظلم کے طریقے ایجاد کر کے تکلیف دیتا ہو اس کو مسلوب الفہم کرنا ہو تو یہ آیت شنبہ (ہفتہ) کے دن کسی مٹھائی پر لکھ کر اس کو کھلا دیں:

marfat.com

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاُشْرِبُوْا فِىْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ

## تسخیر کے لیے:

تسخیر کے لیے اس دعائے مبارک کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور ہر نماز کے بعد خصوصاً بعد نماز فجر تین مرتبہ پڑھا کریں جو شخص دیکھے گا محبت کرنے لگے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا وَدُوْدُ اَنْتَ الَّذِىْ اَعْلَنْتَ سِرَّ الْحُبِّ وَالْمَوَدَّةِ فِىْ قُلُوْبِ الْاَبْرَارِ وَاَنْتَ الَّذِىْ اَكْمَلْتَ اللَّذَّاتِ لِطَالِبِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔

## برائے حب و تسخیر خلائق:

قطب کی طرف منہ کر کے اس طرح کھڑے ہو کر پڑھیں کہ دایاں پاؤں بائیں پر رکھا ہو اور سفید موٹھ کے گیارہ دانے لے کر ہر دانہ پر یہ آیت:

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ پڑھیں اور یہ دانے مٹی کی کلھیا میں رکھ کر کوری مٹی یا آٹے سے بند کر کے اپنے گھر میں دفن کر دیں پھر سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب حضور کو پہنچائیں اور آیت کو جس قدر ہو سکے پڑھتے رہیں تسخیر خلائق کے لیے عجب عمل ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں: يَا لَطِيْفُ يَا وَدُوْدُ۔

## محبت اور تسخیر کا عمل:

آیت ذیل باوضو قطب کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو کر اس طرح کہ سیدھا پاؤں بائیں پاؤں کی پشت پر رکھا ہو پڑھے۔ سفید موٹھ گیارہ عدد کے لے کر (سب موٹھ سفید اور ایک ہی رنگ کے ہوں) ہر دانے پر گیارہ بار یہ آیت پڑھ کر پھونک مارے (دم کرے) اور ان کو مٹی کی ھنڈیا میں ڈال کر چپنی سے ہنڈیا کا منہ بند کر کے اپنے مکان میں دفن کرے۔ اور آیت ذیل کو سوا لاکھ بار پڑھ کر اس کا ثواب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پاک کو بخشے اس کے بعد روزانہ ایک مقرر تعداد کے (یعنی ۲۱، ۱۱ یا ۷ بار) مطابق پڑھ لیا کرے۔ وہ آیت یہ ہے: وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا۔
یہ عمل تسخیر خلائق کے لیے ہے لوگوں کی طرف سے کھانے لباس یا کوئی تحفہ تحائف ملے تو اس کو جمع کر

marfat.com

کے نہ رکھے بلکہ غرباء اور اہل حاجت میں تقسیم کرے اسی طرح اگر روزانہ اسم شریف " يَا مُغْنِيَ يَا بَاسِطُ" گیارہ سو گیارہ بار یعنی ایک ہزار ایک سو گیارہ بار روزانہ پابندی کے ساتھ پڑھ لیا کرے تو بہتر ہے۔ ان شاء اللہ عزت اور روزی میں ترقی ہوگی۔

## میاں بیوی میں محبت:

جو مرد و عورت یعنی میاں بیوی ہر وقت لڑتے رہتے ہوں ان کے لیے میٹھی چیز پر سات مرتبہ باوضو پڑھ کر دم کر کے دونوں کو کھلا دیں انشاء اللہ دونوں کی لڑائی ختم ہو جائے گی۔

اول آخر سات مرتبہ درود شریف۔

فِيهِ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَّقَامُ إِبْرَاهِيمَ ۖ وَمَن دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا ۗ وَلِلَّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا ۚ وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ (سورۃ آل عمران)

## دیگر نافرمان کے لیے:

اگر کسی شخص کی بیوی یا اولاد نافرمان ہو اور وہ انہیں تابعدار کرنا چاہے وہ اکیس روز تک عشاء کی نماز کے بعد ۵۰۵ مرتبہ اس آیت کو پڑھے: وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا (سورۃ الفرقان ۷۴)

## برائے اطاعت والدین یا آقا:

اگر کسی کا لڑکا یا نوکر ملازم شرارت کرتا ہو بھاگ جاتا ہو والدین یا آقا کی اطاعت نہ کرتا ہو ایسے نافرمان کو مطیع کرنا منظور ہو تو اس آیت کریمہ کو تین سو تیرہ دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلا دے یا کسی چیز پر دم کر کے کھلا دے یا لکھ کر بطور تعویذ گلے میں ڈالے مجرب ہے۔

وَإِذْ أَخَذْنَا مِنَ النَّبِيِّينَ مِيثَاقَهُمْ وَمِنكَ وَمِن نُّوحٍ وَإِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۖ وَأَخَذْنَا مِنْهُم مِّيثَاقًا غَلِيظًا ۝ لِّيَسْأَلَ الصَّادِقِينَ عَن صِدْقِهِمْ ۚ وَأَعَدَّ لِلْكَافِرِينَ عَذَابًا أَلِيمًا
(سورۃ الاحزاب ۷، ۸)

## حکام و افسران کی خوشنودی کے لیے:

جس شخص کو یہ منظور ہو کہ کوئی حاکم اعلیٰ و ادنیٰ مجھ سے ناراض نہ ہو اور ہمیشہ اس کی زبان میری زبان ہو

marfat.com

اور ہر وقت اس کی تعریف میں رطب اللسان رہے پس کیسا ہی حاکم جابر و قاہر ہو مہربانی سے پیش آئے اس دعا کو بہت چھوٹے سے پرچہ کاغذ پر لکھ کر اوپر سے موم ذرا سا لپیٹے تاکہ کاغذ منہ کے تھوک سے گھل نہ جائے جب حاکم وغیرہ کے پاس جائے زبان وغیرہ کے نیچے رکھ لیا کرے دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا غَنِيُّ مِنَ الْقُرْآنِ۔

انشاءاللہ حاکم مطیع وفرمان بردار ہوگا۔

## عزت و بزرگی کے لیے:

جب کسی شخص کی یہ تمنا ہو کہ جہاں کہیں اور جس جگہ کسی کے پاس جاؤں میری آبرو اور عزت بڑھے تو اس کو چاہیے کہ بعد نماز فجر کلمہ شریف لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ دس مرتبہ اور بیس مرتبہ بعد نماز ظہر اور تیس مرتبہ بعد نماز عصر اور چالیس مرتبہ بعد نماز مغرب اور پچاس مرتبہ بعد نماز عشاء اور بعد وتر ساٹھ مرتبہ پڑھتا رہے اور جمعرات کے دن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایصال ثواب کے لیے کھانا کسی غریب کو کھلا دے عزت و آبرو کے علاوہ موت کے وقت بھی فرشتہ آسانی سے روح قبض کرے گا۔

## راہ راست پر لانے والا عمل:

جو بچہ شرارتی ہو یا برائیوں میں مبتلا ہو یا جو نوجوان گمراہی اور گناہوں میں مبتلا ہو اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر توجہ سے سات مرتبہ یہ آیت شریفہ پڑھیں انشاءاللہ تاثیر دیکھیں گے۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ۝

## محبت قلب سے نکالنے کا عمل:

جس شخص کا دل کسی عورت کے متعلق ہو اور اس سے نکاح کرنے پر قدرت نہ ہو سکے اور یہ چاہے کہ اس سے تسلی ہو اور اس کو بھول جائے تو ان حروف کو ہتھیلی پر لکھ کر نہار منہ چاٹ لے یا برتن میں لکھ کر پی لے، تین دن اسی طرح کرے اس کو بھول جائے گا۔ ا ب ق ا ل ہ و ل د ر ک م ہ

پھر یہ آیت پڑھے۔

وَقِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسٰكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا (جاثیہ ۲۶) وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ۝ وَلَقَدْ عَهِدْنَاۤ اِلٰۤى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ وَ لَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا۝ كذلك ينسى فلان بن فلان

marfat.com

باب ۱۳

# عداوت، جدائی، بغض، حسد کا علاج

## (ان وظائف میں اجازت لینا ضروری ہے!)

### برائے عداوت ونفاق

جن لوگوں میں عداوت کرانی ہے ان کے سر کے بال لے اور زرد سرسوں لے اور دونوں چیزوں پر اکیس مرتبہ سورۂ لہب پڑھ کر دم کرے اور ہر مرتبہ پڑھنے کے ساتھ ساتھ یہ کہتا جائے کہ فلاں بن فلاں اور فلاں بن فلاں میں عداوت وجدائی ہو جائے ان دونوں چیزوں کو کسی جگہ بھی جلا دے، دونوں میں ضرور لڑائی ہو جائے گی۔

تنبیہ: شرط یہ ہے کہ ناجائز محبت کو چھڑانے کے لیے یا دو دشمنوں میں نفاق پیدا کرنے کے لیے کرے اگر میاں بیوی یا خاندان کے لوگوں میں تفریق ڈالنے کے لیے کرے گا تو سخت گنہگار ہوگا اور اس عمل کے وبال میں گرفتار ہوگا۔

### برائے جدائی:

سات (روئی کے ساتھ لگے ہوتے ہیں حکیم کی دکان پر ملتے ہیں) لے کر ہر دانہ پر سات سات مرتبہ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ (سورۂ زلزال میں ہے) پڑھ کر ہر مرتبہ دم کرے اور کہے فلاں بن فلاں میں لڑائی اور جدائی ہو جائے اور آگ میں جلا دے۔

### برائے عداوت:

سورۂ کوثر (پ ۳۰) آک کے سات پتوں پر لکھے اور نام دونوں اشخاص معہ والدہ لکھے اور آگ میں ڈالے بحکم خدا دشمنی پیدا ہوگی۔

تنبیہ: صرف جانی دشمنوں میں عداوت پیدا کرنے کے لیے کرے یا ناجائز دوستی کو ختم کرنے کے لیے کرے تو صحیح ہے ورنہ بلاوجہ بھائیوں میں دشمنی پیدا کرے گا تو سخت گنہگار ہوگا، دنیا اور آخرت میں نقصان ہوگا۔

### ظالم کے دل میں ہیبت:

اگر کسی شخص کا واسطہ کسی ظالم سے پڑ گیا ہو تو اس ظالم کے سامنے پچاس مرتبہ بسم اللہ الرحمان الرحیم

marfat.com

پڑھ لے ظالم کے دل میں خوف پیدا ہوگا اور انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

**واسطے دفع حسد حاسد:**

بعد نماز صبح و بعد نماز مغرب اول و آخر درود شریف گیارہ بار اور یَا مُذِلُّ ستر بار پڑھے اور دعا کرے انشاء اللہ حاسد دفع ہوگا۔

**دو اشخاص میں جدائی ڈالنا (سورۃ القارعہ کا عمل):**

اگر دو اشخاص میں جدائی کرنا مقصود ہو تو سورۃ القارعہ کو ایک کچی اینٹ پر سیاہی سے لکھیں اور دریا میں ڈالیں یہ عمل سات روز تک برابر کریں انشاء اللہ اسی ہفتہ میں کامیابی ہوگی سورۃ مبارکہ کے نیچے یہ عبارت بھی لکھیں:

اَلْبُغْضُ وَالنِّفَاقُ وَالْعَدَاوَةُ بَيْنَ فُلَانٍ وَ فُلَانٍ وَفُلَانِ بْنِ فُلَانٍ۔

**دو شخصوں کے درمیان جدائی ڈالنا:**

اگر دو شخصوں میں جدائی ڈالنا منظور ہو تو اس آیت مبارک کو کاغذ پر لکھ کر دونوں میں سے ایک کے تکیے میں رکھے انشاء اللہ فوراً جدائی ہوگی:

يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ۙ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ۙ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ۙ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ۙ (سورعبس ۳۴، ۳۷)

**عمل تفریق (جدائی):**

اگر دو افراد میں ناجائز دوستی و محبت ہو اور اسے ختم کرنا ہو تو اس کے لیے اتوار کے دن سے بعد نماز ظہر قبلہ رو (قبلہ کی طرف منہ کر کے سورۃ لہب مکمل اور آیت ذیل اکتالیس اکتالیس بار پڑھ کر بتصور تفریق (جدائی) ہر دو نام بمعہ والد و والدہ کے اگلی اتوار تک متواتر پڑھیں انشاء اللہ تفریق واقع ہوگی۔ مرد ہو اس کے والد کا نام عورت ہو اس کی والدہ کا نام لے کر تفریق کا تصور کرے۔ سورۃ لہب اور وہ آیت یہ ہیں۔ سورۃ لہب سے قبل بسم اللہ الرحمان الرحیم نہ پڑھے۔ سورۃ لہب پارہ نمبر ۳۰ میں ہے اور وہ آیت یہ ہے:

وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

marfat.com

باب ۱۴

# کان کے امراض

## کان کے درد کا علاج:

جس کے کان میں درد ہو یہ آیت کریمہ پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ العزیز شفا ہوگی مجرب ہے۔

كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ○ (سورۃ لقمان ۷)

جس کے کان میں شدید درد ہو اسم الٰہی "یَا سَمِیْعُ" اکیس بار پڑھ کر اس کے کان میں دم کریں انشاء اللہ العزیز فائدہ ہوگا۔

اگر کسی کے کان میں درد ہو تو یہ آیت سرسوں کے تیل پر پڑھ کر کان میں ٹپکایا جائے انشاء اللہ العزیز درد جاتا رہے گا:

اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ○ (سورۃ بنیاسرائیل ۳۶)

سورۂ فاتحہ پاک برتن میں لکھ کر روغن گل سے دھولیں اور کان میں قطرے ٹپکائیں انشاء اللہ العزیز کان کا درد ختم ہو جائے گا۔ درج ذیل آیت قلعی شدہ تانبے کی طشتری پر عرق گندنا سے لکھ کر شہد سے دھولیں اور وہ آگ پر پکایا جائے اور نیم گرم مریض کے کان میں ڈالا جائے انشاء اللہ العزیز درد جاتا رہے گا مجرب ہے۔

قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ○

(سورۃ یونس ۳۱)

## کان بجنے (یعنی اس میں گونج) کا علاج:

کان میں گونج پیدا ہو جائے تو سورۃ الاعلیٰ (پ ۳۰) پڑھ کر اس پر دم کرنے سے انشاء اللہ العزیز شفا ہو جائے گی۔ اگر کسی کے کان بجتے ہوں تو یہ آیت پڑھ کر دم کریں یا روغن گل پر دم کر کے کان میں ٹپکائیں انشاء اللہ العزیز کان کا بجنا بند ہو جائے گا:

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۖ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۚ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚ وَمَثَلُهُمْ

marfat.com

فِی الْاِنْجِیْلِ ۚ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْئَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝

(سورۃ الفتح ۲۹)

کان بہنے کا علاج: اگر کسی کا کان بہتا ہو تو سورۃ الاعلیٰ (پ ۳۰) تین مرتبہ پڑھ کر کان میں دم کیا جائے۔ بہنے والے کان پر ہاتھ رکھ کر سورۃ حشر (۲۸) کی یہ آیت پڑھی جائیں انشاء اللہ تعالیٰ کان بہنا بند ہو جائے گا۔ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾

(سورۃ الحشر آیت ۲۱ تا ۲۴)

بہرے پن کا علاج: اگر کوئی شخص اونچا سنتا ہو تو یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے:

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ (سورۃ الاعراف ۲۰۴

(اس آیت کو روغن مالکنگنی پہ دم کر کے کان میں ٹپکائیں)

## ورم الاذن (کان کی سوجن ورم):

سورۂ مائدہ (پ ۷) کی آیت ہذا سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں:

وَاِذَا سَمِعُوْا مَاۤ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰۤى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ (آیت ۸۳)

اسی آیت کو چینی کی رکابی پر لکھ کر روغن چنبیلی سے دھوئیں اور تیل کو کان میں ٹپکائیں۔

تجربہ: یہ عمل مجرب ہے کہ اگر کان چھدوانا مقصود ہو تو (پ ۲۵) سورۂ زخرف کی آیت اَمْ اَبْرَمُوْۤا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ سات مرتبہ پڑھ کر چھدوائیں ان شاء اللہ درد محسوس نہ ہوگا۔

marfat.com

باب ۱۵

# بخار

## بخار کا علاج:

حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ بخار کے لیے یہ لکھ کر مریض کو بندھواتے تھے:

يُرِيدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ○ اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَ عَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۝ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ؕ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰۤى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ۝

بخار اور تمام امراض و دردوں کے لیے ایک پاک برتن میں سیاہی سے لکھ کر اس کنویں کے پانی سے جس پر دھوپ نہ آتی ہو دھو کر تین گھونٹ مریض کو پلائے اور درد کی شدت کے وقت بقیہ اس کی پر چھڑک دیں۔ تین دن اس طرح کریں۔

حضرت شاہ عبدالعزیز رحمتہ اللہ اور حضرت شاہ اسحاق رحمہ اللہ دفع بخار کے واسطے گلے میں باندھنے کے لیے یہ لکھ دیتے تھے:

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤى اِبْرٰهِيْمَ ۙ○

اور بیماری کے دفع کے لیے یہ پینے کو دیتے:

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ (سورۃ یٰسین)

الحمد شریف چالیس بار پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں بخار دفع ہو جائے گا پانی کے چھینٹے مریض کے منہ پر ماریں۔ انشاءاللہ۔

سورۃ عنکبوت (پ ۲۰) لکھ کر دھو کر مریض کو پلائیں تپ گرم لرزہ اور تمام تکلیفیں انشاء اللہ العزیز پر جاتی رہیں گی۔

جس کو ہمیشہ بخار رہتا ہو سورۃ والّیل (پ ۳۰) لکھ کر دھو کر پیئے انشاء اللہ العزیز اچھا ہو جائے گا۔

وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝

صبح و شام پڑھ کر بخار والے پر دم کریں انشاء اللہ شفا ہو گی۔

marfat.com

**بخار تپہ کا علاج:**

سورہ الم نشرح اس دعا کے بعد لکھے اور پانی سے دھو کر تین مرتبہ نہار منہ مریض کو پلائیں:

بِسْمِ اللّٰهِ شَافِیْ بِسْمِ اللّٰهِ الْمُعَافِیْ بِسْمِ اللّٰهِ خَیْرِ الْاَسْمَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ بِیَدِهِ الشِّفَاءُ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ o

**گرمی کا بخار اور اس کا علاج:**

اگر کسی شخص کو گرمی سے بخار آتا ہو تو اس آیت کو پڑھ کر دم کریں یا پلیٹ پر لکھ پانی سے دھو کر پلائیں انشاء اللہ العزیز صحت ہوگی۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ o

(سورۃ الاعراف ۲۰۱)

جس کو گرمی سے بخار آتا ہو اس آیت کو لکھ کر تعویذ بنا کر اس کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ بخار جاتا رہے گا:

قُلْنَا یٰنَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ o

مایوس العلاج اور تپ دق اور ٹھہرے ہوئے بخار کے لیے باوضو ہو کر مٹی کے کورے برتن (ہانڈی یا مٹکے) میں تازہ پانی بھر کر سورۃ فاتحہ ہر دفعہ مع بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے میم کو الحمد کے لام کے ساتھ ملا کر (یعنی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ گیارہ گیارہ مرتبہ اور قُلْنَا یٰنَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ گیارہ مرتبہ پھونکیں اور صبح طلوع شمس سے پہلے نہار منہ جتنا زیادہ سے زیادہ ممکن ہو پلائیں سارا دن اور رات اسی پانی میں سے پلائیں اگلی صبح یہی عمل از سر نو کریں پہلا باقی ماندہ پانی کسی پاک جگہ میں جہاں پاؤں نہ پڑتے ہوں گرا دیں۔ چالیس روز تک یہ عمل متواتر کیا جائے مٹی کا برتن وہی رہے گا بدلا نہ جائے گا۔

عصر کے بعد سورۃ مجادلہ (پ ۲۸) تین بار پڑھ کر مریض پر پھونکا کریں اور متواتر چالیس روز یہ عمل کریں۔ حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ میرا تجربہ ہے اس سے متعدد مایوس العلاج مریض شفایاب ہوئے ہیں۔

marfat.com

## یرقان (پیلیا):

یرقان کیلئے سورۂ قریش کا گنڈہ اس طرح بنائے کہ پہلے وضو کرے۔اس کے بعد گیارہ تار سوت کے کالے یا نیلے لے کر ان پر گیارہ گرہیں لگائے ایک مرتبہ سورۂ قریش پڑھ کر ایک ایک گرہ لگا کر اس پر دم کرے (گرہ پر پھونک مارے) اسی طرح گیارہ مرتبہ پڑھ کر گیارہ گرہ لگائے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔

## سخت بیماری سے نجات کے لیے:

کیسا ہی موذی مرض ہو یا کیسی ہی سخت بیماری ہو روزانہ اول و آخر چھ بار درود شریف درمیان میں دو سو مرتبہ روزانہ یہ کلمات پڑھے بحکم اللہ سخت سے سخت بیماری ختم ہو جائے گی اور ان شاء اللہ تعالیٰ مریض تندرست ہو جائے گا:

یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ

## برائے بخار:

اس دعا کو باوضو لکھ کر بخار والے کو پلایا جائے انشاءاللہ تعالیٰ بخار سے نجات ملے گی:

بِسْمِ اللّٰہِ اَبْرَاسُوْمَا وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِھِمْ مِنْ غِلٍّ اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰہُ عَنْکُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِیْکُمْ ضَعْفًا ط لَا شِفَاءَ اِلاَّ شِفَائُکَ یَا اَللّٰہُ شِفَاءً لَا یُغَادِرُ سُقْمًا

## بلڈ پریشر کے لیے:

مندرجہ ذیل آیتیں ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں انشاءاللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا:

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِکْرِ اللّٰہِ ط اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰی لَھُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ (سورۃ الرعد آیت ۲۸،۲۹)

## ہر طرح کی بیماری سے شفاء کے لیے:

قرآن مجید کی یہ آیتیں ہیں جن کا نام آیات شفا ہے۔ بیمار کے واسطے ان کو ایک برتن پر باوضو لکھے اور پانی سے دھو کر پلا دے انشاءاللہ تعالیٰ جلد صحت یابی ہوگی وہ آیات یہ ہیں:

وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ۝ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ۝ یَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِھَا شَرَابٌ

marfat.com

مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ o وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ o قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ

**سر درد کا ایک مسنون دم:**

سر یا جسم کے جس حصے میں درد ہو وہاں اپنا دایاں ہاتھ رکھ کر بسم اللہ الرحمان الرحیم پڑھ کر سات بار یہ دعا پڑھیں:

اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ وَسُلْطَانِهٖ وَمِنْ شَرِّ مَا اُحَاذِرُ وَمِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ

اگر اپنے اوپر دم کریں تو آخری لفظ اَجِدُ پڑھیں اگر کسی دوسرے مرد پر دم کریں تو آخری لفظ یَجِدُ پڑھیں اور اگر کسی محرم عورت پر دم کریں تو آخری لفظ تَجِدُ پڑھیں۔

تنبیہ: کسی غیر محرم عورت کو ہاتھ نہ لگائیں۔

**دردِ سر کے لیے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مجرب عمل:**

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ بنی امیہ کے بعض مکانات میں چاندی کا ایک ڈبہ پایا گیا جس پر سونے کا تالہ لگا ہوا تھا اور اس پر لکھا تھا ہر بیماری سے شفا اس ڈبے میں یہ دعا لکھی ہوئی تھی:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَانِ الرَّحِيْمِ o بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اُسْكُنْ اَيُّهَا الْوَجَعُ سَكَّنْتُكَ بِالَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمَاءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَؤُفٌ الرَّحِيْمِ o بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اُسْكُنْ اَيُّهَا لْوَجَعُ سَكَّنْتُكَ بِالَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس دعا کے بعد میں کبھی طبیب کا محتاج نہیں ہوا یہ دعا دردِ سر کے لیے مفید اور مجرب ہے۔

**دردِ سر:**

سورۃ الاعلیٰ (پ ۳۰) کی آیت سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ سات بار پڑھ کر چینی پر دم کر کے کھلایا جائے یا تعویز لکھ کر سر پر باندھا جائے۔

marfat.com

اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ۝ (سورہ علق)

ج:...... مندرجہ بالا آیت کو زعفران سے لکھ کر سر پر باندھا جائے۔

اسم باری تعالیٰ یَا قَوِیُّ ہر فرض نماز کے بعد دایاں ہاتھ سر پر رکھ کر گیارہ بار پڑھیں۔

## استقاالدماغ سر میں پانی بھر جاتا:

ا) سورۂ اخلاص (پارہ ۳۰) پڑھتا جائے اور سر پر ہاتھ پھیرتا جائے تین بار یہی عمل کیا جائے۔

ب) مرقومہ بالا طریق پر سورۃ فاتحہ (پارہ ا) کا عمل کیا جائے۔

## نسیان (بھول جانے) کا مرض:

الف) ہر فرض نماز کے بعد پارہ ۱۶ سورۃ طٰہٰ کی آیات ذیل: رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا تیرہ بار۔

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۝ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۝ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۝

گیارہ بار۔ ) سورۂ یٰسین (پارہ ۲۲) کی آیت ذیل پلیٹ پر لکھ کر لیموں کے پانی سے دھوئیں اور چینی میں حل کر کے پلائیں:

اِنَّا نَحْنُ نُحْیِ الْمَوْتٰی وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ؕ وَكُلَّ شَیْءٍ اَحْصَیْنٰهُ فِیْٓ اِمَامٍ مُّبِیْنٍ

ج) سورۃ الانشراح (پ۳۰) پوری سورت چینی کی پلیٹ پر لکھ کر ہمراہ عرق گلاب و زعفران لکھ کر اکتالیس روز تک متواتر پلائی جائے۔

د) سورۂ بقرہ پارہ اول کی درج ذیل آیت کا بعد نماز عشاء سوتے وقت گیارہ بار ورد کیا جائے:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظْلَلْنَ وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ السَّبْعِ وَمَا اَقْلَلْنَ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنَ وَمَا اَضْلَلْنَ فَاِنَّا نَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ وَخَيْرَ اَهْلِهَا وَخَيْرَ مَافِيْهَا وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ وَشَرِّ اَهْلِهَا وَشَرِّ مَافِيْهَا

ترجمہ: اے ساتوں آسمانوں کے اور جن پر وہ سایہ فگن ہیں کے رب اور ساتوں زمینوں اور جن کو وہ اٹھائے ہوئے ہیں کے رب اور شیاطین اور جن کے وہ گمراہ کیے ہوئے ہیں ان کے رب، ہم تجھ سے اس بستی کی بھلائی اور اس کے باشندوں کی بھلائی کا سوال کرتے ہیں اور اس بستی کے شر سے اور اس کے باشندوں کے شر سے اور اس میں جو کچھ ہے اس کے شر سے تیری پناہ مانگتے ہیں۔''

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَعَزُّ مِنْ خَلْقِهٖ جَمِيْعًا اَللّٰهُ اَعَزُّ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَالْمُمْسِكُ السَّمَآءِ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ مِنْ شَرِّ عَبْدِكَ فَلَانٍ وَجُنُوْدِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَللّٰهُمَّ كُنْ لِيْ جَارًا مِنْ شَرِّهِمْ جَلَّ ثَنَآئُكَ وَعَزَّ جَارُكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ

ترجمہ! اللہ سب سے بڑا ہے اللہ اپنی تمام مخلوق سے زیادہ قوی (اور غالب) ہے، اللہ اس سے بھی زیادہ قوی (اور غالب) ہے جس سے میں خائف ہوں اور ڈر رہا ہوں، میں اس اللہ کی پناہ لیتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور جس نے اپنے حکم سے آسمان کو زمین پر گرنے سے روکا ہوا ہے (اور اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں) تیرے فلاں بندے کے اور اس کی فوج ولشکر کے اور اس کے پیروں اور خدمت گزاروں کے جن ہوں یا انسان کے شر سے اے اللہ! تو ان سب کے شر سے مجھے پناہ دینے والا بن جا۔ تیری حمد و ثناء بہت بڑی ہے اور تجھ سے پناہ لینے والا (ہمیشہ) غالب ہوتا ہے اور تیرے سوا کوئی بھی قابل عبادت نہیں ہے۔''

## یا یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ اَنْ يُّفْرِطَ عَلَيْنَا اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى

ترجمہ: ''اے اللہ! ہم تجھ سے پناہ مانگتے ہیں اس سے کہ ان میں سے کوئی بھی ہم پر زیادتی

marfat.com

کرے یا ظلم کرے۔"

## یا یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِلٰهَ جِبْرَائِيْلَ وَمِيكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَاِلٰهَ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمَاعِيْلَ وَاِسْحٰقَ عَافِنِيْ وَلَا تُسَلِّطَنَّ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ عَلَيَّ بِشَيْءٍ لَا طَاقَةَ لِيْ بِهٖ

ترجمہ: اے اللہ! جبرائیل اور میکائیل اور اسرافیل کے معبود اور ابراہیم، اسماعیل، اسحاق اور کے معبود تو مجھے عافیت دے اور میرے اوپر اپنی مخلوق میں سے کسی کو بھی کسی ایسی چیز کے ساتھ مسلط نہ کر جس (کی مدافعت کرنے یا برداشت کرنے) کی مجھ میں طاقت نہیں۔"

## شیاطین وغیرہ سے خوف کے وقت کی دعا

اگر کسی شیطان (خبیث جن بھوت) وغیرہ سے خوف ہو تو یہ پڑھے:

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْكَرِيْمِ النَّافِعِ وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ وَبَرَاَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ وَمِنْ شَرِّ مَاذَرَاَ فِي الْاَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ

ترجمہ: میں پناہ لیتا ہوں اللہ کی جو بڑا ہی کرم کرنے اور نفع پہنچانے والا ہے اور اللہ کے ان تمام کلمات کی جن سے کوئی نیک یا بد باہر نہیں ہے ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی، پھیلائی اور بے مثال بنائی اور ہر اس چیز (مخلوق) کے شر سے جو آسمان سے اترتی ہے اور ہر اس چیز کے شر سے جو آسمانوں میں چڑھتی (جاتی) ہے اور ہر اس چیز (مخلوق) کے شر سے جو اللہ نے زمین میں پھیلائی ہے اور ہر اس چیز کے شر سے جو زمین سے نکلتی ہے اور رات اور دن کے فتنوں (بلاؤں) کے شر سے اور ہر رات کو پیش آنے والے (حادثہ کے شر سے، بجز اس (پیش) آنے والے (واقعہ) کے جو خیر و برکت لاتا ہے، اے بہت رحم کرنے والے (مجھ پر رحم فرما)۔"

marfat.com

باب ۲۷

# ناک کے امراض

## نزلہ وزکام کا علاج

☆ تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر نزلہ وزکام کے مریض پر دم کیا جائے۔ان شاءاللہ اچھا ہو جائے گا۔
(ک ۸۶) ☆ اَلْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْقَوِیُّ الْقَائِمُ۔

جو اس کے پتوں پر ان اسماء کو سو بار لکھ کر ان پتوں کو زیتون کے تیل میں جوش دے کر مفلوج یا نزلہ والوں کی مالش کی جائے انشاءاللہ تعالیٰ نفع ہو۔(ق ۲۸) کسی کو نزلہ کی وجہ سے چھینکیں بکثرت آتی ہوں تو گیارہ مرتبہ یہ آیت کسی کھانے کی چیز دم کر کے مریض کو کھلایا جائے۔(ک ۱۶)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِہِ الْکِتٰبَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَّہٗ عِوَجًا (کہف)

## ناک کی پھنسی کا علاج

وَیَسْـَٔلُوْنَکَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ یَنْسِفُهَا رَبِّیْ نَسْفًا ﴿۱۰۵﴾ فَیَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿۱۰۶﴾ لَّا تَرٰی فِیْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ﴿۱۰۷﴾ سیاہی سے لکھ کر روغن بنفشہ سے مٹا کر بدن پر ملے سر کے دانوں اور تمام امراض بدنی سے انشاءاللہ شفاء ہوگی۔ایک پاک برتن میں دیسی سیاہی سے سورۃ طٰہٰ کی یہ آیت لکھ کر روغن بنفشہ سے دھو کر پھنسی پر لگائے انشاءاللہ شفاء ہوگی۔

سورۃ فتح کی درج ذیل آیات باوضو گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں پھر اکیس مرتبہ پڑھ کر روغن بادام پر دم کر کے روئی کی پھریری سے ناک کے اندر لگائیں۔انشاءاللہ العزیز شفاء ہوگی۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۚ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُکَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰہِ وَرِضْوَانًا ۖ سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۚ ذٰلِکَ مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ ۚ وَمَثَلُهُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ ۚ کَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِهٖ یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ بِهِمُ الْکُفَّارَ ۗ وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا ﴿۲۹﴾
(سورۃ فتح)

## نکسیر کا علاج

☆ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ تعالیٰ مریض کی پیشانی پر یہ آیت لکھ دیتے اور وہ صحیح ہو جاتے تھے۔(طب

marfat.com

وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِىْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِىْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِىَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ☆ مریض کی پیشانی پر لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ لکھنے سے ان شاء اللہ العزیز نکسیر رک جائے گی۔ (مجربات سیوطی ﷫) ☆ نکسیر والے کے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ آیتیں پڑھو اور آخر میں یہ کہہ دو کہ اے بند ہو بحکم واحد وقہار وعزیز وجبار یا کتان کے کپڑے پر لکھ کر داہنے ہاتھ پر باندھ دیں۔ آیات یہ ہیں۔ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِىْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِىْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِىَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ

جسے نکسیر ہوا سے یہ آیت گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔ ان شاء اللہ العزیز خون آنا بند ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۗ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ ۝

لکھیں اور تعویذ بنا کر مریض کی دونوں آنکھوں کے درمیان ناک پر باندھ دیں' ان شاء اللہ العزیز شفاء ہوگی۔

# امراض بنی (ناک کی بیماریاں)

**ناک کا درد:** ا) سورۃ بنی اسرائیل (پارہ نمبر ۱۵) کی آیت ذیل کو سات بار پڑھ کر دم کریں۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا

ب) درد کی جگہ کو تھام کر یا اس پر ہاتھ رکھ کر تین بار پڑھ کر دم کریں

بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَىْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَاءِ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

نوٹ غیر محرم کو ہاتھ نہ لگائیں۔

## دائمی نزلہ

صبح وشام کی نماز کے بعد تین مرتبہ "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ" سلام کے فوراً بعد جلسہ کی حالت میں پڑھیں۔ نیز یہی عمل ناک کے درد میں بھی مفید ہے۔

marfat.com

## قروح الانف ناک کے زخم اور پھنسیاں

ا) پارہ نمبر ۲۶ سورۃ فتح کی آخری آیت مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ سے اَجْرًا عَظِيْمًا تک گیارہ بار
پڑھ کر دم کریں۔ ب) آیت مذکورہ کو روغن بادام پر سترہ بار دم کر کے ناک کے اندر لگائیں ج) بعض
اوقات خفیف سی زہریلی پھنسی ناک پر نکلتی ہے یہ بہت تکلیف دیتی ہے اس کے لیے ایک پاک چمڑے کی
پتلی سی بدھری لیکر یہ عمل پڑھیں۔

## ۲۔ بواسیر الانف ناک کی بواسیر

ا) پارہ نمبر ۱۲ سورۃ ہود کی حسب ذیل آیت سات بار پڑھ کر دم کریں۔
وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ - پارہ اوّل سورۃ
بقرہ کی حسب ذیل آیت مبارکہ ۲۱ مرتبہ پڑھ کردم کریں۔ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ
جَمِيْعًا ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ

## عطاس نزلہ وزکام کی وجہ سے چھینکوں کی کثرت

ا) سورۃ الکہف (پارہ نمبر ۱۵ کی ابتدائی آیت) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ
وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا گیارہ گیارہ بار پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کر کے مریض کو کھلائیں۔
الحمد الله علی کل حال کا ورد کیا جائے۔ ج) سورۃ فاتحہ الحمد لله شریف کو بار بار پڑھا جائے۔

## نزلہ زکام کے ازالہ کے لیے

اگر نزلہ کی وجہ سے چھینکیں بکثرت آتی ہوں تو گیارہ بار یہ آیت کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر مریض کو
کھلایا جائے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا
(سورۃ الکہف (پارہ نمبر ۱۵)

marfat.com

باب ۲۸

# متفرق لاعلاج امراض

## جمیع امراض کے لئے:

قرآن مجید کی یہ چھ آیات جو آیاتِ شفاء کہلاتی ہیں یہ جمیع امراض کا جامع علاج ہیں چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں۔ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ (التوبہ ۱۴) وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ (الیونس ۵۷) يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ (النحل ۶۹) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (الاسراء ۸۲)

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ (الشعراء ۸۰) قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ (حٰم سجدہ ۴۴)

## پھوڑا پھنسی یا ورم وغیرہ

پاک مٹی کا ثابت ڈھیلا ہو چاہے پسی ہوئی مٹی ہو لے کر یہ دعا تین بار پڑھ کر اس پر تھوکے اور اس پر تھوڑا سا پانی چھڑک کر وہ مٹی تکلیف والی جگہ کے پاس یا اس کے آس پاس دن میں دو چار بار ملا کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا يُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔

## سخت بیماری سے نجات کیلئے:

کیسا ہی موذی مرض ہو یا کیسی ہی سخت بیماری ہو روزانہ اول آخر چھ بار درود شریف درمیان میں ۲۰۰ مرتبہ روزانہ یہ کلمات پڑھے۔ بحکم رب سخت سے سخت بیماری ختم ہو جائے گی اور انشااللہ مریض تندرست ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَا حَيُّ۔

## تمام جسمانی امراض کا علاج

بارش کے پانی پر سورۃ فاتحہ ۷۰ مرتبہ آیت الکرسی ۷۰ مرتبہ، سورۃ اخلاص ۷۰ مرتبہ اور معوذتین ۷۰ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اس پانی کو پینے سے تمام جسمانی امراض دور ہو جائیں گے۔

marfat.com

### ہر قسم کے درد کیلئے

کسی بھی قسم کا درد ہو مندرجہ ذیل آیت کو باوضو سات مرتبہ پڑھ کر صبح وشام مریض پر دم کردیا کریں مریض خود بھی سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کرے تو انشاءاللہ ہر قسم کے درد سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ؕ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ○

### ہر مرض اور ہر درد کی دوا

اگر کسی کے جسم کے کسی بھی حصہ میں درد ہے تو مقام مرض یا مقام درد پر ہاتھ رکھ کر ان آیات کو تین بار پڑھ کر دم کرے اور دن میں دو بار دم کرے انشاءاللہ جلد سے جلد مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا

### ہر قسم کی بیماری یا درد سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص کے پورے جسم میں درد ہو یا پیٹ میں درد ہو یا گردے کا درد ہو یا دل میں درد ہو یا جوڑوں کا درد ہو یا کوئی دوسرا مرض ہو۔ یا مویشیوں (گھوڑا، اونٹ، بیل، گائے، بھینس، بکری وغیرہ کو کوئی تکلیف ہو تو اس آیت کریمہ کے عمل سے فی الفور شفا ہو جاتی ہے۔ آیت کریمہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ○ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ریحائی درد ہو اعصابی یا کسی دوسری قسم کا سب قسم کے دردوں سے نجات کے لئے ایک سو بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر درد کی جگہ پر دم کرے یا مریض کے ہاتھ پر دم کرے وہ مقام درد پر پھیرے تین دن تک مسلسل بلاناغہ دم کریں۔ ان شاءاللہ تعالیٰ درد سے نجات ہوگی

### مایوس العلاج مریض کی شفا کیلئے:

بعد نماز عصر باوضو تین بار سورہ المجادلہ (پارہ نمبر ۲۸) پڑھے اور ہر بار پڑھ کر مریض پر پھونک مارے اس طرح تین بار پھونک ماری جائے۔ یہ عمل متواتر بلاناغہ چالیس روز تک عمل میں لائیں انشاءاللہ تعالیٰ صحت یابی ہوگی۔

marfat.com

## بیماریوں کے علاج کے لیے ایک عجیب ونافع تحفہ

قرآن پاک کی چھ (۶) آیات جن میں شفا کا تذکرہ ہے دم کرنے' تعویذ بنا کر پلانے تعویذ بنا کر باندھنے' پانی پر دم کر کے پلانے اور بطور ورد بتانے الغرض ہر طریقے سے ہر بیماری کیلئے نفع مند ہیں۔ تعویذ بنانے کی صورت میں پہلے سورۃ فاتحہ اور آخر میں درود شریف بھی لکھ لیا جائے۔ وہ چھ آیات درج ذیل ہیں

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ (التوبہ ۱۴) وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ (الیونس ۵۷) يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ (النحل ۶۹) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (الاسراء ۸۲) وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ (الشعراء ۸۰) قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ (حم سجدہ ۴۴) ان آیات کے استعمال کے درج ذیل طریقے مفید و مجرب ہیں۔ مریض خود ان آیات کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ کوئی اور پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ پانی پر دم کر کے دیں مریض اس پانی کو سات دن پیئے۔ تعویذ بنا کر دیں اس تعویذ کو پانی میں ڈال کر وہ پانی سات دن تک پئیں۔ کم ہونے کی صورت میں پانی اور ملاتے رہیں۔ سخت ضرورت کے تحت چند دن تک تعویذ بنا کر باندھیں۔ بڑے امراض کینسر و شوگر کے لیے مشک وزعفران سے مع فاتحہ و درود شریف لکھیں مریض علی الصبح یہ پلیٹ دھو کر پی لے ۲۱ دن تک یہ عمل کریں۔

## برائے مرض لاعلاج

جمعۃ المبارک کے روز نماز عصر اور مغرب کے درمیان ان تین اسماء الحسنیٰ کا بلا تعداد ورد کیا جائے سوائے موت کے ہر بیماری اور مشکل کا شافی علاج ہے۔ یا اللہ . یا رحمن. یا رحیم .

ر) جب مایوسی کے بادل چھا جائیں' اور مرض دور نہ ہو رہا ہو تو پارہ نمبر ۱۰ سورۃ التوبہ کی آیت کریمہ ۳۰۰ سو بار اول و آخر درود شریف صبح کی نماز پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں۔ یہی عمل گیارہ روز مسلسل کیا جائے۔ فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

marfat.com

باب ۲۹

# متفرق وظائف

## سفر میں بالکل تھکن نہ ہو

اگر آپ پیدل سفر کرتے ہیں مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے ناف سے لیکر پاؤں کے پنجوں تک پھیر لیں انشاءاللہ تعالیٰ اس قدر قوت اور طاقت پیدا ہوگی کہ چلنے کا بالکل احساس نہ ہوگا اور نہ تھکن محسوس ہوگی انسان چاق وچوبند رہے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔(سُبحَانَ اللّٰہِ )(۳۳ بار) (اَلْحَمْدُلِلّٰہِ ) (۳۳ بار)(اَللّٰہُ اَکْبَرُ) (۳۴ بار)

ف: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو پودا لگاتے دیکھا تو ارشاد فرمایا "میں تمھیں بہترین پودے جو لگائے جائیں بتاؤں وہ سُبحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُلِلّٰہِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کہنا ہے ہر کلمہ پڑھنے پر جنت میں ایک درخت لگ جاتا ہے۔"

## غلبہ پریشانی اور خیالات فاسدہ سے نجات

طبیعت پر جب پریشانی اور خیالات کا غلبہ ہوا کرے تو روزہ رکھ لیا کرو اور غسل کر کے دو رکعت صلوٰۃ التوبہ پڑھ کر اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر استغفار کے بعد تین سو ساٹھ مرتبہ "یَاتَوَّابُ" پڑھ لیا کریں اور دعا مانگ کریں سات روز تک متواتر کر لیا کریں۔ طلوع آفتاب سے دوپہر تک اس کا وقت ہے۔

## غیر مسلموں کے لیے تعویذ

مسلمانوں سے عقیدت اور بیماری کی تکالیف سے بچنے کیلئے بعض اوقات غیر مسلم بھی تعویذ طلب کرتے ہیں ظاہر ہے ان کو آیاتِ قرآنی لکھا ہوا تعویذ دینا احتیاط کے خلاف ہے لہذا ان کے لیے مندرجہ ذیل تعویذ لکھ دیں۔ انشاءاللہ اس سے ان کو نفع ہوگا۔ (اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْکُفْرُ بَاطِلٌ)۔

## تعویذ برائے حفاظت

باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد دائیں بازو پر عورت بائیں بازو پر اور بچہ کے گلے میں ڈالا جائے۔

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَo اِنَّ وَلِیِّ یَ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ وَھُوَ

marfat.com

يَتَوَلَّى الصَّالِحِيْنَ  صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ۔

## کسی بیمار کے انجام کی بابت معلوم کرنا کہ اچھا ہوگا یا نہ ہوگا

کسی بیمار کی یہ حالت معلوم کرنا کہ یہ جلدی اچھا ہو جائیگا یا دیر سے آرام ہوگا یا مریض مر جائیگا۔ آیات ذیل کو ایک کاغذ پر لکھے اور ایک طشت (تھال) میں پانی بھرے اور اس میں وہ آیتیں لکھا ہوا کاغذ ڈالے اگر کاغذ اوپر تیرتا رہے تو سمجھنا چاہیے کہ بہت جلدی سے اچھا ہو جائے گا اور اگر وہ کاغذ درمیان پانی کے رہے تو جاننا چاہیے کہ دیر سے صحت پائے گا اور اگر وہ کاغذ درمیان پانی کی تہہ میں بیٹھ جائے تو سمجھ لینا چاہیے کہ یہ اچھا نہ ہوگا۔ وہ آیات یہ ہیں: مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ  وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ

وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ

## گھبراہٹ اور پریشانی سے نجات

حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ پر آشوب اور بدامنی کے زمانہ میں جب کہ کفار سے شدید ترین جنگ ہو رہی تھی غزوہ احزاب کے موقع پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو یہ دعا تعلیم فرمائی تھی کہ اس کا ورد رکھیں وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَ اٰمِنْ رَوْعَاتِنَا۔

ترجمہ: اے اللہ ہمارے عیوب کو چھپا لے اور ہمیں گھبراہٹ سے امن نصیب کر۔

## نئے کپڑے پہننے کا عمل

نئے کپڑے پہننے سے پہلے سورۃ لیلۃ القدر چھتیس مرتبہ (۳۶ مرتبہ) سورۃ اخلاص دس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے نئے کپڑے پر چھڑکیں اس کے بعد اسے پہن لیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے یہ کپڑا پہننے والا تمام لوگوں میں عزت والا باہیبت اور باوقار رہے گا اور وہ کپڑا عمدہ طریقے سے اس کے پاس رہے گا اور کپڑا جلدی پرانا نہ ہوگا اور ہر شخص اس کی عزت کرے گا اور وہ کپڑا کبھی چوری نہ ہوگا۔

marfat.com

## تصنیف وتالیف میں سہولت کے لیے

بعد نماز فجر اکیس بار رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۝ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۝ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ پڑھ لے اس سے تصنیف وتالیف میں سہولت ہوگی اور انشاءاللہ کام زیادہ سے زیادہ ہوگا سستی اور کاہلی بالکل نہ ہوگی۔

## حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا عمل

حضرت مولانا قریشی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مرتبہ یہ عمل کیا اور متعدد مرتبہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت فیض بشارت سے مستفید ہوئے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰه اَلْحَمْدُ لِلّٰه اَلْحَمْدُ لِلّٰه کسی قمری مہینے کی پہلی جمعرات کو شام کے وقت پاک کپڑے پہن کر بعد از نماز عشاء دس ہزار مرتبہ درود شریف ان الفاظ میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ن النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورۃ کوثر:

اِنَّآ اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝۱ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝۲ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝۳

پڑھ لیں پھر درود شریف پڑھتے ہوئے جنوب کی طرف پاؤں کر کے دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کر کے سو جائیں ان شاءاللہ پہلی مرتبہ یہ عمل کرنے سے حبیب کبریا صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔

## کنواں کھودتے وقت اگر پانی نہ نکلتا ہو

وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا یَشَّقَّقُ فَیَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ط

بصورت مربع تعویذ لکھ کر سر پر باندھ دیں اور کھودنے کے لیے غوطہ لگائیں۔ ان شاءاللہ بہت جلد اتنا تیز پانی نکلے گا کہ حیران رہ جاؤ گے۔

## ہر مرض کے لیے تیر بہدف نسخہ

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے ہر روز پلایا جائے صرف ۲۱ یوم تک حد ۴۱ یوم بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائے گا۔

## عبادت سے رغبت اور گناہوں سے نفرت کا طریقہ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ کثرت سے پڑھنا بہت مفید ہے۔

marfat.com

## عذاب قبر سے بچنے کا طریقہ

سورۃ تبارک الذی عشاء کی نماز کے بعد ہمیشہ سونے سے قبل اور الم السجدہ کی بھی عشاء کی نماز کے بعد تلاوت کرنی چاہیے۔

## نفس وشیطان سے حفاظت کا طریقہ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ زیادہ پڑھنا چاہیے اور قل أعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس صبح اور مغرب کی نماز کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ ہمیشہ پڑھنی چاہیے۔

## سکرات موت کے آسان ہونے کا طریقہ

سکرات موت آسان ہونے کے لیے ہمیشہ آیت الکرسی اور سورۃ اخلاص پڑھنی چاہئے اور یہ بھی حدیث شریف میں آیا ہے کہ عذاب قبر دفعہ ہونے کے لیے ہمیشہ سورۃ تبارک الذی عشاء کے بعد سونے سے قبل پڑھنی چاہیے اور ایسا ہی سورۃ دخان پڑھنے کے بارے میں بھی روایت ہے۔

## ۱۴۔ زیارت قبور کا طریقہ

جب عوام مومنین کی قبر کی زیارت کے لیے جائیں تو پہلے قبلہ کی طرف پشت کرے اور میت کے سینے کے سامنے منہ کرے اور سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ اور سورۃ قل ھو اللہ احد (مکمل) تین مرتبہ پڑھے اور جب قبرستان میں جائے تو یہ کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الدِّیَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَلَاحِقُوْنَ

## مردہ شخص کو خواب میں دیکھنا

اگر کوئی شخص انتقال کر گیا ہو اور اس کا عزیز اسے خواب میں دیکھنے اور بات کرنے کی آرزو رکھتا ہو تو جمعہ کی رات (جمعرات اور جمعہ کی درمیانی رات) میں سورۃ التکاثر پارہ نمبر ۳۰ ایک سو تیرہ مرتبہ باوضو پڑھے اور دائیں کروٹ سو جائے ان شاء اللہ تعالیٰ مردہ خواب میں دکھائی دے گا اور بات چیت بھی کرے گا۔ یہ عمل مجرب ہے۔

marfat.com

## جنگل میں موذی جانور کے حملہ سے محفوظ رہنے کا عمل

اگر کوئی شخص جنگل میں سفر کرتا ہو اور وہاں بھیڑیا' ریچھ' شیر یا اسی قسم کے موذی جانور ہوں تو ان کے حملہ سے قبل اسی طرح بستی میں خونخوار کتوں کے حملہ کا ڈر ہو تو ان کے حملہ سے حفاظت کے لیے مندرجہ ذیل کلمات پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ موذی جانور کے حملہ سے محفوظ رہے گا اور جانور حملہ نہیں کر سکے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ

## رات کو تہجد کے لیے بیدار ہونے کا اکسیری عمل

بارہا کا مجرب ہے بزرگان دین نے جس کی تائید میں متعدد ارشادات فرمائے اس عمل سے جب چاہو بیدار ہو جاؤ۔ سورۃ کہف کی آخری آیتیں اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا سے لے کر وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا تک پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کرے کہ "یا اللہ مجھے اپنی کرم نوازی سے مجھے اتنے بج کر اتنے منٹ پر بیدار کر دے۔" خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے جاگ جائے گا لیکن پھر آدمی کا نصیب تہجد پڑھنے کی توفیق ملے یا نہ ملے۔

## آگ نہ جلے یا آگ میں چیز پکانے کی صلاحیت نہ ہو تو

اگر آگ نہ جلے اور جلنے کے باوجود اس میں چیز پکانے کی صلاحیت نہ ہو تو تین مرتبہ قل اعوذ برب الفلق مکمل اور قل اعوذ برب الناس مکمل پڑھ کر چولہے اور آگ پر پھونک ماری جائے انشاءاللہ تعالیٰ آگ میں تیزی پیدا ہو گی۔

## کسی جگہ اترے

اگر مسافر کسی جگہ اترے تو یہ دعا پڑھے:

رَبِّ اَنْزِلْنِىْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ۔

## حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت

تین جمعرات کے اندر زیارت ہو گی۔ درود قادر یہ پڑھ لے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِىِّ الْاُمِّىِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

marfat.com

## حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا خاص ورد

خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے لیے مجرب ورد جمعہ کی شب کو صاف لباس پہنے خوشبو لگائے اور بعد نماز عشاء دو نفل پڑھے اور اس کے بعد ایک ہزار بار سورۃ الکوثر اور ایک ہزار بار درود شریف پڑھے۔

## گھر کے جھگڑوں سے نجات کا عمل

سورۃ الانفال (پارہ نمبر ۱۰) کی آیت ذیل کثرت سے پڑھ کر کھانے پینے کی چیزوں پر دم کریں۔ ان چیزوں کو گھر کے سب لوگ کھائیں ان شاء اللہ تعالیٰ آپس کے تعلقات بہتر ہو جائیں گے۔ وہ آیت یہ ہے:

لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ

## بے دینی سے راہ راست پر لانے کا عمل

ہر کھانے پینے کی چیز پر (سورۃ ضحیٰ آیت ۷) وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰی تین دفعہ اول آخر درود شریف تین تین دفعہ پڑھ کر دم کر کے کھلائیں۔ انشاء اللہ مکمل فائدہ ہوگا۔

## خیالات فاسدہ کا مریض

خیالات فاسدہ کے دفعیہ کے لیے ان آیات کو پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں:

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَكَ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا

## ناگوار آدمی کو محفل سے اٹھانے کا وظیفہ

اگر مجلس میں کوئی ناگوار آدمی آجائے اور اس کا اٹھانا مطلوب ہو تو دل میں چند مرتبہ یہ آیت پڑھے

تَذْرُوْهُ الرِّیٰحُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرًا

## حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کیلئے:

غسل کر کے (شب جمعہ میں) دھوئے ہوئے یا نئے کپڑے پہنے، خوشبو لگائے، پاک صاف جگہ میں اگر بتی جلا کر دو رکعت نماز بہ حصول زیارت پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد از سورۃ فاتحہ ۲۵ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد

marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ۔

۱۰۰۰ مرتبہ پڑھے پھر اسی جگہ پر قبلہ رو داہنی کروٹ پر سو جائے۔ اگر اس شب میں زیارت ہو گئی ورنہ اگلی شب میں بھی ایسا ہی کیا جائے۔ ان شاء اللہ اگلے جمعہ تک یہ شرف حاصل ہو گا۔

## مشرف بہ زیارت بزرگان دین

روزانہ جبکہ سونے کا وقت ہو اپنی تمام ضروریات سے فارغ ہونے کے بعد سونے کے واسطے جائیں اس وقت ایک تسبیح سورۃ اخلاص اور ایک تسبیح سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ کی لیٹے لیٹے پڑھ کر سو جائیں اور کسی سے بات نہ کریں۔ ان شاء اللہ خواب میں بزرگان دین کی زیارت ہو گی۔

## غصہ کا ٹھنڈا کر دینا

اگر دو آدمی لڑ رہے ہوں یا دو پارٹیوں میں جھگڑا ہو رہا ہو تو فوراً یا رؤف پڑھنا شروع کر دیں۔ ۱۰۰ مرتبہ اوّل آخر درود شریف ۳-۳ مرتبہ غصہ ٹھنڈا ہو جائے گا۔

## تبلیغ و دعوت کے کام میں اخلاص پیدا کرنا

تبلیغ و دعوت کا کام خالص اللہ تعالیٰ کے لیے ہو نہ شہرت نہ نمود نہ ریا ہو کسی کی مصیبت ہو نہ طمع پر تبلیغ ہو نہ محبت دنیا و غیر اللہ پر ہو اس کام میں اخلاص اور تاثیر پیدا کرنے کے لیے یہ عمل بہت مفید ہے۔

ہر نماز کے بعد اوّل تین بار درود شریف پھر اکتالیس بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پھر آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر دعا کیا کریں تبلیغ کے وقت اوّل درود شریف تین بار پھر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ گیارہ بار پھر آخر میں درود شریف تین بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیں۔ (سینے پر پھونک ماریں) اور نیت کی صحت کریں۔

## حج و زیارت کے لیے

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اسے حج بیت اللہ شریف اور زیارت مدینہ منورہ نصیب ہو اسے يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ سات (بار) بعد نماز تہجد بعد اشراق یا بعد اوابین (بعد نماز مغرب) اس نیت سے پڑھا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ حج بیت اللہ شریف اور مدینہ شریف کی حاضری نصیب ہو گی۔

marfat.com

## حفاظت اہل خانہ

پوری سورۃ کہف لکھ کر ایک بوتل میں رکھ کر محتاجی اور قرضہ کی مصیبت دور ہو جاتی ہے اور گھر والوں کو کوئی ایذا نہ پہنچا سکے گا۔

## رات کو مقررہ وقت پر بیدار ہونا

اس مقصد کے لیے لَا یُجَلِّیهَا لِوَقْتِهَا اِلَّا هُوَ ےمرتبہ مع اول وآخر درود شریف پڑھ کر جس وقت بیدار ہونا چاہیں ذکر کر کے کسی سے بات کئے بغیر سو جائیں، وقت مقررہ پر آنکھ کھل جائے گی۔

## ناپسندیدہ آدمی کو اٹھانے کا عمل

جو شخص اپنے کسی کام میں مشغول ہو اور کوئی شخص اس کے کام میں مخل ہو تو اس کو دور کرنے کے لیے دل ہی دل میں اس دعا کی تلاوت کرے۔ انشاء اللہ وہ شخص بغیر کہے فوراً اس کے پاس سے چلا جائے گا۔

اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّ ثِقَالًا وَّ جَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ۝ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۝ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۙ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝

## وقت پر بیدار ہونے کی دعا

جو شخص سورۃ زلزال کو تین مرتبہ رات کو چارپائی پر لیٹ کر وضو یا بغیر وضو پڑھ کر اور ایک مرتبہ پڑھ لینا بھی ضروری ہے تین مرتبہ پڑھنے کے بعد زبان سے نام لے کر میں فلاں وقت پر بیدار ہو جاؤں ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور بیدار ہوگا۔ اٹھنا نہ اٹھنا اس کی اختیاری بات ہے۔

## حادثات سے بچنے کا وظیفہ

حضرت طلق فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضرت ابوالدرداء صحابی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ آپ کا مکان جل گیا، فرمایا نہیں جلا، پھر دوسرے شخص نے یہی اطلاع دی تو فرمایا نہیں جلا، پھر تیسرے آدمی نے یہی خبر دی آپ نے فرمایا نہیں جلا، پھر ایک اور شخص نے آکر کہا کہ اے ابولدرداء آگ کے شرارے بہت بلند ہوئے مگر جب آپ کے مکان تک آگ پہنچی تو بجھ گئی فرمایا مجھے معلوم تھا کہ اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرے گا (کہ میرا مکان جل جائے) کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے جو شخص صبح

marfat.com

کے وقت یہ کلمات پڑھ لے شام تک اس کو کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی۔ (میں نے یہ کلمات پڑھے تھے اس لیے مجھے یقین تھا کہ میرا مکان نہیں جل سکتا) وہ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ عَلَیْكَ تَوَكَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَالَمْ یَشَاْلَمْ یَكُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِهَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ

## اللہ تعالیٰ کی حفاظت اور موذی سے نجات:

جو شخص روزانہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ ۴۵۰ مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد یہ آیت فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ یَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ بھی چھ مرتبہ پڑھے اور ساتویں دفعہ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِیْمٍ پڑھے۔ تو وہ شخص اللہ کی مضبوط حفاظت میں رہے گا۔ اور اس کی ان امانتوں میں سے ہوگا۔ جو ضائع نہیں ہوتیں اور اپنی حرکات وسکنات میں مورد الطاف رحمانی ہوگا۔ اور باذن اللہ تعالیٰ تمام موذیات سے محفوظ رہے گا۔

marfat.com

باب ۳۰

# چوری گمشدہ

## چور کی گرفتاری کے لیے

اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو اور چور کا پتہ نہ چلتا ہو تو ایک نابالغ لڑکا لے اور اس کے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر تیل لگا کر کالی روشنائی یا توے کی سیاہی مل دے۔ پھر ماش (کالا ثابت) کے دانے یا جو کے دانے لے کر ان میں سے ایک دانہ پر ایک عزیمت پڑھ کر دم کرلے اور اس لڑکے یا لڑکی کو جس کے ہاتھوں پر سیاہی لگائی ہے مارے اسی طرح دانے مارتا رہے ساتواں یا نواں دانہ مارنے پر چور کی صورت اسی بچہ کی ہتھیلیوں میں ظاہر ہوگی۔

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ فَتْحُوْنَ فَتْحُوْنَ فَتْحُوْنَ جِنْتُكَ جِنْتُكَ جِنْتُكَ شَفِيْعًا شَفِيْعًا شَفِيْعًا عَطِيْشًا عَطِيْشًا عَطِيْشًا سُرُوْرًا سُرُوْرًا سُرُوْرًا اقُدُوْرًا اقُدُوْرًا اقُدُوْرًا سَهْلًا سَهْلًا سَهْلًا نَهْلًا نَهْلًا نَهْلًا اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ بِحَقِّ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ قُوَّةَ۔

## چور کی بابت معلومات

جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو کہ انہوں نے چیز چرائی ہے ان سب لوگوں کے نام علیحدہ علیحدہ کاغذ پر لکھیں اور ان ناموں کے کاغذ کو علیحدہ علیحدہ گیہوں کے آٹے کے گولوں میں ڈال دیں اور ایک تھال میں پانی بھرلیں اور اس کے بعد باوضو آیت الکرسی ایک مرتبہ اور چاروں قُل (یعنی قل یاایھا الکافرون قل ھو اللہ احد قل اعوذ برب الفلق اور قل قعوذ برب الناس) یعنی چاروں سورتوں کو شروع سے آخر تک پڑھیں اور ان گولوں پر دم کر کے پانی میں ڈال دیں بحکم خدا چور کا گولہ اوپر آ جائے گا اور باقی گولے پانی میں ڈوب جائیں گے۔

## چور کی واپسی

اگر چور کسی کا مال لے گیا ہو اور بھاگ گیا ہو تو ثابت ماش لے کر مندرجہ ذیل کلمات پڑھے اور ایک ایک دانے پر دم کر کے آگ میں ڈالتا جائے کہ وہ جل جائے اسی طرح گیارہ اڑد کے دانوں پر دم کر کے آگ میں ڈال دے چور کے پیٹ میں درد ہوگا اور واپس لوٹ کر آئے گا۔

marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا اَللّٰہُ فَتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَقُّ شَہِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ بِسْمِ اللّٰہِ مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّ اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ○

## بھاگے ہوئے کو واپس بلانا

تالا (قفل) لے کر سورۃ یٰسین سات مرتبہ مِنَ الْمُکْرَمِیْنَ تک پڑھے اور آخر میں بھاگے ہوئے کا نام لے کر تالے پر دم کر دے اور پھر اس کو بند کرے اور ایک ہانڈی میں پانی ڈال کر اندھیری جگہ میں رکھ دے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ بھاگا ہوا فوراً حاضر ہوگا اگر دور ہے تو چند دن میں آ جائے گا اس کے آتے ہی ہانڈی کو نکال کر تالہ کھول کر دے اگر ایسا نہ کیا تو پھر بھاگ جائے گا۔

## چیز کی حفاظت اور گمشدہ چیز کا مل جانا

اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو بیس مرتبہ "یَا حَافِظُ" پڑھیں تا کہ وہ چیز محفوظ ہو جائے اور آئندہ مل جائے

## گم شدہ (کھو جانے والے) اور مفرور بھاگے ہوئے کے لیے

ذیل کا تعویذ باوضو لکھے اور لفظ فلاں کی جگہ مفرور بھاگے ہوئے یا گمشدہ (کھو جانے والے) کا نام اس کے باپ کا نام لکھ کر ایک کپڑے میں لپیٹ کر کسی کھونٹی میں بلند جگہ جس مکان سے مفرور فرار ہوا ہے اس مکان میں لٹکا دیا جائے ان شاءاللہ تعالیٰ مفرور یا گم شدہ واپس آ جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّاْتِیَنِیْ بِھِمْ جَمِیْعًا ط اِنَّہٗ ھُوَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ○ یَا مُعِیْدُ یَا مُعِیْدُ یَا مُعِیْدُ اَعِدْ اَعِدْ اَعِدْ فَلَانِ بْنِ فَلَانٍ۔ خاکہ تعویذ گراف:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| یا | م | ع | ی | د |
| م | ع | ی | د | یا |
| ع | ی | د | یا | م |
| ی | د | یا | م | ع |
| د | یا | م | ع | ی |

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سیدنا مُحَمَّدٍ و اٰلہ وصحبہ اجمعین برحمتک یا ارحم الرّاحمین

marfat.com

## برائے واپسی مفرور

سورۃ الم نشرح اور اس کے بعد العجل العجل العجل الساعة الساعة لکھ کر اس کے ساتھ فلاں بن فلاں (مفرور یا گمشدہ کا نام اور اسکے والد کا نام' لکھ کر قرآن شریف میں جس جگہ سورۃ الم نشرح ہے وہاں یہ تعویذ بنا کر رکھ دے اور جس مکان سے مفرور فرار ہوا ہے یا لڑکی یا لڑکا گم ہوئے ہیں۔ اس مکان میں وہ قرآن کریم رکھ دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مفرور جلد واپس آجائے گا یا گمشدہ مل جائے گا۔

## برائے حاضر کردن دزد (چور کا پتہ لگانا)

بر برنج ساہی (چاول کی سٹھی) یا چاول پر سات بار پڑھے اور جن لوگوں پر شبہ ہو پکا یا کچا کھلائے چور کے حلق سے چاول نیچے نہ اتریں گے وہ آیت معظّمہ یہ ہے:

فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ۝ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ۝

## برائے مفرور بھاگے ہوئے کے لیے

مندرجہ ذیل درود شریف لکھ کر دروازے پر لٹکا دے اور کاغذ کے پیچھے (پشت پر) بھاگے ہوئے کا نام اور اسکی والدہ کا نام لکھ دے ان شا اللہ تعالیٰ فوراً حاضر ہو جائے گا۔ وہ درود شریف یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّةٍ وَّاَلْفَ اَلْفَ ذَرَّةٍ. آمین

## مفرور اور بھاگے ہوئے کیلئے:

کوئی چلا گیا ہو اور اس کو بلانا منظور ہو تو سورۃ یٰسین شریف اکیس مرتبہ معہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے اور یہ خیال رکھے کہ وہ چلا آرہا ہے ان شاء اللہ تعالیٰ اس روز نہ تو دوسرے تیسرے روز ضرور آجائے گا اگر کچھ فاصلے پر ہو گا تو انتظار کرنا ہو گا۔

## چوری کیا گیا مال واپس مل جائے گا۔

ایک مشک خالی لے کر اس کے اوپر آیت الکرسی اور یہ سات نام انبیاء علیہم السلام نوح علیہ السلام' لوط علیہ السلام' صالح علیہ السلام' ابراہیم علیہ السلام' موسیٰ علیہ السلام' عیسیٰ علیہ السلام' محمد صلوٰت اللہ علیہم اجمعین لکھیں پھر الگ الگ ایک ایک نام کے ساتھ ایک ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر مشک کے اندر پھونک مار

marfat.com

دیں اور ہر مرتبہ آیت الکرسی کے بعد یہ پڑھتے جائیں۔

**اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمَآ اَرْسَلْتَ هٰذَآ اَنْ تَنْفَخَ بَطْنَ هٰذَا السَّارِقِ كَمَا نُفِخَتْ هٰذِهِ الْقُرْبَةَ۔**

جب سات پھونکیں پوری ہو جائیں تو مشک کا منہ باندھ کر لٹکا دیں چور کا پیٹ ان شاء اللہ تعالیٰ سخت پھول جائے گا اور چور چرایا ہوا مال واپس لے کر آئے گا۔

## چوری کیا ہوا مال یا غائب اور بھاگے ہوئے کی واپسی

اگر کوئی شخص بھاگ جائے یا غائب ہو جائے یا مال چوری ہو جائے اس کی واپسی کے لیے یہ آیت پندرہ ہزار مرتبہ پڑھیں اور ایک تسبیح پڑھنے کے بعد جس مقصد کے لیے دعا کرنی ہو اس مقصد کے حصول کے لیے دعا کریں مثلاً مال کی بازیابی کی دعا یا کھوئے ہوئے آدمی یا غائب ہونے والے جانور کے دوبارہ آنے کے لیے دعا کرے۔ وہ آیت یہ ہے:

**رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝**

## گمشدہ کی واپسی

اگر کوئی جانور کھو گیا ہو یا کوئی چیز کہیں رکھ کر بھول گیا ہو یا کوئی سامان گم ہو گیا ہو تو اس کے لیے سب سے پہلے اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ پڑھے پھر اسے تلاش کرے یا اس کو تلاش کرنے کے دوران برابر پڑھتا رہے تو ان شاء اللہ تعالیٰ وہ جانور یا چیز یا سامان مل جائے گا۔

## بھاگے ہوئے کا واپس آنا

اگر کوئی لڑکا، لڑکی یا بچہ بھاگ گیا ہو یا جانور بھاگ کر گم ہو گیا ہو اس کی واپسی کے لیے ایک لوہے کا قفل (تالا) لے اور اس کو پانی سے دھو کر پاک کرے اور باوضو اکیس بار سورۃ فاتحہ پڑھے اور اس تالے پر دم کرے اور اس کو چابی سے یا کھٹکے سے بند کر دے اور اس دوران مفرور کا نام اور اس کی ماں کا نام بھی لے اس کے بعد ایک نئی مٹی کی ہانڈی کو دھو کر پاک کرے اور اس میں اس تالے کو ڈال دے اور ہانڈی کو چولھے پر چڑھا کر نیچے آگ جلا دے آگ مسلسل دن بھر طلوع آفتاب سے لے کر غروب آفتاب تک جلائی جائے آگ درمیان میں بجھے نہیں بلکہ برابر جلتی رہے انشاء اللہ بھاگا ہوا اسی روز واپس آجائے گا اور اگر کہیں دور فاصلے پر ہوگا تو چند دن بعد آجائے گا یہ عمل صرف ایک دن کا ہے۔

marfat.com

## حاجت پوری ہونے، غائب کے واپسی اور مریض کے لیے

اگر کسی شخص کو کوئی حاجت ہو یا کوئی گھر کا فرد غائب ہو گیا ہو یا کوئی بیمار ہو اس کے لیے روزانہ فجر نماز کی سنتوں کو بعد اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور پھر دعا کرے اور پھر فرض پڑھے جب تک کام پورا نہ ہو عمل کرتا رہے۔

## کھوئے ہوئے یا مفرور کو واپس بلانا

اگر کوئی گھر سے بھاگ گیا ہو یا کھو گیا ہو یا جانور گم ہو گیا ہو تو باوضو سورۃ والضحیٰ ایک سو ایک بار پڑھے اور جب آیت وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى پر پہنچے تو اس آدمی کا نام لے اور اس کی ماں نام لے اگر جانور ہے تو اس کا نام لے (مثلاً بھوری بھینس، سفید گائے، لال بکری وغیرہ) انشاءاللہ تعالیٰ بھاگا ہوا یا گمشدہ جلد واپس آئے گا۔

## بھاگے ہوئے کے لیے

اگر کسی کا کوئی آدمی بھاگ گیا ہو تو اس آیت کو باوضو لکھ کر کاغذ میں لپیٹ لے اور ایک فٹ گہرا گڑھا کھود کر تعویذ کو رکھ دے اوپر نیچے گڑ یا شکر (یعنی گڑ کی بنی ہوئی شکر) اگر وہ نہ ہو تو سفید شکر ڈال دے اور درمیان میں تعویز رکھ دے اور تھوڑی تھوڑی شکر چیونٹیوں کے سوراخ میں ڈال دے اور حلقہ م و فا کھلا رہے وہ آیت یہ ہے: فِي الْحُطَمَةِ ۝ وَمَآ اَدْرٰكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝

انشاءاللہ تعالیٰ بھاگا ہوا فوراً حاضر ہوگا۔ تنبیہ د ف و م کا سوراخ کھلا رہے بند نہ ہو جیسے ف و م۔

## اغواء شدہ لڑکی کی بازیابی کے لیے

اگر کوئی بچہ لڑکی اغواء ہو گئے ہوں یا گم ہو گئے ہوں یا کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو مندرجہ ذیل عمل کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ گمشدہ لڑکی یا لڑکا یا کوئی بھی شے واپس آجائے گی۔ عمل یہ ہے

یَا حَفِیْظُ ایک سو انیس (۱۱۹) مرتبہ پھر یہ آیت بھی ۱۱۹ مرتبہ پڑھے:

يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۝ (سورۃ لقمان ۲۹)

marfat.com

ردِّ غائب:

اگر کسی کا لڑکا لاپتہ ہو کر کہیں چلا گیا ہو تو اس کے واپس کرنے کے لیے آیات ذیل لکھ کر چرخہ میں باندھ کر کاتنے کے خلاف گھما گھمائیں صبح شام پانچ پانچ منٹ۔ پھر کسی ثمر دار درخت پر لٹکا دیں۔ان شاء اللہ واپس آ جائے گا یا پتہ چل جائے گا:

اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ ۝ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا ۝ اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ

پھر اس کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھ دے۔

ا) اَمْسَيْتُ بِا اللّٰهِ وَاَصْبَحْتُ فِي جَوَارِ اللّٰهِ سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

ب) سورۃ ضُحٰی (پارہ نمبر ۳۰) سات مرتبہ پڑھیں۔ پھر اپنی انگشت شہادت پھیریں اور درج ذیل کلمات کہیں (وَاَصْبَحْتُ فِيْ اَمَانِ اللّٰهِ وَاَمْسَيْتُ فِيْ جَوَارِ اللّٰهِ وَاَمْسَيْتُ فِيْ جَوَارِ اللّٰهِ وَاَمْسَيْتُ فِيْ اَمَانِ اللّٰهِ وَاَصْبَحْتُ فِيْ جَوَارِ اللّٰهِ) پھر دستک کریں، ہر صبح و شام کو گم شدہ چیز کو۔ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور مقصد برآوری ہوگی۔سورۃ الضحیٰ پڑھنے سے پہلے یہ کلمات سوا لاکھ مرتبہ پڑھنے ہیں۔

## گم شدہ چیز مل جانے کے لیے

گم شدہ چیز مل جانے کیلئے اس دعا کی کثرت کرے۔

يَا جَامِعَ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ اِجْمَعْ عَلَيَّ ضَآلَّتِيْ۔

ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے وہ چیز مل جائے گی۔

## مفرور کی واپسی کے لیے

دو رکعت نفل نماز پڑھ کر ۱۱۹ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دعا مانگے بھاگا ہوا شخص واپس آ جائے گا یہ عمل چالیس روز تک جاری رکھیں۔اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ

## گمشدہ چیز، آدمی، جانور، کی واپسی کے لیے

گمشدہ چیز کے ملنے اور آدمی، جانور یا کسی بھاگے ہوئے کی واپسی کے لیے چالیس روز تک روزانہ دو سو (۲۰۰) دفعہ "یَا مُعِيْدُ" پڑھ لیا کریں۔

marfat.com

ان شاء اللہ گم شدہ چیز مل جائے گی اور گم شدہ آدمی یا بھاگا ہوا واپس آجائے گا۔

## چوری سے مال کی حفاظت کے لیے

حضرت خواجہ غریب نواز نے فرمایا کہ ایک روز بغداد میں ایک درویش کے گھر میں چور گھس آئے اس درویش نے آیت الکرسی پڑھ کر دم کر رکھی تھی وہ چور اندھے ہو گئے درویش نے اٹھ کر ان کی حالت دیکھی، انہوں نے اقرار کیا کہ ہم چوری کی نیت سے آئے تھے اندھے ہو گئے دعا فرمایئے کہ ہماری آنکھوں میں روشنی آجائے ہم آج سے توبہ کرتے ہیں اور اسلام قبول کرتے ہیں۔ اس بزرگ نے فرمایا آنکھیں کھول دو انہوں نے آنکھیں کھول دیں، بینا ہو گئے اس کے بعد یہ دونوں توبہ کر کے مشرف بہ اسلام ہو گئے۔

## مال مسروق یا غائب کی واپسی یا بھاگے ہوئے شخص کو واپس بلانے کا عمل

اگر کوئی چیز گم ہو جائے یا کوئی چیز چوری ہو جائے یا کوئی شخص بھاگ جائے یا لاپتہ ہو تو مقصد کی نیت سے

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

۱۵ ہزار مرتبہ پڑھیں اور ایک تسبیح پڑھنے کے بعد اپنے مقصد کے حصول کیلئے دعا کریں۔

باب ۳۱

# جلدی امراض

## چیچک کا علاج

اگر چیچک کی بیماری پھیل رہی ہو تو ایک نیلا دھاگہ لے کر اس پر سورۃ رحمٰن پڑھے اور ہر فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر دھاگہ پر پھونک مار کر گرہ لگائے اور پھر اسے گلے میں ڈال دیا جائے انشاللہ چیچک سے محفوظ رہے گا اگر آئی ہو تو پڑھ کر دم بھی کر دیا جائے ان شااللہ العزیز شفاء ہو گی۔

سات دانے سالم چاول کے لیکر ہر ایک دانہ پر سورۃ کوثر پڑھ کر دم کرے اور بیمار کو سالم کھلائے انشااللہ جو دانے نکل آئے ہیں ان سے زیادہ نہ نکلیں گے اور جو نکلے ہیں وہ بھی درست ہو جائینگے اگر چیچک نکلنے کا اندیشہ ہو تو یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے انشااللہ چیچک ہرگز نہ نکلے گی اور اگر نکل آئی ہے تو لکھ کر پلاتے رہیں اللہ کے فضل و کرم سے صحت ہو گی۔

سات دانے جو کے لیکر ہر ایک دانہ پر تین دفعہ آیات ذیل پڑھ کر دم کرے اور مریض کو کھلا دے ان شااللہ تعالیٰ شفاء ہو گی اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ٥ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ۙ۝۱۰۵ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ۙ۝۱۰۶ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ۝۱۰۷ يَآ اَيُّهَا السَّيِّاٰتُ الْمَنِيُوْتُ مُتْ مُتْ بِاِذْنِ الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ ٥

## کینسر اور ناسور کا علاج

فجر کی سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے اکتالیس مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کی میم کو الحمد کے لام سے ملا کر پوری پڑھ کر پانی یا عرق وغیرہ کسی چیز پر دم کر کے وہ پانی یا عرق وغیرہ کینسر کے مریض کو پلائیں نہایت مجرب اور مفید ہے۔

ب) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا

جو پھنسی یا ناسور اور نگر زہی اچھی نہ ہوتی ہو اور طبیب اس کے علاج سے عاجز آ گئے ہوں اس آیت شریف کو ایک ہزار گیارہ مرتبہ پڑھ کر دوا یا مرہم پر دم کیا جائے اور وہ زخم پر لگائی جائے۔ ان شاءاللہ دس روز کے عرصہ میں داغ تک باقی نہ رہے گا۔

marfat.com

## پھوڑے پھنسی کا علاج

سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ ﴿۱۶﴾ اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿۱۹﴾ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ﴿۲۰﴾

جس شخص کو پھوڑے پھنسی کثرت سے ہوں وہ ہر روز سات بار مذکورہ آیاتِ کریمہ پڑھا کرے اور ہر مرتبہ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ کو سات بار تکرار کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ٹھیک ہو جائے گا۔

ب) وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ﴿۱۰۵﴾ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿۱۰۶﴾ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ﴿۱۰۷﴾ سیاہی سے لکھ کر روغن بنفشہ سے مٹا کر بدن پر ملیں سر کے دانوں، پھوڑوں اور تمام امراض بدنی سے ان شاء اللہ العزیز شفاء ہو گی۔

## خارش کا علاج

یہ آیت روزانہ صبح و شام اکیس مرتبہ پانی پر دم کر کے اکتالیس روز تک پینا خارش کے لیے مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۚ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ۚ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾

ب) سیدنا حضرت جعفر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ صبح و شام سات سات مرتبہ سورۃ قدر (پارہ نمبر ۳۰) پانی پر دم کر کے پلانا خارش کے لیے مفید ہے۔

## داد و چنبل کا علاج

داد پر یہ آیت لکھ دینے سے یا ملتانی مٹی پر لکھ کر اسے دھو کر داد پر لگانے سے داد ختم ہو جائے گا:

فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۔ داد پر اس آیت کو لکھ کر باندھ دیا جائے۔

وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ ۨ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿۲۶﴾

ایک دھاگہ لے کر اس پر آیت بالا پڑھ کر تین گرہ لگا دیں اور وہ دھاگہ مریض کے باندھ دیا جائے۔ تین روز تک یہ آیتیں پڑھے۔

سورۃ فاتحہ اور پھر:

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ۚ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ اِنَّهٗ

marfat.com

خَبِيرٌ بِمَا تَفْعَلُونَ ۝ وَيَسْئَلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّي نَسْفًا ۝ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ۝ لَا تَرَىٰ فِيهَا عِوَجًا وَلَا أَمْتًا ۝ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ اور أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ خَرَجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ أُلُوفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللَّهُ مُوتُوا ثُمَّ أَحْيَاهُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ

اور أَوْ كَالَّذِي مَرَّ عَلَىٰ قَرْيَةٍ وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا قَالَ أَنَّىٰ يُحْيِي هَٰذِهِ اللَّهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۖ فَأَمَاتَهُ اللَّهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهُ ۖ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ۖ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۖ قَالَ بَلْ لَبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ إِلَىٰ طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۖ وَانْظُرْ إِلَىٰ حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ آيَةً لِلنَّاسِ ۖ وَانْظُرْ إِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوهَا لَحْمًا ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ قَالَ أَعْلَمُ أَنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

اور پھر آخر میں یہ کہے اے عرق النساء داد چنبل دنبل بحکم الٰہی تو مر جا۔

## جذام کا علاج

ابن قتیبہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص کو جذام کا مرض ہو گیا تھا جس سے اسکا گوشت بھی کٹ کر گرنے لگا تھا اس نے کسی بزرگ سے اپنی بیماری کے متعلق دریافت کیا تو انہوں نے آیت پڑھ کر دم کیا جس سے وہ اچھا ہو گیا:

وَأَيُّوبَ إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ أَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۝

## برص کا علاج

یہ آیت گیارہ مرتبہ گونجی کے تیل پر دم کر کے مبروص کو مالش کرنا نہایت مفید و مجرب ہے۔

ثُمَّ نَكْسُوهَا لَحْمًا ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ قَالَ أَعْلَمُ أَنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

اگر کسی کو برص ہو گیا ہو تو تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کرنا بہت نافع ہے۔

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ أَنِّي قَدْ جِئْتُكُمْ بِآيَةٍ مِنْ رَبِّكُمْ ۙ أَنِّي أَخْلُقُ لَكُمْ مِنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ فَأَنْفُخُ فِيهِ فَيَكُونُ طَيْرًا بِإِذْنِ اللَّهِ ۖ وَأُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ وَأُحْيِي الْمَوْتَىٰ بِإِذْنِ اللَّهِ ۖ وَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَأْكُلُونَ وَمَا تَدَّخِرُونَ فِي بُيُوتِكُمْ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۝

marfat.com

سورہ: لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ (پارہ نمبر ۳۰) لکھ کر برص کے مریض کے گلے میں باندھیں، ان شاء اللہ العزیز صحیح ہو جائے گا۔

مریض برص سورۃ فاتحہ باتسمیہ فجر کی سنتوں کے بعد چالیس مرتبہ پڑھے اور یہ عمل چالیس روز تک مسلسل کرے اگر کبھی ناغہ ہو جائے تو از سر نو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔

اگر مبروص ایام بیض میں روزہ رکھے اور ہر روز افطار کے وقت اسم باری تعالیٰ: "اَلْمَجِیْدُ" بکثرت پڑھے تو انشاء اللہ اچھا ہو جائے گا۔

خارش خشک وتر: (پارہ نمبر ۱۸) سورۃ مومنوں کی آیت مبارکہ

ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ ﴿۱۴﴾

اکیس بار روزانہ صبح وشام پانی پر دم کر کے ۴۱ اکتالیس روز تک پلائیں۔

## چیچک کے لیے:

اگر کسی کو چیچک نکل آئے تو آیات ذیل باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر مریض کو تھوڑا تھوڑا پانی پلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چیچک سے نجات حاصل ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بَلْ اِیَّاهُ تَدْعُوْنَ فَیَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَیْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ○

باب ۳۲

# برائے حمل

## استقرار حمل کے لیے

حضرت امام جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے درج ذیل کلمات کو زعفران سے کاغذ پر لکھے حیض سے فارغ ہونے کے بعد عورت غسل کر کے اس کو جامہ کر کے کمر میں باندھے، حاملہ ہوگی جو درخت پھل نہ دیتا ہو اس پر باندھے پھل دینے لگے ان شاء اللہ تعالیٰ تعویذ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط هو هو هو هو هو هو هو . الله الله الله الله الله الله الله الله . حی حی حی حی حی حی حی حی. قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیو م قیوم .

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

## حمل کی حفاظت کے لیے

جس عورت کا حمل گر جاتا ہو یہ عمل ڈھائی ماہ کے حمل سے چار ماہ کے حمل تک کرنا ہے یعنی ڈھائی ماہ کا حمل ہو یا زیادہ سے زیادہ چار ماہ کا اس کے بعد کام نہیں کرے گا۔

وہ عمل یہ ہے:

اجوائن ڈھائی پاؤ 625 گرام

سیاہ مرچ سوا پاؤ 375 گرام

دونوں کا وزن صحیح ہونا چاہیے مقررہ وزن سے کم یا زیادہ نہ ہو دونوں کو ملا کر بروز پیر دوپہر کے وقت اکتالیس بار سورۃ والشمس (پارہ نمبر ۳۰) پڑھ کر دم کرے اوّل آخر درود شریف پڑھے۔ سورۃ کے شروع میں اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہر بار پڑھے یہ ضروری ہے۔ خوراک نہار منہ صبح ایک ماشہ اجوائن اور دو دانے مرچ سیاہ کے اس وقت تک استعمال کرے جب تک بچہ دودھ پیتا رہے اور جب بچہ کا دودھ چھڑا دیا جائے، تب کھانا چھوڑ دے، اس کی نذر اکیس روپے خیرات کرے۔

marfat.com

## اولاد کے لیے

جس شخص کو اولاد کی طرف سے مایوسی ہوگئی ہو اس آیت کو کثرت سے پڑھتا رہے۔ انشااللہ تعالیٰ خدا کے فضل وکرم سے فرزند صالح پیدا ہوگا۔ آیت یہ ہے:

رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۖ إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ

## بچہ کی پیدائش جلد ہونے کے لیے

بچہ جلد پیدا ہونے کے واسطے یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر میٹھی چیز پر دم کر کے درد زہ والی عورت کو کھلائے ان شاءاللہ العزیز بہت جلد بچہ پیدا ہوگا۔ آیت یہ ہے:

إِذَا السَّمَاءُ انشَقَّتْ ۝١ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝٢ وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ ۝٣ وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ۝٤ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝٥

## با آسانی اور جلد بچہ پیدا ہونے کے لیے

قند سیاہ (گڑ) کی تین گولیاں لے کر ہر ایک گولی پر تین تین مرتبہ اس آیت شریفہ کو پڑھ کر دم کرے اور جو عورت درد زہ میں مبتلا ہو اس کو کھلا دے انشااللہ العزیز بچہ جلد پیدا ہوگا۔)۔ اس کے اوّل آخر درود شریف پڑھنا چاہیے:

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ۝ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝٥

## برائے اولاد نرینہ

ایسی عورت جس کے بار بار لڑکی ہوتی ہو لڑکا نہ ہوتا ہو تو اس کے لڑکا ہونے کے لیے حمل قائم ہونے کے بعد باوضو شہادت کی انگلی سے دائرہ کی شکل میں ستر بار یَا مَتِیْنُ پیٹ پر لکھے اور زبان سے بھی یَا مَتِیْنُ کہتا جائے۔ انگلی سے بغیر روشنائی لکھنا ہے ان شاءاللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

نوٹ: لکھائی کوئی عورت کرے یا شوہر کرے۔

## بانجھ عورت کے اولاد ہونے کے لیے

لونگ کے چالیس دانوں پر آیات ذیل ہر دانہ پر باوضو سات بار پڑھ کر دم کرے اور ہر روز ایک لونگ

marfat.com

عورت غسل حیض کے بعد کھائے اور ان دنوں شوہر سے ہم بستری بھی کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔

أَوْ كَظُلُمٰتٍ فِي بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهِ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهِ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ إِذَا أَخْرَجَ يَدَهُ لَمْ يَكَدْ يَرٰهَا وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهُ نُورًا فَمَا لَهُ مِنْ نُّورٍ ﴿۴۰﴾

## عقر و عقم بانجھ پن بے اولادی

ا) پارہ نمبر ۱۸ سورۃ نور کی آیت: اَللّٰهُ نُورُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ مَثَلُ نُورِهِ كَمِشْكٰوةٍ فِيهَا مِصْبَاحٌ اَلْمِصْبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ اَلزُّجَاجَةُ كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُونَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُورٌ عَلٰى نُورٍ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُورِهِ مَنْ يَّشَاءُ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿۳۵﴾

پانچ لونگ لے کر ہر لونگ پر سات بار پڑھیں۔ بعد فراغت طہر عورت کو کھلائیں۔ اور پھر مباشرت کریں۔

ب) دس دانوں میں سورۃ اخلاص دس ہزار مرتبہ پڑھی جائے اور دعا کی جائے بفضل ایزد متعال صاحب اولاد ہونے کی توقع ہے۔

ج) مشہور دعائیہ آیۂ مبارکہ پارہ نمبر ۱۹ سورۃ فرقان۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا ﴿۷۴﴾

اوّل آخر درود شریف گیارہ بار بعد نماز عشاء اکتالیس یوم تک پڑھا جائے۔

د) پارہ نمبر ۱۵ سورۃ بنی اسرائیل کی آیت مبارکہ

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا ﴿۱۱۱﴾

اوّل آخر تین بار درود شریف پڑھ کر دس بار تلاوت کی جائے۔

ہ) ہر فرض نماز کے بعد قرآنی دعا (پارہ نمبر ۱۷) سورۃ انبیاء۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَّأَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِينَ ﴿۸۹﴾

سات بار ورد کا معمول بنائیں۔

و) بوقت تہجد دو رکعت نفل اس طرح پڑھیں کہ دونوں رکعت میں سورۃ ملک تلاوت کی جائے ۴۱ روز

marfat.com

تک یہی عمل جاری رکھیں۔

ن) بموقع مباشرت قبل از جماع عورت کے پیٹ کے داہنی طرف ہاتھ پھیرتے ہوئے سات بار سورۃ فاتحہ پڑھی جائے مابعد ناف پر انگلی رکھ کر یوں کہے یا اللہ اگر تو نے مجھے لڑکا عطا فرمایا تو اس کا نام "محمد" رکھوں گا۔اس عمل کا مذکور ہونا معتبر کتب میں موجود ہے۔

ح) پارہ نمبر۳ رکوع ۱۲ کی آیت: رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ایک چینی کی پلیٹ پر گلاب وزعفران سے لکھ کر میاں بیوی دونوں تین یا سات دن ایام طہارت کے شروع میں پئیں اور ہم بستر ہوں اور یہی آیت ہرن کی خشک جھلی پر گلاب وزعفران سے لکھ کر تعویذ کے طور پر دونوں اپنی کمروں سے باندھیں لیکن بوقت مباشرت اتار لیں۔

ط) سورۃ رعد (پارہ نمبر۱۳) کی آیت:

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ۗ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ۗ

عرق وگلاب وزعفران سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر عورت کے گلے میں ڈالیں اور اکیس روز تک یہی آیت عرق گلاب وزعفران سے کاغذ یا چینی کے برتن پر لکھ کر پلائی جائے۔

ی) بعد نماز عشاء پورے خشوع وخضوع کے ساتھ ایک سو پچیس بار دعائیہ آیت:

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ کا اوّل آخر درود شریف اکتالیس یوم تک ورد کیا جائے۔

## کولے کا درد (باؤ گولہ)

پارہ نمبر۱۷ سورۃ انبیاء کی آیت:

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۭ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ گڑ پر دم کر کے کھلائیں۔ ب) پارہ نمبر۲۹ سورۃ جن کی آیت وَاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ۙ کو عرق گلاب پر اکتالیس بار دم کر کے پلایا جایا۔ج) سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) کو آب گلاب پر اکتالیس بار دم کر کے پلائیں۔د) پارہ نمبر۱۹ سورۃ نمل کی آیت: وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ کسی چیز پر سات دفعہ دم کر کے کھلائیں اور مقام درد پر بھی دم کریں۔

marfat.com

## برائے آسانی ولادت (درد زہ کی سہولت کے لیے)

قند سیاہ (گڑ) کی تین ڈلیاں لے کر اس پر سورۃ (اِذَا زُلْزِلَتِ) آخری تک اس طرح پڑھے کہ پہلی ڈلی پر تین بار دوسری ڈلی پر چار بار اور تیسری ڈلی پر پانچ بار پڑھ کر دم کرے اور عورت کو کھلائے انشاءاللہ تعالیٰ آسانی پیدا ہوگی۔

## خاتمہ درد زہ برائے (تسہیل ولادت)

ا) سورۃ انشقاق (پارہ نمبر ۳۰) کی آیت اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿۱﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۲﴾ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ﴿۳﴾ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ﴿۴﴾ درود شریف کے ساتھ تین بار شرینی پر دم کر کے کھلائیں۔ ب) یہ تعویذ لکھ کر بائیں ران میں باندھیں اور ولادت ہونے پر کھول دیں۔
وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ﴿۴﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۵﴾ اھیا اشرا اھیاء ج) سورۃ مریم پارہ نمبر ۱۶ شروع سے لیکر وَلَمْ تَكُ شَيْأً تک سات بار پانی پر دم کر کے پلائیں۔ د) سورۃ مریم پارہ نمبر ۱۶ کا رکوع اوّل سالم کے اوّل آخر سورۃ فاتحہ پڑھ کر چھوہارے پر دم کریں اور عورت کو کھلا دیں۔

## اگر اولاد زندہ نہ رہتی ہو

کچھ سیاہ مرچ اور اجوائن لے لیں۔ سوموار کو ظہر کی نماز کے بعد باوضو چالیس بار سورۃ والشمس (پارہ نمبر ۳۰) پڑھیں اور ہر بار اوّل درود شریف پڑھیں اس طرح سے چالیس مرتبہ سورۃ اور اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھا جائے ہر بار پڑھ کر مرچ اور اجوائن پر دم کرتے جائیں اگر ذائقہ بدلنے کے لیے نمک بھی ملا لیں تو کوئی حرج نہیں۔ دوران حمل اور دودھ پلانے کے زمانہ میں دودھ چھڑانے تک عورت روزانہ معمولی مقدار میں اجوائن اور دو کالی مرچ پانی کے گھونٹ سے استعمال کرتی رہے۔ انشاءاللہ العزیز بچہ زندہ رہے گا۔

## اولاد نرینہ کے لیے

ا) جس کے اولاد نرینہ نہ ہوتی ہو تو ایام حمل میں سورۃ یوسف سالم سورۃ لکھ کر عورت کے گلہ میں ڈالیں اور بعد پیدائش اتار لیں۔ ب) حمل کے ساتویں یا چھٹے مہینے میں جب حاملہ لیٹی ہو تو خاوند باوضو یہ پڑھ کر ناف پر دم کردے۔ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ خَلَقْتَ خَلْقًا فِيْ بَطْنِ هٰذِهِ الْمَرْاَةِ فَكَوِّنْهُ ذَكَرًا اَسْمِيْهِ مُحَمَّدًا بِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهِ وَسَلَّمَ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ o

marfat.com

جب لڑکا پیدا ہو تو اس کا ایسا نام رکھے جس کا جز محمد ہو۔ جیسے محمد ابوبکر اور محمد عمر وغیرہ۔

## برائے اولاد نرینہ

تین مہینے حمل کے گزرنے سے پہلے درج ذیل آیت ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے لکھ کر تعویذ بنائے اور حاملہ کو باندھے اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ ﴿۸﴾ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّہَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ ﴿۹﴾ یٰزَکَرِیَّآ اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلٰمِ ﴿۷﴾ اسْمُہٗ یَحْیٰی ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّہٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا ﴿۷﴾ بِحَقِّ مَرْیَمَ وَعِیْسٰی اِبْنًا صَالِحًا طَوِیْلُ الْعُمْرِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ۔

## بانجھ عورت کے لیے

بانجھ عورت کے واسطے ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِہِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِہِ الْاَرْضُ اَوْ کُلِّمَ بِہِ الْمَوْتٰی ؕ بَلْ لِّلّٰہِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا ؕ

## برائے قیام حمل

قیام حمل کے لیے درج ذیل آیات چالیس روز تک ایک پاک برتن پر لکھ کر پلا دیں۔

فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿۷۵﴾ وَاِنَّہٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ ﴿۷۶﴾ اِنَّہٗ لَقُرْاٰنٌ کَرِیْمٌ ﴿۷۷﴾ فِیْ کِتٰبٍ مَّکْنُوْنٍ ﴿۷۸﴾ لَّا یَمَسُّہٗٓ اِلَّا الْمُطَہَّرُوْنَ ﴿۷۹﴾ تَنْزِیْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۸۰﴾ فَلْیَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿۵﴾ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ﴿۶﴾ یَّخْرُجُ مِنْ بَیْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ﴿۷﴾ اِنَّہٗ عَلٰی رَجْعِہٖ لَقَادِرٌ ﴿۸﴾ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّہُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝

## حصول اولاد کے لیے

اگر کسی کے یہاں اولاد نہ ہوتی ہو یا زندہ نہ رہتی ہو تو اس عمل کو کرے حٰمٓ الْاَمْرُ وَجَآءَ النَّصْرُ۔ ابتدائی مہینہ میں چاند نکل آنے کے بعد (۹) نو دن تک پڑھے (نماز مغرب کے بعد) ایک سیب سامنے رکھ لیں اور ۹۰۰ مرتبہ درج بالا پڑھیں اور سیب پر دم کریں پھر یہ سیب خاوند بیوی نصف نصف کھا لیں اور دل میں یہ خیال جمائیں کہ خدا اولاد دے اولاد زندہ رہے۔ ۹ دن تک یہ عمل کریں۔

marfat.com

## برائے اولاد صالح

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ جس کو اولاد صالح سے مایوسی ہوگئی ہو اس آیت کو پڑھا کرے خداوند اس آیت کی برکت سے فرزندِ صالح عطا فرمائے گا۔

## اسقاط حمل کا اندیشہ

اگر حمل گر جانے کا خوف ہو تو فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ اَللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ﴿۸﴾ لکھ کر موم جامہ کر کے پیٹ پر باندھیں۔ کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے۔

## برائے اولاد

جس شخص کو اولاد سے مایوسی ہو وہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ صاحب اولاد ہو جائے گا۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ﴿۸۹﴾

## برائے فرزند نرینہ

جس شخص کے لڑکا نہ ہو یہ دعا پڑھے اور بازو پر باندھ کر مباشرت کرے اور ہر نماز کے بعد ایک ایک مرتبہ پڑھتا رہے اور اگر روزی کا دروازہ بند ہو گیا ہو تو اس کی برکت سے وہ بھی کھل جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا ذَالْعَرْشِ الْكَرِیْمِ وَالْمَلِكِ الْقَدِیْمِ وَالْكِبْرِیَاءِ الْعَظِیْمِ وَالصِّرَاطِ الْمُسْتَقِیْمِ یَا مُرْسِلَ الرِّیَاحِ وَفَالِقَ الْاَصْبَاحِ وَیَا بَاعِثَ الْاَرْوَاحِ وَیَا ذَاالْجُوْدِ بِالسَّمَاحِ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمْ۔

marfat.com

باب ۳۳

# پیٹ کے امراض

## معدہ، آنتیں، جگر اور تلی...... پیٹ کی تمام تکلیفوں کا علاج

سورۃ لقمان (پارہ نمبر ۲۱) لکھیں اور پانی سے دھو کر پینے سے پیٹ کی سب بیماریوں سے انشاءاللہ العزیز شفا ہوگی۔

جو شخص (لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ) پوری پڑھ کر کھانے پر دم کر کے کھائے ان شاء اللہ العزیز پیٹ کی تمام تکلیفوں سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ قصص لکھ کر پانی سے دھو کر پی لے پیٹ کی ہر تکلیف سے ان شاءاللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔

## معدہ اور پیٹ کے درد کا علاج

سورۃ المنافقون (پارہ نمبر ۲۸) پانی پر دم کر کے پئیں، انشاءاللہ العزیز شفاء ہوگی۔

معدہ کے درد کے مریض کو یہ آیت لکھ کر گلے میں ڈالیں اور چینی کی رکابی پر لکھ کر دھو کر پلایا جائے انشاءاللہ شفاء ہوگی۔

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾

سورۃ یٰسٓ بارش کے پانی پر دم کر کے گیارہ دن تک معدہ کے مریض کو پلانا نہایت ضروری ہے۔ اور اکسیر ہے۔

اگر معدہ میں درد ہو تو گیارہ روز تک یہ آیت گیارہ بار پانی پر دم کر کے پلایا جائے اور اسی کو گلے میں لٹکایا بھی جائے ان شاءاللہ درد بالکل ختم ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾

وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

سورۃ نور کی یہ آیت (۳۵) لکھ کر مریض کے گلے میں لمبے ڈورے کے ساتھ لٹکائیں کہ تعویذ مقام پر

marfat.com

رہے انشااللہ شفاء ہوگی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَللّٰہُ نُوۡرُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ مَثَلُ نُوۡرِہٖ کَمِشۡکٰوۃٍ فِیۡہَا مِصۡبَاحٌ ؕ اَلۡمِصۡبَاحُ فِیۡ زُجَاجَۃٍ ؕ اَلزُّجَاجَۃُ کَاَنَّہَا کَوۡکَبٌ دُرِّیٌّ یُّوۡقَدُ مِنۡ شَجَرَۃٍ مُّبٰرَکَۃٍ زَیۡتُوۡنَۃٍ لَّا شَرۡقِیَّۃٍ وَّ لَا غَرۡبِیَّۃٍ ۙ یَّکَادُ زَیۡتُہَا یُضِیۡٓءُ وَ لَوۡ لَمۡ تَمۡسَسۡہُ نَارٌ ؕ نُوۡرٌ عَلٰی نُوۡرٍ ؕ یَہۡدِی اللّٰہُ لِنُوۡرِہٖ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَ یَضۡرِبُ اللّٰہُ الۡاَمۡثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَ اللّٰہُ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ﴿ۙ۳۵﴾

سورۃ قصص اور سورۃ لقمان پانی پر دم کر کے پلانا پیٹ کے درد کے لیے نہایت اکسیر ہے۔

درج ذیل آیت پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ہاتھ سے پیٹ ملے اگر درد جاتا رہا تو خیر ورنہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشااللہ درد جاتا رہے گا۔

وَ کَانَ فِی الۡمَدِیۡنَۃِ تِسۡعَۃُ رَہۡطٍ یُّفۡسِدُوۡنَ فِی الۡاَرۡضِ وَ لَا یُصۡلِحُوۡنَ ﴿۴۸﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے ساتھ سورۃ اخلاص ستر بار پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ انشااللہ العزیز شفاء ہوگی۔

سورۃ الم نشرح (پارہ نمبر ۳۰) ایک پیالہ میں لکھیں اور اس پیالہ میں زیرہ سفید زیرہ سیاہ سیاس اور کلونجی تھوڑے لے کر ڈالیں اور پانی ڈال کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلادیں انشااللہ درد جاتا رہے گا۔

آیت الکرسی گلاب وزعفران سے کاغذ پر لکھے اور پانی سے دھو کر پیئے انشااللہ معدہ، جگر یا پیٹ کا درد اور قولنج دور ہو جائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَ اِذَا مَسَّ الۡاِنۡسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنۡۢبِہٖۤ اَوۡ قَاعِدًا اَوۡ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا کَشَفۡنَا عَنۡہُ ضُرَّہٗ مَرَّ کَاَنۡ لَّمۡ یَدۡعُنَاۤ اِلٰی ضُرٍّ مَّسَّہٗ ؕ کَذٰلِکَ زُیِّنَ لِلۡمُسۡرِفِیۡنَ مَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ۝

مٹی کے کورے پاک برتن پر اس آیت کو سیاہی سے لکھ کر اور برتن کو روغن زیتون سے حروف دھو کر اس روغن کو ہلکی آنچ یا گرم راکھ پر گرم کر کے اسکی مالش کرنے سے پنڈلیوں اور پسلی پیٹ کا درد جاتا رہتا ہے۔

آغاز سورۃ ق سے الخروج تک (آیات ا تا ۱۱) کو لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر پینے سے درد پیٹ دفع ہو۔

مریض کو اوندھا لٹا کر اور سورۃ اخلاص باوضو چالیس بار پڑھکر دم کرے مجرب ہے۔

marfat.com

سات مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں خواہ کیسا ہی درد ہو انشاءاللہ فوراً دور ہو جائے گا
اور سات دن پر سورۃ فاتحہ پیٹ پر دم کریں۔

الَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَهُوَ یَهْدِیْنِ ﴿۷۸﴾ وَالَّذِیْ هُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ ﴿۷۹﴾ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ ﴿۸۰﴾

مٹی کے کورے برتن پر لکھ کر عرق وگلاب سے دھو کر مریض کو پلائیں انشاءاللہ العزیز پیٹ کا درد فوراً زائل ہو جائیگا۔

سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی اور معوذتین (آخری دونوں قل) ۱۷ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے رکھ دیں مریض کو تین روز نہار منہ پلائیں۔ طبیب لاعلاج قرار دے دیں تو عمل انشاءاللہ بہت مفید ہے۔

سورۃ حشر کی آخری تین آیات هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ تا ختم سورۃ مریض اپنے سر پر ہاتھ رکھ کر پڑھے۔ ان شاءاللہ شفاء ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ﴿۱﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ﴿۲﴾ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ﴿۳﴾ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ ﴿۴﴾ فَلْیَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿۵﴾ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ﴿۶﴾ یَّخْرُجُ مِنْۢ بَیْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ﴿۷﴾ لکھیں پھر پندرہ مرتبہ "ی" لکھیں اور پھر گیارہ مرتبہ یا اللہ یا اَحَدُ لکھیں۔ ایک تعویذ مریض کے گلے میں لٹکائیں اور دوسرا پانی سے دھو کر پلائیں ان شاءاللہ شفاء ہوگی

## معدہ کی کمزوری کا علاج

سورۃ القدر (پارہ نمبر ۳۰) گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں دن میں تین مرتبہ یہ دم کیا ہوا پانی پینے سے انشاءاللہ تعالیٰ سات یوم کے اندر اندر معدہ کی کمزوری کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

سورۃ انشقاق (پارہ نمبر ۳۰) تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو دن میں کئی مرتبہ پلائیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے شفاء نصیب ہوگی اور تین دن کے اندر اندر افاقہ ہو جائے گا۔

## بھوک کی کمی کا علاج

وَفِیْهَا مَا تَشْتَهِیْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْیُنُ اگر بھوک نہ لگتی ہو تو یہ آیت پڑھ کر کھانے پر دم کریں۔

اگر بھوک کم لگتی ہو تو اکتالیس مرتبہ یہ آیت کھانے پر دم کر کے کھلایا جائے۔

marfat.com

وَالَّذِیْ هُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ ﴿۷۹﴾ اگر بھوک نہ لگتی ہو تو یہ آیت اکیس مرتبہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے

ان شاءاللہ بھوک خوب لگے گی مجرب نسخہ ہے۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِیْمٌ ﴿۰﴾

اکتالیس بار یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانے سے ان شاءاللہ بھوک خوب لگے گی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِیْنَةَ اللّٰهِ الَّتِیْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّیِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ؕ قُلْ هِیَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا خَالِصَةً یَّوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ﴿۳۲﴾

گیارہ بار یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانے سے بھوک کی زیادتی ختم ہو جائے گی۔

وَفِی السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۰﴾

تین سو مرتبہ اسم باری تعالیٰ "یَا صَمَدُ" کھانے پر دم کر کے کھلانا بھوک کی زیادتی کو دفع کرتا ہے۔

## استسقاء (پیاس کی شدت کا علاج)

صبح صادق کے وقت دونوں ہاتھوں پر سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے چہرے اور تمام بدن پر پھیرنے سے اس روز پیاس کا غلبہ نہ ہوگا۔

سورۃ لایلف قریش پابندی سے پڑھا کرے تو پیاس کی شدت دور ہو جائے گی۔ جسے استسقاء کی بیماری ہو گئی ہو اسے تین بار سورۃ واقعہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔

اگر پیاس زیادہ لگتی ہو تو یہ آیت سات بار پانی پر دم کر کے پلانا بہت فائدہ مند ہے۔

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِی الْاَرْضِ ۖۗ وَاِنَّا عَلٰی ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

جسے پیاس بہت زیادہ لگتی ہو اسے اکیس مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔

وَهُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ الرِّیٰحَ بُشْرًۢا بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ ۚ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا ﴿۴۸﴾

سورۃ قصص لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر مریض استسقاء کو پلائے۔ ان شاءاللہ العزیز استسقاء اور جملہ امراض دفع ہو جائیں گے۔

## متلی اور قے آنے کا علاج

یہ آیت لکھ کر نہار منہ سات روز پلا دیں ان شاءاللہ تکلیف دور ہو جائے گی۔

marfat.com

وَقِيلَ يَٰأَرْضُ ابْلَعِي مَآءَكِ وَيَٰسَمَآءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ
وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ وَقِيلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظَّٰلِمِينَ ﴿۴۴﴾

گیارہ مرتبہ یہ آیت نمک پر دم کر کے چٹایا جائے ان شاء اللہ متلی آنا بند ہو جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ إِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿۱﴾ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿۲﴾ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ﴿۳﴾
إِذَا رُجَّتِ الْأَرْضُ رَجًّا ﴿۴﴾ وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ﴿۵﴾ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْبَثًّا ﴿۶﴾ وَكُنتُمْ أَزْوَاجًا ثَلَٰثَةً ﴿۷﴾
فَأَصْحَٰبُ الْمَيْمَنَةِ مَآ أَصْحَٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿۸﴾ وَأَصْحَٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ مَآ أَصْحَٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ ﴿۹﴾ وَالسَّٰبِقُونَ
السَّٰبِقُونَ ﴿۱۰﴾ أُولَٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُونَ ﴿۱۱﴾

اگر خون کی قے آتی ہو تو اکیس روز تک بعد نماز ظہر اکتالیس مرتبہ یہ آیات پانی پر دم کر کے پلایا جائے ان شاء اللہ العزیز شفاء ہو گی اور خون آنا بند ہو جائے گا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ٥ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ٥ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ٥

کورے برتن پر یہ آیات لکھ کر گلاب و گاؤ زبان سے دھو کر پلایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ قے آنا بند ہو جائے۔

وَيُسْقَوْنَ فِيهَا كَأْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنجَبِيلًا ﴿۱۷﴾ عَيْنًا فِيهَا تُسَمَّىٰ سَلْسَبِيلًا ﴿۱۸﴾

کھانے پینے کی ہر چیز پر سورۃ والطارق پڑھ کر دم کر کے کھائے پیئے انشاء اللہ العزیز قے آنا کا مرض جاتا رہے گا۔

## بدہضمی کا علاج

کھانے پینے میں بے احتیاطی یا کسی بھی وجہ سے بدہضمی کا اندیشہ ہو تو یہ آیت سات بار پڑھ کر نمک پر دم کر کے کھلایا جائے ان شاء اللہ فائدہ ہو گا۔

وَبِالْحَقِّ أَنزَلْنَٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۗ وَمَآ أَرْسَلْنَٰكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ٥

جسے بدہضمی ہو گئی ہو اسے پوری سورۃ قدر ( اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ) گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔

جس کو کھانا ہضم نہ ہوتا ہو تو وہ "یا باسط" پڑھتا جائے اور پیٹ پر ہاتھ پھیرتا جائے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہو گا۔

marfat.com

## قولنج کا علاج

انتڑیوں میں سدہ بن جائے اور ناف کے گرد مروڑ کے ساتھ تڑپا دینے والا شدید درد ہو تو چینی کی پلیٹ پر سورۃ فاتحہ اور چاروں قل لکھ کر پانی میں دھو کر پلائیں ان شاءاللہ العزیز شفاء ہوگی۔

اِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌo لَا يَأْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍo لکھ کر کمر میں باندھیں۔

جس عورت کے ناف کے نیچے یعنی پیڑو میں درد ہو تو یہ آیت مبارکہ لکھ کر پلائیں ان شاءاللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ﴿۲۸﴾

سورۃ نور کی آیت (۳۵) اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ تا ختم آیت لکھ کر مریض کو باندھیں ان شاءاللہ شفا ہوگی۔

### دست آنے اور پیچش کا علاج:

اگر کسی کو دست آتے ہوں تو سات دن تک یہ آیت ایک ہزار مرتبہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے نہایت اکسیر ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ o جسے دست آ رہے ہوں اُسے پہلے دن صرف بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o الٓمّٓ ۞ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لکھ کر پیٹ باندھا جائے۔

جس شخص کو خون کے دست درد کے ساتھ آ رہے ہوں اُس کے لیے یہ آیت روزانہ کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلائیں اور بچے ہوئے کاغذ کو بھی چبالیں اور نگل لیں ان شاءاللہ بہت جلد شفاء ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۵﴾

سورۃ دخان لکھ کر پینے سے پیچش دفع ہو جاتی ہے۔

اگر خونی دست آتے ہوں تو اکیس دن تک یہ آیت لکھ کر دھو کر پلایا جائے اور اسی کو لکھ کر گلے میں پہنایا جائے۔ بہت مفید و مجرب ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ

marfat.com

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ۭ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ○
سورۃ الشمس (پارہ نمبر ۳۰) لکھ کر گھول کر پیچش کے مریض کو پلائیں ان شاء اللہ تعالیٰ صحت پائے گا۔

## کدو دانے کا علاج

گڑ کی چھ ڈلیاں لے کر تین پر یہ آیت لکھیں اور تین پر پڑھ کر دم کریں مریض ہر روز ایک ڈالی کھائے چھ دن پورے کر کے پھر کوئی کڑوی چیز کھائے انشاءاللہ شفاء کامل حاصل ہوگی۔ پھر کبھی نہ ہو نگے۔

آیت یہ ہے يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ○ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ○

## ناف کے ٹل جانے اور درد کا علاج

جس شخص کی ناف ٹل جائے اسکو چاہیے کہ یہ آیت بسم اللہ سمیت لکھ کر موم جامہ کر کے ناف کے اوپر کی جگہ باندھے۔ ان شاءاللہ ناف اپنی جگہ پر آ جائیگی۔

آیت یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا

جس کسی کی ناف ٹل گئی ہو اس آیت کو لکھ کر ناف پر باندھے ان شاءاللہ تعالیٰ صحت ہو جائے گی۔

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۭ

## پاخانہ و پیشاب بند ہونے کا علاج

یہ آیت لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں انشاءاللہ العزیز خلاصی ہوگی۔

وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ﴿۵﴾ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْبَثًّا ﴿۶﴾ ○ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ﴿۱۴﴾

اسی طرح یہ آیت لکھ کر پلائیں ان شاءاللہ فائدہ ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۭ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۭ

## درد جگر کا علاج

آیت الکرسی تین بار پاک وصاف برتن پر لکھیں پھر صاف پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں۔

marfat.com

اس آیت کو لکھ کر درد کی جگہ پر باندھا جائے اور اسی کو بارش کے پانی پر دم کر کے ایک ہفتہ تک پلایا جائے انشاءاللہ درد جاتا رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ۝

جگر کی تمام بیماریوں کے لیے اکیس بار یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانا نافع ہے۔

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ۝

سورۃ مومن لکھے اور پانی پاک سے دھوئے اور اس پانی سے آٹا گوندھ کر روٹی پکائے اور خشک کر کے پیس لے۔ جس کسی کو درد دل، درد جگر اور درد گردہ یا کوئی پیٹ کی بیماری ہو تھوڑا سا سفوف اسے کھلا دے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔

## پتہ کی بیماری کا علاج

پتہ کی بیماری کے لیے گیارہ بار یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلانا بہت مفید ہے۔

الرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ سْتَوٰی۔

سورۃ الناس (پارہ نمبر ۳۰) گیارہ مرتبہ بارش کے پانی پر دم کر کے پلایا جائے ان شاءاللہ العزیز پتہ کی تمام بیماریاں جاتی رہیں گی۔

یہ آیات سبز کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر اکیس روز تک پلائی جائے انشاءاللہ العزیز پتہ کی پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا۝ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا۝ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً۝۱۴ فَیَوْمَىِٕذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ۝۱۵ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِیَ یَوْمَىِٕذٍ وَّاهِیَةٌ۝۱۶

سورۃ حشر (پارہ نمبر ۲۸) کی یہ آخری چار آیات چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر تین یا سات روز پلائیں ان شاءاللہ العزیز پتہ کی پتھری گھل جائے گی اور درد بھی جاتا رہے گا۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ

marfat.com

نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

## تلی کے بڑھ جانے کا علاج

جس شخص کی تلی بڑھ گئی ہو تو یہ آیت مع بسم اللہ لکھ کر موم جامہ کر کے کمر میں باندھے اس طرح کہ تعویذ تلی کے مقام پر پڑا رہے انشاء اللہ تلی کا ورم دور ہو جائے گا اور تلی اپنی اصلی حالت پر آ جائے گی:

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ؕ

اگر کسی شخص کی تلی بڑھ گئی ہو تو چاہیے کہ بکرے یا بکری کی ایک عدد تلی لے اور وضو غسل کر کے سات ببول یعنی کیکر کے کانٹے لیکر سورۃ یاسین شروع کرے ہر مبین پر ایک کانٹا دم کر کے تلی میں چبھوتا جائے۔ اس طرح ساتوں مبینوں پر دم کر کے کانٹے اس میں چبھوتا جائے اور ہر دفعہ ہر مبین پر شروع یاسین سے پڑھ کر دم کرے اور آخر میں پوری یاسین پڑھ کر تلی پر دم کرے اور تلی کو مریض کی چارپائی کی پائنتی کے طرف اس طرح لٹکائے کہ مریض کی نظر ہر وقت تلی پر پڑی رہے انشاء اللہ مریض شفایاب ہوگا مجرب المجرب ہے۔ سورۃ ممتحنہ لکھ کر دھو کر متواتر تین دن تک پلانا مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ○ کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر تلی پر باندھے ان شاء اللہ تلی کا ورم جاتا رہے گا۔

سورۃ الضحیٰ لکھ کر جس جگہ درد ہو وہاں باندھا جائے۔ آیت الکرسی لکھ کر طحال کے مریض کے پیٹ پر باندھیں درد اور ورم سے ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

## یرقان (پیلیا) کا علاج

جسے یرقان ہو گیا ہو اسے سورۃ لم یکن الذین (پارہ نمبر ۳۰) لکھ کر گلے میں ڈالا جائے اور پلایا جائے انشاء اللہ یرقان جاتا رہے گا۔ مجرب ہے۔ نیم کی ایک ٹہنی لے کر اسکی تمام سینکیں توڑ کر مع پتوں کے ایک جگہ جمع کر لیا جائے اور ان سینکوں سے مریض کی آنکھوں کو جھاڑتا جائے یعنی سینکیں برابر اسکے ماتھے وسر

ہلاتا جائے۔ اوّل تین مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سورۃ قریش مع بسم اللہ کے پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کرے مریض آنکھیں کھلی رکھے اور پھر نو بار پڑھ کر دم کرے آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھے اسطرح سات دن تک مسلسل کرے انشاءاللہ مریض شفایاب ہوگا۔ سورۃ سبا (پارہ نمبر۲۲) چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر یرقان کے مریض کو پلانا اور منہ پر اس پانی کا چھڑکنا مفید ہے۔ تین سو بار اسم باری تعالیٰ "اَلْحَسِیْبُ" پانی پر دم کر کے اکیس دن تک پلانے سے انشاءاللہ یرقان ختم ہو جائے گا۔

### معدہ کا درد

ا) سورۃ آل عمران (پارہ نمبر۳) کی آیتِ دعائیہ:

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝

بعد نماز صبح اکیس بار پانی پر دم کر کے مسلسل اکیس یوم تک پلائیں۔ ب) سورۃ یٰسین کو سات مبینوں کے ساتھ پڑھ کر آبِ باراں پر دم کر کے گیارہ دن تک پلائیں اگر بارش کا پانی میسر نہ ہو تو عام پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ (ج) سورۃ انعام کی آیت مبارکہ قُلْ اِنَّنِیْ هَدٰىنِیْ رَبِّیْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۚ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ د) سورۃ انعام کی اسی آیت کو چینی کی پلیٹ پر لکھ پانی سے دھو کر پلانا بھی مفید ہے۔

### وجع الفواد (غم معدہ کا درد)

ا) سورۃ اخلاص، تین عدد مرچ سیاہ پر اکیس بار روزانہ دم کر کے ایک ہفتہ تک کھلائیں۔ ب) سورۃ مومنون (پارہ نمبر۱۸) کی آیت شریفہ ذیل گیارہ بار روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے گیارہ روز تک پلائیں۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۚ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

ج) درج بالا آیت مبارک کو کاغذ پر لکھ کر بطور تعویذ گلے میں ڈالیں۔

### ورم معدہ (معدہ کی سوجن)

ا) سورۃ طٰہٰ (پارہ نمبر۱۶) کی آیاتِ ذیل کو اکیس مرتبہ روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں۔ طٰهٰ ۝ مَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰۤى ۝ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ب) اسم باری تعالیٰ "اَلصَّبُوْرُ" تین مرتبہ شرینی پر دم کر کے مریض کو کھلائیں۔ ا) سورۃ نور (پارہ نمبر۱۸) کی آیت مبارکہ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ

marfat.com

حَكِيْمٌ اکیس مرتبہ پانی پردم کر کے پلائیں۔ ب) اسم باری تعالیٰ یَاقَوِیُّ سو بار کھانے پر دم کر کے کھلائیں۔

## جوع البقر۔ بھوک کی زیادتی

ا) سورۃ فاطر (پارہ نمبر۲۲) کی یہ آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پانی پردم کر کے مریض کو کھلائیں۔

مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْ بَعْدِهٖ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ب) سورۃ ذاریات (پارہ نمبر۲۶) کی آیت مبارکہ وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ پانی پردم کر کے پلائیں۔ ج) اسم رب تعالیٰ یَاصَمَدُ تین سو مرتبہ کھانے پر دم کر کے کھلائیں۔

## قے و متلی

ا) سورۃ محمد (پارہ نمبر۲۶) کی آیت مبارکہ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ پانی پر تین بار دم کر کے پلائیں۔ ب) سورۃ الحاقۃ (پارہ نمبر۲۹) کی آیت مبارکہ يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ اکتالیس بار پانی پردم کر کے مریض کو پلائیں ج) اسی آیت کو لکھ کر بطور تعویذ گلے میں حمائل کریں۔

## قئی الدم (خون کی قے)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۝ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اس کلام پاک کو بعد از نماز ظہر اکتالیس مرتبہ پانی پردم کر کے پلائیں۔ اکیس روز تک یہی عمل کیا جائے۔ ان شاءاللہ شفاء ہوگی۔

## اسہال (دست)

اوّل روز بِسْمِ اللّٰهِ دوسرے روز بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ تیسرے روز الٓمّٓ ۝ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝ کاغذ پر لکھ کر پیٹ پر باندھیں۔

## اسہال الدم خونی دست۔ آنتوں کی خراش

ا) سورۃ یونس (پارہ نمبر۱۱) کی آیت مبارکہ اکیس روز تک مسلسل لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں۔

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ ب) اسی آیت کو لکھ کر بطور گلے میں حمائل کریں۔ ج) اسم باری تعالیٰ یَاحَفِیْظُ تین سو بار پانی پردم کر کے پلائیں۔

marfat.com

## قولنج (کا مک)

ا) سورۃ فاتحہ سورۃ اخلاص سورۃ فلق سورۃ الناس ان چاروں سورتوں کو سات بار پڑھیں پھر یہ دعا سات بار پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ اَعُوْذُ بِوَجْهِ الْعَظِيْمِ وَقُدْرَتِهِ الَّتِيْ لَا تَمْنَعُ مِنْهَا مِنْ شَرِّمَآ اَجِدُ مِنْهُ ب) مقام درد پر انگلی رکھ کر سورۃ بنی اسرائیل (پارہ نمبر ۱۵) کی آیت وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ سات بار پڑھیں۔ ج) اسماء باری تعالیٰ یَابَسِیْطُ یَا کَرِیْمُ پانچ سو مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔

## حب القرع۔ دیدان الامعا آنتوں کے کیڑے چرنے وغیرہ

ا) سورۃ ہمزہ۔ (پارہ نمبر ۳۰) گیارہ بار پانی پر دم کر کے ایک ہفتہ تک پلایا جائے۔ ب) سورۃ ق (پارہ نمبر ۲۶) پوری سورۃ تین بار آب باراں پر دم کر کے اکیس روز متواتر مریض کو پلائیں۔

## درد پیٹ

ا) سورۃ نحل (پارہ نمبر ۱۴) کی یہ آیت شریفہ گیارہ بار دم کر کے چٹائیں۔ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ب) آیۃ الکرسی سات بار پانی پر یا کسی مشروب پر دم کر کے پلائیں۔ ج) سورۃ قصص (پارہ نمبر ۲۰) مکمل سات بار پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ د) سورۃ روم (پارہ نمبر ۲۱) کو سات بار پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ ہ) سورۃ کوثر (پارہ نمبر ۳۰) نمک پر سات بار دم کر کے چٹائیں۔

## استسقاء جلندھر پڑپانی

سورۃ واقعہ (پارہ نمبر ۲۷) کو تین بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور سات روز تک مسلسل مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

## پیٹ کا درد

یہ آیت پانی وغیرہ میں تین بار دم کر کے پلا دیں ان شاء اللہ درد سے نجات ملے گی آیت یہ ہے۔ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ یہ آیت پانی وغیرہ پر تین مرتبہ پڑھ کر پلا دیں یا لکھ کر پیٹ پر باندھیں لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو سات مرتبہ یہ آیت نمک پر دم کر کے چٹائیں۔ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ

marfat.com

## خونی دست کے ازالہ کے لیے

خونی دست کے ازالہ کے لیے اسم باری تعالیٰ یَاحَفِیْظُ ۳۰۰ بار پانی پردم کر کے پلانا مفید ہے۔

یرقان کے لیے: ایک سوایک بار ۱۰۱ یہ آیت پانی پردم کر کے پلانا مفید ہے۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ①

## پیٹ کے درد کے لیے

یہ آیت پانی وغیرہ پر تین بار پڑھ کر پلائیں باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے پیٹ پر باندھیں۔ انشاالله تعالیٰ پیٹ کے درد سے نجات ہوگی۔ لَا فِیْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا یُنْزَفُوْنَ ○

## برائے بواسیر

بواسیر کے مریض کو چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۃ الاعلیٰ پڑھ لیا کرے۔ انشاالله اس سے مرض میں کمی ہوگی اور اس سورۃ کا ورد کثرت سے کریگا تو انشاالله تعالیٰ اس سے مرض میں کمی ہوگی۔

اور الله تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس مرض سے ہمیشہ کے لیے نجات ہوگی۔

## پیٹ کی جملہ تکالیف سے آرام

اگر کسی کے پیٹ میں کسی بھی قسم کی تکلیف ہو اور کسی طرح آرام نہ آتا ہو سورۃ آل عمران تیرہ (۱۳) مرتبہ خود پڑھ لے یا پڑھوا کر پانی پردم کر کے مریض کو پلا دے ان شاء الله تعالیٰ پیٹ کے مرض سے صحت مل جائے گی۔

marfat.com

باب ۳۴

# قضائے حاجات' حل مشکلات' فتوحات

## برائے حل مشکلات

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

بارہ سو مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھے پڑھتے وقت تھوڑے سے پانی میں عرق گلاب ڈال کر اپنے پاس رکھ لے اور وظیفہ شروع کرنے سے قبل پیئے ہر سینکڑہ پر ایک گھونٹ پانی پیئے شروع کرنے سے قبل سات مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھی جائے۔ یہ وظیفہ چاند دیکھنے کے بعد پڑھا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

## دعا کی قبولیت کی واسطے

یہ اسم اعظم ہے اس کا پڑھنے والا ان شاء اللہ تعالیٰ مستجاب الدعوات (دعاؤں کی قبولیت کا حامل) بن جاتا ہے۔ اس کی بے شمار خصوصیات ہیں اور بادشاہوں اور حکام کے دل کو موم کرنے کے لیے (مسخر کرنے) اور تمام مخلوق کا دل اپنی طرف مائل کرنے میں پر تاثیر ہے چنانچہ جو بھی حکم کسی کو دے گا وہ رد نہیں کرے گا اور تہی اور ظاہری صفائی حاصل ہوگی۔ گناہوں سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔ اس کے پڑھنے سے جملہ مخلوقات جن وانس وحوش وطیور مسخر ہوں گے۔ وہ اسم اعظم یہ ہے (یَا اللّٰهُ یَاهُوَ) کلمات بالا کو بارہ ہزار مرتبہ پڑھے بعد نماز عشاء (شب میں) پڑھنا بہتر ہے اگر یہ ممکن نہ ہو تو دن میں کسی وقت پڑھ لے۔

## حل مشکلات کے لیے مجرب عمل ہے

دو رکعت نماز نفل پڑھے جو سورۃ چاہے پڑھے سجدہ میں

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

چالیس مرتبہ پڑھے بعد سلام کے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

## ہر غم وفکر سے نجات کا عمل

جو شخص آیت کریمہ کثرت سے پڑھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا غم دور ہوگا اور جو شخص اسے دیکھے گا

marfat.com

دوست رکھے گا۔وہ آیت یہ ہے۔

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ؕ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۙ

## واسطے توسیع فتوح

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ ہر روز بعد نماز فجر (صبح) دس مرتبہ اس کو پڑھے مگر شنبہ (ہفتہ) سے شروع کر کے سات روز تک پڑھے۔

سُبْحَانَ الْقَادِرُ الْقَاهِرُ الْقَوِیُّ الْكَافِیُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ. لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِا اللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

## تکلیف اور مصیبت دور ہونے کے لیے

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔

۱۰۰ مرتبہ بعد نماز عشاء اوّل آخر درود شریف انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی تکلیف دور ہوگی۔

## امتحان میں کامیابی کے لیے

روزانہ فجر کی نماز کے بعد ۱۵۰ مرتبہ یَاعَلِیْمُ پڑھ لیا کریں امتحان کے روز اس کی کثرت بلا تعداد رکھیں ان شاءاللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

## امتحان میں سہولت کے لیے

کمرۂ امتحان میں سہولت اور آسانی ویکسوئی کے لیے (یَاعَلِیْمُ) کثرت سے پڑھے۔ان شاءاللہ تعالیٰ گھبراہٹ دور ہوگی۔

## حاجت روائی کا مجرب عمل

حاجت روائی کے لیے آیت کریمہ بھی مجرب ہے اور اس کے دو طریقے ہیں۔

آیت کریمہ - لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۸۷﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَ نَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُـنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۸۸﴾

پہلا طریقہ: آیت کریمہ کو سوالاکھ مرتبہ اجتماعی حالت میں ایک مجلس میں پڑھا جائے۔ (اور پھر دعا کی جائے)

marfat.com

دوسرا طریقہ: ایک شخص اس آیت کو تن تنہا تین سو بار بعد نماز عشاء کے تاریک (اندھیرے) مکان میں بیٹھ کر شرائط طہارت اور استقبال قبلہ کے ساتھ پڑھے اور پیالہ پانی کا بھر کر ساتھ رکھ لے اور لمحہ لمحہ اس پانی میں ہاتھ ڈال کر بدن اور منہ پر پھیرتا رہے تین روز، سات روز یا چالیس روز تک اسی ترتیب سے پڑھے۔

## چھوٹی یا بڑی مصیبت سے نجات کے لیے

چھوٹی مصیبت ہو یا بڑی اس سے نجات کے لیے ایک تسبیح روزانہ پابندی کے ساتھ یعنی ایک سو مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مصیبت راحت میں بدل جائے گی۔

وہ کلمات یہ ہیں اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ فِیْ مُصِيْبَتِیْ وَاخْلُفْ لِیْ خَيْرًا مِّنْهَا۔

## حاجت پوری ہونے غائب کے واپسی اور شفاء مریض کے لیے

اگر کسی شخص کی کوئی حاجت ہو یا کوئی گھر کا غائب ہو گیا ہو یا کوئی بیمار ہو اس کے لیے روزانہ فجر نماز کی سنتوں کے بعد اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور پھر دعا کرے اس کے بعد فرض پڑھے جب تک کام پورا نہ ہو عمل کرتا رہے۔

## حل مشکلات اور قضائے حاجات کے لیے مؤثر مجرب اور خاص اعمال

یَالَطِیْفُ کا مجرب عمل: عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نماز صلوۃ الحاجت پڑھیں۔ نماز کے بعد گیارہ بار سورۃ الم نشرح پڑھیں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر سولہ ہزار چھ سو اکتالیس ۱۶۶۴۱ مرتبہ یا لطیف پڑھیں اور آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے مقصد کے لیے دعا مانگیں۔ بہت عجیب اور سریع التاثیر عمل ہے۔ عمل کا طریقہ یہ ہے کہ ایک سو انتیس دانے والی تسبیح لے کر قبلہ رخ بیٹھ جائیں ایک تسبیح پڑھ کر ان چاروں آیات کو پڑھیں یا ان میں سے کسی ایک کو پڑھیں۔

آیت نمبر ۱:

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ (الانعام ۱۰۳)

آیت نمبر ۲:

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ (الشوری ۱۹)

آیت نمبر ۳:

اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ (الملک ۱۴)

marfat.com

آیت نمبر ۴:

فَلَمَّا دَخَلُوا عَلٰى يُوسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۝ وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوا لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰٓاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ۗ وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْٓ اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ اِخْوَتِيْ ۗ اِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَآءُ ۗ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝

آیت پڑھنے کے بعد پھر ایک تسبیح ۱۲۹ دانوں والی پڑھیں اور ہر تسبیح کے بعد چاروں آیات یا ان میں سے کوئی ایک آیت پڑھیں یہ عمل ۱۲۹ بار دہرائیں۔ اس طرح عدد ۱۶۶۴۱ پورا ہو جائے گا۔ یعنی ایک سو انتیس دانوں والی تسبیح ایک سو انتیس بار پڑھیں۔ درمیان میں جو آیات پڑھی جاتی ہیں۔ ان کا راز یہ ہے کہ اگر کسی کو دشمنوں کی طرف سے تکلیف اور پریشانی ہو تو وہ ہر تسبیح کے بعد آیت نمبرا (لا تدرکه الابصار) پڑھے۔ جو روزی کی تنگی اور مشکل کا شکار ہو وہ آیت نمبر ۲ (الله لطیف بعباده) پڑھے۔ جو قید و بند کی مصیبت مبتلا ہو وہ آیت نمبر ۴ (فلما دخلو علی یوسف) پڑھے اور جو کسی مرتبے، مقام، عہدے یا درجہ کا طلب گار ہو وہ آیت نمبر ۳ (الا یعلم) پڑھے۔

## برائے حاجت روائی

سورۃ فاتحہ سات بار۔ درود شریف ۲۰۰ مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ اور خَفِیَّ اللُّطْفِ اَدْرِکْنِیْ بِلُطْفِکَ الْخَفِیِّ۔

الحمد شریف ۷ بار۔ درود مذکورہ ۲۰۰ مرتبہ اور یا قاضی الحاجات ۲۰۰ مرتبہ پڑھے اور اپنی حاجت گڑ گڑا کر اللہ تعالیٰ سے مانگے بہت جلد حاجت برآئے گی۔

## سورۃ یٰسین

سورۃ یٰسین کا ختم ہر مہمات کے واسطے نتائج سے ثابت ہے جب کوئی ضرورت پیش آئے تو سورۃ یٰسین اس ترکیب سے پڑھے ہر لفظ مبین سے از سر نو شروع کرے۔ جب اس طریقہ سے سورۃ ختم ہو جائے تو سجدے میں جا کر عاجزی سے طلب کریں۔ مقصد کے حصول تک ہر روز معمول رکھے۔

## ظاہری و باطنی فتوحات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۸۰۰ بار روزانہ پڑھنا عجب کیمیا ہے۔ تمام ظاہری و باطنی فتوحات اس

marfat.com

کی برکت سے کھل جاتے ہیں۔

## تسخیر و فتح نظر

چالیس روز تک روزانہ طلوع آفتاب کے وقت نظر جما کر سورج کے سامنے آنکھ قائم رکھ کر ۱۰۰ بار پڑھے (بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ) آنکھ میں بجلی کی طاقت پیدا ہوجائے گی۔ جس شخص پر نظر ڈالے گا اور دل میں یہ خیال کرے گا یہ شخص میرے پاس آجائے تو وہ شخص چلا آئے گا۔ پھر روزانہ معمول بنالیں کسی ایک وقت مقررہ پر ۱۰۰ بار روزانہ قبل نماز ظہر یا بعد نماز عشاء پڑھتے رہیں۔ اب سورج پر پڑھنے کی ضرورت نہیں۔

## امتحان میں کامیابی کا وظیفہ

جب سوالیہ پرچہ آئے تو اس کو پڑھنا نہیں الٹا کر کے رکھ دینا ہے اوّل تین بار درود شریف پڑھے۔ (درود ابراہمی علیہ السلام)

پھر گیارہ بار یہ کلمات پڑھیں۔

سُبۡحٰنَکَ لَا عِلۡمَ لَنَاۤ اِلَّا مَا عَلَّمۡتَنَا ؕ اِنَّکَ اَنۡتَ الۡعَلِیۡمُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۳۲﴾

پھر گیارہ مرتبہ پڑھے **یَا فَتَّاحُ** پھر سات مرتبہ پڑھے **وَ اللّٰہُ الۡمُسۡتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوۡنَ٥** پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد سوالیہ پرچہ حل کرنا شروع کرے۔ ان شاء اللہ العزیز غیبی امداد ہوگی

## دکھ اور ذہنی تکلیف دور کرنے کے لیے

اگر کوئی شخص کسی دکھ یا ذہنی تکلیف میں مبتلا ہو اور غم کی شدت کی وجہ سے ذہن پریشان ہو تو اس کیلئے اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ درمیان میں (سورۃ قریش) ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھیں۔ مسلسل پابندی کے ساتھ کم از کم اکتالیس (۴۱) دن تک پڑھیں۔ ان شاء اللہ ہر قسم کا دکھ اور ذہنی پریشانی دور ہوگی۔ اور دشمن دفع ہوگا۔

## صبح اور شام کی دعائیں

**بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِہٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ** ۳ مرتبہ یہ دعا بھی صبح شام دونوں وقت پڑھنی چاہیے۔

marfat.com

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۳ مرتبہ شام کو پڑھنی چاہیے تمام موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔

جو شخص کسی رنج وغم میں مبتلا ہو یا قرضدار ہو اسکی دعا کی برکت سے اس کا قرضہ ادا ہو جائے گا اور رنج وغم سے نجات ملے گی۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَ الْكَسَلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ۔

## دعا وقت طلوع آفتاب

اس عمل کے لیے عشاء کا وقت بہترین ہے وضو اچھی طرح آداب و اہتمام سے کریں۔ یالطیف روزانہ اا ہزار مرتبہ اکتالیس روز تک بلا ناغہ پڑھیں یہ عمل توجہ اور محبت سے کریں اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ذکر اللہ کی نیت سے کریں اور تواضع اختیار کریں۔ یاد رکھیں **یالطیف** کا اکسیر عمل اسے فائدہ دیتا ہے۔ جو تواضع اختیار کرتا ہے۔ ہو سکے تو زندگی میں ایک بار یہ عمل ضرور کرلیں۔ تب زندگی کا رخ آسانیوں اور رحمتوں کی طرف ہو جاتا ہے۔ اور اگر توفیق ملے تو بار بار کریں۔

اللہ تعالیٰ کا ذکر جتنا کیا جائے اتنا ہی مفید ہے۔ یہ عمل کرنے کے بعد اگر روزانہ ایک سو انتیس بار **یالطیف** کو معمول بنالیں۔ اور آخر میں کوئی آیت پڑھ لیا کریں تو بے حد مفید ہے۔

## سورۃ اخلاص کا عمل:

باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر ایک ہزار ایک مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ لیں شروع میں بسم اللہ پڑھ لیں اور باقی بغیر بسم اللہ کے پڑھیں۔ عمل کے اوّل آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ آخر میں اپنے مقصد کے لیے دعا کریں۔ بہت طاقتور عمل ہے اور بعض اہل علم نے اسے اسم اعظم قرار دیا ہے۔

## سورۃ فاتحہ کا مجرب عمل

اچھی طرح وضو کر کے خلوت میں دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھیں۔ پھر کھڑے ہو کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ اس طرح پڑھیں پہلے ہر مرتبہ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیں پھر دوبارہ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اس طریقے سے پڑھیں کہ الرحیم کی میم کو الحمد سے ملا دیں (رَحِيْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ) اس طریقہ سے اکتالیس بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر سجدہ میں چلے جائیں اور اپنی

مشکلات کے حل کے لیے دعا کریں۔ ان شاءاللہ ضرور قبول ہوگی۔ اس عمل میں بیاسی بار بسم اللہ پڑھی جائے گی اور اکتالیس بار سورۃ فاتحہ پڑھی جائے گی۔ نیز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھنا بھی بے حد مفید ہے۔

## کبش والا مجرب عمل

جس شخص کو اپنی جان کا خوف ہو یا کسی مصیبت کا ڈر ہو تو ایک موٹا تازہ صحیح سالم کبش یعنی مینڈھا یا دنبہ لے کر کسی غیر آباد جگہ چلا جائے اور اسے جلدی سے قبلہ رخ لٹا کر ذبح کر دے اور اس کے خون وغیرہ کو گڑھا کھود کر چھپا دے اور ذبح کے وقت تکبیر سے پہلے یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ ھٰذَالَکَ وَمِنْکَ اللّٰھُمَّ فِدَائِیْ فَتَقَبَّلَہٗ مِنِّیْ۔

ذبح کے بعد اس کے ساٹھ ٹکڑے کرے۔ کھال ایک ٹکڑا' سر ایک ٹکڑا۔ الغرض اس طرح ساٹھ حصے کر کے فقراء ومساکین میں تقسیم کر دے۔ خود اپنے عیال کو نہ کھلائے۔ یہ اس کے لیے فدیہ ہو جائے گا اور جس تکلیف اور مصیبت کا اندیشہ ہوگا' اس سے ان شاءاللہ محفوظ رہے گا اور اگر اس سے کم درجہ کی تکلیف کا خطرہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو پیٹ بھر کر کھانا کھلائے اور یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْتَکْفِی الْاَمْرَ اَلَّذِیْ اَخَافُہٗ بِھِمْ ھٰؤُلَآءِ وَاَسْئَلُکَ بِاَنْفُسِھِمْ وَاَزْوَاجِھِمْ وَعَزَائِمِھِمَ اَنْ تُخْلِصَنِیْ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ ان شاءاللہ وہ مصیبت دور ہو جائے گی۔

## غم اور پریشانی دور کرنے کا مجرب عمل

تیس ہزار مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ اگر ایک ہی دن یا دن رات میں پڑھ لیں تو عجیب وغریب اثر دیکھیں گے۔

## خوشیوں کا خزانہ

غم اور پریشانی دور کرنے کے لیے سورۃ یٰسین شریف کی تلاوت مجرب عمل ہے۔ یہ سورۃ قرآن پاک کا دل ہے۔ اگر اسے اپنے دل کی توجہ سے پڑھا جائے تو عجیب اثرات محسوس ہوتے ہیں۔ صبح پڑھنے والا رات تک اور رات کو پڑھنے والا دن تک غموم وہموم سے بچا رہتا ہے۔

## غم دور کرنے کی مسنون دوا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

marfat.com

یہ دعا مسنون ہے۔ اور حدیث شریف میں اس کے کئی فضائل وارد ہوئے ہیں۔ غم اور پریشانی کے وقت اگر توجہ سے اس کا ورد کیا جائے تو عجیب تاثیر محسوس ہوتی ہے۔ اور دل کا بوجھ اتر جاتا ہے۔

## اَللّٰهُ الصَّمَد کا ورد

مصیبت، غم پریشانی اور تکلیف کے وقت اَللّٰهُ الصَّمَد کا ورد بہت مجرب ہے۔ خوب توجہ کے ساتھ بے تعداد پڑھیں اور رَبِّ بے نیاز پر توکل کریں۔

## سخت مشکل میں خاص ورد

سخت مشکل کے لیے روزانہ یہ ورد سات سو بار پڑھیں۔ ان شاءاللہ مشکل حل ہوجائیگی۔

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ۔

اوّل آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔

## دن میں کیا پڑھنا چاہیے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۱۰۰ سو مرتبہ اور سبحان اللہ و بحمدہ ۱۰۰ سو مرتبہ۔ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص دن میں شیطان سے ۱۰ مرتبہ پناہ مانگے گا یعنی اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس شخص پر ایک فرشتہ کو مقرر کردے گا۔ جو شیطان کو اس شخص کے پاس آنے سے روکے گا۔

ا) حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، جو شخص مومنین اور مومنات کے لیے دن میں ۲۵ یا مرتبہ استغفار پڑھے گا۔ وہ خدا سے جو حاجت طلب کرے گا وہ بر آئے گی۔

ب) حضور آقائے کائنات علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جو شخص ۱۰۰ مرتبہ سبحان اللہ وبحمدہ پڑھے گا۔ ا کے نامہ اعمال میں ایک ہزار نیکیاں لکھی جائیں گی۔ اور ایک ہزار گناہ معاف کردیے جائیں گے۔

## مغرب کی اذان کے وقت کی دعا

مغرب کی اذان کے وقت یہ دعا پڑھنی ماثور ہے۔

اَللّٰهُمَّ هٰذَا اِقْبَالُ لَيْلِكَ وَاِدْبَارُ نَهَارِكَ وَاَصْوَاتُ دُعَائِكَ فَاغْفِرْلِيْ۔

marfat.com

## رات کے وقت کیا پڑھنا چاہیے

۱۰ آیتیں شروع سورۃ بقرہ کی اور آیت الکرسی خالدون تک اور لِلّٰہِ مَافِی السَّمٰوٰتِ سے آخری سورۃ بقرہ تک۔

**دعا:** یہ دعا حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو تعلیم فرمائی تھی اور ہدایت فرمائی تھی کہ صبح وشام پڑھا کرو اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ صِحَّةً فِیْ اِیْمَانٍ وَاِیْمَانًا فِیْ حُسْنِ خُلُقٍ وَنَجَاحًا یَتْبَعُھَا فَلَاحٌ وَرَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِیَةً وَمَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا۔

## انجام امور مہم

اگر کسی شخص کو کوئی مہم درپیش ہو یا نیک بخت فرزند کا آرزومند ہو یا کسی کا لڑکا بھاگ گیا ہو اس کو یہ دعا پڑھنی چاہیے رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ۝

## تمام حاجات کے لیے

جو شخص سات بار صبح اور سات بار شام کو یہ دعا پڑھے گا اس کی تمام حاجات پوری ہوں گی۔

حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۝

## کثرت رزق، ہر غم اور ہر حاجت کے لیے

ایک مختصر استغفار، کثرتِ رزق اور ہر غم کو دور کرنے اور ہر حاجت کے لیے کثرت کے ساتھ پڑھنا چاہیے: رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ۝

## حاجت روائی

روزانہ ایک وقت مقرر کر کے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (۷۸۶) سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھے ایک ہفتہ نہ گزرے گا کہ بحکم خدا حاجت پوری ہوگی۔

## اسرار الاولیاء

اگر کسی شخص کو غم والم ہو تو جمعہ کی شب کو غسل کر کے خلوت میں بیٹھ جائے۔ کسی سے بات نہ کرے اور عشاء کی نماز پڑھ کر وتر کی تیسری رکعت کے دوسرے سجدہ میں یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ یَا اَللّٰهُ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔ واضح رہے کہ اس عمل میں کسی مسلمان کو ضرر پہنچانے کے لیے دعا نہ کرے۔ یہ عمل اسرار الاولیاء میں سے ہے۔

marfat.com

## حاجت دارین کے واسطے مفید

تمام ضروریات کی کفالت کے لیے درود شریف کا التزام رکھا جائے۔ اس مقصد کے لیے بہت مفید ہے۔ ۵۰۰ بار کوئی بھی درود شریف جو یاد ہو پڑھ لیا کریں اور بعد نماز عشاء درج ذیل استغفار پڑھیں
اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔

## ہر مشکل کو آسان بنانا

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ وَعَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ ۱۰۰ مرتبہ پڑھے انشاءاللہ مشکل آسان ہوگی۔

## دیگر برائے ہر مصیبت و بیماری کے دفعیہ کیلئے:

ہر مصیبت کے لیے' بیماری کے لیے اس آیت کا ایک لاکھ پچیس ہزار' بطور ختم پڑھنا عجیب الاثر ہے۔ وہ بلا جلد دفع ہوگی۔ مریض بہت جلد تندرست ہوگا۔ اگر موت مقدر میں ہے تب بہت آسانی سے خاتمہ بالخیر ہوگا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ۔

## ہر بلا و مصیبت اور گناہ سے نجات

یہ دعا پڑھنے والا ہر بلا و مصیبت و ہر بیماری سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی شخص کسی دوسرے کو خراب اور خطرناک بیماری و مرض میں مبتلا دیکھے۔ مثلاً کوڑھ' مرگی' دمہ' جنون جزام وغیرہ یا کسی شخص کو گناہ میں مبتلا دیکھے تو اس دعا کو پڑھنے والا انشاءاللہ تعالیٰ ان تمام بیماریوں اور گناہ سے محفوظ رہے گا۔ وہ دعا یہ ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ عَافَانِىْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِىْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا۔

## برائے قضائے حاجات

برائے حاجت برآری اور مقصد میں کامیابی کے لیے یہ عمل بہت مجرب ہے اوّل دو رکعت نماز نفل پڑھ کر حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کی روح پرفتوح کو بخشے کہ ان دو رکعت کا ثواب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل میں حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کو پہنچے پھر الحمد شریف آیت الکرسی اور سورۃ یٰسین کو پڑھے۔ اس کے بعد یہ آیت لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ کو گیارہ سو ترپن (۱۱۵۳) بار پڑھ کر سجدہ کرے اور سجدہ میں دعائے حاجت' جو مقصد ہو اسکی دعا مانگے' ان شاءاللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

marfat.com

## سخت مشکل اور ضروری کام کے لیے

مندرجہ ذیل کلمات ۵۰۰ سو مرتبہ بعد نماز عشاء روزانہ پڑھے اوّل و آخر درود شریف ایک سو بار پڑھے۔ جب تک کام پورا نہ ہو پڑھتا رہے۔ پڑھنے میں پابندی کرے ناغہ نہ کرے۔ انشاءاللہ ہر مشکل آسان اور کام پورا ہو جائے گا۔ یَا خَفِیَّ الْاَلْطَافِ اَدْرِکْنِیْ بِلُطْفِكَ الْخَفِیِّ۔

## مشکلات کے حل کے لیے

سورۃ یونس کو دو مرتبہ باوضو پڑھے۔ ان شاءاللہ جملہ مشکلات حل ہونگی۔ (پ ۱۱) "سورۃ ھود" ہر مشکل گھڑی میں سورۃ ھود کی تلاوت بہت فائدہ مند ہے۔ اس کے پڑھنے سے دشمن مغلوب رہتا ہے۔

## جملہ مہمات میں کامیابی کے لیے

جملہ مہمات میں کامیابی کے لیے روزانہ سورۃ یوسف ایک بار تلاوت کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

## امراض سے حفاظت

صبح کی نماز کے بعد مندرجہ ذیل دعا کو سات بار پڑھ لینا جسم کو تمام امراض سے حفاظت میں رکھتا ہے
سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

## ہر تکلیف بیماری اور حاجت کے لیے زود اثر ورد

ہر قسم کی پریشانی، بیماری مصیبت اور روزی کی تنگی دشمن کے ایذاء کا ڈر غرضیکہ جس ضرورت کے لیے یہ کلام مبارک تلاوت کیا جائے گا۔ وہ ضرورت اور مراد انشاءاللہ پوری ہوگی۔ پڑھ کر دیکھیں انشاءاللہ پہلے ہی دن اس کا اثر دیکھیں گے۔ صبح کی نماز کے بعد معمولات سے فارغ ہو کر تین بار پہلے درود شریف پڑھے اور درمیان میں کم از کم سات بار یا زیادہ بار یہ کلام پڑھیں۔ پھر آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیں۔ درود شریف یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ اٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اور کلام مبارک یہ ہے۔ یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ وَمُجِیْبِیْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ وَمُؤْنِسِیْ عِنْدَ كُلِّ وَحْشَةٍ وَمَعَاذِیْ عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ وَرَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَةٌ۔

marfat.com

## تزعزع۔دماغ کا ہل جانا

سورہ اعلیٰ (پارہ نمبر ۳۰ کی آیت) سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰىٓ ۙ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ سات بار پڑھ کر چینی پر دم کر کے کھلایا جائے ۔یا تعویذ لکھ کر سر پر باندھا جائے ۔

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ خَلَقَ ۝ الَّذِىْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝

مندرجہ بالا آیت کو زعفران سے لکھ کر سر پر باندھا جائے۔ اسم باری تعالیٰ ''یا قوی''، ہر فرض نماز کے بعد دایاں ہاتھ سر پر رکھ گیارہ بار پڑھیں۔

## ہر قسم کا درد

خواہ کہیں ہوں یہ آیت بسم اللہ سمیت تین دفعہ پڑھ کر دم کریں۔اور کسی تیل وغیرہ پر پڑھ کر مالش کریں یا باوضو لکھ کر باندھیں۔

اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝

marfat.com

باب ۳۵

# گردہ ومثانہ کے امراض

## پیشاب کی بندش کا علاج

اگر پیشاب آنا بند ہو گیا ہو تو اکہتر مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے مریض کو پلایا جائے اور لکھ کر تعویذ گلے میں ڈالا جائے ان شاء اللہ پیشاب جاری ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ۝

انسان یا حیوان جس کا پیشاب بند ہو جائے دو کاغذوں پر یہ آیات لکھ کر ایک اسے گلے میں بطور تعویذ ڈالیں اور ایک پانی میں گھول کر پلائیں ان شاء اللہ پیشاب جاری ہو جائے گا۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ۝۲۱

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل فرماتے ہیں کہ یہ دعا پیشاب کی بندش کیلئے انتہائی مفید ہے۔

رَبَّنَا اَنْتَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اِسْمُكَ اَمْرُكَ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِي السَّمَاءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِي الْاَرْضِ وَاغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَخَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَآئِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجْعِ یہ دعا لکھ کر ناف کے مقام پر باندھے۔

سورۃ التکاثر (پ ۳۰) لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

حبس بول کیلئے یہ آیت مفید ہے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔

فَفَتَحْنَا اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ۝ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ۝

marfat.com

## پیشاب میں خون آنے کا علاج

جو شخص یہ چاہے کہ اسے یہ عارضہ کبھی لاحق نہ ہو تو وہ کھانا کھانے سے پہلے سورۃ القریش (پ 30) پڑھ لیا کرے۔

اس عمل کا معمول بنالینے سے ان شاء اللہ تعالیٰ وہ اس عارضہ سے محفوظ رہے گا۔

ہر نماز کے بعد سورۃ طارق (پ۳۰) اس طرح پڑھیں کہ جب اِنَّهٗ عَلٰی رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ پر پہنچیں تو بیمار کا تصور ذہن میں کریں ان شاء اللہ اکیس یوم کے اندر اندر بیماری ختم ہو جائے گی اور مکمل طور پر آرام آجائے گا۔

## پیشاب کی زیادتی کا علاج

اس آیت کو لکھ کر باندھے تو مرض زائل ہو جائے گا ان شاء اللہ اور پانی سے دھو کر پلائیں تو بھی مفید ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ

پیشاب بکثرت آتا ہو تو اکتالیس بار یہ آیت چینی پر دم کر کے چٹانے سے یہ مرض جاتا رہے گا۔

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ

## درد گردہ ومثانہ کا علاج

سورۃ القریش (پ۳۰) کو کھانے پر دم کر کے کھلانا درد گردہ ومثانہ کیلئے نافع ہے۔

درد گردہ کیلئے اکیس مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانا بہت مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۭ حَتّٰٓي اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۭ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ

مثانہ میں درد ہو تو یہ آیت گیارہ مرتبہ پانی میں پر دم کر کے پلائیں اور گیارہ روز تک اسی طرح پلائیں ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

marfat.com

سورہ الم نشرح پانی پر دم کرے مثانہ کے درد والے کو پلانا مفید ہے۔

## پتھری کا علاج

پتھری کے دفع کرنے کے واسطے سورہ الم نشرح کاغذ پر اکیس دن تک لکھ کر پلائیں پتھری ریزہ ریزہ ہوکر نکل جائیگی اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے مریض شفا پائے گا اور اس سورت کو ہر روز پڑھ کر دم بھی کرتا رہے۔

ابن کلبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ اصبہان میں کسی بزرگ کو عسر البول کی بیماری ہوگئی تھی تو انہوں نے یہ لکھا۔

وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۝ وَحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ۝

پتھری کیلئے یہ آیت لکھ کر پئیں مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝

اگر گردہ میں پتھری ہوگئی ہو تو سورہ تَبَّتْ يَدَآ اَبِىْ لَهَبٍ اور یہ آیات چینی کی رکابی پر لکھ کر عرق مکوہ سے دھو کر گیارہ دن تک پلانا نہایت ضروری ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝

یہ آیت لکھ کر پانی سے دھوئیں اور مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ۝ اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِىْ صُدُوْرِكُمْ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ؕ قُلِ الَّذِىْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ؕ قُلْ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ۝

سورۃ التکاثر (پ ۳۰) لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں ان شاء اللہ پتھری ختم ہو جائے گی۔

marfat.com

## پتھری سے نجات کے لیے

یہ آیت شریفہ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کمر سے باندھی جائے۔ جس شخص کے گردے میں پتھری ہوگی ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی ان شاء اللہ تعالیٰ وہ آیت شریف یہ ہے۔

فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا

## برائے درد گردہ پیشاب کی رکاوٹ ختم

ان آیات شریفہ کو باوضو کالی پکی روشنائی سے یا عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے لکھے اور پانی میں گھول کر مریض کو پلائے۔

ان شاء اللہ درد گردہ سے نجات حاصل ہوگی اور پیشاب کا بند کھل جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۶۰﴾ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ﴿۵﴾ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ﴿۶﴾ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ﴿۱۴﴾

## درد گردہ

ا) سورہ جن کی آیات مبارکہ وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ﴿۱۸﴾ وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿۱۹﴾ مشک و زعفران سے لکھ کر مقام درد گردہ پر باندھیں۔

ب) (پ ۸) سورۂ اعراف کی آیت شریفہ ذیل کو اکیس بار پانی پر دم کر کے پلائیں۔

وَهُوَ الَّذِىْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَىْ رَحْمَتِهٖ ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾

## سنگ گردہ ریگ گردہ

ا) سورۃ اللہب (پ ۳۰)۔

ب) سورۃ یونس پارہ ۳۰ کی آیات: يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

marfat.com

وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ۙ وَ هُدًی وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْیَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾

چینی کی رکابی پر لکھ کر عرق مکو میں حل کریں اور گیارہ روز تک مریض کو پلائیں۔

ج) سورۃ حدید (پ۲۷) کی پہلی چھ آیات اکیس بار آب رواں پر دم کر کے پلانا مفید ہے۔

## وجع المثانہ۔ دردِ مثانہ

ا) سورۂ زمر (پ۲۴) کی اس آیت مبارکہ کو گیارہ بار روزانہ پانی پر دم کر کے گیارہ روز تک پئیں۔

قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ﴿۵۳﴾

ب) سورہ بلد (پ۳۰) کی آیات شریفہ عرق گلاب پر اکتالیس بار دم کر کے پلائیں۔

اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَیْنَیْنِ ﴿۸﴾ وَ لِسَانًا وَّ شَفَتَیْنِ ﴿۹﴾ وَ هَدَیْنٰهُ النَّجْدَیْنِ ﴿۱۰﴾

ا) اسی آیت کو لکھ کر بطور تعویز گلے میں حمائل کریں۔

ب) سورۂ انبیاء کی یہ آیات عرق گلاب پر ایک سو بار دم کر کے پلائیں۔

وَ جَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ ؕ اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۰﴾

ج) سورہ اخلاص (پ۳۰) گیارہ بار پانی پر دم کر کے پلائیں۔

د) سورہ حشر (پ۲۸) کی اس آیت مبارکہ کا تعویز لکھ کر مریض کے پیٹ پر باندھیں۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ ؕ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾

## سلسل بول، پیشاب کی زیادتی۔ بستر میں پیشاب نکلنا

سورہ ہود (پ۱۲) کی آیت:

وَ قِیْلَ یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَ یٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَ غِیْضَ الْمَآءُ وَ قُضِیَ الْاَمْرُ

سات مرتبہ لکھ کر پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں۔

ب) سورۃ المومنون (پ۱۸) کی آیت مبارکہ وَ اَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِی الْاَرْضِ ۖۗ وَ اِنَّا عَلٰی ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ اکتالیس بار چینی پر دم کر کے چٹائیں۔

marfat.com

د) سورۃ فاتحہ اکیس بار تلوں پر دم کر کے کھلائیں اور ہفتہ عشرہ تک یہی عمل جاری رکھیں۔

ہ) سورۂ ملک پارہ ۲۹ کی آیت:

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ۝۳۰

سات بار لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں۔

## سوزاک وقرحہ مثانہ

ا) سورۂ توبہ (پ۱۰) کی آیت مع تسمیہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۱۴

ب) سورۃ یونس (پ۱۱) کی آیت قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ شِفَآءٌ

ج) سورہ بنی اسرائیل کی آیت وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ ان تینوں کولکھ کر عرق گلاب میں گھول کر پلائیں۔

۱- پارہ نمبر ۲۹ سورہ مزمل پوری سورت لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

۲- پارہ نمبر ۲۹ سورہ مزمل آب باراں پر دم کر کے پلائیں۔

۳- بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

مریض ان کلمات کو ہر فرض نماز کے بعد سات مرتبہ = گیارہ روز تک ورد کریں۔

۴- سورۃ فتح کی آخری آیت لکھ کر گلے میں حمائل کریں۔

## پیشاب میں خون آنا

ا) سورۃ الحج (پ۱۷) کے الفاظ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْئًا سورۃ بقرہ کی آیت (پ۱) فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۱۳۷ ان دونوں کو اکتالیس بار عرق گلاب پر دم کر کے مسلسل اکیس یوم تک پلائیں۔

## ذیابیطس شکری۔ پیشاب میں ریت آنا۔

ان آیات کو لکھ کر ان کا پانی مریض کو پلایا جائے۔

وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝۵ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۝۶ (پ۲۷)

وَحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝۱۴

marfat.com

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ (پ ۱ ع ۷)

## درد مثانہ

مثانہ کے درد میں ۴۱ مرتبہ یہ آیت عرق گلاب پر دم کر کے پلانا مفید ہے۔

اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِ ۙ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ۙ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ۚ

## پیشاب کی بندش کھولنا

اگر کسی کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو یہ آیت باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھے ان شاء اللہ تعالیٰ پیشاب جاری ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ؕ بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ○

## پیشاب کی بندش کھولنا

اگر کسی کا پیشاب بند ہو گیا ہے تو مندرجہ ذیل آیت باوضو ایک کاغذ پر لکھے اور اس کو پانی میں گھول کر مریض کو پلائے ان شاء اللہ تعالیٰ پیشاب کا بند کھل جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ○ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ۝

marfat.com

باب ۳۵

# مستند واقعات اور باکمال وظائف

## ۱) مخصوص اعمال جو مخصوص مصیبتوں سے نجات دلاتے ہیں۔

ابوعبداللہ حلیم ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب نوادرالاصول میں یہ بات ذکر کی ہے۔ کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی جماعت کے پاس آ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کی مسجد میں فرمایا کہ گزشتہ رات میں نے عجیب باتیں دیکھیں۔ دیکھا کہ میرے ایک امتی کو عذاب قبر نے گھیر رکھا ہے۔ آخر اس کے وضو نے آ کر اسے چھڑا لیا۔ میں نے ایک امتی کو دیکھا کہ شیطان اسے وحشی بنائے ہوئے ہے۔ لیکن ذکر اللہ نے آ کر اسے غلامی سے نجات دلوائی۔ ایک امتی کو دیکھا کہ عذاب کے فرشتے نے اسے گھیر رکھا ہے۔ اس کی نماز نے آ کر اسے بچالیا۔ ایک امتی کو دیکھا کہ پیاس کے مارے ہلاک ہو رہا ہے۔ جب حوض پر جاتا ہے۔ دھکے لگتے ہیں اس کا روزہ آیا اور اس نے اسے پانی پلا دیا۔ اور آسودہ کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک امتی کو دیکھا کہ انبیاء علیہم السلام حلقے باندھ کر بیٹھے ہیں۔ یہ جس حلقے میں بیٹھنا چاہتا ہے۔ وہاں والے اسے اٹھا دیتے ہیں۔ اسی وقت اس کا غسل جنابت آیا اور اس کا ہاتھ پکڑ کر میرے پاس بٹھایا۔ ایک امتی کو دیکھا کہ چاروں طرف سے اسے اندھیرا گھیرے ہوئے ہے اور اوپر نیچے سے بھی وہ اسی میں گھرا ہوا ہے۔ کہ اس کا حج اور عمرہ آیا اور اسے اس اندھیرے میں سے نکال کر نور میں پہنچا دیا۔ ایک امتی کو دیکھا کہ وہ مومنوں سے کلام کرنا چاہتا ہے۔ لیکن وہ اس سے بولتے نہیں اسی وقت صلہ رحمی آئی اور اعلان کیا کہ اس سے بات چیت کرو۔ چنانچہ وہ بات چیت کرنے لگے۔ ایک اور امتی کو دیکھا کہ وہ اس کے منہ پر پردہ اور اوٹ اور اس کے سر پر سایہ بن گئی۔ اپنے ایک امتی کو دیکھا کہ عذاب کے فرشتوں نے اسے ہر طرف سے قید کر لیا ہے لیکن اس کا نیکی کا حکم اور برائی سے منع کرنا آیا اور ان کے ہاتھوں سے اسے چھڑا کر رحمت کے فرشتوں سے ملا دیا۔

اپنے ایک امتی کو دیکھا کہ گھٹنوں کے بل گرا ہوا ہے اور اللہ تعالیٰ اور اس کے درمیان حجاب ہے اس کے اچھے اخلاق آئے اور اس کا ہاتھ پکڑ کر اللہ تعالیٰ کے پاس پہنچا آئے۔ اپنے ایک امتی کو دیکھا کہ اس کا نامہ اعمال اس کے بائیں طرف سے آ رہا ہے۔ لیکن اس کے خوفِ خدا نے آ کر اسے اس کے سامنے کر دیا۔ اپنے

marfat.com

ایک امتی کو میں نے جہنم کے کنارے کھڑا دیکھا اسی وقت اس کا اللہ سے کپکپانا آیا اور اسے جہنم سے بچالیا۔

میں نے اپنے ایک امتی کو دیکھا کہ اسے اوندھا کر دیا گیا ہے۔ تا کہ جہنم میں ڈال دیا جائے لیکن اس وقت خوف خدا سے اس کا رونا آیا اور ان آنسوؤں نے اسے بچالیا۔ میں نے ایک امتی کو دیکھا کہ پل صراط پر لڑھکیاں کھا رہا ہے کہ اس کا مجھ پر درود پڑھنا آیا اور ہاتھ تھام کر سیدھا کر دیا اور پار اتر گیا۔ ایک کو دیکھا کہ جنت کے دروازے پر پہنچا لیکن دروازہ بند ہو گیا۔ اسی وقت لا الہ الا اللہ کی شہادت پہنچی دروازے کھلوا دیئے اور اسے جنت میں پہنچا دیا۔ قرطبی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کو ذکر کر کے فرماتے ہیں کہ یہ حدیث بہت بڑی ہے۔ اس میں ان مخصوص اعمال کا ذکر ہے جو مخصوص مصیبتوں سے نجات دلوانے والے ہیں۔

## قرآن کریم کی ایک خاص آیت عزت دلانے والی:

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے مسند میں نیز طبرانی نے عمدہ سند کے ساتھ حضرت معاذ جہنی رضی اللہ عنہ کی روایت سے بیان کیا ہے۔ کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّ لَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَ لَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَ كَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا ﴿۱۱۱﴾

ترجمہ:۔

"تمام خوبیاں اسی اللہ (پاک) کے لئے۔ (خاص) ہیں جو نہ اولاد رکھتا ہے۔ اور نہ اس کا کوئی سلطنت میں شریک ہے اور نہ کمزوری کی وجہ سے اس کا کوئی مددگار ہے۔ اور اس کی خوب بڑائیاں بیان کیا کیجئے۔" (بیان القرآن)

یہ آیت آیت عزت ہے۔ (تفسیر مظہری جلد ۷ صفحہ ۶۶)

## غمگین کے کان میں اذان دینا:

جو شخص کسی رنج و غم میں مبتلا ہو اس کی کان میں اذان دینے سے اس کا رنج و غم دور ہوتا ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے غمگین دیکھ کر فرمایا۔ یا ابن ابی طالب! میں تمہیں غمگین دیکھ رہا ہوں۔ میں نے کہا ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

"فَمُرْ بَعْضَ اَهْلِكَ یُؤَذِّنْ فِیْ اُذُنِكَ فَاِنَّهٗ دَوَاءٌ لِلْهَمِّ"

ترجمہ:۔

marfat.com

تم اپنے گھر والوں میں کسی سے کہو کہ وہ تمہارے کان میں اذان دے کیونکہ یہ غم کا علاج ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے یہ عمل کیا تو میرے غم دور ہو گئے۔ اسی طرح اس حدیث کے تمام راویوں نے اس کو آزما کر دیکھا تو سب نے اس کو مجرب پایا۔ (کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۶۵۸)

## بداخلاق کے کان میں اذان دینا:

جس کی عادت خراب ہو جائے، خواہ انسان ہو یا جانور اس کے کان میں بھی اذان دی جائے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:

"مَنْ سَآءَ خُلُقُهٗ مِنْ اِنْسَانٍ اَوْدَابَّةٍ فَاَذِّ نُوْا فِیْ اُذُنِهٖ"

ترجمہ:۔

جو بداخلاق ہو جائے۔ خواہ انسان ہو یا چوپایہ اس کے کان میں اذان دو (رواہ الدیلمی، مرقات شرح مشکوٰۃ جلد ۲ صفحہ ۱۴۹)

## شیطان کے پریشان کرنے اور ڈرانے کے وقت اذان دینا:

جب شیطان کسی کو پریشان کرے اور ڈرائے اس وقت بلند آواز سے اذان کہنی چاہیے۔ کیونکہ شیطان اذان سے بھاگتا ہے۔ حضرت سہیل بن ابی صالح کہتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے بنوحارثہ کے پاس بھیجا۔ اور میرے ہمراہ ایک بچہ یا ساتھی تھا۔ دیوار کی طرف سے کسی پکارنے والے نے اس کا نام لے کر آواز دی اور اس شخص نے جو میرے ہمراہ تھا دیوار کی طرف دیکھا تو اس کو کوئی چیز نظر نہیں آئی۔ پھر میں نے اپنے والد صاحب سے اس کا تذکرہ کیا تو انہوں نے فرمایا اگر مجھے پتہ ہوتا کہ تمہیں یہ بات پیش آئی گی تو میں تم کو نہ بھیجتا۔

وَلٰكِنْ اِذَا سَمِعْتَ صَوْتًا فَنَا دِ بِالصَّلٰوةِ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اَنَّهٗ قَالَ اِنَّ الشَّيْطَانَ اِذَا نُوْدِیَ بِالصَّلٰوةِ وَلّٰی وَلَهٗ حُصَاصٌ . (مسلم شریف جلد ۱ صفحہ ۱۶۷)

ترجمہ:۔

لیکن (یہ بات یاد رکھو کے) جب تم کوئی آواز سنو تو بلند آواز سے اذان کہو کیونکہ میں نے حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ جب اذان کہی جاتی ہے تو شیطان پیٹھ

پھیر کر گوز مارتا ہوا بھاگتا ہے۔

## غول بیابانی (بھوتوں) کو دیکھ کر اذان کہنا:

اگر کوئی شخص بھوت پریت دیکھے تو اس کو بلند آواز سے اذان کہنی چاہیے۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ:

"اِذَا تَغَوَّلَتْ لَکُمُ الْغِیْلَانُ فَاَذِّنُوْا" (مصنف عبدالرزاق جلد۵ صفحہ ۱۶۳)

ترجمہ:۔

جب تمہارے سامنے بھوت پریت مختلف شکلوں میں نمودار ہوں تو اذان کہو۔

۱۷) اذان کے چند اور مواقع۔

مذکورہ مواقع کے علاوہ اذان کے درج ذیل مواقع اور بھی بزرگوں نے ذکر کیے ہیں۔

۱) آگ لگنے کے وقت ۲) کفار سے جنگ کرنے کے وقت

۳) غصہ کے وقت ۴) جب مسافر راستہ بھول جائے

۵) اور جب کسی کو مرگی کا دورہ پڑے لہٰذا علاج اور عمل کے طور پر ان مواقع میں اذان کہنے سے کوئی حرج نہیں ہے امداد الفتاویٰ میں ہے ان مواقع میں اذان سنت ہے۔

۱) فرض نماز (کے لئے) ۲) بچہ کے کان میں وقت ولادت

۳) آگ لگنے کے وقت ۴) جنگ کفار کے وقت

۵) مسافر کے پیچھے جب شیاطین ظاہر ہو کر ڈرائیں

۶) غم کے وقت ۷) غضب کے وقت

۸) جب مسافر راہ بھول جائے ۹) جب کسی کو مرگی آوے

۱۰) جب کسی آدمی یا جانور کی بدخلقی ظاہر ہو اس کو صاحب دولت محادنے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے۔ (امداد الفتاویٰ جلد ا صفحہ ۵۴۶)

## معمولی اکرام مسلم پر سارے گناہ معاف:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کو دیکھ کر انہوں نے وہ تکیہ حضرت

marfat.com

سلمان رضی اللہ عنہ کے لیے رکھ دیا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے سچ فرمایا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا اے ابو عبداللہ اللہ اور رسول ﷺ کا وہ فرمان ذرا ہمیں بھی سنائیں۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا ایک مرتبہ میں حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ ﷺ ایک تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ نے وہ تکیہ میرے لیے رکھ دیا۔ پھر مجھ سے فرمایا اے سلمان جو مسلمان اپنے مسلمان بھائی کے پاس جاتا ہے۔ اور وہ میزبان اس کے اکرام کے لیے تکیہ رکھ دیتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت ضرور فرما دیتے ہیں۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۵۶۱)

## بری موت سے بچنے کا ایک نبوی نسخہ:

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت حارثہ بن نعمان رضی اللہ عنہ کی بینائی جا چکی تھی انہوں نے اپنی نماز کی جگہ سے لے کر اپنے کمرے کے دروازے تک ایک رسی باندھ رکھی تھی۔ جب دروازے پر کوئی مسکین آتا تو اپنے ٹوکرے میں سے کچھ لیتے اور رسی کو پکڑ کر دروازے تک جاتے خود اپنے ہاتھ سے اس مسکین کو دیتے، گھر والے کہتے کہ آپ کی جگہ ہم جا کر مسکین کو دے آتے ہیں۔ تو وہ فرماتے کہ میں نے رسول ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ مسکین کو اپنے ہاتھ سے دینا بری موت سے بچاتا ہے۔

(حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۲۳۲)

## متکبر کی طرف اللہ تعالیٰ نظر رحمت سے نہیں دیکھتے:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں۔ میں نے ایک مرتبہ اپنی نئی قمیص پہنی، میں اسے دیکھ کر خوش ہونے لگی وہ مجھے بہت اچھی لگ رہی تھی حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا دیکھ رہی ہو؟ اس وقت اللہ تمہیں (نظر رحمت سے) نہیں دیکھ رہے ہیں۔ میں نے کہاں کیوں؟ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا تمہیں معلوم نہیں کہ جب دنیا کی زینت کی وجہ سے بندہ میں عجب (خود کو اچھا سمجھنا) پیدا ہو جاتا ہے تو جب تک وہ بندہ زینت چھوڑ نہیں دیتا اس وقت تک اس کا رب اس سے ناراض رہتا ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے وہ قمیص اتار کر اسی وقت صدقہ کر دی تو حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا شاید یہ صدقہ تمہارے اس عجب کے گناہ کا کفارہ ہو جائے (حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۳۹۹)

## بیوی کے منہ میں لقمہ دینے پر صدقہ کا ثواب:

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حجۃ الوداع والے سال میں بہت زیادہ بیمار ہو گیا

marfat.com

تھا۔ جب حضور اقدس ﷺ میری عیادت کے لیے تشریف لائے تو میں نے کہا میری بیماری زیادہ ہو گئی ہے۔ اور میں مالدار آدمی ہوں اور میرا کوئی وارث نہیں ہے صرف ایک بیٹی ہے تو کیا میں دو تہائی مال صدقہ کر دوں؟

حضور ﷺ نے فرمایا نہیں میں نے کہا آدھا مال صدقہ کر دوں؟ حضور ﷺ نے فرمایا نہیں میں نے کہا کہ ایک تہائی مال صدقہ کر دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں تہائی مال صدقہ کر دو۔ اور تہائی بھی بہت ہے۔ تم اپنے ورثاء کو مال دار چھوڑ کر جاؤ یہ اس سے بہتر ہے کہ تم ان کو فقیر چھوڑ کر جاؤ۔ اور وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھریں اور تم جو بھی خرچہ اللہ کی رضا کے لیے کرو گے۔ اس پر تمہیں اللہ کی طرف سے اجر ضرور ملے گا۔ حتیٰ کہ تم جو لقمہ اپنی بیوی کے منہ میں ڈالو گے۔ اس پر بھی اجر ملے گا۔

میں نے کہا یا رسول اللہ ﷺ! مجھے تو ایسا لگ رہا ہے کہ اور مہاجرین تو آپ کے ساتھ مکہ سے واپس چلے جائیں گے۔ میں یہاں ہی مکہ میں رہ جاؤں گا اور میرا انتقال یہاں مکہ میں ہو جائے گا۔ اور چونکہ میں مکہ سے ہجرت کر کے گیا تھا۔ تو میں اب یہ نہیں چاہتا کہ میرا یہاں انتقال ہو۔ حضور ﷺ نے فرمایا نہیں تمہاری زندگی لمبی ہوگی (اور تمہارے اس مرض میں یہاں انتقال نہ ہوگا) اور تم جو بھی نیک عمل کرو گے اس سے تمہارا درجہ بھی بلند ہوگا اور تمہاری عزت میں بھی اضافہ ہوگا۔ (چنانچہ عراق کے فتح ہونے کا یہ ذریعہ بنے)۔

اے اللہ! میرے صحابہ کرام کی ہجرت کو آخر تک پہنچا (درمیان میں مکہ میں فوت ہونے سے ٹوٹنے نہ پائے) اور (مکہ میں موت دے کر) انہیں ایڑیوں کے بل واپس نہ کر ہاں قابل رحم سعد بن خولہ ہے (کہ وہ مکہ سے ہجرت کر کے گئے تھے اور اب یہاں فوت ہو گئے ہیں ان کے مکہ میں فوت ہونے کی وجہ سے حضور ﷺ کو ان پر ترس آ رہا تھا)۔

## عمل مختصر اور ثواب وفائدہ زیادہ:

امام بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند کے ساتھ اس جگہ ایک حدیث نقل فرمائی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ حق تعالیٰ کا فرمان ہے کہ جو شخص ہر نماز کے بعد سورۃ فاتحہ اور آیتہ الکرسی اور آل عمران کی دو آیتیں ایک آیت (شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ) (آیت ۱۸) آخر تک اور دوسری یہ آیت (قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ) سے (بِغَيْرِ حِسَابٍ) (آیت ۲۶۔۲۷) تک پڑھا کرے تو میں اس کا ٹھکانا جنت میں بنادوں گا اور اس کو حظیرۃ القدس میں جگہ دوں گا اور ہر روز اس کی طرف ستر مرتبہ نظر رحمت کروں گا اس کی حاجتیں پوری

marfat.com

کروں گا اور ہر حاسد اور دشمن سے پناہ دوں گا اور ان پر اس کو غالب رکھوں گا۔ (معارف القرآن جلد ۲ صفحہ ۴۷)

## خطوط میں بسم اللہ لکھنا جائز ہے یا نا جائز:

خط نویسی کی اصل سنت تو یہی ہے۔ کہ ہر خط کے شروع میں بسم اللہ لکھی جائے لیکن قرآن وسنت کے نصوص واشارات سے حضرات فقہا نے یہ کلیہ قاعدہ لکھا ہے کہ جس جگہ بسم اللہ یا اللہ تعالیٰ کا کوئی نام لکھا جائے اگر اس جگہ اس کاغذ کی بے ادبی سے محفوظ رکھنے کا کوئی اہتمام نہیں بلکہ وہ پڑھ کر ڈال دیا جاتا ہے۔ تو اسے خطوط اور ایسی چیز میں بسم اللہ یا اللہ تعالیٰ کا کوئی نام لکھنا جائز نہیں کہ وہ اس طرح اس بے ادبی کے گناہ میں شریک ہو جائے گا۔ آج کل عموماً ایک دوسرے کو خط لکھے جاتے ہیں۔ ان کا حال سب جانتے ہیں کہ نالیوں اور گندگیوں میں پڑے نظر آتے ہیں اس لیے مناسب یہ ہے کہ ادائے سنت کے لیے زبان سے بسم اللہ کہہ لے تحریر میں نہ لکھے (معارف القرآن جلد ۶ صفحہ ۵۶۷)

## قرآن کی دو آیتیں جس کو تمام مخلوق کی پیدائش سے دو ہزار سال پہلے خود رحمٰن نے لکھ دیا تھا:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دو آیتیں جنت کے خزائن میں سے نازل فرمائی ہیں جس کو تمام مخلوق کی پیدائش سے دو ہزار سال پہلے خود رحمٰن نے اپنے ہاتھ سے لکھ دیا تھا جو شخص ان کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھ لے تو وہ اس کے لیے قیام الیل یعنی تہجد کے قائم مقام ہو جاتی ہے۔

اور مستدرک حاکم اور بیہقی کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کو ان دو آیتوں پر ختم فرمایا ہے جو مجھے اس خزانہ خاص سے عطا فرمائی ہیں۔ جو عرش کے نیچے ہیں اس لیے تم خاص طور پر ان آیتوں کو سیکھو۔ اور اپنی عورتوں اور بچوں کو سکھاؤ۔

اس لیے حضرت فاروق اعظم اور علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہمارا خیال یہ ہے کہ کوئی آدمی جس کو کچھ بھی عقل ہو وہ سورۃ بقرہ کی ان دو آیتوں کو پڑھے بغیر نہ سوئے۔ وہ دو آیتیں سورۃ البقرہ کی آخری دو آیتیں ہیں۔ (معارف القرآن جلد ۱ صفحہ ۶۹۴)

marfat.com

ہر بلا سے حفاظت:

بزار نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرما
کہ جو شخص شروع دن میں آیۃ الکرسی اور سورہ مومن (کی پہلے تین آیتیں حٰمٓ سے اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ تک پڑھ
لے گا وہ اس دن ہر برائی سے اور تکلیف سے محفوظ رہے گا اس کو ترمذی نے بھی روایت کیا ہے جس کی سن
میں ایک راوی متکلم فیہ ہے۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۴ صفحہ ۶۹، معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۵۸۱)

دشمن سے حفاظت:

ابوداؤد اور ترمذی میں باسناد صحیح حضرت مہلب بن ابی حفرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے فرما
کہ مجھ سے ایسے شخص نے روایت کی کہ جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم (کسی جہاد کے
موقع پر رات میں حفاظت کے لئے) فرما رہے تھے کہ اگر رات میں تم پر چھاپا مارا جائے تو تم حٰمٓ لَا
یُنْصَرُوْنَ پڑھ لینا۔ جس کا حاصل لفظ حٰمٓ کے ساتھ یہ دعا کرنا ہے۔ کہ ہمارا دشمن کامیاب نہ ہو۔ اور بعض
روایات میں حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْا بغیر نون کے آیا ہے۔ جس کا حاصل یہ ہے کہ جب تم حٰمٓ کہو گے تو دشمن
کامیاب نہ ہوگا۔ اس سے معلوم ہوا کہ حٰمٓ دشمن سے حفاظت کا قلعہ ہے۔ (ابن کثیر، معارف القرآن
جلد ۷ صفحہ ۵۸۲)

## بے دین کو دیندار بنانے کا ایک عجیب فاروقی نسخہ:

ابن کثیر نے ابی حاتم کی سند سے نقل کیا ہے کہ اہل شام میں سے ایک بڑا بارعب قوی آدمی تھا۔
فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے پاس آیا کرتا تھا۔ کچھ عرصہ تک وہ نہ آیا۔ تو فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے اس کا حال پوچھ
لوگوں نے کہا کہ امیر المومنین اس کا حال نہ پوچھیے وہ تو شراب میں مست رہنے لگا۔ فاروق اعظم نے اپنے
منشی کو بلایا اور کہا یہ خط لکھو۔

**مِنْ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ اِلٰی فُلَانٍ سَلَامٌ عَلَیْكَ فَاِنِّیْ اَحْمَدُ اِلَیْكَ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِیْدِ الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ۔**

ترجمہ:۔

منجانب:۔ عمر بن خطاب بنام فلاں بن فلاں سلام علیک اس کے بعد میں تمہارے لیے اس اللہ کی حمد پیش
کرتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں گناہوں کو معاف کرنے والا توبہ قبول کرنے والا، سخت عذاب والا،

marfat.com

بڑی قدرت والا ہے۔اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔اسی کی طرح لوٹ کر جانا ہے۔
فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے جس قاصد کے ہاتھ یہ خط بھیجا تھا اس کو ہدایت کردی تھی کہ خط اس کو اس وقت تک نہ دے جب تک وہ نشہ سے ہوش میں نہ آئے اور نہ کسی دوسرے کے حوالے کرے۔

جب اس کے پاس حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا یہ خط پہنچا اور اس نے پڑھا تو بار بار ان کلمات کو پڑھتا اور غور کرتا رہا کہ اس میں مجھے سزا سے ڈرایا بھی گیا ہے۔اور معاف کرنے کا وعدہ بھی کیا گیا ہے۔پھر رونے لگا اور شراب نوشی سے باز آ گیا اور ایسی توبہ کی کہ پھر اس کے پاس نہ گیا۔

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو جب اسی اثر کی خبر ملی تو لوگوں سے فرمایا کہ ایسے معاملات میں تم سب کو ایسا ہی کرنا چاہیے۔کہ جب کوئی بھائی کسی لغزش میں مبتلا ہو جائے تو اس کو درستی پر لانے کی فکر کرو اور اس کو اللہ کی رحمت کا بھروسہ دلاؤ اور اللہ سے اس کی دعا کرو کہ وہ توبہ کر لے اور تم اس کے مقابلے پر شیطان کے مددگار نہ بنو یعنی اس کو برا بھلا کہہ کر یا غصہ دلا کر دین سے دور کر دو گے تو یہ شیطان کی مدد ہوگی۔(معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۵۸۲)

## جب تک باوضو رہو گے فرشتے نیکیاں لکھتے رہیں گے:

حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا! اے ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ جب تم وضو کرو تو **بِسْمِ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ** کہہ لیا کرو (اس کا اثر یہ ہوگا کہ) جب تک تمہارا وضو باقی رہے گا اس وقت تک تمہارے محافظ فرشتے (یعنی کاتبین اعمال) تمہارے لیے برابر نیکیاں لکھتے رہیں گے۔(معارف الحدیث جلد ۳ صفحہ ۷۵)

## پاؤں کی تکلیف دور کرنے کا نبوی نسخہ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جماعت یمن بھیجی اور ان میں سے ایک صحابی کو ان کا امیر بنایا جن کی عمر سب سے کم تھی۔وہ لوگ کئی دن تک وہاں ہی ٹھہرے اور نہ جا سکے اس جماعت کے ایک آدمی سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات ہوئی۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے فلانے تمہیں کیا ہوا۔تم ابھی تک کیوں نہیں گئے؟ اس نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے امیر کے پاؤں میں تکلیف ہے چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس امیر کے پاس تشریف لے گئے۔اور **بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِن**

marfat.com

شَرِّ مَا فِيهَا۔ سات مرتبہ پڑھ کر اس آدمی پر دم کیا وہ آدمی (اسی وقت) ٹھیک ہو گیا۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۸۷)

## روزی میں برکت کے لئے نبوی نسخہ:

گھر میں داخل ہو کر سلام کرنا چاہیے گھر میں کوئی ہو نہ ہو پھر ایک مرتبہ درود شریف پڑھے پھر ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے (حصن حصین)

## پریشانی دور کرنے کے لئے نبوی نسخہ:

حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ باہر نکلا اس طرح کہ میرا ہاتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایک ایسے شخص پر ہوا جو بہت شکستہ حال اور پریشان تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ تمہارا یہ حال کیسے ہو گیا؟ اس شخص نے عرض کیا کہ بیماری اور تنگدستی نے میرا یہ حال کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تمہیں چند کلمات بتاتا ہوں وہ پڑھو گے تو تمہاری بیماری اور تنگدستی جاتی رہے گی وہ کلمات یہ ہیں:

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَ كَبِّرْهُ تَكْبِيرًا.

ترجمہ:۔

میں اس زندہ ہستی پر بھروسہ کرتا ہوں جس پر کبھی موت طاری نہیں ہو گی۔ تمام خوبیاں اسی اللہ کے لئے ہیں۔ جو نہ اولاد رکھتا ہے۔ اور نہ کوئی اس کا سلطنت میں شریک ہے۔ اور نہ کمزوری کی وجہ سے اس کا کوئی مددگار ہے۔ اس کی خوب بڑائیاں بیان کیا کیجئے۔

اس کے کچھ عرصہ کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرف تشریف لے گئے تو اس کو اچھے حال میں پایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوشی کا اظہار فرمایا اس نے عرض کیا کہ جب سے آپ نے مجھے یہ کلمات بتلائے ہیں میں پابندی سے ان کلمات کو پڑھتا ہوں (معارف القرآن جلد ۵ صفحہ ۵۳۱)

## جس سے اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے اس کو یہ دعا پڑھنے کی توفیق ہوتی ہے:

حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے بریدہ! جس کے ساتھ اللہ پاک خیر کا ارادہ فرماتے ہیں اس کے مندرجہ ذیل کلمات سکھا دیتے ہین۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

marfat.com

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّنِیْ فِیْ رِضَاكَ ضُعْفِیْ وَخُذْ اِلَی الْخَیْرِ بِنَا صِیَتِیْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَھٰی رِضَائِیْ ○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّنِیْ وَاِنِّیْ ذَلِیْلٌ فَاَعِزَّنِیْ وَاِنِّیْ فَقِیْرٌ فَاَغْنِنِیْ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.

آگے آپ ﷺ نے فرمایا: جس کو اللہ تعالیٰ یہ کلمات سکھاتا ہے پھر وہ مرتے دم تک نہیں بھولتا (احیاء العلوم جلد ا صفحہ ۲۷۷)

**قبولیت دعا:**

حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے قرآن کریم کی ایک ایسی آیت معلوم ہے کہ اس کو پڑھ کر آدمی جو دعا کرتا ہے قبول ہوتی ہے۔ پھر یہ آیت تلاوت فرمائی۔

قُلِ اللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اَنْتَ تَحْکُمُ بَیْنَ عِبَادِكَ فِیْ مَا کَانُوْا فِیْہِ یَخْتَلِفُوْنَ ۝ (سورۂ زمر آیت ۴۶)

ترجمہ:۔ آپ کہتے اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے چھپی اور کھلی باتوں کے جاننے والے! آپ ہی اپنے بندوں کے درمیان ان امور میں فیصلہ فرمادیں گے جن میں باہم وہ اختلاف کرتے تھے۔ (قرطبی، معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۵۶۶)

**مشاجرات صحابہ کے متعلق ایک اہم ہدایت:**

حضرت ربیع بن خثیم سے کسی نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے ایک آہ بھری اور اس آیت کی تلاوت فرمائی:

قُلِ اللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اَنْتَ تَحْکُمُ بَیْنَ عِبَادِكَ فِیْ مَا کَانُوْا فِیْہِ یَخْتَلِفُوْنَ ۝ (سورۂ زمر آیت ۴۶)

ترجمہ:۔

آپ کہیے! اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے چھپی اور کھلی باتوں کے جاننے والے آپ ہی اپنے بندوں کے درمیان ان امور میں فیصلہ فرمادیں گے جن میں باہم وہ اختلاف کرتے تھے۔ (قرطبی و معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۵۶۳)

اور فرمایا کہ صحابہ کرام کے باہمی اختلافات کے متعلق جب تمہارے دل میں کوئی کھٹک پیدا ہو تو

marfat.com

آیت پڑھ لیا کرو، روح المعانی میں اس کو نقل کر کے فرمایا ہے۔ کہ عظیم الشان تعلیم ادب ہے جس کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے۔ (معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۷۶۶)

## جمعہ کی نماز کے بعد گناہ معاف کروانے کا ایک نبوی نسخہ:

جو آدمی جمعہ کی نماز کے بعد سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ پڑھے گا تو حضرت محمد ﷺ نے فرمایا کہ اس کے پڑھنے والے کے ایک لاکھ گناہ معاف ہونگے۔ اور اس کے والدین کے چوبیس ہزار گناہ معاف ہوں گے۔ (رواہ ابن السنی فی عمل الیوم واللیلۃ صفحہ ۲۳۴)

## وضو کے وقت کی خاص دعاء:

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص وضو کرتے وقت مندرجہ ذیل دعاء کو پڑھتا ہے اس کے لئے مغفرت کا ایک پرچہ لکھ کر اور پھر اس پر مہر لگا کر رکھ دیا جاتا ہے قیامت کے دن تک اس کی مہر نہ توڑی جائے گی اور وہ مغفرت کا حکم برقرار رہے گا:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ

بخاری اور مسلم شریف کی روایت سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ فِيْ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ حُطَّتْ خَطَايَاهُ وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ. (متفق علیه، مشکوٰة صفحه ۲۰۰)

ترجمہ:۔

جس نے ایک دن میں سو مرتبہ کہا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، اس کے گناہ مٹا دیئے جائیں ہے اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔

## تین بڑی بیماریوں سے بچنے کا نبوی آسان نسخہ:

حضرت قبیصہ مخارق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا حضور ﷺ نے پوچھا کیوں آئے ہو؟ میں نے عرض کیا میری عمر زیادہ ہوگئی ہے میری ہڈیاں کمزور ہوگئیں ہیں یعنی میں بوڑھا ہو گیا ہوں۔ میں آپ ﷺ کی خدمت میں دعائے مغفرت کے لئے آیا ہوں۔ اے قبیصہ! جمعہ کی نماز کے بعد تین مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ کہو اس سے تم اندھے پن کوڑی پن اور فالج سے محفوظ رہو

marfat.com

گے، اے قبیصہ! یہ دعا بھی پڑھا کرو۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِمَّا عِنْدَكَ وَاَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَكَتِكَ

ترجمہ:۔

اے اللہ! میں ان نعمتوں سے مانگتا ہوں جو تیرے پاس ہیں اور اپنے فضل کی مجھ پر بارش کر اور اپنی رحمت مجھ پر پھیلا دے اور اپنی برکت مجھ پر نازل کر دے۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۳ صفحہ ۱۷۹)

## قید سے چھٹکارے کا نبوی نسخہ:

سیرت ابن اسحاق میں ہے کہ حضرت عوف اشجعی رضی اللہ عنہ کے لڑکے حضرت سالم رضی اللہ عنہ جب کافروں کی قید میں تھے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان سے کہہ دو کہ بکثرت لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پڑھتے رہیں۔ ایک دن اچانک بیٹھے بیٹھے ان کی قید کھول دی گئی اور یہ وہاں سے نکل بھاگے اور ان لوگوں کی ایک اونٹنی ہاتھ لگ گئی جس پر وہ سوار ہو لئے راستے میں ان کے اونٹوں کے ریوڑ ملے انہیں اپنے ساتھ ملا لیا۔ وہ لوگ پیچھے دوڑے لیکن یہ کسی کے ہاتھ نہ لگے سیدھے اپنے گھر آئے اور دروازے پر کھڑے آواز دی باپ نے آواز سن کر فرمایا اللہ کی قسم یہ تو سالم ہے ماں نے کہا ہائے وہ کہاں وہ تو قید بند کی مصیبتیں جھیل رہا ہوگا اب دونوں ماں باپ اور خادم دروازے کی طرف دوڑے دروازہ کھولا دیکھا تو ان کے لڑکے سالم رضی اللہ عنہ ہیں اور تمام انگنائی اونٹوں سے بھری پڑی ہے پوچھا کہ یہ اونٹ کس کے ہیں؟ انہوں نے واقعہ بیان کیا تو فرمایا اچھا ٹھہرو میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کی بابت مسئلہ دریافت کر آؤں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ سب تمہارا ہے جو چاہو کرو۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۵ صفحہ ۳۷۶)

## مصائب سے نجات اور مقاصد کے حصول کا مجرب نسخہ:

حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کو مصیبت سے نجات اور حصول مقصد کیلئے یہ تلقین فرمائی کہ کثرت کیساتھ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پڑھا کریں۔

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ دینی اور دنیاوی ہر قسم کے مصائب اور مضرتوں سے بچنے اور منافع و مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے اس کلمہ کی کثرت بہت مجرب عمل ہے اور اس کثرت کی مقدار حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بتلائی ہے کہ روزانہ پانچ سو مرتبہ کلمہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پڑھا کرے

اور سومرتبہ دورود شریف اس کے اول اور آخر میں پڑھ کر اپنے مقصد کیلئے دعاء کیا کرے: (تفسیر مظہری، معارف القرآن جلد ۸ صفحہ ۴۸)

## چوتھے آسمان کے فرشتے کو مدد کیلئے حرکت میں لانے کی دعاء:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کی کنیت ابو معلق تھی اور وہ تاجر تھے اور وہ اپنے اور دوسروں کے مال سے تجارت کیا کرتے تھے۔ اور بہت عبادت گزار اور پرہیز گار تھے۔ ایک مرتبہ وہ سفر میں گئے۔ انہیں راستہ میں ایک ہتھیاروں سے مسلح ڈاکو ملا اس نے کہا اپنا سارا سامان یہاں رکھ دو میں تمہیں قتل کردوں گا۔ اس صحابی نے کہا تمہیں مال لینا ہے وہ لے لو ڈاکو نے کہا نہیں: میں تمہارا خون بہانا چاہتا ہوں اس صحابی نے کہا مجھے ذرا مہلت دو میں نماز پڑھ لوں۔ اس نے کہا جتنی پڑھنی ہے پڑھ لو چنانچہ انہوں نے وضو کر کے نماز پڑھی اور یہ دعا تین مرتبہ مانگی۔

يَاوَدُوْدُ يَاذَالْعَرْشِ الْمَجِيْدُ يَا فَعَّالاً لِمَا يُرِيْدُ اَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ الَّتِىْ لَا تُدَمَّرُ وَمُلْكِكَ الَّذِىْ لَا يُغَامِرُ وَبِنُوْرِكَ الَّذِىْ مَلَا اَرْكَانَ عَرْشِكَ اَنْ تَكْفِيْنِىْ شَرَّهٰذَا اللِّصِّ يَامُغِيْثُ اَغِثْنِىْ.

تو اچانک ایک گھوڑے والا نمودار ہوا جس کے ہاتھ میں ایک نیزہ تھا جسے اٹھا کر اپنے گھوڑے کے کانوں کے درمیان بلند کیا ہوا تھا اس نے اس ڈاکو کو نیزہ مار کر قتل کر دیا، پھر وہ اس تاجر کی طرف متوجہ ہوا۔ تاجر نے پوچھا تم کون ہو؟ اللہ نے تمہارے ذریعہ سے میری مدد فرمائی۔ اس نے کہا میں چوتھے آسمان کا فرشتہ ہوں جب آپ نے (پہلی مرتبہ) دعاء کی تو میں نے آسمان کے دروازوں کی کھڑکھڑاہٹ سنی جب آپنے دوبارہ دعاء کی میں نے آسمان والوں کی چیخ و پکار سنی، پھر آپ نے تیسری مرتبہ دعاء کی تو کسی نے کہا یہ ایک مصیبت زدہ کی دعاء ہے میں نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا کہ اس ڈاکو کو قتل کرنے کا کام میرے ذمہ کر دیا جائے پھر اس فرشتے نے کہا آپ کو خوشخبری ہو کہ جو آدمی بھی وضو کر کے چار رکعت نماز پڑھے اور پھر یہ دعاء مانگے تو اس کی دعا ضرور قبول ہوگی چاہے وہ مصیبت زدہ ہو یا نہ ہو۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۳ صفحہ ۱۷۶)

**چالیس سال کی عمر ہو جانے پر مندرجہ ذیل دعاء قرآنی پڑھنے سے امید ہے کہ اولاد صالح ہوگی اور نیک کام کی خاص توفیق ہوگی۔**

رَبِّ اَوْزِعْنِىْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِىْٓ اَنْعَمْتَ عَلَىَّ وَعَلٰى وَالِدَىَّ وَاَنْ اَعْمَلَ

marfat.com

صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝

(سورۂ الاحقاف آیت ۱۵) معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۸۰۶)

## دل کی بیماری کو دور کرنے کا نبوی نسخہ۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں بیمار ہوا میری عیادت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے انہوں نے اپنا ہاتھ میرے کندھوں کے درمیان رکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ کی ٹھنڈک میری ساری چھاتی میں پھیل گئی۔ پھر فرمایا کہ اسے دل کا دورہ پڑا ہے اسے حارث بن کلدہ کے پاس لے جاؤ جو ثقیف میں مطب کرتا ہے حکیم کو چاہیے کہ وہ مدینہ کی سات عجوہ کھجوریں گٹھلیوں سمیت کوٹ کرا سے کھلا دے۔

فائدہ:۔ کھجور کے فوائد کے بارے میں یہ حدیث بڑی اہمیت کی حامل ہے۔ کیونکہ طب کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ کسی مریض کے دل کے دورہ کی تشخیص کی گئی۔ (مسند احمد ابونعیم۔ ابوداؤد)

## دل کی بیماری کیلئے مجرب نسخہ:

دل پر ہاتھ رکھ ایک سو گیارہ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ پڑھ کر دم کرے انشا اللہ فائدہ ہو گا۔ بہت مرتبہ آزمایا گیا ہے۔

## چوری اور شیطانی اثرات سے حفاظت:

سونے سے پہلے 21 مرتبہ بسم اللہ پڑھے تو چوری شیطانی اثرات اور اچانک موت سے محفوظ رہے گا۔

## ظالم پر غلبہ:

کسی ظالم کے سامنے پچاس مرتبہ بسم اللہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ ظالم کو مغلوب کر کے پڑھنے والے کو غالب کردینگے۔ (خزانۂ اعمال صفحہ ۸)

## غریبی اور خوشحالی

سات چیزوں کے کرنے سے غربت آتی ہے۔

1- جلدی جلدی نماز پڑھنے سے۔

2- کھڑے ہو کر پیشاب کرنے سے۔

3- پیشاب کرنے کی جگہ وضو کرنے سے۔

marfat.com

4- کھڑے ہوکر پانی پینے سے۔

5- منہ سے چراغ بجھانے سے۔

6- دانت سے ناخن کاٹنے سے۔

7- دامن یا آستین سے منہ صاف کرنے سے۔

سات چیزوں کے کرنے سے خوشحالی آتی ہے۔

1- قرآن پاک کی تلاوت کرنے سے۔

2- پانچوں وقت کی نماز پڑھنے سے۔

3- خدا کا شکر ادا کرنے سے۔

4- غریبوں اور مجبوروں کی مدد کرنے سے۔

5- گناہوں سے معافی مانگنے سے۔

6- ماں باپ اور رشتہ داروں کیساتھ اچھا برتاؤ کرنے سے۔

7- صبح کے وقت سورۂ یٰسین اور شام کے وقت سورۂ واقعہ پڑھنے سے۔

(تعمیر حیات صفحہ ۲۳، ۲۵ دسمبر ۲۰۰۰)

## ذہن اور حافظہ کیلئے:

سات سو چھیاسی (786) مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پانی پر دم کر کے طلوع آفتاب کے وقت پیئے تو ذہن کھل جائے گا اور حافظہ قوی ہو جائے گا۔ (ان شاء اللہ)

## برائے حفظ و حافظہ:

سورۃ الم نشرح لکھ کر پانی میں گھول کر پلانا حفظ قرآن کے لئے اور تحصیل علم کیلئے خاص ہے۔

جن کا حافظہ کمزور ہو وہ سات دن تک ان آیات کریمہ کو روٹی کے ٹکڑوں پر لکھ کر کھالیا کریں اس طرح کہ ہفتہ کو یہ آیت لکھ کر کھائے۔

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ (سورۂ مومنون)

اور اتوار کے روز یہ لکھے۔

رَبِّ زِدْنِىْ عِلْمًا (سورۂ طٰہٰ آیت ۱۱۴)

marfat.com

پیر کے روز یہ لکھے۔

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى (سورۂ الاعلیٰ آیت ۶)

منگل کے روز یہ لکھے۔

اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَ مَا يَخْفٰى (سورۂ الاعلیٰ آیت ۴)

بدھ کے روز یہ لکھے۔

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ (سورۂ القیمۃ آیت ۱۶)

جمعرات کے روزہ یہ لکھے۔

اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَ قُرْاٰنَهٗ (سورۂ قیمۃ آیت ۱۷)

جمعہ کے روز یہ لکھے۔

فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ (سورۂ القیمۃ آیت ۱۸)

صبح کے وقت باوضو لکھ کر کھلائیں ان شاءاللہ حافظہ قوی ہوگا۔

(فلاح دارین حوالہ خزانہ اعمال صفحہ ۱۷)

## ذکرو دعاء کے فوائد:

جو شخص ہر چھینک کے وقت اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ مَّا كَانَ کہے تو ڈاڑھ اور کان کا درد کبھی بھی محسوس نہ کرے گا۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا جو ابورافع کی اولاد کی والدہ ہیں انہوں نے حضور ﷺ سے عرض کیا یارسول اللہ مجھے چند کلمات بتا دیجئے مگر زیادہ نہ ہوں آپ ﷺ نے فرمایا دس مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہو، اللہ تعالیٰ فرمائے گا یہ میرے لئے ہیں۔ اور دس مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ کہو اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ یہ میرے لئے ہے۔ اور کہو اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ اے اللہ! مجھے بخش دے اللہ تعالیٰ فرمائے گا میں نے تجھے بخش دیا پس تم اس کو دس مرتبہ کہو تو اللہ تعالیٰ ہر مرتبہ فرمائے گا میں نے تجھے بخش دیا۔

(حصن حصین طبرانی عن ابی امانت رضی اللہ عنہ صفحہ ۴۰۷)

ان کلمات کو یعنی سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ کے ساتھ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ کہے تو یہ کلمات اس طرح جس طرح اس نے کہے لکھ لئے جاتے ہیں پھر عرش کے

ساتھ لٹکا دیئے جاتے ہیں۔اور کوئی گناہ جو اس نے کیا ہو ان کلمات کو نہیں مٹائے گا۔یہاں تک کہ جب وہ اللہ تعالیٰ سے قیامت کے روز ملے گا تو وہ کلمے اس طرح ہوں گے جس طرح اس نے کہے تھے۔

(حصن حصین، بزار عن ابن عباس رضی اللہ عنہ صفحہ ۴۰۱)

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں تمہیں ایک ایسی حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی مرتبہ سنی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی کئی مرتبہ سنی ہے۔میں نے عرض کیا ضرور سنائیں۔حضرت سمرۃ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو شخص صبح وشام :۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ اے اللہ! آپ ہی نے مجھے پیدا کیا۔

وَاَنْتَ تَھْدِ یْنِیْ اور آپ ہی مجھے ہدایت دینے والے ہیں۔

وَاَنْتَ تُطْعِمُنِیْ اور آپ ہیں مجھے کھلاتے ہیں۔

وَاَنْتَ تَسْقِیْنِیْ اور آپ ہی مجھے پلاتے ہیں۔

وَاَنْتَ تُمِیْتُنِیْ اور آپ ہی مجھے ماریں گے۔

وَاَنْتَ تُحْیِیْنِیْ اور آپ ہی مجھے زندہ کریں گے۔

پڑھے تو اللہ تعالیٰ سے جو مانگے گا اللہ تعالیٰ ضرور اس کو عطا فرمائیں گے۔

## سفر میں نکل کر صبح وشام مذکورہ دعاء پڑھے:

ابونعیم نے روایت نقل کی ہے۔کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر میں بھیجا اور فرمایا کہ ہم صبح وشام مذکورہ آیت تلاوت فرماتے رہیں۔اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّاَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ (سورۂ مومنون آیت ۱۱۵) ہم نے برابر اس کی تلاوت دونوں وقت جاری رکھی۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ! ہم سلامتی اور غنیمت کے ساتھ واپس لوٹے۔

## ڈوبنے سے بچنے کا نسخہ:

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں میری امت ڈوبنے سے بچنے کیلئے کشتیوں میں سوار ہونے کے وقت یہ کلمہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الْمَلِکِ الْحَقِّ وَمَا قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِیّٰتٌۢ بِیَمِیْنِہٖ سُبْحٰنَہٗ وَتَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ○ (سورۂ غافر

marfat.com

آیت ۲۷) بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ (سورۂ ھود آیت ۴۱)

## دل کی قساوت اور سختی کا علاج:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے اپنی قساوت قلبی (سخت دلی) کی شکایت کی آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا کرو اور مسکین کو کھانا کھلایا کرو۔

سخت دلی اور تنگ دلی ایک روحانی مرض اور انسان کی بدبختی کی نشانی ہے۔ سائل نے آپ ﷺ سے اپنے دل اور اپنی روح کی اس بیماری کا حال عرض کر کے آپ ﷺ سے علاج دریافت کیا تھا۔ آپ ﷺ نے ان کو دو باتوں کی ہدایت فرمائی ایک یہ کہ یتیم کے سر پر شفقت کا ہاتھ پھیرا کرو اور دوسرا یہ کہ فقیر مسکین کو کھانا کھلایا کرو۔ رسول اللہ ﷺ کا بتلایا ہوا یہ علاج علم النفس کے ایک خاص اصول پہ مبنی ہے۔ بلکہ کہنا چاہیے کہ حضور ﷺ کے ان ارشادات سے اس اصول کی تائید اور توثیق ہوتی ہے وہ اصول یہ ہے کہ اگر کسی شخص کے نفس یا قلب میں کوئی خاص کیفیت نہ ہو اور وہ اس کو پیدا کرنا چاہیے تو ایک تدبیر اس کی یہ بھی ہے کہ اس کیفیت کے آثار و لوازم کو وہ اختیار کر لے انشاءاللہ کچھ عرصہ کے بعد وہ کیفیت بھی نصیب ہو جائے گی۔ دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا کرنے کے لئے کثرت ذکر کا طریقہ جو حضرات صوفیائے کرام میں رائج ہے اس کی بنیاد بھی اس اصول پر ہے بہر حال یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرنا اور مسکین کو کھانا کھلانا جذبۂ رحم کے آثار میں سے ہے۔ لیکن جب کسی کا دل اس جذبہ سے خالی ہو تو وہ اگر یہ عمل باتکلف یہ کرنے لگے تو انشاءاللہ اس کے قلب میں بھی رحم کی کیفیت پیدا ہو جائے گی۔ (معارف الحدیث جلد دوم صفحہ نمبر ۱۷۹)

## ہر آفت اور بیماری سے حفاظت کا ایک عظیم عمل:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ سورۃ بقرہ کی دس آیتیں ایسی ہیں کہ اگر کوئی شخص ان کو رات میں پڑھ لے تو اس رات کو جن، شیطان گھر میں داخل نہ ہوگا۔ اور اس کو اور اس کے اہل و عیال کو اس رات میں کوئی آفت، بیماری، رنج و غم اور کوئی ناگوار چیز پیش نہ آئے گی۔ اور یہ آیتیں کسی مجنون پر پڑھی جائیں تو اس کو افاقہ ہو جائے گا۔ وہ دس آیتیں یہ ہیں چار آیتیں سورہ بقرہ کی ابتدائی، پھر تین آیتیں درمیانی یعنی آیت الکرسی اور اس کے بعد کی دو آیتیں، پھر آخری سورہ بقرہ کی تین آیتیں۔

## ہر شر سے حفاظت کا مجرب ترین عمل:

دشمن سے حفاظت اور چور بدمعاش و قزاق سے امن میں رہنے کے لیے یہ بہت مفید ہے۔ ایک

marfat.com

بزرگ فرماتے ہیں کہ ہم نے ایک مرتبہ سفر میں ایک نہر کے کنارے قیام کیا۔ ہمارے پاس سے چند لوگ گزرے۔ انہوں نے کہا اس جگہ جو ٹھہرتا ہے لٹ جاتا ہے۔ یہ سن کر میرے سب قافلے والے ساتھی تو وہاں سے خوف کے سبب بھاگ گئے۔ مگر میں وہیں بستر جمائے رہا۔ کیونکہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث سنی تھی کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے ۳۳ آیتیں کلام اللہ کی رات کو پڑھ لیں۔ اس کو صبح تک کوئی درندہ یا چور نقصان نہ پہنچائے گا اور ہر مرض و بلا سے اس کی جان اور اس کے اہل وعیال محفوظ رہیں گے۔ اس رات میں نہ سویا۔ اس رات ایک جماعت دیکھی جو ننگی تلواریں لیے میری طرف آئی مگر میرے قریب نہ آسکی۔ میں صبح کو وہاں سے روانہ ہوا۔ راستے میں ایک بوڑھا گھوڑے پر سوار ملا۔ اس نے مجھے کہا تو انسان ہے یا جن؟ میں نے کہا میں اولاد آدم ہوں۔ اس نے کہا پھر اس کی کیا وجہ ہے کہ ہم نے رات تجھ پر ستر ۷۰ بار سے زائد حملے کیے اور جب بھی ہم تیرے قریب ہوئے تو سامنے ایک لوہے کی دیوار آ گئی۔ میں نے کہا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث سنی ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ جو شخص ۳۳، آیتیں کلام اللہ کی پڑھ لے اسے اس رات کوئی درندہ یا چور صبح تک ضرر نہیں پہنچا سکتا۔ جب اس بوڑھے نے یہ بات سنی تو گھوڑے سے اتر کر میرے سر کا بوسہ دیکر کہا، میں وعدہ کرتا ہوں۔ آج سے قزاقی نہیں کروں گا۔ مبارک آیات یہ ہیں۔ چار آیتیں آخر سورۃ بقرہ کی **لله ما فی السموات** تین آیتیں سورۃ اعراف کی شروع سورۃ بقرہ کی آیتیں **مفلحون** تک، پھر آیت الکرسی **هم فیها خالدون** تک پھر **ان ربکم الله الذی** سے **محسنین** تک اور دس آیتیں اول صافات کی **لازب** تک اور دو آیتیں آخر سورۃ اسراء کی **قل دعو الله** سے آخر تک اور دو آیتیں سورہ الرحمٰن **یا معشر الجن** سے **فلا تنتصران** تک اور اول آخر سورۃ حشر **لو انزلنا هذا القران** سے آخر تک اور دو آیتیں سورہ جن کی **و انه تعالی جد ربنا** سے **شططا** تک واضح ہے

یہ آیتیں آیات الحرس کہلاتی ہیں۔ ان میں ۱۰۰ سو امراض کی دوا ہے۔ مثل جذام و برص وغیرہ۔ حضرت محمد بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ میں نے یہ آیات ایک بوڑھے پر پڑھ کر دم کیا۔ فوراً سے آرام آ گیا۔ صفحہ۔ ۷ اپر آیتیں لکھی گئیں ہیں۔

## آیۃ الکرسی کا ایک دیو کو جلانا اور انسان کی حفاظت کرنے کا ایک قصہ

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے ابی قتیب سے کہ اس نے قصہ بیان کیا مجھ سے بنی کعب کے ایک بوڑھے آدمی نے کہ میں کھجور بیچنے کے واسطے شہر بصرہ میں داخل ہوا۔ کوئی گھر ٹھہرنے کو نہ ملا۔ پھر ایک گھر ایسا پایا

marfat.com

جس میں لکڑی کی جالی لگی ہوئی تھی۔ میں نے کہا یہ کیسا گھر ہے۔لوگوں نے کہا یہ گھر غیر معمور ہے۔یعنی
آباد نہیں۔ میں نے اس کے مالک سے کہا کہ کرایہ پر دیدے۔اس نے کہا تو اپنی جان کی خیر منا۔اس
میں ایک خبیث دیو رہتا ہے۔جو کوئی اس گھر میں آتا ہے اس کو مار ڈالتا ہے۔ میں نے کہا تو مجھ کو کرایہ پر
دیدے اور مجھ کو اس دیو کے ساتھ رہنے دے۔اللہ تعالیٰ میری مدد کرے گا۔اس نے کہا اچھا لے لو۔
تب میں اس میں ٹھہرا۔ جب رات کو خوب اندھیرا ہوگیا۔ایک شخص آیا جس کی آنکھیں ایسی جیسے آگ
کا شعلہ ہوں اور اس کے ساتھ ایک اندھیرا اور تاریکی تھی اور وہ میری طرف بڑھتا ہوا آنے لگا۔ میں نے
آیۃ الکرسی آخر تک پڑھی جو کلمہ اس آیت میں میں پڑھتا تھا وہی کلمہ وہ پڑھتا تھا۔ جب میں اس کلمہ پر پہنچا
وَلَا يَـُٔودُهُۥ حِفۡظُهُمَاۚ وَهُوَ ٱلۡعَلِيُّ ٱلۡعَظِيمُ اس نے کچھ نہ کہا۔ میں نے اسی کلمہ کو بار بار پڑھنا شروع
کر دیا۔تب وہ اندھیرا اور تاریکی جو پہلے ہوئی تھی جاتی رہی۔ پھر میں ایک طرف سو رہا۔ جب صبح ہوئی
میں نے اس جگہ جہاں وہ خبیث تھا آگ کا اثر دیکھا اور راکھ دیکھی اور یہ آواز کان میں آئی کہ تو نے
بڑے خبیث دیو کو جلا دیا۔ میں نے کہا وہ کس چیز سے جل گیا۔کہا اسی کلمہ سے وَلَا يَـُٔودُهُۥ حِفۡظُهُمَاۚ
وَهُوَ ٱلۡعَلِيُّ ٱلۡعَظِيمُ

# مستجاب الدعوات

## استجابت دعا کا مجرب عمل:

یہ سجدے والا عمل کہلاتا ہے۔اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ کسی ایک مقصد کی نیت سے با وضو
لیکر بیٹھے اور بسم اللہ کہہ کر ایک آیت پڑھے اور پھر فوراً سجدہ کرے سجدے میں ۳، بار یا ۷، بار سبحان
ربی الا اعلی پڑھتے ہوئے اپنے مقصد کے لیے دل ہی دل میں دعا کرتا رہے۔ پھر سجدے سے سر اٹھا
لے اور دوسری آیت سجدے میں پڑھے۔اسی طرح تمام آیتیں پڑھے اور سجدے کرے۔ بعد ۱۴، سجدوں
کے ہاتھ اٹھا کر اپنے مقصد کے لیے دعا کرے۔

(۱) إِنَّ ٱلَّذِينَ عِندَ رَبِّكَ لَا يَسۡتَكۡبِرُونَ عَنۡ عِبَادَتِهِۦ وَيُسَبِّحُونَهُۥ وَلَهُۥ يَسۡجُدُونَ ۩

(۲) وَلِلَّهِ يَسۡجُدُ مَن فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ طَوۡعٗا وَكَرۡهٗا وَظِلَٰلُهُم بِٱلۡغُدُوِّ وَٱلۡأٓصَالِ

(۳) يَخَافُونَ رَبَّهُم مِّن فَوۡقِهِمۡ وَيَفۡعَلُونَ مَا يُؤۡمَرُونَ ۩

marfat.com

(۴) وَيَخِرُّونَ لِلْأَذْقَانِ يَبْكُونَ وَيَزِيدُهُمْ خُشُوعًا ۩

(۵) أُولَٰئِكَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِم مِّنَ النَّبِيِّينَ مِن ذُرِّيَّةِ آدَمَ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوحٍ وَمِن ذُرِّيَّةِ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْرَائِيلَ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ۚ إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُ الرَّحْمَٰنِ خَرُّوا سُجَّدًا وَبُكِيًّا ۩

(۶) أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَسْجُدُ لَهُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَمَن فِي الْأَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُومُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ وَكَثِيرٌ مِّنَ النَّاسِ ۖ وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۗ وَمَن يُهِنِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن مُّكْرِمٍ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ ۩

(۷) وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اسْجُدُوا لِلرَّحْمَٰنِ قَالُوا وَمَا الرَّحْمَٰنُ أَنَسْجُدُ لِمَا تَأْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُورًا ۩

(۸) اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ۩

(۹) إِنَّمَا يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا الَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِهَا خَرُّوا سُجَّدًا وَسَبَّحُوا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ۩

(۱۰) قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ إِلَىٰ نِعَاجِهِ ۖ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ الْخُلَطَاءِ لَيَبْغِي بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَقَلِيلٌ مَّا هُمْ ۗ وَظَنَّ دَاوُودُ أَنَّمَا فَتَنَّاهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهُ وَخَرَّ رَاكِعًا وَأَنَابَ ۩

(۱۱) فَإِنِ اسْتَكْبَرُوا فَالَّذِينَ عِندَ رَبِّكَ يُسَبِّحُونَ لَهُ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْأَمُونَ ۩

(۱۲) فَاسْجُدُوا لِلَّهِ وَاعْبُدُوا ۩

(۱۳) وَإِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ ۩

(۱۴) كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِب ۩

## دوسرا عمل:

بعد نماز عصر جائے نماز پر بیٹھ جائیں اور خشوع وخضوع کے ساتھ یہ دعا مغرب کی آذان سے پہلے کچھ دیر تک بلا گنتی پڑھتے رہیں، اور پھر اپنے مقصد کے لیے دعا کریں۔ یہاں تک کہ مغرب کی آذان ہو جائے۔ ہر جمعہ کی عصر اور مغرب کے درمیان یہ دعا پڑھنی ہے۔ یہ مسلسل تین جمعہ تک پڑھیں۔

دعا یہ ہے۔

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ

marfat.com

## مستجاب الدعوات بننے کے لیے:

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص دن میں ۲۷، یا ۲۵، مرتبہ تمام مومن مردوں اور مومن عورتوں کے لیے مغفرت کی دعا مانگے گا۔ وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک مستجاب دعوات، (جن کی دعائیں اللہ کے ہاں قبول ہوتی ہیں) لوگوں میں شامل ہو جائے گا۔ جن کی دعاؤں سے زمین والوں کو رزق دیا جاتا ہے۔ درج ذیل دعا جامع ہے، یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَ لِوَالِدَیَّ وَجَمِیْعَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

اس دعا کے متعلق حدیث شریف میں یہ بھی آیا ہے کہ جو کوئی شخص تمام مومن (بھائیوں) اور مومن (بہنوں) کے لیے اللہ تعالیٰ سے مغفرت چاہتا ہے تو اللہ تعالیٰ ہر مومن مرد اور عورت کے (استغفار) کے بدلے ایک نیکی اس کے لیے لکھ دیتے ہیں۔

marfat.com

باب نمبر ۳۷

# غموں سے نجات پانے کا آسان نسخہ

حضرت شاہ عبدالغنی پھولپوری قدس سرہٗ نے ارشاد فرمایا ہے کہ کتنا ہی شدید قبض طاری ہو۔ قلب میں انتہائی ظلمت اور جمود پیدا ہو گیا ہو اور سالہا سال سے دل کی یہ کیفیت نہ جاتی ہو تو ہر روز وضو کر کے پہلے دو رکعت نفل توبہ کی نیت سے پڑھیے پھر سجدہ میں جا کر بارگاہ رب العزت میں عجز وندامت کے ساتھ خوب گریہ وزاری کرے اور خوب استغفار کرے، پھر اس وظیفہ کو تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ.

وظیفہ مذکورہ میں (یا حی یا قیوم) دو اسماء الٰہیہ ایسے ہیں۔ جن کے اسم اعظم ہونے کی روایت ہے اور آگے وہ خاص آیت ہے جس کی برکت سے حضرت یونس علیہ السلام نے تین تاریکیوں سے نجات پائی۔ پہلی تاریکی اندھیری رات کی دوسری پانی کے اندر کی تیسری مچھلی کے شکم (پیٹ) کی ان تین تاریکیوں میں حضرت یونس علیہ السلام کی کیا کیفیت تھی اس کو خود حق تعالیٰ شانہ نے ارشاد فرمایا ہے۔

(وَهُوَ مَكْظُوْمٌ) (سورۃ قلم آیت ۴۸)

(ترجمہ) اور وہ گھٹ رہے تھے۔

کظم عربی لغت میں اس کرب بے چینی کو کہتے ہیں جس میں خاموشی ہو۔ حضرت یونس علیہ السلام کو اسی آیت کریمہ کی برکت سے حق تعالیٰ شانہ نے غم سے نجات عطا فرمائی اور آگے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ:

" وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ " (سورۃ انبیاء آیت ۸۸)

ترجمہ:

اور اسی طرح ہم ایمان والوں کو نجات عطا فرماتے رہتے ہیں

پس معلوم ہوا کہ قیامت تک کے لیے غموں سے نجات پانے کے لیے یہ نسخہ نازل فرمادیا ہے۔ جو کلمہ گو بھی کسی اضطراب وبلا میں کثرت سے آیت کریمہ کا ورد رکھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ نجات پائے گا۔

## ظالم قوم کے ظلم سے بچنے کیلئے نبوی نسخہ:

حضرت حصین رضی اللہ عنہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کی دعوت دی، حضرت حصین رضی اللہ عنہ نے فرمایا میری قوم ہے

marfat.com

میرا خاندان ہے۔ اگر اسلام لاؤں گا تو ان سے مجھے خطرہ ہے اس لئے میں کیا کہوں آنحضرت ﷺ نے فرمایا یہ دعا پڑھو۔

اَللّٰهُمَّ اسْتَهْدِ يْكَ لِمَرَا شِدِ اَمْرِىْ وَزِدْنِىْ عِلْمًا يَّنْفَعُنِىْ

ترجمہ:۔

اے اللہ! میں اپنے معاملہ میں زیادہ رشد وہدایت والے راستے کی آپ سے رہنمائی چاہتا ہوں اور مجھے علم نافع اور زیادہ عطا فرما۔ چنانچہ حضرت حصین رضی اللہ عنہ نے یہ دعا پڑھی اور اسی مجلس میں اٹھنے سے پہلے ہی مسلمان ہو گئے۔ (حیاۃ الصحابہ ۱/۹۳)

## موت کے سوا ہر چیز سے حفاظت کا نبوی نسخہ:

مسند بزار میں حدیث ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اگر تم بستر پر لیٹتے وقت سورۂ فاتحہ اور سورۂ قل ھواللہ پڑھ لو تو موت کے سوا ہر چیز سے امن میں ہو۔ (تفسیر ابن کثیر ۱/۳۲)

## عظیم نور حاصل کرنے کا نبوی نسخہ:

حافظ ابوبکر بزار رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب میں روایت ذکر کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو شخص رات کے وقت یہ آیت پڑھے گا۔

فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾

(سورۃ کہف آیت ۱۱۰)

ترجمہ:

جو شخص اپنے رب سے ملنے کی آرزو رکھتا ہے وہ نیک کام کرتا رہے۔ اور اپنے رب کی بندگی میں کسی کو شریک نہ کرے اللہ تعالیٰ اسے اتنا بڑا نور عطا فرمائیں گے کہ جو عدن سے مکہ تک کی مسافت کے بقدر ہو گا (ابن کثیر ۳/۲۸۶)

## تین نجات دینے والی اور تین تباہ کرنے والی چیزیں:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا! تین چیزیں نجات دینے والی ہیں اور تین چیزیں تباہ کرنے والی ہیں۔

marfat.com

## نجات دینے والی تین چیزیں یہ ہیں:

۱) اللہ سے ڈرنا خلوت وجلوت میں۔

۲) حق بات کہنا خوشی وناخوشی میں۔

۳) اور خرچ میں میانہ روی اختیار کرنا مالداری اور غریبی میں۔

## اور تباہ کرنے والی چیزیں:

۱) خواہش نفس کی پیروی کرنا۔

۲) حرص وبخل کرنا۔

۳) گھمنڈ کرنا اور یہ تینوں میں سخت تر ہے۔ (مشکوۃ ص ۴۳۴)

## لاعلاج امراض کا علاج:

بغوی اور ثعلبی نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ ان کا گزر ایک ایسے بیمار کے پاس سے ہوا جو سخت امراض میں مبتلا تھا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کے کان میں سورۃ مومنون کی درج ذیل آیتیں پڑھیں وہ اسی وقت اچھا ہوگیا۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾
فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾
وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ
عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ
وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

ترجمہ:

ہاں تو کیا تم نے یہ خیال کیا تھا کہ ہم نے تم کو یوں ہی مہمل پیدا کر دیا ہے اور تم ہمارے پاس نہ آؤ گے؟ سو اللہ تعالیٰ بہت ہی عالی شان ہے جو حقیقی بادشاہ ہے۔ اس کے سوا کوئی بھی لائق عبادت نہیں اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔ اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور معبود کی عبادت کرے کہ جس کے معبود ہونے پر اس کے پاس کوئی دلیل نہیں سو اس کا حساب اس کے رب کے یہاں ہوگا۔ بے شک کافروں کا بھلا نہ ہوگا۔ اور آپ یوں کہا کریں۔

اے میرے رب میری خطائیں معاف کر اور مجھ پر رحم کر اور تو سب سے بڑھ کر رحم

marfat.com

کرنے والا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ آپ نے اس کے کان میں کیا پڑھا تھا؟ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یہ آیتیں پڑھی تھیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے اگر کوئی آدمی جو یقین رکھنے والا ہو یہ آیتیں پہاڑ پر پڑھ دے تو پہاڑ اپنے جگہ سے ہٹ سکتا ہے۔ (قرطبی مظہری بحوالہ معارف القرآن ۱۳۸/۶)

## شیطان انسان کی ناک میں رات گزارتا ہے:

ایک حدیث شریف میں اس کی تاکید آئی ہے کہ جب سویرے بیدار ہو کر وضو کرو تو تین مرتبہ ناک میں پانی ڈال کر ضرور جھاڑ لیا کرو۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ شیطان انسان کی ناک میں رات گزارتا ہے۔ اس میں پیشاب اور غلاظت کرتا ہے۔ اور جب سونے کے بعد انسان اٹھتا ہے۔ تو ناک کے اندر میل کچیل بھرے ہوئے ملتے ہیں۔ اس میں شیطان کی غلاظت کے اثرات ہوتے ہیں، جب وضو میں ناک اچھی طرح جھاڑ لی جائے گی تو شیطان کے اثرات صاف ہو جاتے ہیں۔ حدیث شریف ملاحظہ فرمائیں۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ اِذَا اسْتَیْقَظَ اَحَدُ كُمْ مِنْ مَنَامِهٖ فَتَوَضَّأَ فَلْیَتَنْثِرْ ثَلَاثًا فَاِنَّ الشَّیْطَانَ یَبِیْتُ عَلٰی خَیْشُوْمِهٖ

**ترجمہ:**

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی اپنی نیند سے بیدار ہو کر وضو کرے تو ضرور تین مرتبہ ناک جھاڑ لے اس لئے کہ شیطان اس کی ناک میں رات گزارتا ہے۔

## درج ذیل کلمات سیکھ لو اور اپنے بچوں کو بھی سکھاؤ:

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور اقدس ﷺ نے دیکھا کہ میں اپنے ہونٹوں کو ہلا رہا ہوں آپ ﷺ نے پوچھا اے ابو امامہ! تم ہونٹ ہلا کر کیا پڑھ رہے ہو؟ میں نے کہا یا رسول اللہ ﷺ میں اللہ کا ذکر کر رہا ہوں۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا! کیا میں تمہیں ایسا ذکر نہ بتاؤں۔ جو تمہارے دن رات ذکر کرنے سے زیادہ بھی ہے اور افضل بھی ہے؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! ضرور بتائیں فرمایا تم یہ کلمات کہا کرو۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَاخَلَقَ ......... سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْأَ مَاخَلَقَ ......... سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ

marfat.com

مَافِی الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ......... سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا اَحْصٰی کِتَابُهٗ .......... سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْاَ مَا اَحْصٰی کِتَابُهٗ.......... سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ کُلِّ شَیْءٍ .......... سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْاَ کُلِّ شَیْءٍ .......... اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ مَاخَلَقَ .......... اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْاَ مَاخَلَقَ.......... وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ مَافِی الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ.......... وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْاَ مَافِی الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ..........وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ کُلِّ شَیْءٍ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْاَ کُلِّ شَیْءٍ

ترجمہ:

طبرانی میں یہ مضمون ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا! کیا میں تمہیں ایسی زبردست چیز نہ بتاؤں کہ اس کے کہنے پر تمہیں اتنا ثواب ملے گا کہ اگر تم دن رات عبادت کر کے تھک جاؤ تب بھی اس کے ثواب تک نہ پہنچ سکو؟ میں نے کہا ضرور بتائیں آپ ﷺ نے فرمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ آخر تک کہو لیکن یہ کلمات مختصر ہیں۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا سُبْحَانَ اللّٰهِ اسی طرح سے اور اَللّٰهُ اَکْبَرُ اسی طرح سے آخر تک کہو۔ طبرانی کی دوسری روایت میں ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا! ان کلمات کو سیکھ لو اور اپنے بعد اپنی اولاد کو بھی سکھاؤ۔ (حیاۃ الصحابہ ۳۳۶/۳)

## مندرجہ ذیل کلمات پڑھنے کے بعد جو دعا مانگی جائے گی قبول ہوگی:

حدیث شریف میں ہے کہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھنے کے بعد جو دعا مانگی جاتی ہے قبول ہوتی ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ حَتّٰی لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

## عورتوں کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہو:

صحیح مسلم میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع کے خطبہ میں فرمایا لوگو! عورتوں کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہو! تم نے اللہ کی امانت سے انہیں لیا ہے۔ اور اللہ کے کلمہ سے ان کی شرم گاہوں کو اپنے لیے حلال کیا ہے۔ عورتوں پر تمہارا حق یہ ہے کہ وہ تمہارے فرش پر کسی ایسے کو نہ آنے دیں جس سے تم ناراض ہو۔ اگر وہ ایسا کریں تو انہیں مارو لیکن ایسی مار نہ مارو کہ ظاہر ہو۔ ان کا تم پر یہ حق ہے کہ انہیں اپنی اوقات کے مطابق کھلاؤ، پلاؤ اوڑھاؤ۔ (ابن کثیر)

marfat.com

## آنحضرت ﷺ اور رکانہ پہلوان کی کشتی:

عرب میں ایک پہلوان تھے۔ رکانہ ان کا نام تھا۔ وہ بڑے زبردست پہلوان تھے اور مشہور یہ تھا کہ یہ ایک آدمی ایک ہزار آدمیوں سے مقابلہ کرسکتا ہے۔ بہت ہی قوی تھے۔ ان کے بدن کے وزن کی یہ کفیت تھی کہ اونٹ ذبح کر کے اس کی کھال بچھادی جاتی اور رکانہ اس پر بیٹھتے اور نوجوانان عرب اس کھال کو کھینچتے تو وہ کھال ٹوٹ جاتی پھٹ جاتی مگر وہ جنبش نہیں کھاتا تھا۔

حضور اکرم ﷺ نے ان کے سامنے اسلام پیش کیا اور فرمایا! رکانہ آخرت آنے والی ہے کیوں اپنی عمر ضائع کر رہے ہو؟ اسلام قبول کرلو اور اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو جاؤ۔ انہوں نے کہا اے محمد ﷺ! میں نہ تو کوئی عالم وفقیہ ہوں نہ سمجھ دار۔ میں تو ایک پہلوان ہوں مجھ سے کشتی کرو اگر آپ نے مجھے پچھاڑ دیا تو میں آپ کا دین قبول کرلوں گا۔ آپ نے فرمایا بسم اللہ وہ لنگوٹ کس کر آ گیا۔ اور حضور اکرم ﷺ بھی آستین چڑھا کر میدان کشتی میں آ گئے۔

ایک دو داؤ پیچ کے بعد حضور ﷺ نے اس کی کمر میں ہاتھ ڈالا۔ اور ایک ہاتھ سے اس طرح اٹھایا جس طرح کوئی چڑیا کو اٹھاتا ہے اور آہستہ سے زمین پر رکھ کر چھاتی پر بیٹھ گئے اور فرمایا رکانہ اب کہو مگر رکانہ کو یقین نہیں آیا کہ میں پچھڑ گیا ہوں۔ کیونکہ کسی نے آج تک اسے پچھاڑا ہی نہیں تھا۔ اور حضور ﷺ نے اس طرح پچھاڑا کہ اتنی وزنی لاش کو ایک ہاتھ سے اٹھا کر نچایا اور آہستہ سے رکھ دیا اس نے کہا کہ میں پچھڑ گیا ہوں مجھے تو یقین نہیں آیا۔

ایک دفعہ اور کشتی لڑو۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا بسم اللہ پھر آپ نے داؤ پیچ کے بعد کمر میں ہاتھ ڈال کر اٹھا کر نچایا اور آہستہ سے زمین پر رکھ دیا فرمایا اب بتاؤ یہی شرط تو ٹھہری تھی اگر تم پچھڑ گئے تو اسلام قبول کرلو گے اس نے کہا کہ محمد ﷺ! یہ آپ کے بدن کی قوت تو ہے نہیں کہ میری لاش چڑیا کی طرح اٹھا کر نچادی۔ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے اندر کوئی چیز ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میں اس اندر والی چیز ہی کی دعوت دے رہا ہوں بدن کی دعوت نہیں دے رہا ہوں چنانچہ رکانہ نے اسلام قبول کرلیا۔

اور اسلام میں پختہ ہو گئے اور بڑے بڑے کام بھی کئے ایک مرتبہ بہت سے چور آئے اور رات کو بہت سے اونٹ بیت المال سے چرا کر چلتے بنے، صبح پتہ چلا تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ لوگو! ان کے پیچھے دوڑو، رکانہ نے کہا کہ میں تنہا ہی کافی ہوں۔ چور رات میں ہی نکل کھڑے ہوئے تھے اور تیزی سے بھاگے

marfat.com

جارہے تھے۔ معلوم نہیں کتنے دور چلے جاچکے ہوں گے رکانہ دوڑ پڑے اور راستہ میں ان کو تھام لیا اور کہا
سامان اور اونٹ لے کر واپس چلو چنانچہ ان کو پکڑ کر لائے تو حضور ﷺ نے ان کو سزائیں دیں۔ کہنے کا مقص
یہ ہے کہ بہت لوگوں کے دل میں حق آ جاتا ہے اگر تعصب نہ ہو۔ اور واقعی حق طلبی ہو تو حق ضرور کھل ج
ہے۔ (مجالس حکیم الاسلام ص ۱۶۲)

## کام کاج سویرے شروع کرو انشاء اللہ برکت ہوگی:

ضمرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ اللہ کے رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی ہے! اے اللہ! سویرے
میری امت کے لئے برکت عطا فرما۔ چنانچہ خود آنحضرت ﷺ جب کوئی لشکر جہاد کے لیے روانہ فرما
صبح سویرے روانہ کرتے کہتے ہیں کہ حضرت ضمرہ رضی اللہ عنہ ایک تاجر آدمی تھے وہ اپنا تجارتی مال ہمیشہ صبح سویر
بھیجا کرتے تھے۔ اس کی برکت سے وہ خوش حال اور سرمایہ دار ہو گئے۔

(ابن ماجہ ترجمان السنہ جلد ۴ صفحہ ۸۷

## ایک دعا جس کا ثواب اللہ نے چھپا رکھا ہے:

ابن ماجہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایک شخص نے
ایک مرتبہ کہا: یَا رَبِّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا يَنْبَغِيْ لِجَلَالِ وَجْهِكَ وَعَظِيْمِ سُلْطَانِكَ فرشتے گھبرا
کہ ہم اس کا کتنا اجر لکھیں۔ آخر اللہ تعالیٰ سے انہوں نے عرض کیا کہ تیرے ایک بندے نے ایک ایسا کلمہ
ہے کہ ہم نہیں جانتے کہ اسے کس طرح لکھیں؟ پروردگار نے باوجود جاننے کے ان سے پوچھا کہ اس نے ک
کہا ہے؟ انہوں نے بیان کیا کہ اس نے یہ کلمہ کہا ہے فرمایا گیا تم یونہی اسے لکھ لو میں آپ اسے اپنی ملاقات
کے وقت اس کا اجر دے دوں گا۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۱ صفحہ ۴۶)

marfat.com

# حصول رزق کی تیر بہدف

## عجیب وغریب دعاء نبوی ﷺ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَمُنْتَھَی الرَّحْمَۃِ مِنْ کِتَابِكَ وَبِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَجَدِّكَ وَکَلِمَاتِكَ التَّآمَّۃِ وَاِشْرَاقِ نُوْرِ وَجْھِكَ اَنْ تُصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَرْزُقَنَا یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَۃِ اَللّٰھُمَّ یَارَزَّاقَ الْمُقِلِّیْنَ یَارَاحِمَ الْمَسَاکِیْنِ وَیَا خَیْرَ النَّاصِرِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ رِزْقِیْ فِی السَّمَآءِ فَاَنْزِلْهُ وَاِنْ کَانَ فِی الْاَرْضِ فَاَخْرِجْهُ وَاِنْ کَانَ مَعْدُوْمًا فَاَوْجِدْهُ وَاِنْ کَانَ مَحْوًا فَاَثْبِتْهُ وَاِنْ کَانَ بَطِیْئًا فَعَجِّلْهُ وَاِنْ کَانَ بَعِیْدًا فَقَرِّبْهُ وَاِنْ کَانَ قَلِیْلًا فَکَثِّرْهُ وَاِنْ کَانَ عَسِیْرًا فَسَھِّلْهُ وَانْقُلْهُ اِلَیَّ وَلَا تَنْقُلْنِیْ اِلَیْهِ حَیْثُ کَانَ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ٥ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

اے اللہ ہمارے آقا اور سردار محمد ﷺ اور ان کے متبعین پر رحمتیں اور برکتیں نازل فرما۔ اے اللہ میں تیرے پایہ تخت اور عز وشرف کے مقامات تو یہ اور تیری کتاب کی بے پایاں رحمت اور تیرے عظیم نام مبارک اور تیری عظمت اور تیرے کلام کامل اور تیرے روئے انور کے نور کی چمک کا واسطہ ہمارے سردار محمد ﷺ اور ہمارے آقا کی آل پر رحمتوں کا نزول فرما۔ اے وسیع رحمتوں والے رب! ہمیں رزق عطا فرما۔ اے فقراء کو رزق عطا فرمانے والے اور غرباء پر رحم کرنے والے اور سب سے زیادہ بہتر نصرت فرمانے والے۔ اے اللہ اگر میرا رزق آسمانوں میں ہے تو اسے نازل فرما اور اگر زمین میں ہے تو نکال دے۔ اور اگر سرے سے موجود نہیں تو پیدا فرما اور اگر مٹ چکا ہے تو دوبارہ عطا فرما اگر اس میں ست روی ہے تو بعجلت عطا فرما اور اگر دور ہے تو قریب فرما۔ اور اگر قلیل ہے تو زیادہ فرما دے۔ اور اگر مشکل ہے تو آسان فرما دے میرا رزق میری طرف منتقل فرما مجھے ادھر منتقل نہ فرما۔ جہاں کہیں بھی ہو۔ محض اپنی رحمت سے اے تمام مہربانوں سے برتر۔ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں سے ہمیں ہمارے نبی اور سردار محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما۔ انکے متبعین اور دوستوں پر محض اپنی رحمت کی وجہ سے اے تمام مہربانوں سے عظیم مہربان۔

marfat.com

# سید مزمل حسین شاہ نقشبندی کے ساتھ ایک صحافی کی سیر حاصل نشست

(سوال وجواب کی یہ نشست اخبار ''اوصاف'' کے میگزین میں بھی آٹھ اقساط میں چھپ چکی ہے)

میرے ایک صحافی دوست نے بتایا کہ ان کے ایک دوست شاہ صاحب موکلات کی کتاب پر حاضر کے ذریعے، ہر قسم کے روحانی امراض کی تشخیص کا عمل جانتے ہیں۔ یہ خبر سن کر مجھے مزید تفصیل جاننے کا شو پیدا ہوا۔ ایک دن میں سیف اللہ خالد کے ہمراہ کتاب پر موکلات کی حاضری کا بچشم خود مشاہدہ کرنے کے لیے شاہ صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے موکلات کی حاضری کا عمل دکھانے کی استدعا کی۔ ر تعارف اور حال واحوال کے بعد سید مزمل حسین شاہ صاحب نے کتاب پر موکلات کی حاضری کا عمل دکھا اس عمل کے دوران شاہ صاحب کو ایک معاون کی ضرورت تھی اور انہوں نے معاونت کے لیے مجھے ا سامنے بٹھالیا تاکہ مجھے مشاہدہ کرنے میں آسانی رہے، حاضری کا یہ عمل میرے لیے ایک نیا تجربہ تھا۔ م نے بہت باریک بینی کے ساتھ ہر طرح سے تسلی کی کہ حاضری کے اس عمل میں کہیں شعبدہ بازی کا عمل دخل نہیں مگر مجھے اعتراف کرنا پڑا کہ اس عمل میں پس پردہ کوئی ان دیکھی غیر مرئی قوت کام کرتی ہے، جو ہمیں نظ نہیں آتی مگر ہمارے سوالات کے بعد ردعمل کا اظہار ضرور کرتی ہے جو ہمیں صاف طور پر کتاب کی حرک سے دکھائی دیتا ہے۔

حاضری کا یہ عمل قریباً پانچ منٹ تک جاری رہا۔ اس دوران میں نے مختلف سوالات کے جوابا دریافت کیے۔ ان کا صحیح جواب ملا، حاضری کے مبنی بر حقیقت ہونے پر میرا یقین اس وقت مزید پختہ ہ جب سید مزمل حسین شاہ صاحب نے میرے متعلق سوال پوچھ لیا کہ جو صاحب حاضری کے عمل میں شر ہیں، وہ خود عامل تو نہیں۔ تو کتاب بائیں طرف گھوم گئی۔ یعنی جواب ''نہیں'' میں ملا۔ دوسرا سوال انہوں یہ کیا کہ کیا یہ صاحب روحانی عملیات کے شعبہ کو سمجھتے ہیں تو جواب ملا ہاں یعنی کتاب تیزی کے ساتھ دا طرف کو گھوم گئی۔ شاہ صاحب کے ساتھ چونکہ یہ میری پہلی ملاقات تھی۔ اس لیے انہوں نے بغیر کسی تک کے میرے متعلق اپنی تسلی کر لی کہ آنے والے کا اصل مقصد کیا ہے؟

سید مزمل حسین شاہ صاحب سے پہلی ملاقات ہی بہت خوشگوار رہی۔ ان سے مل کر اندازہ ہوا ک جہان میں دولت کی ہوس سے بے نیاز ہو کر، روحانی امراض کا علاج کرنے والے، ابھی کچھ لوگ م

marfat.com

ہیں۔شاہ صاحب نے کم عمری میں ہی روحانی عملیات میں وہ کمال حاصل کر لیے ہیں، جس کے لیے لوگوں کو برسوں خاک چھاننا پڑتی ہے۔ان کی مصروفیت کا یہ عالم ہے کہ ان کے پاس لمحہ بھر کے لیے بھی فالتو وقت نہیں ہوتا۔اس لیے مقررہ اوقات ملاقات کے علاوہ ان سے انٹرویو کے لیے وقت حاصل کرنا اتنا آسان کام نہیں تھا۔کیونکہ ان کے پاس ہر وقت روحانی امراض میں مبتلا مریضوں کا تانتا بندھا رہتا ہے۔اس کے علاوہ بچوں کو دینی تعلیم سے روشناس کرانے کے لیے انہوں نے ''مدرسہ علوم ربانیہ'' کے نام سے ایک درسگاہ قائم کر رکھی ہے۔ جہاں علاقے کے بچوں کو بلا معاوضہ اسلامی علوم سکھائے جاتے ہیں اور درس و تدریس کے بعد جو وقت بچتا ہے وہ مدرسہ سے ملحقہ مطب میں مریضوں کے علاج پر صرف ہو جاتا ہے۔ جہالت و گمراہی کے خلاف برسر پیکار اس انسان دوست شخصیت سے بالآخر انٹرویو کا وقت مل ہی گیا۔شاہ صاحب کے اس انٹرویو سے قارئین کو یقیناً روحانی امراض کی حقیقت اور ان کے علاج سے متعلق مفید معلومات حاصل ہوں گی۔

جادو اور جنات کے اثرات کا شک ہو تو کسی بھی عامل سے رابطہ کرنے سے پہلے یہ تحقیق کر لیں کیا آپ کے ساتھ پیش آنے والے واقعات کا تعلق جنات اور جادو سے ہے یا نہیں۔جادو اور جنات کے زیر اثر گھروں یا اردگرد جو علامات پائی جاتی ہیں' ان میں اچانک لاعلاج بیماری کا حملہ ہونا' گھر میں خون یا پانی کے چھینٹے پڑنا۔محفوظ جگہ رکھے ہوئے کپڑوں کا مختلف جگہوں سے کٹ جانا' رقم چوری ہونا یا گھر میں خود بخود آگ لگ جانا وغیرہ شامل ہیں۔

یہ جادو اور جنات کے اثر کی ابتدائی علامات ہیں۔ان علامات سے خوفزدہ ہونے کی بجائے فوری طور پر روحانی طریقہ علاج سے ان کا مقابلہ کرنے کے لیے اپنے آپ کو تیار کرنا چاہیے۔کیونکہ جادوگر اور شیطانی علوم کبھی قرآنی وظائف اور مسنون دعاؤں کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ہمارے ہاں پیشہ ور عاملوں نے یہ مشہور کر رکھا ہے کہ وظائف کسی روحانی استاد کی اجازت کے بغیر نہیں کرنے چاہئیں' ورنہ عمل الٹ بھی ہو سکتا ہے حالانکہ اس بات میں کوئی حقیقت نہیں۔ ہر شخص بغیر کسی کی اجازت کے اپنی حفاظت کے لیے ہر طرح روحانی عمل کر سکتا ہے۔اجازت کا تعلق صرف ان وظائف سے ہے جو تسخیر جنات وغیرہ کے لیے کیے جا ہیں۔جنات اور جادو ہمارے معاملات پر کس حد تک اثر انداز ہوتے ہیں؟ یہ اور اس موضوع سے متعلق د سوالات کے جواب جاننے کے لیے ہم نے سید مزمل حسین شاہ صاحب سے رجوع کیا تو انہوں نے ا خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عام طور پر لوگوں پر جنات کے اثرات بہت کم ہوتے ہیں' فراڈ اور و

marfat.com

زیادہ ہے۔ کسی کو ذرا سی بھی تکلیف پہنچ جائے تو وہ جادو کے شک میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ خاص طور پر عورتوں میں 99 فیصد جنات کا اثر نہیں ہوتا بلکہ مکر و فریب اور بہانہ زیادہ ہوتا ہے۔ لوگ اگر علاج سے پہلے خود تحقیق کر لیں تو شاید کسی عامل کے پاس جانے کی ضرورت ہی پیش نہ آئے کیونکہ جنات اتنے فارغ نہیں ہوتے کہ وہ بلاوجہ لوگوں کو تنگ کرتے پھریں۔ جنات کے اثرات کے حقیقی واقعات بہت کم پیش آتے ہیں۔

سید مزمل حسین شاہ نے بتایا کہ ہر شہر میں جادوگر ہونے کے دعوے دار تو بہت ہیں لیکن ان میں ایسے عامل نہ ہونے کے برابر ہیں جو واقعی کچھ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ضروری نہیں کہ جادو کا دعویٰ کرنے والا ہر عامل' جادو کرنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہو۔ جنات کو بھگانے والے اکثر عامل حضرات مریض کے لواحقین کو مطمئن کرنے کے لیے جھوٹ کا سہارا لیتے ہیں کہ مریض پر سینکڑوں جنات کا اثر تھا تین سو کو میں نے مار دیا' جو باقی رہ گئے ہیں' وہ بھی جلا کر راکھ کر دوں گا۔ حالانکہ اصلی ''جن'' ایک بھی ان کے سامنے آ جائے تو وہ خود اپنے حواس قائم نہیں رکھ سکتے۔ شاہ صاحب نے کہا کہ ''جو عورتیں خاندان میں اپنی بالادستی قائم رکھنے کے لیے دوسروں کو نقصان پہنچانے یا کسی بھی غرض سے جادوگروں سے مدد حاصل کرتی ہیں' وہ اپنے آپ کو دائرہ اسلام سے خارج سمجھیں۔ کیونکہ آپ ﷺ کے فرمان کا مفہوم ہے کہ جادو کرنے والا اور کرانے والا دونوں کافر ہیں۔ اگر بالغرض کسی پر جادو کا اثر ہو جائے تو اسے بھی علاج کے لیے صرف قرآنی وظائف اور مسنون دعاؤں کے ذریعے ہی اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرنی چاہیے۔ غیر اسلامی اور غیر شرعی طریقہ علاج سراسر گھاٹے کا سودا ہے۔ ایک مسلمان کو اپنی دنیا و آخرت بچانے کے لیے ہمیشہ صراط مستقیم کا انتخاب کرنا چاہیے۔''

س: جادو کی ابتدائی علامات ظاہر ہونے کی صورت میں فوری طور پر کیا اقدامات کرنے چاہئیں؟

ج: اگر کسی گھر میں خون یا پانی کے چھینٹے پڑتے ہوں تو گھر کا کوئی فرد روزانہ چاروں قل 101 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے۔ یہ پانی سارے اہل خانہ پئیں اور گھر میں اس کے چھینٹے بھی لگائیں۔ مسلسل 21 دن تک یہ عمل کریں۔ وقت کی کوئی قید نہیں۔ ان شاء اللہ اس عمل کے ذریعے ہر قسم کے نقصانات سے محفوظ ہو جائیں گے۔ اگر گھر سے رقم چوری ہو رہی ہو' بشرطیکہ رقم چوری کرنے والا ''جن'' ہو نہ کہ گھر کا کوئی فرد......تو یہی عمل' جنات کو رقم چوری سے روکنے کے لیے انتہائی مجرب ہے۔

س: شیاطین' جنات کی شرارتوں سے کس طرح محفوظ رہا جا سکتا ہے؟

marfat.com

ج: اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کائنات میں جنات کی تعداد انسانوں سے دس گنا زیادہ ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ جنات ہر گھر میں موجود ہیں۔ جنات کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے یہ بہت اچھا مگر مختصر عمل ہے۔ روزانہ درود ابراہیمی 21 مرتبہ، آیت الکرسی 21 مرتبہ چاروں قل 21,21 مرتبہ "فی لوح محفوظ" یہ الفاظ 100 مرتبہ پڑھتے ہیں۔ اگر اس وظیفہ کو روزانہ کا معمول بنالیں تو زندگی بھر کبھی جنات اور جادو کا اثر نہیں ہوگا۔ اگر اثرات موجود ہیں تو وہ اللہ کے فضل سے ختم ہو جائیں گے۔ اس کے ساتھ اگر ایک اور وظیفہ شامل کر لیا جائے جو حدیث شریف سے ثابت ہے تو اللہ کے فضل سے انسان کو کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ وہ دعا یہ ہے:

"بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ"

**ترجمہ**: شروع کرتا ہوں اس ذات کے نام سے، جن کے نام کے ساتھ زمین و آسمان کی کوئی شے نقصان نہیں پہنچا سکتی اور وہ سننے اور جاننے والا ہے"

اس دعا کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ صبح و شام تین تین مرتبہ اس کو پڑھ لیا جائے۔ اگر ہم وظائف کو معمول بنالیں تو ہر طرح کے نقصان سے بچا جاسکتا ہے۔

س: کیا جادو کے ذریعے رشتوں کی بندش ممکن ہے؟

ج: میرے علم میں کئی واقعات آئے ہیں جس میں لڑکی یا لڑکے کی شادی میں رکاوٹ ڈالنے کے لیے شیطانی علوم کا سہارا لیا گیا تھا جونہی اس بات کا احساس ہو کہ رشتہ کی بندش جادو کے ذریعے کی گئی ہے تو اسکے توڑ کے لیے سورۃ طٰہٰ پڑھی جائے۔ یہ بہت مجرب عمل ہے۔ یہ سورۃ مریض خود پڑھے تو بہتر ہے روزانہ ایک مرتبہ اس کی تلاوت کی جائے۔ کثرت کیساتھ تلاوت زیادہ مفید ثابت ہوسکتی ہے۔ جب تک مسئلہ حل نہیں ہو جاتا، خلوص دل کے ساتھ پڑھائی جاری رکھیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ قرآنی وظائف کے ذریعہ کامیابی ممکن ہے اور دعا تقدیر کو بدل دیتی ہے۔

س: کیا کوئی ایسا طریقہ بھی ہے، جس سے جنات کے جعلی مریضوں کی شناخت ہو سکے؟

ج: مجھے جنات کے اثرات کا ڈھونگ رچانے والے سینکڑوں مریض دیکھنے کا موقع ملا، جنات کے اثرات کی مخصوص علامات ہوتی ہیں۔ مریض کو دیکھتے ہی اس بات کا علم ہو جاتا ہے کہ اس پر آسیب کا اثر ہے

marfat.com

یا نہیں۔ اس کے علاوہ ایک عمل ایسا بھی ہے جس کے ذریعے پتا چل جاتا ہے۔ میں آپ کو ایک لڑکی کا واقعہ
سناتا ہوں' اس نے ایک سال سے اپنے والدین کو تنگ کیا ہوا تھا اور اپنا برا حال بنا رکھا تھا کہ مجھ پر آسیب کا اثر
ہے۔ اس پریشانی کی وجہ سے اس کے والد کو ایک مرتبہ ہارٹ اٹیک بھی ہو چکا تھا۔ والدین نے اپنی بیٹی کے
علاج کے لیے بہت سے عامل بلائے۔ کسی نے کہا ''جن'' ہے کسی نے جادو کہا' کسی نے لڑکی کی پٹائی کی' کسی
نے درباروں پر حاضری کا مشورہ دیا۔ مجھے بھی اس لڑکی کے علاج کے لیے بلایا گیا۔ مریضہ کو دیکھتے ہی مجھے
یہ بات سمجھ آ گئی کہ جنات کا کوئی چکر نہیں۔ میں نے گھر والوں سے ایک ڈنڈا منگوایا' انہیں کچھ فاصلے پر کھڑے
ہونے کے لیے کہا اور لڑکی کو بتا دیا کہ میں نے اپنے علم سے معلوم کر لیا ہے کہ تمہارے اندر جنات اور جادو
وغیرہ کچھ نہیں مگر وہ خاموش رہی۔ لڑکی کے گھر والوں کو میں نے کچھ فاصلے پر اس لیے کھڑا کیا تھا تاکہ حقیقت
اگلوانے کے لیے میں نے جو گفتگو کرنی ہے' اس کی آواز ان تک نہ پہنچے۔ جب تمام نفسیاتی حربوں اور
سمجھانے کا اس کی صحت پر کچھ اثر نہ ہوا تو مجبوراً مجھے دیسی طریقہ اختیار کرنا پڑا۔ پٹائی شروع کرنے سے پہلے
میں نے گھر والوں کو بتا دیا کہ ''جن'' کی حاضری ہونے والی ہے' آج اس کا خوب علاج ہوگا۔ آپ لوگ اپنی
اپنی جگہوں پر اطمینان سے بیٹھے رہیں۔ یہ کہہ کر میں نے ڈنڈے کے ساتھ لڑکی کی پٹائی شروع کر دی' گھر
والے اپنی جگہ مطمئن تھے کہ جنات کی پٹائی ہو رہی ہے۔ حالانکہ پٹائی اس لڑکی کی ہو رہی تھی۔ اس عمل کے
باوجود بھی وہ لڑکی اصل حقیقت بتانے پر آمادہ نہ ہوئی تو میں نے اسے کہا کہ آج کے لیے تو اتنا علاج ہی کافی
ہے۔ کل دوبارہ نئے سرے سے یہ علاج دہرایا جائے گا اور یہ طریقہ علاج اس وقت تک جاری رہے گا جب
تک یہ ''جن'' یہاں سے نکل نہیں جاتا۔ دوسرے دن علاج شروع کرنے سے پہلے میں نے اسے کہا کہ اگر
تمہارا والدین سے کوئی مطالبہ ہے' جو وہ نہیں مان رہے تو مجھے بتا دو' میں کوشش کروں گا کہ اس کا کوئی حل نکل
آئے اور تمہارے والدین کی اس اذیت اور ذلت و خواری سے جان چھوٹ جائے۔ تمہاری وجہ سے انکا برا
حال ہے' ان پر ہی ترس کھا لو' مگر وہ ٹس سے مس نہ ہوئی تو میں نے اسے کہا کہ تمہارے اوپر جس ''جن'' کا اثر
ہے' وہ بہت ضدی قسم کا ہے۔ اس کو نکالنے کے لیے مجھے بہت سخت عمل کرنا پڑے گا۔ میں نے اس کے گھر
والوں کو بتایا کہ اس جن کو نکالنے کے لیے مریضہ کے جسم کے کچھ حصہ کو آگ دکھانا پڑے گی۔ میں نے ایک
کپڑا منگوا کر اسے آگ لگائی پھر اس کپڑے کو اس لڑکی کے چہرے کے قریب لے جا کر آخری وارننگ دی
کہ ضدی جنات کو نکالنے کے لیے مریض کے چہرے کا کچھ حصہ جلانا پڑتا ہے۔ تمہارے پاس آخری موقع

marfat.com

ہے۔ اچھی طرح سوچ لو یہ نہ ہو کہ "جن" تو نکل جائے مگر تمہارا چہرہ ہمیشہ کے لیے بگڑ جائے۔ اب تک کے
تمام عرصہ میں اس نے پہلی مرتبہ لب کھولے اور بولی آپ بہت ظالم ہیں، آپ نے مجھے بہت مارا ہے میں
نے اسے کہا کہ بکواس بند کرو۔ جب تک "جن" نہیں نکلے گا' علاج جاری رہے گا۔ پھر وہ لڑکی کہنے لگی کہ میں
پاپا کو اصل مسئلہ بتاؤں گی آپ کو کیوں بتاؤں۔ آپ تو بہت ظالم ہیں۔ میں نے اسے کہا کہ پاپا کو بتاؤ' چا
ماما کو بتاؤ مگر تمہیں اصل قصہ بتانا پڑے گا۔ اس نے آہستہ آہستہ ایک لڑکے کا نام لیا اور ساری حقیقت بتا د
کہ میرے والدین میری شادی کسی اور جگہ کرنا چاہتے ہیں' اس لیے میں نے یہ ڈھونگ رچانے کا منصوبہ بنا
کہ میری اداکاری کے نتیجہ میں جب کہیں سے کوئی رشتہ نہ آئے گا تو مجھے اپنی پسند کی شادی کرانے کا موقع
جائے گا۔ اس لڑکی کے والدین ہم سے کچھ فاصلے پر بیٹھے ہوئے تھے' ان کا خیال تھا کہ "جن" کے ساتھ گف
وشنید ہو رہی ہے۔ مختصر یہ کہ لڑکی کے اصل حقیقت بتانے پر میں نے اسکے والدین کو سمجھایا کہ اس لڑکی
شادی پسند کی جگہ کر دیں تو جنات اس گھر سے نکل جائیں گے۔ والدین معاملے کی تہہ تک پہنچ گئے
انہوں نے اپنی بیٹی کے فیصلے کے آگے سر تسلیم خم کر دیا۔ اس کے بعد دوبارہ کبھی جنات نے اس لڑکی کو تن
نہیں کیا۔ یعنی جنات کے اثرات کی شکایت ہمیشہ کے لیے ختم ہو گئی۔ غیر شادی شدہ لڑکیوں کے علاوہ
شادی شدہ جوڑوں کے درمیان شادی کے کچھ عرصہ بعد لڑائی جھگڑے کے واقعات بھی اس سلسلہ کی کڑ
ہیں۔ لڑکے یا لڑکی کی شادی کرنے سے اور لڑکی کی پسند کو مدنظر رکھنے میں کوئی مضائقہ نہیں ورنہ بعد میں
فیصلے کے نتائج زیادہ رسوائی کا سبب بنتے ہیں۔

اس ایک واقعہ سے آپ کو بخوبی اندازہ ہو جائے گا کہ بعض عقل سے عاری خواتین ضد میں آ
کیا کچھ کر گزرتی ہیں۔ میرے ایک جاننے والے کی ہمشیرہ کی نئی نئی شادی ہوئی۔ شادی کے تھوڑے ہی عر
بعد نئی نویلی دلہن کو تین' تین دن کے وقفوں سے جنات کے دورے پڑنا شروع ہو گئے۔ انہوں نے علاج
لیے جس عامل سے رابطہ کیا' وہ بند کمرے میں لڑکی کو علیحدگی میں دم کرتا' تو لڑکی کی حالت سنبھل جاتی
دورے کی کیفیت ختم ہو جاتی۔ جب یہ بات میرے علم میں آئی تو میں نے کسی ذریعے سے اشارے کنا
میں ان تک یہ پیغام پہنچایا کہ آپ نے جو طریقہ علاج اختیار کیا ہے' اس سے آپ کی عزت کا جنازہ
جائے گا۔ بات ان کی سمجھ میں آ گئی۔ آئے دن اس قسم کے واقعات اخبارات میں شائع ہوتے ہیں۔
کے باوجود نہ جانے کیوں لوگوں کو بات سمجھ نہیں آتی۔ آپ میری بات ذہن نشین کر لیں کہ جو پیر یہ کہ

marfat.com

سارے اہلخانہ کمرے سے باہر چلے جائیں، میں لڑکی کو صرف علیحدگی میں دم کروں گا، سمجھ لیں کہ وہ پیر نہیں شیطان ہے۔ اس قسم کے بھیڑیا نما عاملوں اور پیروں کے پاس جانے والوں پر کیا گزرتی ہے یہ اب کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں رہی۔

س: آپ کو کبھی کسی جادوگر سے ملنے کا اتفاق ہوا؟

ج: صرف ایک مرتبہ میں ایک گھر میں علاج کی غرض سے گیا تھا، وہاں ایک کالے جادو کا ماہر بھی آیا ہوا تھا۔ اس کی شکل اتنی مکروہ تھی کہ مجھے دیکھتے ہی اندازہ ہو گیا کہ یہ شیطان کا چیلا ہے۔ میری آمد سے اس کے چہرے پر ناگواری کے تاثرات ابھرے، وہ اہل خانہ کو مخاطب کر کے کہنے لگا کہ ان حضرت سے علاج کرانا تھا تو مجھے کیوں بلایا۔ گھر کے افراد نے بدمزگی سے بچنے کے لیے وضاحت کی کہ ہم نے دو عاملوں کو اس لیے بلایا ہے کہ نہ جانے ہمیں کس کے علاج سے آرام آئے حالانکہ ان کی یہ سوچ انتہائی غلط تھی۔ جیسا کہ میں پہلے بتا چکا ہوں کہ کالے علم والوں سے علاج کرانا بھی کفر کے مترادف ہے۔ بہرحال اس عامل نے میرے ساتھ بحث ومباحثہ کا آغاز کر دیا۔ میں نے اسے قرآن وحدیث کے دلائل سے سمجھانے کی کوشش کی کہ وہ معمولی فائدے کے لیے اپنی اور دیگر افراد کی عاقبت خراب کرنے کی روش ترک کر دے۔ میرا سچ بولنا اسے پسند نہ آیا، وہ جذباتی ہو گیا اور غصہ کی حالت میں زمین پر زور سے ہاتھ مار کر کہنے لگا میں یہ کر دوں گا۔ اس کی کلائی پر بندھی گھڑی کھل کر میرے قریب آ گری۔ میں نے گھڑی پکڑ کر اپنے قبضے میں کر لی۔ وہ دھمکیوں پر اتر آیا۔ میں نے اسے کہا کہ تم سے جو ہو سکتا ہے کر لو ان شاء اللہ تم سے میرا ایک بال بھی بیکا نہیں ہو گا۔ یہ بحث ومباحثہ بغیر کسی نتیجہ کے ختم ہو گیا۔

کسی کالے علم والے کے ساتھ یہ میری پہلی ملاقات تھی۔ میں اپنے ملنے والوں کو تلقین کرتا ہوں کہ جادوگری کا دعویٰ کرنے والا جہاں بھی ملے، اس کی اچھی طرح سے درگت بنائیں حالانکہ یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان لٹیروں کے خلاف سخت سے سخت قانونی کارروائی کرے۔

آسیب زدہ اور جادو کے زیر اثر مریضوں کا روحانی علاج کرنے کے دوران ایک مریض اور علاج کرنے والے عامل کو کن کن مراحل سے گزرنا پڑتا ہے۔ اس موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے عامل باعمل سید مزمل حسین شاہ نقشبندی نے بتایا کہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ کسی آسیب زدہ مریض کا روحانی علاج کرنے کے دوران جنات جوابی حملہ کے ذریعے عامل کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں۔ کیونکہ بعض جنات خود

marfat.com

عامل ہوتے ہیں یا ان کو بھیجنے والا جادوگر انہیں تقویت پہنچانے کے لیے مسلسل شیطانی پڑھائی جاری رکھ
ہے۔ ایسے مواقع پر میں نے بزرگوں کی رہنمائی میں جنات کے شر سے بچنے اور اپنی حفاظت کے لیے
باقاعدہ ایک عمل کیا ہوا ہے۔

س: یہ کس قسم کا عمل ہے؟

ج: اپنے اور اہل خانہ کے دفاع کے لیے اس عمل کو کرنے کیلئے مجھے چار ماہ لگے۔ یہ عمل اونٹ کی ہڈی
پر کیا جاتا ہے۔ اونٹ کی یہ ہڈی میں کسی کو نہیں دیتا۔ یہ ہڈی ہر وقت میرے گھر میں موجود رہتی ہے تاکہ میر
غیر موجودگی میں میرے اہل خانہ جنات کی شرارت سے محفوظ رہیں۔ اس کے علاوہ مجھے روزانہ عشاء کی نم
کے بعد ان وظائف کی پڑھائی کرنا پڑتی ہے۔ چاہے کتنی بھی مصروفیت کیوں نہ ہو میں ہر حالت میں پڑھ
کرتا ہوں۔ جب سے میں نے روحانی علاج کا سلسلہ شروع کیا ہے میری زندگی میں کوئی دن ایسا نہیں
کہ پڑھائی کے بغیر سویا ہوں۔

س: اگر کوئی شخص آپ سے اونٹ کی ہڈی پر دم کرانا چاہے تو اس کا کیا طریق کار ہے؟

ج: اونٹ کی ہڈی سے متعلق پہلے میں وضاحت کر دوں کہ یہ ہڈی ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ پر مشتمل
ہوتی ہے۔ میں نے اونٹ کی ہڈی کا جو عمل کیا ہے اس کی برکت سے اب مجھے کسی نئی ہڈی پر عمل کر
میں صرف ایک گھنٹہ لگتا ہے۔ پھر وہ ہڈی بھی اسی طرح موثر کردار ادا کرتی ہے جس طرح کہ میرے گھر
رکھی ہوئی ہڈی۔ میرے پاس اکثر لوگ اونٹ کی ہڈی دم کرانے کے لیے لے کر آتے ہیں، انہیں بغیر
معاوضہ کے ہڈی پر عمل کر کے لوٹا دی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ اگر کسی شخص کو فوری طور پر گھر میں رکھنے
لیے اونٹ کی ہڈی کی ضرورت پڑ جائے تو میرے پاس اونٹ کی اضافی دم کی ہڈیاں ہر وقت موجود ہوتی
جو انہیں بلا معاوضہ مہیا کر دی جاتی ہیں۔ یہ ہڈی سات دن گھر میں رکھنے کے بعد واپس کرنا ہوتی ہے
نے اونٹ کی اضافی ہڈیوں پر وظائف کی پڑھائی کے ذریعے آٹھ جنات کی ڈیوٹی لگا رکھی ہے۔ یہ ہڈی
گھر میں رکھ دی جائے، اگر وہاں جنات کے ڈیرے ہوں تب بھی وہ سات دن کے اندر اندر اس گھر
کر جاتے ہیں۔ جو لوگ بغیر پڑھائی کے اونٹ کی ہڈی گھر میں رکھتے ہیں، اس سے انہیں خاطر خوا
نہیں ہوتا۔

س: کبھی ایسا بھی ہوا کہ کسی مریض کے علاج کے دوران آپ کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا ہو؟

marfat.com

ج: بعض مریض ایسے بھی آتے ہیں کہ تمام تر کوشش کے باوجود ان کو آرام نہیں آتا۔ ہر کسی کو شفاء دینا اللہ کے اختیار میں ہے۔ بحیثیت انسان اپنا فرض یہ ہے کہ نیک نیتی کے ساتھ اپنا فرض ادا کریں جو الحمدللہ میں ادا کر رہا ہوں۔ آرام نہ آنے کی کچھ وجوہات ہیں۔ درحقیقت کسی مریض کا علاج کرنے سے جنات بھی چلے جاتے ہیں اور جادو کا اثر زائل ہو جاتا ہے۔ لیکن اس دوران پہنچنے والی اذیت سے مریض جسمانی بیماریوں کا شکار ہو جاتا ہے۔ جس کے لیے ڈاکٹر یا طبیب سے باقاعدہ علاج کی ضرورت ہوتی ہے۔ جبکہ لوگوں کی خواہش یہ ہوتی ہے کہ جادو اور جنات کے اثرات کے خاتمہ کے بعد مریض فوری طور پر تندرست ہونا چاہیے۔ میرے تجربہ کے مطابق روحانی امراض میں مبتلا افراد کو علاج کے دوران دوا کی بھی ضرورت پڑتی ہے جو عامل مریض کو روحانی علاج کے دوران ڈاکٹر سے رجوع کرنے سے روکتے ہیں میرے خیال میں وہ اس پر ظلم کرتے ہیں۔ کیونکہ روحانی علاج سے جادو اور جنات کے اثرات تو ختم ہو جاتے ہیں اس کا علاج ضرور کرانا چاہیے۔ میں آپ کو ایک مریضہ کا واقعہ سناتا ہوں جس کا روحانی علاج کرنے کے بعد اس کی صحت کی بحالی کے لیے ڈاکٹری علاج کرایا گیا۔ وہ مریضہ ایک دوست کی معرفت میرے پاس آئیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کا ایک بھائی جادو کے اثرات سے مر چکا ہے۔ میرے ساتھ رابطہ کرنے سے پہلے اِس خاتون نے اخبارات میں عاملوں کے اشتہار پڑھ کر ان سے رابطے کیے۔ ان لٹیرے عاملوں نے اس سے علاج کے نام پر مختلف حیلے بہانوں سے لاکھوں روپے ہتھیا لیے تھے۔ کسی نے کہا ہرن کی کھوپڑی لائیں، کسی نے الو کا خون طلب کیا۔ غرض یہ کہ ہر پیشہ ور عامل نے 20,25 ہزار روپے کے سامان کی فہرست بنا کر اس کے ہاتھ میں تھما دی کہ یہ سامان لے آؤ ہم جادو کا توڑ کر دیں گے۔ خدائی دعوے کرنے والے ان جھوٹے عاملوں نے اس مجبور و بے بس خاتون کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا۔ جب وہ خاتون میرے پاس آئی تو بہت پریشان تھی۔ میں نے علامات جاننے کے بعد انہیں بتایا کہ آپ واقعی جادو کے اثرات کی وجہ سے بیمار ہیں۔ اس خاتون کو مختلف بیماریوں نے گھیرا ہوا تھا۔ اس کے سارے جسم میں ہر وقت درد رہتا' سانس پھول جاتی اور صرف 45 سال کی عمر میں زندگی کا ایک لمحہ سکون کے ساتھ گزارنا محال تھا۔

علاج سے پہلے میں نے انہیں بتا دیا کہ میں آپ سے کوئی معاوضہ طلب نہیں کروں گا۔ صرف اتنی رقم ہی لوں گا جو بکرے کی سری پر عمل کرنے کے دوران خرچ ہوتی ہے' یہ انتہائی معمولی رقم ہے کہ ہر مریض آسانی کے ساتھ دے سکتا ہے۔ میں نے بکرے کی سری پر جادو کے توڑ کا عمل کر کے ان کے بھتیجے کو دے دی کہ وہ

marfat.com

اسے قبرستان میں دفن کر دے۔ سری دفن ہونے کے پندرہ دن بعد اللہ کے فضل سے مریضہ پر جادو کے اثرات کا خاتمہ ہو گیا۔ اس کے بعد میں نے انہیں مشورہ دیا کہ آپ کو جو جسمانی امراض لاحق ہو چکے ہیں' ان کا ڈاکٹر سے علاج کرائیں اور جو دوا آپ استعمال کریں گی' اس سے ان شاء اللہ فائدہ ہو گا۔ اب الحمد للہ انہوں نے علاج مکمل کرا لیا ہے اور تمام جسمانی و روحانی امراض سے نجات حاصل کر لی ہے۔

س: کیا جنات کے اثرات سے جسمانی بیماریاں بھی لاحق ہو جاتی ہیں؟

ج: جی ہاں! میرے پاس ایک مریضہ لائی گئی' اس پر عرصہ تین سال سے جنات کے اثرات تھے۔ جنات نے اسے عجیب و غریب مرض میں مبتلا کر رکھا تھا۔ ان کی ہچکی کسی صورت بند نہیں ہوتی تھی ہچکی سے مشابہ ایک آواز مسلسل ان کے منہ سے نکلتی رہتی۔ تاہم گفتگو یا سونے کے دوران وہ آواز بند ہو جاتی۔ انہوں نے بڑے ڈاکٹروں اور عاملوں سے علاج کرایا مگر کہیں سے بھی افاقہ نہ ہوا۔ میں نے بکرے کی سری پر عمل سے ان کا علاج شروع کیا اور مجھے مسلسل پانچ' چھ ماہ تک ان کا علاج کرنا پڑا۔ الحمد للہ اب ان کی یہ کیفیت ہے کہ دس پندرہ دن بعد آدھ گھنٹہ کا دورہ پڑتا ہے۔ مجھے امید ہے کہ وہ بھی آہستہ آہستہ ختم ہو جائے گا۔ اس علاج کے دوران میں نے انہیں پینے کے لیے بارش کے پانی پر دم کر کے دیا۔ اب تک وہ 40 لیٹر کے قریب بارش کا دم کیا ہوا پانی پی چکی ہیں۔

س: روحانی طریق علاج میں بارش کا پانی استعمال کرنے سے مریض کو کیا فائدہ پہنچتا ہے؟

ج: امراض میں مبتلا مریضوں کو دم کیا ہوا بارش کا پانی استعمال کرانے سے بہت فائدہ پہنچتا ہے۔ بارش کے پانی میں قدرت نے بہت خاصیت رکھی ہے۔ حدیث شریف سے ثابت ہے کہ آپ ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بارش کا پانی دم کر کے دیتے تھے۔

س: آج کل تو بارش کے پانی میں بہت زیادہ آلودگی ہوتی ہے؟

ج: ایک دو منٹ بارش ہو جائے تو اس کے بعد والا پانی بالکل صاف ہوتا ہے۔

س: بارش کا پانی آپ سے بھی قیمتاً مل جاتا ہے؟

ج: ہر مریض کو بارش کا پانی مہیا کرنا بہت مشکل کام ہے۔ ہم نے کئی مرتبہ سوچا کہ آزاد کشمیر یا زیادہ بارش والے علاقوں سے بارش کا پانی منگوا کر ضرورت مندوں کو مہیا کیا جائے مگر اس پر اخراجات بہت آتے ہیں۔ وقت کی کمی اور وسائل نہ ہونے کی وجہ سے ابھی تک ہم ایسا کوئی انتظام نہیں کر سکے۔

marfat.com

س: مریض بارش کا پانی کس طرح اکٹھا کر سکتے ہیں؟
ج: اس کا ایک طریقہ یہ ہے کہ جب بارش ہو تو گھر کے صحن میں یا چھت پر پلاسٹک کا ایک بڑا ٹکڑا اس طرح بچھا دیں کہ بارش کا پانی اکٹھا ہو کر پلاسٹک کے کناروں پر رکھے ہوئے برتنوں میں جمع ہو جائے۔ اس طرح بہت تھوڑے وقت میں بارش کا بہت زیادہ پانی اکٹھا کیا جا سکتا ہے۔
س: بارش کا پانی دم کر کے کن کن امراض میں استعمال کرایا جاتا ہے؟
ج: کینسر کے مرض میں مبتلا کئی لوگوں کو میں نے بارش کا پانی دم کر کے دیا تو اللہ تعالیٰ نے انہیں شفاء سے نوازا۔ اس کے علاوہ دیگر لاعلاج امراض کے لیے بارش کا دم کیا ہوا پانی انتہائی مفید ثابت ہوتا ہے۔ میرے پاس اللہ کے فضل سے ایک ایسا عمل ہے کہ جن شادی شدہ جوڑوں کے ہاں اولاد نہیں ہوتی، اگر وہ چار ماہ تک روزانہ ایک گلاس، بارش کا دم کیا ہوا پانی استعمال کریں تو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے انہیں اولاد سے نواز دیں گے۔ اس طریق علاج کے دوران تقریباً 120 لیٹر بارش کا پانی کافی ہوتا ہے۔ بارش کا پانی اکٹھا کرنے میں تھوڑی مشکل تو ضرور پیش آتی ہے لیکن یہ ناممکن نہیں۔

.............

روحانی امراض کے علاج کے لیے مسنون وظائف اور قرآنی آیات میں اللہ تعالیٰ نے بے پناہ طاقت رکھی ہے۔ مضبوط قوت ارادی کا مالک کوئی بھی شخص ان روحانی عملیات و وظائف سے بھرپور استفادہ کر کے اپنے مسائل خود حل کر سکتا ہے۔ مگر فوری نتائج حاصل کرنے کی فکر میں مبتلا لوگوں کی اکثریت روحانی معالجین سے رابطے کو ترجیح دیتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جب آپ خود اپنے مسئلہ کے حل کے لیے محنت اور وظائف کے لیے تیار نہ ہوں تو کسی بڑے سے بڑے روحانی معالج کا علاج بھی آپ کو فائدہ نہیں پہنچا سکتا۔ اس لئے روحانی علاج کے سلسلہ میں ہمیشہ خود عمل کرنے کی کوشش کیجئے۔ اس میں اللہ تعالیٰ نے بہت برکت رکھی ہے۔ البتہ خود عمل کرنے کے دوران چند باتوں کو مدنظر رکھنا بہت ضروری ہے۔ جو لوگ روحانی امراض کے حل کیلئے بہت زیادہ محنت سے کسی وظیفہ کا آغاز کرتے ہیں، جب انہیں مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہوتے تو وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ان کی محنت رائیگاں چلی گئی ہے۔ جس کے بعد بہت سے لوگ عمل ادھورا چھوڑ دیتے ہیں یا وظیفے کے اختتام پر مایوسی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یہ دونوں طریقے غلط ہیں۔ اللہ کی رحمت سے کبھی مایوس نہیں ہونا چاہیے۔ اگر ظاہری طور پر کسی عمل کے فوری نتائج برآمد نہ ہوں یا عمل مکمل کرنے کے بعد بہتری کی کوئی

marfat.com

صورت نظر نہ آئے تو مایوس ہونے کے بجائے اللہ پر بھروسہ کر کے اسی عمل کو نئے سرے سے دوبارہ شروع کیا جاسکتا ہے۔ اگر آپ کسی عمل میں کامیاب ہو جاتے ہیں، تو ان وظائف کی پڑھائی چھوڑنے کے بجائے ان کی دہرائی جاری رکھیں۔ اس کا کوئی نقصان نہیں بلکہ یہ مزید خیر و برکت اور اور تقویٰ و پرہیز گاری کا ذریعہ بنتے ہیں۔

## وظائف سے قبل یہ احتیاط ضرور کریں!

اخبارات میں شائع ہونے والے وظائف پر عمل کرنے سے پہلے صرف ایک احتیاط ضروری ہے کہ کوئی بھی وظیفہ شروع کرنے سے پہلے کسی مستند کتاب یا عالم دین سے اس وظیفہ کی عبارت کی تصدیق کر لیں کیونکہ بعض اوقات عربی کی عبارت لکھتے ہوئے بحیثیت انسان نادانستہ طور پر یا کتابت' کمپوزنگ کی غلطی سے کوئی لفظ چھوٹ جاتا ہے۔

سید مزمل حسین شاہ کے زیر نظر انٹرویو میں روحانی امراض کے علاج کیلئے چند انتہائی مجرب وظائف پیش کیے جا رہے ہیں۔ شاہ صاحب کا کہنا ہے کہ انہوں نے مریضوں کے علاج کے دوران ان وظائف سے بہت استفادہ کیا اور مریضوں کو بھی ان سے خاطر خواہ فائدہ ہوا۔

## سخت قسم کے جادوئی اثرات کو دور کرنے کے لیے انتہائی مجرب عمل:

سورہ فاتحہ 100 مرتبہ، سورہ بنی اسرائیل کی اس آیت ''وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ سے شروع ہو کر آخری آیت تک'' 100 مرتبہ، سورۃ الناس 100 مرتبہ۔ عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو ہو کر اپنے پاس پانی رکھ لیں اور مذکورہ تعداد کے مطابق وظائف پڑھتے جائیں اور پانی پر دم کرتے جائیں۔ دم کیا ہوا یہ پانی اس شخص کے لیے انتہائی مفید ہے جس پر جادو کیا گیا ہو، یہی پانی گھر کے کونوں میں چھڑکیں۔ عمل کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا بھی کریں کہ یا اللہ اپنے اس کلام کی برکت سے میری مشکلات آسان کر دے۔ انشاء اللہ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ زیادہ بہتر نتائج کے لیے کوئی ایک وقت مقرر کر کے یہ عمل 41 دن تک جاری رکھیں۔

## لڑکیوں کی جلد شادی کے لیے مجرب عمل:

لڑکیوں کے نصیب سنوارنے اور جلد شادی کے لیے یہ عمل انتہائی مفید ہیں۔ اس مقصد کے لیے ویسے تو بہت عمل ہیں مگر یہاں دو عمل آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ یہ عمل مجھے اپنے بزرگوں سے

ہیں۔ پہلے عمل کو کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ نماز عشاء کے بعد باوضو ہو کر اول و آخر درود ابراہیمی کے ساتھ گیارہ سو مرتبہ ''یَا لَطِیْفُ'' پڑھیں۔ عمل مکمل کرنے کے بعد اللہ کے حضور سجدہ ریز ہو کر اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے خلوص دل سے دعا مانگیں۔ اس عمل کا آغاز کرنے کے بعد ہر نماز کے بعد دس مرتبہ اس ذکر کا معمول بنائیں۔ ''اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا''، اس ذکر کے اول و آخر میں دس مرتبہ درود ابراہیمی لازمی پڑھیں۔ انشاء اللہ کامیابی حاصل ہوگی۔ دوسرا وظیفہ انتہائی مختصر ہے وہ یہ کہ سورۃ انعام روزانہ تلاوت کریں۔ تلاوت کے آخر میں ایک جگ میں پانی لے کر اس پر پھونک مار کر دم کر لیں، کچھ پانی پی لیں۔ جو باقی بچے اس کو زیادہ پانی میں ملا کر غسل کر لیں۔ جب تک شادی نہ ہو یہ عمل جاری رکھیں۔

## گھر سے نحوست کے خاتمے کا عمل

جو لوگ اپنے گھروں سے نحوست اور بے برکتی کا خاتمہ کرنا چاہتے ہوں ان کے لیے یہ عمل بہت مفید ہے۔ اول و آخر درود ابراہیمؑ گیارہ مرتبہ، درمیان میں 450 مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھیں۔ عمل کے لئے کوئی ایک وقت مقرر کر لیں تو زیادہ بہتر ہے۔ اس عمل کے ساتھ روزانہ رات کو سونے سے پہلے سورۃ واقعہ کی تلاوت کریں۔ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے تمام معاملات کو درست فرما دیں گے۔

## دائمی ولاعلاج امراض کے خاتمے کے لئے

دائمی ولاعلاج بیماریوں کے لیے مجھے اپنے بزرگوں سے ایک بہت بابرکت عمل ملا ہے۔ یہ عمل تھوڑا سا مشکل ضرور ہے۔ مگر ناممکن نہیں۔ ایسا مریض جس کو ڈاکٹروں نے غسل کرنے سے منع نہ کیا ہو وہ اس عمل کو کر سکتا ہے۔ اس عمل کو کرنے کے دوران ڈاکٹری علاج جاری رکھنے میں بھی کوئی حرج نہیں۔ یہ عمل گھر کا کوئی بھی فرد کسی بھی عزیز کے لیے کر سکتا ہے۔ عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد باوضو ہو کر پانی کا ایک جگ اپنے پاس رکھ کر پڑھائی کا آغاز کریں۔ وظائف پڑھتے جائیں اور پانی پر پھونکیں مار کر دم کرتے جائیں۔ درود پاک پڑھنے کے بعد عمل کے آغاز میں 313 مرتبہ اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا، پڑھیں۔ 313 مرتبہ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِیْرًا پڑھیں۔ ان وظائف سے دم کیا ہوا پانی مریض کو پلائیں۔ کسی بھی مرض کے لئے جب پانی دم کر کے پینے کے لیے کہا جاتا ہے تو سمجھ لیں کہ پانی تین گھونٹ پینا ہے جو پانی باقی بچ جائے اسے مزید پانی میں شامل کر کے مریض کو اس پانی سے روزانہ غسل دیں۔ مسلسل 40 دن اس عمل کو جاری رکھیں، ان شاء اللہ مریض

marfat.com

صحت یاب ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ اس عمل کا کمال یہ ہے کہ اگر اسے کسی مشکل کے حل کی نیت سے بھی کیا جائے تو اس میں کامیابی نصیب ہوگی۔ ملک بھر میں بے روزگاری کی وجہ سے ہر شخص پریشان ہے۔ اچھی ملازمت کے حصول کے لیے اللہ تعالیٰ نے اس عمل میں بہت طاقت رکھی ہے۔ ایک وقت مقرر کریں، باوضو ہو کر بیٹھیں اور سورہ بنی اسرائیل کی یہ آخری آیات وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا 313 مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر درود ابراہیمی علیہ السلام کے ساتھ جب تک مقصد پورا نہ ہو عمل جاری رکھیں۔

## طلبہ کے حافظے کی بہتری کیلئے

جو طالب علم پڑھائی میں کمزور ہیں، یا جن کو حافظہ کی کمزوری کی شکایت ہے ان کیلئے چند وظائف دیئے جا رہے ہیں جو طالب علم نماز باجماعت پابندی کے ساتھ ساتھ ان وظائف پر عمل کرے گا ان شاءاللہ زندگی میں کبھی اسے حافظے کی کمزوری کی شکایت نہیں ہوگی۔ اس عمل کی تاثیر میں سوگنا اضافہ کے لیے ایک معمولی سی شرط ہے۔ جو اس پر پورا اترنے میں کامیاب ہو گیا اس کے لیے نہ صرف حافظے کی کمزوری بلکہ ہر قسم کے وظائف میں کامیابی حاصل کرنا کچھ مشکل نہیں۔ وہ شرط صرف یہ ہے کہ وظائف کرنے والا زندگی بھر جھوٹ نہ بولنے کا عہد کرے اور پھر اس کو نبھائے بھی۔ یہ وظیفہ ہر نماز کے بعد کرنا ہے۔ نماز سے فارغ ہو کر اللہ کے حضور دعا مانگنے کے دوران تین مرتبہ اس دعا کو دہرائیں:

" یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ وَ یَا بَصِیْرُ اَبْصِرْنِیْ "، قرآن مجید حفظ کرنے والوں کیلئے یہ وظیفہ خاص طور پر بہت مفید ہے۔ دماغی کمزوری کیلئے پانچوں فرض نمازوں کے بعد دایاں ہاتھ سر پر رکھ کر گیارہ مرتبہ "یاقوی یاقوی"، پڑھیں۔ چالیس دن کے اندر اندر انشاءاللہ قوت حافظہ تیز ہو جائیگی۔

امتحان میں کامیابی کے لیے ہر نماز کے بعد اس عمل کو کرنے سے اللہ تعالیٰ مہربانی کریں گے مگر یاد رہے کہ صرف اس وظیفے پر انحصار کر کے پڑھائی ترک کرنے سے وظیفہ با اثر ثابت نہ ہوگا۔ امتحانات کی تیاری مکمل کریں اور ساتھ ساتھ اس وظیفہ کے ذریعے اللہ سے کامیابی کی درخواست کریں۔ عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر فرض نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ یاعلیم، یاحفیظ، یاقوی پڑھیں اس کے بعد تین مرتبہ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا پڑھیں۔ پھر تین مرتبہ سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ (البقرہ) اور سورہ طٰہٰ کی آیات رَبِّ اشْرَحْ لِیْ سے قَوْلِیْ تک پڑھنا ہے۔ طلبہ اگر اس عمل

marfat.com

کو معمول بنالیں تو اللہ کے فضل سے کسی بھی امتحان میں انہیں ناکامی کا منہ نہیں دیکھنا پڑے گا۔ جو افراد شعبہ صحافت سے وابستہ ہیں یا درس و تدریس کا کام کرتے ہیں یا کوئی بھی ایسا کام جس میں دماغی مشقت بہت زیادہ کرنا پڑتی ہو۔ وہ صبح و شام اس عمل کو کریں اللہ تعالیٰ انہیں ذہنی سکون عطا فرمائیں گے اور کام کو آسان بنا دیں گے۔ یہ عمل رات کو بستر پر لیٹنے کے بعد اور صبح اٹھنے کے بعد کرنا ہے۔ وظیفہ یہ ہے: آخری تینوں قل ایک ایک مرتبہ تسبیح فاطمہ یعنی سُبْحَانَ اللّٰہِ 33 مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ 33 مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ 34 مرتبہ۔ کلمہ چہارم ایک مرتبہ اور آیت الکرسی اگلی دو آیات سمیت معمول بنالیں۔ یہ وظیفہ بہت سے دوستوں نے آزمایا ہے۔

## دشمن سے تحفظ کے لئے:

آخر میں آپ کو دشمن سے تحفظ کے لیے ایک انتہائی قوی عمل بتائے دیتا ہوں جو ہر موقع پر آپ کے کام آسکتا ہے۔ جب کوئی دشمن جان یا ایمان سامنے آئے تو اس کے خطرناک اور ناپاک ارادوں سے حفاظت کے لیے اس عمل کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے غیبی مدد حاصل کریں: ہر نماز کے بعد اول و آخر درود ابراہیمی کے ساتھ، سورہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ سات مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیں۔ اگر کوئی دشمن سامنے آجائے تو یہ دعا "اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَ نَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ" پڑھ کر دور ہی سے ہلکے سے اشارے کے ساتھ پھونک مار دیا کریں۔ دشمن کے شر سے حفاظت کے لئے یہ بہت مجرب عمل ہے۔ دل میں دشمن کا تصور کر کے بھی پھونک ماری جاسکتی ہے۔

## کسی پیر کی حاضری کے دعوے میں کوئی حقیقت نہیں

ایک روحانی معالج کو عملی زندگی میں اکثر ایسے ناقابل یقین واقعات کا مشاہدہ ہوتا رہتا ہے، جن کا ہم حقیقی زندگی میں تصور بھی نہیں کر سکتے۔ روحانی امراض میں مبتلا مریضوں کے ساتھ پیش آنے والے عجیب و غریب واقعات کی فوری روک تھام اور ان کے مہلک اثرات سے بچنے کے لیے قرآنی وظائف بہت موثر ثابت ہوتے ہیں۔

روحانی معالج ہونے کے ناطے سید مزمل حسین شاہ نقشبندی صاحب کی زندگی میں بھی ایسے بے شمار واقعات پیش آئے۔ جب دوران علاج بعض غیر معمولی واقعات نے انہیں حیران و پریشان کر دیا۔ شاہ صاحب نے جنات کے زیر اثر ایک کم سن مریضہ کی روداد بیان کرتے ہوئے بتایا کہ ایک جاننے والے

marfat.com

میرے پاس آئے اور کہنے لگے کہ "میری اہلیہ کی چھوٹی بہن، جس کی عمر بمشکل 12 سال ہوگی اس پر جنات کے اثرات ہیں، آپ اس کا علاج کریں۔ یہ بات سن کر مجھے بہت حیرت ہوئی کہ 12 سال کی ایک معصوم بچی کو جنات بلاوجہ کیوں تنگ کرنے لگے؟ ان کے سسرال والوں کا گھر گلبرگ لاہور میں واقع تھا۔ میں ان کے ہمراہ وہاں گیا تو بچی کی والدہ نے بتایا کہ کچھ عرصہ سے ہمارے گھر میں غیر معمولی اور خوفناک قسم کے واقعات کا سلسلہ شروع ہوا ہے۔ جس سے ہم بہت پریشان ہیں۔ باورچی خانے میں رکھے ہوئے برتن خود بخود آپس میں ٹکرانا شروع ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات اوپر والی منزل سے اچانک کوئی برتن اڑتا ہوا نیچے دھڑام سے گر پڑتا ہے حالانکہ چھت پر گھر کا کوئی فرد موجود نہیں ہوتا۔ گھر کی دیواروں پر، بیڈ پر اور بچی کے اوپر تازہ خون کے چھینٹے گرتے ہیں۔ کبھی کبھی یوں بھی ہوتا ہے کہ جب میری بیٹی پانی پینے کے لیے گلاس منہ کے قریب لے کر جاتی ہے تو گلاس میں اوپر سے تازہ خون کے قطرے گرنا شروع ہو جاتے ہیں۔ بچی کے منہ میں ہر وقت درد رہتا ہے وغیرہ۔"

انہوں نے مجھے گھر کی دیواریں بھی دکھائیں ان پر جگہ جگہ خون کے دھبوں کے نشان پڑے ہوئے تھے۔

جنات کے اثر سے پیدا شدہ خوف و ہراس کی وجہ سے بچی کی حالت قابل رحم تھی اور دیکھی نہیں جاتی تھی۔

میرے ابتدائی اندازے کے مطابق جنات کو صرف شرارت کیلئے بھیجا گیا تھا۔ انہیں مستقل طور پر بچی پر مسلط نہیں کیا گیا تھا۔ اس بنا پر میں نے انہیں صرف پانی دم کر کے دیا اور ساتھ ہی کچھ قرآنی آیات کا ورد کرنے کی تلقین کی اور واپس چلا آیا، مجھے امید تھی کہ جنات دوبارہ شرارت نہیں کریں گے۔ میں نے گھر کا حصار اور سری والا عمل اس لیے نہ کیا کہ اگر جنات نے دوبارہ کوئی شرارت کی تو انہیں قابو کر کے ہمیشہ کے لیے ان کا خاتمہ کر دوں گا۔

مگر دو دن بعد مجھے دوبارہ فون آ گیا کہ آپ جلدی آئیں جنات نے دوبارہ شرارتیں شروع کر دی ہیں۔ جب میں ان کے گھر پہنچا تو تازہ گرا ہوا خون فرش پر موجود تھا۔ میرے دیکھتے ہی دیکھتے بچی پر بھی خون کے چھینٹے پڑنا شروع ہو گئے۔ میری موجودگی میں جنات کی طرف سے کسی مریض کو تنگ کرنے کا یہ پہلا واقعہ تھا۔ خیر میں نے جلدی سے گھر کا حصار کیا تا کہ جنات کو بھاگنے کا موقع نہ ملے۔ پھر میں نے بچی کو

marfat.com

سامنے بٹھا کر پڑھائی شروع کی تو جنات حاضر ہو گئے۔ میرے پوچھنے پر انہوں نے بتایا کہ ہم جلوموڑ کے ایک عیسائی عامل کے کہنے پر آئے ہیں، ہم کسی سے نہیں ڈرتے کیونکہ ہم خود بھی عامل ہیں۔ میں نے انہیں سمجھانے کی کوشش کی کہ اس معصوم بچی کی جان چھوڑ دیں، مگر وہ کہنے لگے کہ ہم واپس جانے کے لیے نہیں آئے بلکہ ہمیں ذمہ داری سونپی گئی ہے کہ اس بچی کو موت کی وادیوں میں پہنچا کر دم لیں۔ ہم اپنا کام مکمل کر کے جائیں گے۔

دوران گفتگو جنات نے بتایا کہ بچی کی جس عزیزہ نے جادو کا عمل کرایا ہے، اس نے اسی گھر میں کچھ چیزیں رکھی ہوئی ہیں۔ جب تک وہ چیزیں اس گھر میں رہیں گی، ہم یہاں آنے پر مجبور ہوں گے۔ میرے استاد محترم نے تاکید کی تھی کہ جنات کو فوراً کبھی نہ جلائیں۔ انہیں گفت وشنید کے ذریعے قائل کرنے کی کوشش کریں۔ کافی دیر بحث ومباحثہ کے بعد جب وہ کسی طرح بھی جانے پر آمادہ نہ ہوئے تو میں نے مجبوراً انہیں جلانے کا فیصلہ کر لیا۔ میں نے جنات کو جلانے کے لیے جب دم کیا ہوا پانی بچی پر پھینکا تو چند منٹ پہلے تک عامل ہونے کا دعویٰ کرنے والے جنات نے چیخنا چلانا شروع کر دیا کہ ہمیں معاف کر دیں، ہم چلے جائیں گے۔ میں نے ان پر واضح کر دیا کہ میرے استاد محترم کا حکم ہے کہ جب وار کر دیں تو پھر معافی کی گنجائش ختم ہو جاتی ہے۔ پھر موت ہی مقدر ہے۔

معافی کی گنجائش وار کرنے سے پہلے تک ہے۔ میں دم کیا ہوا پانی بچی کے جسم پر ڈالتا رہا اور جنات وہیں جل کر راکھ ہو گئے۔ اس کام سے فارغ ہو کر میں نے اہل خانہ کو گھر سے وہ اشیاء تلاش کرنے کے لیے کہا جن پر شیطانی علوم کی پڑھائی کر کے انہیں گھر کے اندر چھپایا گیا تھا۔ بہت جدوجہد کے بعد گھر کی ایک بند الماری سے ایک جانور کی بوسیدہ کھوپڑی نکلی۔ اس کے اندر ایک تعویذ رکھا ہوا تھا۔ اس پر بچی کا نام لکھ کر اس سے مشابہ ایک بت بنا کر اس کے معدے، دل، جگر اور خصوصاً منہ میں لوہے کی باریک سوئیاں پیوست کی گئی تھیں جو زنگ آلود ہو کر گلنے کے قریب پہنچ چکی تھیں۔

یہ سامان ملنے کے بعد میں نے اس پر جادو کے توڑ کی پڑھائی کی اور گھر والوں سے کہا کہ ان چیزوں کو کسی قبرستان، نہر یا غیر آباد جگہ پر پھینک دیں۔ اب اللہ کے فضل سے بچی بالکل تندرست ہو گئی ہے۔

## جنات اور جادو کے اثرات سے مستقل بچاؤ کا عمل

میں قارئین سے درخواست کروں گا کہ وہ جنات کی شرارتوں اور جادو کے اثرات سے بچنے کے لیے

marfat.com

باوضو ہو کر سونے سے پہلے گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور گیارہ گیارہ مرتبہ چاروں قل پڑھ کر سویا کریں۔ انشاءاللہ جنات اور شیاطین سے حفاظت رہے گی۔

س: دم کیے ہوئے پانی میں جنات کو جلانے کی طاقت پیدا کرنے کے لیے آپ کو کیا کرنا پڑتا ہے؟

ج: یہ خاص پانی ہے۔ میں نے چند قرآنی آیات کو 23 ہزار مرتبہ پڑھ کر اس پانی پر دم کیا ہے۔ اللہ کے فضل سے اس پانی میں اتنی قوت ہے کہ اگر مریض میں واقعی جن موجود ہو تو اس کو پلانے سے یا اس کے جسم پر چھینٹے لگانے سے جنات جل کر بھسم ہو جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ میں نے اللہ تعالیٰ کی توفیق سے سورۃ کوثر کا ایک ایسا عمل کیا ہوا ہے کہ جس شخص کو سورۃ کوثر کے عمل کا دم کیا ہوا پانی پلا دوں' زندگی میں کبھی جنات اس کے جسم کے اندر داخل نہیں ہو سکتے۔

س: یہ انٹرویو پڑھ کر اگر کوئی شخص آپ سے روحانی طریقہ علاج سیکھنے کی خواہش کرے تو کیا آپ اس کی رہنمائی کریں گے؟

ج: سب سے پہلی بات یہ ہے کہ جو شخص عامل بننا چاہتا ہے' اس کے ارادوں کا علم ہونا بہت ضروری ہے کہ روحانی عملیات سیکھنے والا خدمت خلق کے جذبہ سے کچھ حاصل کرنے کا خواہش مند ہے یا کاروباری سلسلہ شروع کرنا چاہتا ہے۔ حالانکہ خدمت خلق صرف وہی لوگ کر سکتے ہیں، جنہیں خوف خدا ہو یا جن کے ساتھ کوئی حادثہ پیش آ چکا ہو۔ اور وہ چاہتے ہوں کہ اب اس کام میں مہارت حاصل کر کے دوسروں کے کام آئیں۔ مثلاً میرے ایک دوست کے بیٹے پر جادو کے پرانے اثرات تھے۔ انہوں نے بہت سے عاملوں سے علاج کرایا مگر انہیں افاقہ نہ ہوا۔ الحمدللہ میں نے سری والا عمل کیا تو اللہ تعالیٰ نے انہیں شفا دے دی۔ ان کا دوسرا بیٹا کہنے لگا کہ اگر آپ اجازت دیں تو میں بھی عملیات سیکھ لوں۔ میں نے اسے کہا کہ یہ بہت صبر اور حوصلے والا کام ہے۔ آپ کو عملیات کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ وہ کہنے لگا ہم اپنے بھائی کے علاج کے سلسلہ میں بہت خوار ہوئے ہیں۔ بڑے بڑے نامی گرامی عاملوں کے پاس گئے' مگر کچھ حاصل نہ ہوا۔ اب میں چاہتا ہوں کہ اگر میرے پاس بھی کوئی صحیح عمل ہو تو میں فی سبیل اللہ لوگوں کو فائدہ پہنچاؤں۔ میں نے عمل سکھانے کی ہامی بھر لی۔ اب اس کی مرضی ہے' جب چاہے' جو چاہے' سیکھ لے۔ حقیقت یہ ہے کہ مجھے رہنمائی کرنے میں کوئی عار نہیں مگر میرے پاس عملیات سیکھنے کے لیے آنے والے شوقین حضرات بہت جوش و خروش

marfat.com

سے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہیں کہ ہم کتنی جلدی عامل بن جائیں گے۔ شوق تو ہوتا ہے مگر محنت کرنے کے لیے کوئی بھی تیار نہیں ہوتا۔ سب یہی چاہتے ہیں کہ پکی پکائی مل جائے۔ اگر ارادہ مضبوط ہو تو عامل بننا کوئی مشکل نہیں ہے۔

س: آپ نے باقاعدہ کتنے شاگرد بنائے ہیں؟

ج: پینسٹھ ساتھی اس وقت عملیات سیکھ رہے ہیں۔ میں سب سے دفاعی عمل کراتا ہوں تاکہ کسی کا علاج کرتے ہوئے نقصان پہنچنے کی صورت میں بندہ کم سے کم اپنی حفاظت تو کر سکے۔ ان شاء اللہ جلد ہی وہ اپنے عمل مکمل کر لیں گے۔

میرے پاس جو لوگ عملیات سیکھ رہے ہیں' ان کا ارادہ اس سے پیسہ بنانے کا نہیں، یہ سب لوگ کھاتے پیتے گھرانوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ صرف اور صرف مخلوق خدا کی خدمت کے جذبہ سے عملیات سیکھ رہے ہیں۔

س: کچھ لوگ یہ دعویٰ کرتے ہیں ہم پر جنات یا فلاں پیر کی حاضری ہوتی ہے۔ حاضری کے وقت ان کی آواز تبدیل ہو جاتی ہے یا غشی کا دورہ پڑ جاتا ہے۔ اس کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں؟

ج: میرا خیال ہے اس میں کوئی حقیقت نہیں۔ اب تو گھر گھر حاضری شروع ہو گئی ہے۔ اللہ ہی ان لوگوں کو ہدایت دے، میں تو بس یہی کہہ سکتا ہوں۔

بعض لوگوں کے پاس یہ عمل ہے اور بعض ڈھونگ رچاتے ہیں۔ یہ حاضری چھوٹے بچے کے انگوٹھے پر سیاہی لگا کر کی جاتی ہے۔ اس عمل میں دیکھنے والے کو نظر آتا ہے کہ دربار لگا ہوا ہے۔ ایک جھاڑو دینے والا آتا ہے۔ بچے کو انسانی شکل میں جنات نظر آتے ہیں۔ اگر انہیں حکم دیا جائے تو وہ دوسرے جنات کو جلانے کا عمل بھی دکھا دیتے ہیں۔ غرض اس طرح کے بے شمار مظاہرے ہیں جو دیکھنے والے کو نظر آتے ہیں۔ یہ عمل بہت آسان ہے۔ میں نے یہ عمل شروع شروع میں سیکھا تھا۔ مگر اس کو صرف ایک مرتبہ کیا ہے' دوبارہ کبھی اس کی ضرورت پیش نہیں آئی۔

س: یہ عمل کرنے کے باوجود آپ نے اس کو کیوں نہ اپنایا؟

ج: بس میرا دل اس عمل سے مطمئن نہیں ہوا۔ اس عمل میں پڑھائی تو شرکیہ نہیں، لیکن جو جنات انگوٹھے پر حاضر ہوتے ہیں اور جو کچھ وہ بتاتے ہیں' وہ سب جھوٹ ہوتا ہے۔ اس سے بہت سی غلط فہمیاں پیدا

marfat.com

ہو جاتی ہیں۔ مریض کو آرام آنے کے بجائے گھر میں فساد شروع ہو جاتا ہے۔ اس عمل کو عامل حضرات صرف مریض کو مطمئن کرنے کے لیے کرتے ہیں۔

س: کیا کوئی ایسا عمل بھی ہے کہ کسی دوسرے کی حاضری کو روکا جا سکے؟

ج: یہ کام مشکل نہیں، مگر میں نے کبھی اس قسم کا تجربہ نہیں کیا۔

## سخت تر جادو بھی قرآن کے سامنے ٹھہر نہیں سکتا

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ جادو کا توڑ روحانی عملیات کے ذریعے ممکن نہیں۔ اس بنا پر بہت سے لوگ جادو ٹونے کے توڑ کے لیے جادوگروں کی خدمات حاصل کرتے ہیں۔ تجربات بتاتے ہیں کہ جادوگروں سے رابطہ کرنے والوں کے مسائل حل ہونے کے بجائے مزید گمبھیر ہو جاتے ہیں۔ اس لیے کسی بھی مسلمان کو کسی بھی حالت میں اپنے کسی روحانی مسئلہ کے لیے غیر اسلامی علوم کے ذریعے علاج کرنے والوں سے رابطہ نہیں کرنا چاہیے۔

ہم سب یہ جانتے ہیں کہ قرآن مجید میں انسانیت کے لیے ہدایت، رہنمائی اور شفاء موجود ہے۔ جادو چاہے کتنا بھی سخت کیوں نہ ہو، قرآن کے سامنے ٹھہر نہیں سکتا۔ شرط صرف اتنی ہے کہ ہم وظائف کرتے وقت نفع ونقصان کے معاملہ میں اللہ تعالیٰ کی ذات پر مکمل بھروسہ کریں۔ دل میں غیر یقینی کیفیت میں وظائف نہ کریں۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہ ہوں۔ جو وظائف خشوع وخضوع اور خلوص کے ساتھ کیے جاتے ہیں، ان کے مثبت اثرات ضرور نکلتے ہیں۔ آمدہ سطور میں عامل باعمل سید مزمل حسین شاہ نقشبندی نے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے اور روحانی مسائل کے حل کے لیے بہت سے مجرب وظائف بتائے ہیں۔ یہ وظائف انہیں عملیات کی دنیا میں سالہا سال کی محنت کے نتیجہ میں حاصل ہوئے۔ ان وظائف کی اہمیت کا اندازہ صرف وہی کر سکتا ہے۔ جس کو انہیں آزمانے کا موقع ملا ہو۔ سید مزمل حسین شاہ نے تسخیر اور رزق میں برکت کے لیے ایک انتہائی مجرب وظیفہ سے متعلق اپنے تجربات بیان کرتے ہوئے کہا کہ اس وظیفہ کا آغاز 1996 میں کیا تھا اس میں اللہ تعالیٰ نے بہت برکت رکھی ہے۔ خاص طور پر وہ لوگ جن کو یہ شکوہ ہے کہ سارا دن دکان پر بیٹھنے کے باوجود کوئی گاہک نہیں آتا، کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گیا ہے، رزق روز بروز تنگ ہوتا جا رہا ہے، ان کے لیے یہ وظیفہ بہت مفید ہے۔ اس کے علاوہ جن لوگوں کا خیال ہے کہ حاسدین بلاوجہ ان کی مخالفت کرتے ہیں، ہر شخص انہیں نقصان پہنچانے پر تلا ہوا ہے۔ ایسے حالات میں حاسدین کے حسد اور بلاوجہ مخالفت کے خاتمہ کیلئے یہ وظیفہ بہت موثر ثابت ہو سکتا ہے۔

marfat.com

وظیفہ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد باوضو حالت میں وتر پڑھنے سے پہلے اس عمل کو مکمل کرنا ہے۔ یعنی وظیفہ مکمل کرنے کے بعد وتر ادا کرنے ہیں۔ وظیفہ کرتے وقت کسی سے گفتگو نہیں کرنی اور نہ ہی اپنی جگہ سے اٹھنا ہے۔ یہ اکتالیس روز بلا ناغہ کرنا ہے۔ خواتین کے لیے تمام وظائف میں ناغہ کی گنجائش موجود ہے۔ مخصوص دنوں کے وقفہ کے بعد وہ جہاں سے وظیفہ چھوڑا تھا، وہیں سے شروع کر سکتی ہیں۔

وظیفہ یہ ہے اول و آخر 100,100 مرتبہ درود پاک پھر 300 مرتبہ وظیفہ پڑھنا ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۚ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَ نَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُنْجِى الْمُؤْمِنِيْنَ (سورہ الانبیاء)

جن لوگوں کو بھی یہ وظیفہ پڑھنے کے لیے دیا' اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اس کے 100 فیصد بہتر نتائج نکلے ہیں۔ اس وظیفہ سے ویسے تو بہت لوگوں نے استفادہ کیا لیکن میں آپ کو صرف ایک شخص کا واقعہ بتاتا ہوں۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ایک شخص کی مٹھائی کی دکان تھی جو تمام تر کوششوں کے باوجود گھاٹے میں جا رہی تھی۔ میرے کہنے پر اس نے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر کے خشوع خضوع کے ساتھ اس وظیفہ کو پڑھنا شروع کر دیا۔ دوران وظیفہ ہی اللہ تعالیٰ کے فضل سے کاروباری حالات بہتر ہونا شروع ہو گئے۔ اب الحمدللہ اس پر اللہ تعالیٰ کا بہت فضل و کرم ہے۔ میں یہاں ایک ضروری بات عرض کرنا چاہوں گا۔ کسی بھی وظیفہ کے اگر فوری نتائج نہ نکلیں تو مایوس ہونے کے بجائے کوشش جاری رکھیں۔ اللہ تعالیٰ بہت غفور و رحیم ہے۔ اس سے ہر وقت مانگتے رہنا چاہیے۔ کبھی رزق کو وظائف سے منسلک نہ کریں۔ اللہ تعالیٰ نے جتنا رزق مقرر کیا ہے' وہ مل کر رہنا ہے۔ وظائف تو صرف اسباب کا درجہ رکھتے ہیں۔ یہ ایک طرح دعا کی قبولیت اور اللہ تعالیٰ کی رحمت کے حصول کے لیے کوشش ہے۔

سید مزمل حسین شاہ نے کہا یہ عمل روحانی عامل اپنے دفاع کے لیے کرتے ہیں، اس کو میری طرف سے اور اب تک میں نے جتنے بھی روحانی وظائف بتائے ہیں' ان کو کرنے کی سب کو اجازت ہے۔ شاہ صاحب نے کہا کہ جادو سے دفاع کے لیے اس عمل میں اللہ تعالیٰ نے بہت طاقت رکھی ہے۔ تجربہ کار روحانی عامل باقاعدہ علاج شروع کرنے سے پہلے اس دفاعی عمل کو لازمی کرتے ہیں۔ اس عمل کو کرنے سے جنات اور جادو کا اثر نہیں ہوگا۔ انشاءاللہ۔ جب سے میں نے روحانی عملیات کی دنیا میں قدم رکھا ہے۔ میں باقاعدگی سے

marfat.com

روزانہ اس عمل کو کرتا ہوں۔ اس کے علاوہ میرے پاس جادو کے علاج کے لیے مریض آتے جاتے ہیں۔
میں انہیں بھی یہ عمل کرنے کی تاکید کرتا ہوں۔

## دعائے وظیفہ:

یہ عمل فجر کی نماز کے بعد کرنا ہے۔ کوشش کریں کہ فجر کی نماز قضاء نہ ہونے پائے۔ اگر کسی وجہ سے نما
قضاء ہو جائے تو جونہی آنکھ کھلے تو نماز ادا کرنے کے بعد اس وظیفہ کو کر لیں۔ وظیفہ کرنے کا طریقہ یہ ہے
فجر کی نماز کے بعد معمول کی تسبیحات اور دعا کے بعد اسی جگہ پر بیٹھے رہیں۔ کسی سے گفتگو نہیں کرنی۔ یکسو
کے ساتھ وظیفہ کا آغاز کر دیں۔ اول آخر درود شریف ابراہیمی علیہ السلام پڑھیں

"بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُ
السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ" وظیفہ 30 مرتبہ پڑھیں، اکیس دن تک یہ عمل کرنا ہے۔ جب عمل مکمل ہو جائے
اس عمل کو برقرار رکھنے کے لیے اس دعائے وظیفہ کو درود پاک کے ہمراہ تین تین مرتبہ صبح و شام دوہرا
معمول بنا لیں۔ یہ ایک مختصر مگر انتہائی لاجواب عمل ہے۔

## صلوٰۃ الحاجت:

شاہ صاحب کہنے لگے کہ ایک بہت سادہ اور مجرب عمل ایسا بھی ہے کہ جسے لوگ اہمیت نہیں د
اگر انہیں معلوم ہو جائے کہ اس مختصر عمل کے اتنے فوائد ہیں تو ہر شخص سارا دن بار بار یہی عمل کرتا رہے۔
دو نفل نماز حاجت ہے۔ اس کے پڑھنے کے لیے وقت کی کوئی قید نہیں۔ صرف مکروہ اور زوال کے او
میں نہ پڑھنی چاہیے۔ جس طرح عام نفل پڑھے جاتے ہیں۔ اس کو بھی اسی طرح پڑھنا ہے۔ صرف نف
کرنے سے پہلے نماز حاجت کی نیت کرنا ہوتی ہے۔ نماز حاجت کو ہر کام کرنے سے پہلے اور ہر دعا کو م
بنانے کے لیے پڑھنا بہت مفید ہے۔

فرض کریں آپ کوئی کاروبار کرنا چاہتے ہیں، زمین خریدنا چاہتے ہیں، کسی ادھورے کام کو مکمل
چاہتے ہیں، تو ایسے موقعوں پر نماز حاجت کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ یا اللہ! ہمارے لیے ا
کو نافع اور آسان بنا دے۔ بہتر یہ ہے کہ نماز حاجت کے بعد یہ الفاظ ادا کیے جائیں۔ خواتین گھر
پڑھ سکتی ہیں۔

شاہ صاحب نے کہا کہ بیشتر افراد کا عدالت، تھانہ، کچہری سے واسطہ پڑتا ہے۔ ایسے موقعوں

marfat.com

لڑائی جھگڑا ہو جائے اور آپ صلح کرنے کے خواہش مند ہوں تو اس عمل کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے مدد حاصل کرنی چاہیے کہ یا اللہ! اپنی رحمت سے ہماری مشکلات حل فرما دے۔ یہ گیارہ یا اکیس دن کا عمل ہے۔ اول و آخر درود ابراہیمی 11،11 مرتبہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ حَاجَتِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ 500 مرتبہ پڑھیں۔ جب تک مسئلہ حل نہ ہو پڑھتے رہیں۔ اگر آپ نے کسی شخص سے رقم لینی ہے تو وہ آپ کی رقم واپس کرنے پر تیار نہیں، تو اللہ پر بھروسہ کر کے اس وظیفہ کو کرنے سے رقم واپس ملنے کی امید پیدا ہو جائے گی۔ اول و آخر درود ابراہیمی 11،11 مرتبہ پڑھیں۔

"یَا رَحْمٰنُ اَغِثْنِیْ اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا اس دعائے وظیفہ کو 360 مرتبہ پڑھنا ہے۔

اس وظیفہ کو پڑھتے وقت لفظ اللہ کو بلند آواز اور لمبا کر کے پڑھنا ہے۔ (اللہ کے پہلے لفظ کو) اس وظیفہ کو کرنے کے لیے وقت کی کوئی قید نہیں۔ باوضو ہو کر جب وظیفہ کرنے کیلئے بیٹھ جائیں تو پھر وظیفہ مکمل کر کے ہی اٹھیں۔ یہ وظیفہ شوہر کا دل نرم کرنے اور بہتر رزق کے حصول کے لیے بھی کیا جا سکتا ہے۔

روٹھے دوست کو منانے اور میاں بیوی کی آپس میں صلح کے لیے حب کا ایک عمل جو میں نے خود بھی کیا ہوا ہے' آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ کسی بھی عمل کو کرتے وقت جب یہ عقیدہ ہو کہ محنت کرنا ہماری ذمہ داری ہے اور کام کو مکمل کرنے کا اختیار اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ تو اس نیت سے کیا گیا کوئی بھی عمل رائیگاں نہ جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کو نفع و نقصان کا مالک سمجھنے کا عقیدہ جتنا مضبوط ہو گا۔ عمل اتنا ہی طاقتور ہو گا۔ یہ ایک بہت مختصر عمل ہے۔ اس کو کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس کو منانا ہو اس کا دل میں تصور کر کے سات مرتبہ سورہ العصر پڑھ کر تصور میں ہی اس کے دل پر پھونک ماریں۔ یہ عمل 21 دن تک مسلسل کریں۔ انشاء اللہ، اللہ کے فضل و کرم سے تمام معاملات درست ہو جائیں گے۔ ایک خاتون کا شوہر بیرون ملک ملازمت کرتا تھا، کسی غلط فہمی کی وجہ سے وہ اس سے ناراض ہو گیا۔ کبھی خرچہ بھیجتا کبھی نہ بھیجتا۔ اس کے چھوٹے چھوٹے بچے تھے۔ وہ بہت پریشان تھی۔ میں نے اسے یہ عمل کرنے کے لیے کہا۔ عمل شروع کرنے کے چند دن بعد ہی اس کے شوہر کا فون آ گیا۔ اس نے فون پر ندامت کا اظہار کیا اور جلد واپس پاکستان آ کر ملنے کا وعدہ کیا۔ اس خاتون نے عمل جاری رکھا۔ ایک ماہ کے اندر اندر وہ شخص پاکستان لوٹ آیا اور اللہ کے فضل سے ناراضگی خود بخود ختم ہو گئی۔

marfat.com

## مرگی کے علاج کے لئے روحانی عملیات

سید مزمل حسین شاہ نے روحانی امراض سے مشابہ ایک جسمانی بیماری ''مرگی'' کی علامات اور علا
سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ ''مرگی ایک ایسا مرض ہے جسے عام طور پر لا علاج تص
کیا جاتا ہے۔ ڈاکٹری تشخیص کے مطابق مرگی دماغی تشنج کا مرض ہے۔ مرگی کے مریض کو جب اچانک دو
پڑتا ہے تو وہ بے ہوش ہو جاتا ہے۔ اسے کچھ خبر نہیں رہتی کہ وہ کہاں اور کس حالت میں گرا پڑا ہے۔ میر
تجربات و مشاہدات کے مطابق مرگی کا مرض لاحق ہونے کی دو صورتیں ہوتی ہیں۔ ایک جسمانی بیماری
دماغی خلیوں میں ایک خاص قسم کے خلل سے پیدا ہوتی ہے اور دوسرا روحانی بیماری (مرگی) جو جنات
شیاطین کے انسانی دماغ پر اثر انداز ہونے کی صورت میں لاحق ہوتی ہے۔

دونوں امراض کی اقسام سے پیدا ہونے والی علامات میں معمولی نوعیت کا فرق ہے۔ تجربہ کار معا
مریض کی علامات کو دیکھتے ہی اندازہ لگا لیتا ہے کہ مرض کی کون سی قسم لاحق ہے۔ مرگی کے علاج کے
میں آپ کو چند روحانی وظائف بتاتا ہوں، جو بہت مجرب اور آسان ہیں۔ مرگی کی دونوں اقسام کا عل
کرنے کے لیے ان وظائف سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ مرگی کا جو مریض دورہ پڑنے کے بعد بے ہ
حالت میں پڑا ہو اس کے دائیں کان میں ایک مرتبہ پوری اذان اور بائیں کان میں سات مرتبہ پو
اقامت کہیں۔ ان شاء اللہ مریض کو فوری افاقہ ہو گا اور دورہ کی کیفیت ختم ہو جائے گی۔ اس کے ع
مرگی کے مریض کے کان میں سورۃ الشمس (پارہ ۔30) پڑھنا بھی مفید ہے۔ مرگی میں مبتلا کسی
مریض کو اگر اوپر دیئے گئے وظائف سے فوری افاقہ نہ ہو تو مریض کا ان وظائف کے ذریعے با قا
علاج شروع کر دیں۔ مریض کو ان وظائف کی برکت سے بہت جلد مرض سے نجات مل جائے گی۔
تحریم پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ یہ عمل روزانہ باقاعدگی سے اس وقت تک جاری رکھیں
تک مرض ختم نہیں ہو جاتا۔ وظیفہ جاری رکھیں ان شاء اللہ مرض ختم ہو جائے گا۔ جو شخص سورۃ سجدہ لک
اپنے پاس رکھے گا۔ اسے انشاء اللہ مرگی کا دورہ نہیں پڑے گا۔ اسکے علاوہ سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی اور
جن کی ابتدائی پانچ آیات پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ مریض یہ عمل خود بھی کر سکتا ہے۔ ا
کیے ہوئے پانی سے منہ کو تین مرتبہ دھویا جائے۔ اللہ کے فضل سے مرگی کا دورہ نہیں پڑے گا۔

قارئین سرسام کے مرض کے بارے میں ضرور جانتے ہوں گے۔ یہ ایک ایسا نامراد مرض ہے

marfat.com

میں مبتلا مریض سر درد کی وجہ سے بلبلا اٹھتا ہے۔ یہ مرض اب بہت عام ہو گیا ہے۔ دراصل سرسام ایک ورم ہے جو دماغ کی دو حساس جھلیوں میں سے کسی ایک میں یا دونوں میں کسی بھی وقت نمودار ہو سکتا ہے۔ عام طور پر اس ورم کے مزاج کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ گرم یا سرد زیادہ تر سرسام کا مرض گرمی کے موسم میں وقوع پذیر ہوتا ہے۔ سرسام کے مریض کا روحانی طریقہ علاج یہ ہے کہ مریض کے سر پر یہ آیت لکھ کر باندھیں۔ قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ○ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا اور یہی آیت بارش کے پانی پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کیا ہوا پانی پلانے سے مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ انشاء اللہ۔ شاہ صاحب نے کہا کہ بے خوابی بھی ایک ایسا مرض ہے جس کا علاج روحانی وظائف کے ذریعے ممکن ہے۔ جو لوگ مختلف پریشانیوں کی وجہ سے نیند پوری نہیں کر سکتے یا انہیں نیند پوری آتی ہی نہیں۔ اور وہ نیند پوری کرنے کے لئے خواب آور گولیاں یا انجکشن استعمال کرنے پر مجبور ہیں ان کے لئے یہ وظیفہ کسی تحفے سے کم نہیں۔

اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ نَآئِمُوْنَ

اَوَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ○

سونے سے پہلے یہ آیت سات مرتبہ پڑھ لی جائے تو بہت پرسکون نیند نصیب ہو گی۔

"یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ"، کا بکثرت پڑھنا بھی بے خوابی کو دور کرنے کیلئے بہت مفید ہے۔ اس کے علاوہ یہ آیت اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِىِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا گیارہ مرتبہ پڑھنے سے خوب نیند آئے گی۔ بہتر طریقہ یہ ہے کہ سونے سے پہلے وضو کر لیا جائے اس کے بعد بستر پر لیٹ کر کوئی بھی وظیفہ کرنے سے بے خوابی کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ بے خوابی کو دور کرنے کے لیے بزرگوں نے ایک اور وظیفہ بھی بتایا ہے جس کا طریقہ ہے کہ آیت کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ چالیس مرتبہ گن کر پڑھیں۔ انشاء اللہ پڑھتے پڑھتے ہی نیند آ جائے گی۔ بہت سے دوستوں کو میں نے یہ وظیفہ کرنے کے لیے دیا۔ اس کے حیرت انگیز نتائج سامنے آئے۔ جو لوگ خواب آور گولیوں کے استعمال کے بغیر نیند کا تصور نہیں کر سکتے تھے، اس روحانی وظیفہ کی بدولت ان کی خواب آور گولیاں چھوٹ گئیں۔ اب اللہ کے فضل سے وہ طبعی نیند کے مزے اڑاتے ہیں۔ آج کل ہر شخص کے لیے کشادہ رزق کا حصول بہت بڑا مسئلہ بنا ہوا ہے۔ جو شخص فجر و مغرب کی نماز ادا کرنے کے بعد یہ دعا پڑھنے کو اپنا معمول

marfat.com

بنالے گا اللہ تعالیٰ اسے اپنے فضل وکرم سے رزق حلال بافراغت عنایت فرمائیں گے۔ دعا یہ ہے:

"اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَنْ مَّنْ سِوَاكَ"

اگر کاروباری حالات درست ہوں اور رزق میں مزید اضافہ وبرکت مقصود ہو تو یہ دعا بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ

ایک مرتبہ یہ دعا پڑھنے کے بعد سو مرتبہ "یَالَطِیْفُ" کی تسبیح کرنی ہے۔ ہر نماز کے بعد اس وظ
معمول بنانے والا شخص اللہ کے فضل سے کبھی خسارے میں نہ رہے گا۔ سید مزمل حسین نے کہا کہ "ا
ایک ایسا مسنون عمل ہے جس کے ذریعے ہم کسی بھی کام کو شروع کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کی مشا
حاصل کرتے ہیں لیکن پیشہ ور عاملوں نے اس عمل کے بارے میں بھی لوگوں کو شکوک وشبہات میں مبتل
ہے۔ انہیں کسی بھی صورت میں استخارہ کے لئے عامل حضرات سے رابطہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ بہ
پیشہ ور عاملوں نے استخارہ کے نام پر فراڈ شروع کر رکھا ہے۔ انہوں نے کوائف کے اندراج کے لیے
فارم بنوائے ہوئے ہیں۔ وہ لوگوں سے بھاری رقوم بٹور کر انہیں الٹی سیدھی غلط معلومات مہیا کرتے ہ
بھی کسی شخص کو اولاد کے رشتوں، نئے کاروبار کے آغاز، شراکت داری، سفر (حج اور عمرے کے علاو
دنیاوی معاملات میں رہنمائی درکار ہو تو اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ مسنون طریقہ کے مطابق خ
کا عمل کرے۔ یہ بہت آسان عمل ہے اور دعاؤں کی تمام چھوٹی بڑی کتابوں سے اس کا طریقہ معلوم
ہے۔ استخارہ کی اہمیت کے حوالہ سے شاہ صاحب نے ایک واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ می
دوست کی والدہ تشریف لائیں اور کہا کہ میرا بیٹا گوجرانوالہ کے ایک ایجنٹ کو ویزا لگوانے کے لی
چاہتا ہے۔ انہوں نے ایجنٹ کی بہت سی ظاہری خوبیاں اور صفات گنوائیں اور مجھ سے مشورہ ط
ہمیں کیا کرنا چاہیے۔ کیونکہ اگر ہم اس ایجنٹ کو رقم ادا کرتے ہیں تو ہمارے پاس اس اعتماد یا اقد
مزید چھ افراد اس گروپ میں شامل ہو کر اس ایجنٹ کو رقم دینے کے لیے تیار ہیں۔ اگر ہم رقم اد
بھی اپنا ارادہ ملتوی کر دیں گے۔ اس نازک موقع پر میری سمجھ میں کچھ نہیں آ رہا تھا کہ کیا فیصلہ کی
نے انہیں تجویز دی کہ وہ استخارہ کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے مشاورت حاصل کرنے کی کوشش کر
اصرار پر میں نے ان کے لیے استخارہ کا عمل کیا۔ میرے استخارہ کرنے پر جواب ناں کی صورت
نے انہیں بتا دیا کہ غیب کا علم تو صرف اللہ کے پاس ہے۔ لیکن استخارہ میں چونکہ جواب

marfat.com

میں آیا ہے۔اس لیے بہتر یہ ہے کہ آپ اس ایجنٹ کو رقم ادا نہ کریں۔انہوں نے میرے مشورہ پر عمل کیا۔چند روز گزرے کہ میرے دوست کی والدہ مٹھائی کا ڈبہ لے کر آئیں اور کہنے لگیں کہ ہم لوگ اللہ کے فضل سے بہت بڑے نقصان سے بچ گئے۔وہ ایجنٹ جس کی بابت انہوں نے استخارہ کرایا تھا، بیرون ملک جانے کے خواہش مند بہت سے افراد سے ویزا لگوانے کے نام پر بھاری رقوم وصول کر کے روپوش ہو گیا تھا۔

استخارہ کرتے وقت ذہن میں یہ تصور رکھیں کہ یا اللہ اگر یہ کام ہمارے لیے نافع نہیں تو اپنی رحمت سے ہمیں محفوظ رکھ اور اگر یہ کام ہمارے لیے مفید ہے تو اس میں برکت عطا کر۔

س: شاہ صاحب آپ کو روحانی عملیات کو سیکھنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی؟

ج: میرے ایک قریبی دوست پر اس کے کسی رشتہ دار نے جادو کا بہت سخت وار کرایا۔عاملوں نے تشخیص کے ذریعے بتایا کہ اس کا معدہ جادو کے ذریعے جکڑ دیا گیا ہے۔اس پر کسی قسم کی دوا اثر نہ کرتی تمام عامل اس کے علاج سے قاصر رہے اور میرے اس دوست کی موت واقع ہوگئی۔یہ ۱۹۹۵ء کا واقعہ ہے۔اس کے بعد میں نے فیصلہ کیا کہ روحانی علوم سیکھنے کی کوشش کروں گا اور جادوگروں کے ہاتھوں ستائے ہوئے مجبور و بے بس لوگوں کا علاج کروں گا۔ابتدائی طور پر میں نے بازار میں دستیاب عملیات کی مختلف کتب کا مطالعہ کیا۔تمام کتابوں کے مطالعہ کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ روحانی امراض کا باقاعدہ علاج کرنے کے لیے بغیر استاد کے روحانی عملیات کی دنیا میں قدم رکھنا خطرے سے خالی نہیں۔یہاں میں ایک وضاحت کر دوں کہ جو وظائف یا عملیات اپنے یا اہل خانہ کے علاج کی غرض سے کیے جاتے ہیں۔ان میں خطرات نہ ہونے کے برابر ہیں۔اگر کوئی اپنا علاج خود کرنا چاہے تو مسنون وظائف یا کسی مستند کتاب میں درج وظائف سے استفادہ کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

س: ابتدائی طور پر روحانی عملیات سیکھنے کے لیے آپ کو کیا کیا جتن کرنا پڑے؟

ج: میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ مجھے دوسرے عاملوں کی طرح دردر کی خاک چھاننا نہیں پڑی۔ جن دنوں مجھے روحانی عملیات سیکھنے کا شوق پیدا ہوا، میری ملاقات ایک بزرگ سے ہوئی جو بھارت کے شہر سہارنپور کے رہنے والے تھے۔یہ شیخ الحدیث محمد عبداللہ صاحب تھے جو ان دنوں پاکستان کے تبلیغی دورے پر آئے ہوئے تھے۔مجھے کسی نے بتایا کہ وہ روحانی عملیات میں خصوصی مہارت رکھتے ہیں۔میرا کسی حوالہ سے ان کے ساتھ غائبانہ تعارف تھا۔جب بالمشافہ ملاقات ہوئی تو میں نے اپنی خواہش کا اظہار کیا، انہوں

marfat.com

نے میرے جذبات کو دیکھتے ہوئے اپنے چند عمل مجھے ویسے ہی عطا کر دیئے جبکہ بہت سے روحانی عملیات ک
طریقہ سمجھا کر انہیں کرنے کی اجازت دے دی۔ پہلے مرحلے میں ہی یہ کامیابی آئندہ زندگی میں میری خو
اعتمادی میں اضافے کا سبب بنی۔ بعض روحانی بزرگ ایسے بھی ہیں جنہوں نے بہت شفقت و محبت کے
ساتھ رہنمائی کی اور عملیات سکھائے مگر انہوں نے اپنا حوالہ دینے سے منع کر دیا۔ میری اب بھی عادت ہے کہ
مجھے جہاں بھی کسی اللہ والے کا علم ہوتا ہے تو میں مزید رہنمائی کے لیے ان کی خدمت میں حاضر ہونے کی
کوشش کرتا ہوں۔ شرط یہ ہے کہ ان کا عقیدہ صحیح ہو اور وہ مخلوق خدا سے مدد مانگنے والے نہ ہوں۔

س: اب تک آپ نے کتنے عملیات پر دسترس حاصل کی ہے؟

ج: بارہ پندرہ عمل تو ایسے ہیں جن سے جادو اور جنات کے زیر اثر مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے ا
کے علاوہ گھر میں لٹکانے، وزن کے نیچے دبانے، گلے میں ڈالنے اور گھول کر پلانے والے دیگر با مو
تعویذوں کا عمل کیا ہوا ہے۔

س: ایک آدھ عمل سے کام نہیں چلتا؟

ج: کام تو چل جاتا ہے مگر اپنے ترکش میں جتنے زیادہ تیر ہوں تو دشمن کا مقابلہ کرنے اور اسے خوف
کر کے بھگانے میں آسانی رہتی ہے۔ علاج کے دوران بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ ایک عمل سے کام نہ
بنتا اور جنات مقابلے پر اتر آتے ہیں یا نقصان پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس موقع پر اللہ کے فضل
وہی عامل کامیاب رہتا ہے جس کے پاس زیادہ سے زیادہ عملیات ہوں۔

س: کتاب پر موکلات کی حاضری کا عمل آپ کو کہاں سے ملا؟

ج: یہ عمل مجھے حافظ عبدالعزیز صاحب سے ملا۔ انہوں نے مجھ پر شفقت فرمائی، اللہ تعالیٰ ا
جزائے خیر عطا کرے۔ حافظ عبدالعزیز صاحب ایک سکول میں درس و تدریس کے فرائض انجام دیتے
امام مسجد بھی ہیں اور اس کے علاوہ عامل با عمل فی سبیل اللہ بھی۔ کتاب پر موکلات کی حاضری ایک ایس
ہے جو صرف مرض کی تشخیص میں اہم کردار ادا کرتا ہے جبکہ مریض کا علاج کرنے کے لیے بکرے کی
والے یا دیگر عملیات کی ضرورت پیش آتی ہے۔

س: کتاب پر حاضری کا عمل آپ نے کیسے کیا؟ اور حاضری کے عمل سے حاصل ہونے والے
کس حد تک درست نکلتے ہیں؟

marfat.com

ج: حاضری کے عمل کو کرنے کے لیے مجھے ۴۱، ۴۱ دن کے تین چلے کرنے پڑے جس میں روزانہ قریباً ایک گھنٹہ تک وظائف کی پڑھائی کرنا پڑی۔ جب میرا عمل مکمل ہو گیا تو پہلی حاضری میں نے حافظ عبدالعزیز کی موجودگی میں ان کے سامنے کی۔ اس حاضری میں، میں نے اپنے ایک دوست کے متعلق دریافت کیا جو کافی عرصہ سے نامعلوم مرض میں مبتلا تھا۔ حاضری کے ذریعے معلوم ہوا کہ کسی نے جادو کے ذریعے اس پر بیماری مسلط کر رکھی ہے۔ نتائج کے حوالہ سے میرا جواب یہ ہے کہ حاضری بعض اوقات نہیں بھی ہوتی مگر صرف اس صورت میں جب حاضری میں میری معاونت کرنے والا شخص بداعمال ہو یا اس کا عقیدہ درست نہ ہو۔ اس کے علاوہ حاضری کی صورت میں جو نتائج ظاہر ہوتے ہیں۔ میں انہیں ۹۹ فیصد درست سمجھتا ہوں۔

س: آپ نے بکرے کی سری کے عمل کا ذکر کیا ہے، اس عمل کے متعلق کچھ بتانا پسند کریں گے؟

ج: اگر کسی شخص پر بہت سخت جادو کا وار کیا گیا ہو یا جادو کرانے والا بار بار حملہ آور ہو رہا ہو تو صرف باموکل تعویذوں سے مریض کو کوئی افاقہ نہیں ہوتا۔ ان حالات میں بکرے کی سری پر کیا ہوا عمل فوری مثبت اثرات کا حامل ہوتا ہے، اس عمل کے ذریعے ان جنات کی فوری روک تھام ہو جاتی ہے، جو جادو کے ذریعے نقصان پہنچانے کی نیت سے بھیجے جاتے ہیں۔ جادو کے توڑ کے لیے یہ ایک بہترین عمل ہے۔ اس عمل میں بکرے کی سری کو دو طریقوں سے استعمال کیا جاتا ہے۔ ہمارا مشورہ یہ ہوتا ہے کہ سری کا گوشت ضائع نہ ہو اسے احتیاط سے اتار کر استعمال کر لیا جائے۔ اگر مریض سری کا گوشت کھانے میں دلچسپی نہ رکھتا ہو تو بکرے کی سری سے دماغ نکال کر مغز والے حصہ کو خالی کر لیا جاتا ہے۔ اس خالی جگہ میں مریض کے سر کے بال پاؤں کے پنجے سے تھوڑی سی مٹی اور دیگر کچھ سامان جو بازار سے بآسانی مل جاتا ہے۔ مثلاً لونگ، کالی مرچ سترِ ور، مریض کا نام اور ایک باموکل تعویذ جس پر بہت زیادہ پڑھائی کی ہوتی ہے۔ ان تمام چیزوں کو سری کے اندر خالی جگہ میں رکھنے کے بعد سری کا حصار کر کے اسے اوپر سے مضبوطی کے ساتھ بند کر کے قبرستان میں دفن کر دیا جاتا ہے۔ دم کے ذریعے سری کا حصار اس لیے ضروری ہے کہ اگر حصار نہ کریں تو جنات دفن کی ہوئی سری کو باہر نکال کر پھینک دیتے ہیں۔ اس کے نقصان سے محفوظ رہنے کے لیے حصار قائم کرنا ضروری ہے۔

س: بکرے کی سری کو قبرستان میں دفن کرنے کا عمل آپ خود کرتے ہیں یا یہ مریض کی ذمہ داری ہے؟

ج: یہ کام مریض خود بھی کر سکتا ہے۔ لیکن اگر وہ نہ کرنا چاہے تو میں کسی شاگرد کو قبرستان بھیج کر اس سے یہ کام کرا لیتا ہوں۔ اس میں زیادہ بہتری ہے۔

marfat.com

س: سری کو کسی خاص وقت میں دفن کیا جاتا ہے؟

ج: اس عمل کے لیے وقت کی کوئی قید نہیں۔ سری کو دن کے کسی بھی حصہ میں دفن کیا جا سکتا ہے۔

س: کبھی ایسا بھی ہوا ہے کہ آپ نے قبرستان میں سری کو دفن کیا ہو اور جنات نے اسے باہر نکال کر پھینک دیا ہو؟

ج: ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ میں سری پر حصار کرنا بھول گیا۔ لاہور کے رہائشی میرے ایک دوست نے اپنی اہلیہ کے لیے سری پر عمل کرایا۔ میں نے جادو کا توڑ کرنے کے بعد سری ان کے حوالے کر دی کہ اسے قبرستان میں دفن کر دیں۔ مجھے سری کا حصار کرنا یاد نہ رہا۔ میرے متذکرہ دوست نے بتایا کہ انہوں نے اپنے والد صاحب کی قبر کے قریب ہی سری دفن کر دی۔ تین دن بعد وہ دوبارہ اپنے والد کی قبر پر فاتحہ خوانی کے لیے گئے تو انہوں نے دیکھا کہ جس جگہ سری دفن کی گئی تھی، وہاں سے گڑھا کھود کر اور سری باہر نکال کر اس میں موجود سامان کو بکھیر دیا گیا تھا۔ سری غائب تھی۔ کوئی ایسے شواہد موجود نہ تھے کہ اس سری کو کسی انسان یا جانور نے باہر نکالا ہو۔ یہ صورت حال دیکھ کر وہ فوراً میرے پاس آئے۔ میں نے انہیں تسلی دی۔ پھر میں نے سرے سے دوبارہ سری والا عمل کیا اور حصار کر کے اسے قبرستان میں دفن کرایا۔ الحمدللہ اس علاج کے بعد ان کی اہلیہ صحت یاب ہو گئی ہیں۔

س: بکرے کی سری پر عمل کرنے کے لیے کسی خاص رنگ کے بکرے کی شرط تو نہیں؟

ج: یہ سب عاملوں کے فراڈ ہیں کہ بکرا کالے رنگ کا ہو یا سری اس سائز کی ہو۔ بکرے کی سری پر عمل کرنے کے لیے سائز اور رنگ کی کوئی قید نہیں ہے۔

س: اس عمل کے لیے مریض کا آپ کے پاس آنا ضروری ہے؟

ج: کم از کم ایک مرتبہ مریض کا آنا ضروری ہے۔ کیونکہ مریض سے علامات کی دریافت کے بعد فیصد درست تشخیص ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد دوبارہ مریض نہ بھی آئے تو علاج ممکن ہے۔

س: آپ کے خیال میں بکرے کی سری پر عمل میں کوئی غیر شرعی مسئلہ تو نہیں؟

ج: بعض لوگ سوال کرتے ہیں کہ کہیں یہ عمل غیر شرعی تو نہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ انہیں علم نہیں کہ یہ کیسے کیا جاتا ہے۔ میرے پاس کئی مریض ایسے بھی آئے کہ انہوں نے کہا کہ ہم نے یہ عمل نہیں کرانا ان اکثر مریض وہ تھے جو پیشہ ور عاملوں کے ڈسے ہوئے تھے۔ اعتراضات سے بچنے کے لیے کچھ عرصہ

marfat.com

میں نے جامعہ اشرفیہ لاہور میں مفتی حضرات پر مشتمل بورڈ سے رابطہ کیا۔ میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور بکرے کی سری پر جادو کے توڑ کے لیے عمل کا طریقہ بیان کر کے ان سے اس کی شرعی حیثیت دریافت کی۔ میں نے انہیں یہ بھی بتایا کہ اگر یہ عمل غیر شرعی ہے تو میں اسے چھوڑنے کے لیے تیار ہوں۔ انہوں نے مجھ سے چند سوال پوچھے۔

۱۔ آپ بکرے کی سری کے اندر قرآنی آیات لکھ کر رکھتے ہیں؟

۲۔ اس عمل کے ذریعے کسی کو نقصان پہنچایا جا سکتا ہے؟

۳۔ اس کے عمل کے دوران کسی طرح کے کوئی شرکیہ کلمات تو ادا نہیں کیے جاتے؟ مثلاً اللہ تعالیٰ کی ذات کے علاوہ مخلوق خدا کو مدد کے لیے پکارنا وغیرہ۔

تمام سوالات کا جواب نہ کی صورت میں تھا۔ جس کے بعد انہوں نے اس عمل کو جائز قرار دیا اور وہ کہنے لگے کہ ہم آپ کو اس عمل سے متعلق فتویٰ لکھ کر دے دیں گے کہ یہ ایک جائز عمل ہے۔ فتاویٰ بورڈ کے تاثرات سن کر مجھے خوشی ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے مجھے غیر اسلامی اور گمراہ کن عملیات سے بچائے رکھا۔

marfat.com

# رسالہ علوم ربانیہ (ماھنامہ) کا اجراء

ادارہ سید مزمل حسین نقشبندی کی زیر سرپرستی ماہانہ میگزین (رسالہ) شائع کر رہا ہے۔احباب کی طرف سے پرزور اپیل تھی کہ محترم شاہ صاحب کی زیرنگرانی زندگی کے مختلف شعبوں کے بارے میں اسلام کی تعلیمات کی روشنی میں راہنمائی، مریضوں کے خطوط کے جوابات اور عصری مسائل کے حل کے بارے میں ایک میگزین کے ذریعے وسیع پیمانے پر افراد آگاہی حاصل کرسکیں۔

مجلّہ (علوم ربانیہ) کی ممبرشپ جاری ہے جو اپنی جگہ پر ایک صدقہ جاریہ ہے تاکہ دین کا پیغام عام کیا جاسکے۔تمام افراد سے اس کی ممبرشپ حاصل کرنے کی اپیل کی جاتی ہے۔ تاکہ اس مالی معاونت سے رسالہ کا مستقل اجراء یقینی بنایا جاسکے

**نوٹ:**

رسالہ ہذا کیلئے آپ اپنے سالانہ زرتعاون اوکاؤنٹ نمبر 02000004154 0201 نام سید مزمل حسین، میزان بینک برانچ گلبرگ لاہور میں بھجوا سکتے ہیں۔

## شاہ صاحب کی مصروفیت کار کا شیڈول کچھ یوں ھے مریض حضرات نوٹ فرما لیں۔

لاہور: ہر انگریزی مہینے کی 16 تا 29 تاریخ تک لاہور میں خانقاہ میں ملاقات کریں گے۔

برائے رابطہ: 0300-8866988,0321-8866988

ویب سائٹ: www.islamicwazaif.com

Email:info@islamicwazaif.com

marfat.com

''اسلامی وظائف کا انسائیکلوپیڈیا'' کتاب صدقہ جاریہ بھی بن سکتی ہے۔

(الف) ایسے افراد جو اس کتاب کو خرید کر فی سبیل اللہ تقسیم کرنے کا جذبہ رکھتے ہوں، اُن کو یہ کتاب انتہائی کم قیمت پر فراہم کی جائیگی۔

(ب) مخیّر حضرات صدقہ جاریہ کے سلسلے میں اس کتاب کا پورا ایڈیشن بھی ''ادارہ علوم ربانیہ'' کی مدد سے چھپوا کر ایسے لوگوں تک پہنچا سکتے ہیں جن کو غربت اور پریشانیوں نے گھیر رکھا ہے۔ اللہ ہمارے مقصد کو قبول فرمائے۔ آمین

علمائے کرام اور احباب کا ایک عرصہ سے یہ اصرار تھا کہ افریقہ، بھارت، بنگلہ دیش، سری لنکا، نیپال، برما، حتیٰ کہ بعض یورپی ممالک میں ایسے انسٹیٹیوٹ قائم ہیں جو جادو، سفلی علوم کو فروغ دے رہے ہیں، ہمیں ان کے مقابلے کے لیے قرآنی و روحانی علوم کی ایک باقاعدہ روحانی درسگاہ کی ضرورت ہے۔ جہاں افراد علوم روحانی کی تربیت حاصل کرسکیں۔ یہ پراجیکٹ مشکل ہے مگر اللہ ہمارا حامی و ناصر ہوا تو یہ ضرور پایہ تکمیل تک پہنچے گا۔ روحانی درسگاہ اور افراد کے قیام کے لیے باقاعدہ جگہ کے انتظام اور روحانی لائبریری کے قیام کے لیے اللہ کے نیک بندوں کی معاونت کی اشد ضرورت ہے۔

(نوٹ.... روحانی درسگاہ صرف مرد حضرات کے لیے ہوگی۔ خواتین اپنے گھروں میں رہ کر محرم کے ذریعے سے رہنمائی حاصل کرسکتی ہیں۔)

marfat.com

# ''ربانیہ ویلفئیر ٹرسٹ رجسٹرڈ'' کیا ہے؟

خدمت خلق دین اسلام کا ایک نہایت اہم اور وقیع شعبہ اور ویسے بھی ''خدمت'' کا عنصر فطرت انسانی میں شامل ہے اور بنی نوع انسان کے وجوہ امتیاز میں سے ہے۔ گویا خدمت خلق شرعی ہونے کے ساتھ ساتھ ایک اخلاقی فرض بھی ہے۔ آج ہمارا المیہ ہے کہ اس میدان میں ہم بہت پیچھے رہ گئے ہیں جبکہ دنیائے کفر اس شعبے میں نہایت فعال ہے اور این، جی، اوز (نان گورنمنٹ آرگنائزیشن) کے نام پر آج ہمارے ملک کے اندر کتنی غیر سرکاری سماجی تنظیمیں ہیں جو خدمت خلق کی آڑ میں سادہ لوح مسلمانوں کا ایمان خراب کر رہی ہیں اور تعلیم کے نام پر اپنے باطل مذاہب کا پرچار کر رہی ہیں۔

خدمت خلق کے اسی جذبے کے تحت ''ربانیہ ویلفئیر ٹرسٹ'' کو قیام عمل میں لایا گیا ہے تاکہ اپنے ضرورت مند بھائیوں کی امداد ہم خود کر سکیں اور ان کے عقائد وایمان کو ادیان باطلہ کی زد سے بچا سکیں۔

## ''ربانیہ ویلفئیر ٹرسٹ رجسٹرڈ'' کے اغراض ومقاصد:

☆ کسی بھی قدرتی آفت کے متاثرین مثلاً زلزلہ زدگان اور سیلاب زدگان کے لئے رہائش خوراک کا انتظام

☆ یتیموں، بیواؤں اور بے سہارا لوگوں کی مستقل معاونت

☆ غریبوں کے مفت علاج معالجے کی لئے ہسپتالوں اور ڈسپنسریوں کا قیام

☆ غریب اور محتاج طلبہ کے لئے تعلیمی اداروں اور فیس کا بندوبست

☆ اشاعت قرآن کے لئے مکاتب اور مدارس کا قیام

☆ کمپیوٹر، کامرس، سائنس اور مباحث پر مبنی مختلف سیمینار کا انعقاد یا سرپرستی

☆ مخصوص بچوں کے لئے ''سپیشل ایجوکیشن پالیسی'' کا اجراء

☆ اساتذہ، پروفیسرز، لیکچرار اور مختلف شعبوں کے ماہرین کا انتظام وانصرام جو کہ مستحق گھرانوں کے افراد کو سائنس، ریسرچ ورک کی تعلیم دیں اور دانشور اور دوسرے فیلڈ کے ماہرین پیدا کر سکیں۔

☆ مرکزی یا صوبائی حکومت، بین الاقوامی حکام، میونسپل حکام یا مقامی سطح کے ارباب اختیار سے مل کر اسے پروگرامز کی تشکیل دینا جو ٹرسٹ کے لئے بہتری کا باعث ہو یا ان اداروں یا ان سے حقوق، استحقاق یا ایسی کوئی رعایت کا حصول جو غرباء کیلئے مفید اور ممد ومعاون ثابت ہو




**ملنے کے پتے:**

- ...... اقرأ اسلامی کتاب گھر مانسہرہ 0300-8368337
- ...... امین بکڈ پو اردو بازار سرگودھا 04883716052
- ...... مکتبہ ہاشمیہ ماڈل ٹاؤن بیرون تبلیغی مرکز بہاولپور 0300-7811936
- ...... دارالمطالعہ حاصلپور منڈی نزد پرانی ٹینکی 062-2442059
- ...... مکتبہ رشیدہ چکوال 0543553200
- ...... معاویہ ٹرسٹ مچھلی بازار بہاولپور 0333-6367755
- ...... مکتبہ عائشہ بالمقابل ٹاور حق سٹریٹ اردو بازار 042-37360541
- ...... مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ 081-2662263

marfat.com

انسان مجموعہ ہے روح اور بدن کا۔ بدن کو اللہ تعالیٰ نے مٹی سے بنایا جس کا تعلق سفلیات سے ہے اور اس کی غذا بھی غلہ واناج کی شکل میں مٹی سے پیدا کی اور اس کی ضروریات کو بھی مٹی سے بنایا اور بدن کے علاج میں استعمال ہونے والی ادویہ کو مٹی سے پیدا کیا۔ روح اللہ تعالیٰ کے اَمر (حکم) کا نام ہے جس کا تعلق علویات سے ہے لہٰذا اس کی غذا اور ضروریات اور علاج بھی ان چیزوں سے ہے جن کا تعلق علویات سے ہے جو کہ ذکر اللہ اور تعلق مع اللہ ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: الذین آمنو او تطمئن قلوبھم بذکر اللہ الا بذکر اللہ تطمئن القلوب – ترجمہ: ''وہ لوگ جو ایمان لائے اور اللہ کے ذکر سے انہیں اطمینان ہوگیا۔ خوب سن لو کہ اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان ہو ہی جاتا ہے۔'' روحانی امراض کا علاج بھی ذکر اللہ سے ہوتا ہے اور قرآن کریم تمام روحانی وجسمانی امراض کا علاج ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وننزل من القرآن ماھو شفآء ورحمة للمومنین – ترجمہ: ''اور ہم نازل کرتے ہیں قرآن میں ایسی چیزیں جو ایمان والوں کے حق میں شفاء ورحمت ہیں۔'' روحانی امراض کا علاج آیات قرآنیہ اور ادعیہ ماثورہ سے کرنا سنت ہے چنانچہ محدثین کرام نے کتب احادیث میں کتاب الطب کے عنوان سے طب نبوی کو جمع کیا ہے۔

زیر نظر کتاب ''اسلامی وظائف کا انسائیکلو پیڈیا'' میں جناب سید مزمل حسین نقشبندی صاحب نے انتہائی عرق ریزی کے ساتھ ادعیہ ماثورہ کا ذخیرہ قرآنی آیات واحادیث سے جمع کیا ہے۔ بندہ نے اس کتاب کو بعض بعض مقامات سے پڑھا ہے پڑھ کر قلبی طور پر خوشی ہوئی۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ موصوف کی محنت کو قبول فرمائے اور اس کتاب کو انسانیت کیلئے نفع رسانی کا ذریعہ بنائے اور مزید اسی طرح دین کے کام کرنے کی توفیق نصیب فرمائے۔ (آمین)

عامل حضرات جو اس کتاب سے استفادہ کریں وہ تقویٰ وطہارت واکل حلال کا التزام کریں اور حرام سے اجتناب کریں۔ اللہ تعالیٰ عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

مولانا عبدالمجید

استاذ الحدیث، مسئول شعبہ للوافدین، جامعہ بنوریہ عالمیہ سائٹ کراچی